اِنَّ مِنَ الشِّعرِ الحِکمۃ

قَالَ عُمَرُ بنُ الخطّابِ رضی اللہ عَنہُ شعرُ الجاھلیۃِ دیوانُ العرب فَاِنَّ فیہِ تفسیرَ کتابکم و معانی کلامکم

نَحمدُ اللہ وَنَشکرہٗ علیٰ انّ، وَ فّقنا لِنَشرِ
الشَّرحِ الحاوی علیٰ حلِّ المُعضلاتِ والمُشکلاتِ

اَعنی

التوشیحات علی السّبع المُعلقات

لِلاُستاذِ الفاضِل مولانا القاضی سجّاد حُسین اکرتفوری

فاضِل دیوبند، مولوی فاضِل (میڈلسٹ) و منشی فاضِل

پنجاب یونیورسٹی فاضِل ادب الٰہ آباد ؛

مُدرّس مدرسہ عالیہ اسلامیہ عربیہ فتحپور دھلی

میر محمد کُتب خانہ آرام باغ کراچی

اِنَّ مِنَ الشعرِ الحکمۃ

قال عُمر بن الخطّاب رضی اللہ عنہ شعر الجاھلیۃ دیوان العرب فان فیہ تفسیر کتابکم و فی معانی کلامکم

نحمد اللہ ونشکرہٗ علٰی انہ وفقنا لنشر
الشّرح الحاوی علٰی حلّ المعضلات والمشکلات

اَعنی

التوشیحات علی السّبع المعلقات

للاستاذ الفاضل مولانا القاضی سجّاد حسین کرتفوری

فاضل دیوبند، مولوی فاضل (میڈلسٹ) ومنشی فاضل
پنجاب یونیورسٹی فاضل ادب الٰہ آباد
مدرس مدرسہ عالیہ اسلامیہ عربیہ فتحپوری دھلی

میر محمد کُتب خانہ آرام باغ کراچی

میر محمد کتب خانہ مرکز علم و ادب آرام باغ کراچی

تقریظ شیخ العرب والعجم حضرت الاستاذ علامہ سید حسین احمد صاحب مدنی شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ، اَمَّا بَعْدُ: میں نے التوشیحات علی السبع المعلقات تالیف مولانا قاضی سجاد حسین صاحب کو متعدد مقامات سے دیکھا۔ موصوف نے جس خوبی اور حسنِ ترتیب کے ساتھ اس کو تالیف فرمایا ہے اس سے کتاب کی شانِ افادیت میں معتدبہ اضافہ ہوگیا ہے۔ عربی میں لغات کے حل کے علاوہ بعض مشکل اشعار کی الجھی ہوئی تراکیب نحویہ کو واضح طور سے بیان کر دیا ہے۔ اُردو میں ترجمہ و مطلب کے لئے شستہ زبان استعمال کی ہے۔ اور اس خوبی سے کہ شعر کا کوئی لفظ تشنۂ ترجمہ و توضیح نہیں رہا۔ اللہ تعالےٰ موصوف کی اس کاوش کو شرفِ قبول عطا فرمائے اور علماء و طلباء کے لئے نفع رساں فرمائے۔ آمین۔

ننگِ اسلاف :- حسین احمد غفرلہٗ ۲۹ر شوال ۱۳۵۷ھ

تقریظ حضرت الاستاذ العلام الحاج مولانا محمد اعزاز علی صاحب مدظلہ العالی شیخ الادب والفقہ دارالعلوم دیوبند

حامدًا ومصلیًا ومسلمًا۔ اما بعد میں نے سبعہ معلقہ کی اس شرح کو مختلف اوقات میں متفرق مقامات سے دیکھا۔ درحقیقت یہ کتاب مذکور کی عربی اور اردو، دو شرحیں ہیں۔ ذی استعداد طلبہ کے لئے عربی کا حل کافی ہے اور تفہیم معانی کے لئے اردو کی تحقیق مناسب ہے۔ مصنف علام نے اس شرح کو بہت محنت اور جانفشانی سے لکھا ہے اور مجھ کو امید ہے کہ اہلِ علم اس سے باحسن وجوہ مستفید اور مستفیض ہوں گے۔ خداوندِ عالم مصنف علام کو توفیق عطا فرمائے کہ وہ اپنی تحقیقات علمیہ سے اہلِ علم کو زیادہ نفع پہنچادیں۔

(محمد اعزاز علی غفرلہٗ امروہوی۔ مدرس مدرسہ دارالعلوم دیوبند۔ ۲۰ر شعبان ۱۳۵۷ھ)

تقریظ حضرت علامہ مولانا سید فخر الدین احمد صاحب شیخ الحدیث جامعہ قاسمیہ شاہی مسجد، مراد آباد

احقر نے مولانا المحترم جناب قاضی سجاد حسین صاحب مدظلہ کی التوشیحات علی السبع المعلقات کو مختلف مقامات سے بغور دیکھا۔ احقر اگرچہ ادیب نہیں ہے اور نہ اس بارے میں کوئی صحیح رائے قائم کرسکتا ہے اور نہ اس کا حق رکھتا ہے لیکن اپنے ناقص فہم اور قلیل البضاعت معلومات کے مطابق بلاتصنع اتنا عرض کرنے پر مجبور ہے کہ مولانا موصوف کی مساعی جمیلہ ہر طرح قابلِ تشکر ہیں۔ کتاب میں جن ادبی خوبیوں آسانی خوش اسلوبیوں کا تعبیہ کیا گیا ہے اس کا صحیح اندازہ وہی حضرات کرسکیں گے جن کو عربیت کا کافی ذوق ہے اور جو مختلف قسم کی ذہنی الجھنوں سے پریشان ہوکر ہمیشہ ایسی شرح کے متلاشی رہا کرتے ہیں جو ان کو راستہ کی دشواریوں سے بچاکر بآسانی منزلِ مقصود پر پہنچادے۔ میری رائے میں اس شرح نے بڑی حد تک راستہ کو سہل اور مختصر بنانے میں کامیابی کا امتیازی طغرا حاصل کیا ہے۔ خداوند کریم اس کتاب کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور مولف مدظلہ اور طالبین کو اپنی مرضیات پر چلنے کی توفیق مزید بخشے۔ آمین۔

(احقر فخر الدین احمد غفرلہٗ)

گزارش

ناظرینِ کرام! یہ ایک حقیر علمی ہدیہ پیش ہے۔ مجھے اپنی بے بضاعتی اور فرومایگی کا اچھی طرح احساس اس وقت جبکہ میں اپنی تعلیمی تربیت کا زمانہ گہوارۂ علوم دار العلوم دیوبند میں گذار رہا تھا، یہ قصائد اپنے شفیق استاد شیخ الادب حضرت مولانا حافظ محمد اعزاز علی صاحب مدظلہ العالی سے پڑھے۔ باوجود طبعی بدشوقی استاد کی توجہات سامیہ نے اس امر پر مجبور کیا کہ جو کچھ اثناء درس میں استفادہ کروں اسے محفوظ رکھوں۔ اور بعد جب مدرسۂ عالیہ فتحپوری دہلی میں درس و تدریس کی علمی خدمت میرے سپرد کی گئی تو سبعہ معلقہ کو دیکھنے کا موقع ملا۔ اور اس سلسلہ میں کچھ اور کاوش کرنی پڑی اس لئے اس امر کا خیال پیدا ہوا کہ ان قصائد پر کچھ لکھوں چنانچہ ایک مسودہ تیار کر لیا۔ مجھے اپنی کم علمی کا احساس اس بات کی اجازت نہ دیتا تھا کہ اس مسودہ کو حضرت کی خدمت میں پیش کروں، لیکن احباب کے جرأت دلانے پر میں نے وہ مسوّدہ حضرت استاد کی خدمت میں اصلاح دیکھنے کے لئے عرض کیا۔ حضرت استاد نے اس کو ملاحظہ فرمایا اور کچھ ہدایات فرماکر نظر ثانی کا حکم دیا اور قدیم طرز کے موافق اس خادم کی ہمّت افزائی فرمائی۔ میں نے تعمیل ارشاد کی اور ان ہدایات کی روشنی میں مسوّدہ مرتب کیا۔ حضرت حق کا شکر ہے کہ آج شب برارت میں جبکہ اس کی رحمتِ بے پایاں کا نزول ہوتا ہے، رحمتِ خداوندی نے ساتھ دیا اور میں اس کام کو اختتام تک پہنچا سکا۔ اب یہ حقیر ہدیہ اصحابِ ذوق کی خدمت میں پیش ہے اس امر کا متمنی ہوں کہ وہ اس کو قبول فرمائیں اور مجھے بھی دعاءِ خیر میں فراموش نہ کریں۔ نیز جو خوبیاں ملاحظہ فرمائیں اس کا انتساب حضرت استاذ کی طرف فرمائیں اور جو غلطیاں یا فروگزاشتیں نظر سے گذریں ان کو میری طرف منسوب فرماکر اصلاح فرمائیں۔

سجّاد حسین عفی عنہ،
مدرس مدرسہ عالیہ فتحپوری دہلی۔

۱۴ر شعبان ۱۳۵۷ھ
یوم یکشنبہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قِفَا نَبْكِ مِنْ ذِكْرَى حَبِيبٍ وَمَنْزِلِ ۱ بِسِقْطِ اللِّوَى بَيْنَ الدَّخُولِ فَحَوْمَلِ

مجزوم لانہ جواب الامر ۱۲ — آخر الکثیب ۱۲ الرمل المعوج ۱۲ موضع ۱۲ موضع ۱۲

فَتُوضِحَ فَالْمِقْرَاةِ لَمْ يَعْفُ رَسْمُهَا ۲ لِمَا نَسَجَتْهَا مِنْ جَنُوبٍ وَشَمْأَلِ

موضع ۱۲ موضع ۱۲ — کنایۃ عن اتحی ذالذباب ۱۲

یہ معلقہ امرؤ القیس بن حجر بن عمرو کندی کا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے تقریباً چالیس سال قبل گذرا ہے۔ عاشق مزاج ہونے کی وجہ سے اسکا لقب ملک ضلیل ہوگیا تھا اپنی چچازاد بہن عنیزہ کا عاشق تھا لیکن حصول وصال مشکل ہوگیا تھا۔ قبیلہ کو ایک سفر کا اتفاق ہوا حسب دستور مردوں کا قافلہ آگے تھا مگر امرؤ القیس خفیہ طور سے عورتوں کی جماعت کے ساتھ ہولیا جو مردوں کے پیچھے جا رہی تھیں۔ راستہ میں ایک تالاب جس کا نام دارۃ جلجل تھا واقع ہوا جب عورتیں وہاں پہونچیں تو مشورہ ہوا کہ نہانا چاہیئے۔ امرؤ القیس یہ معلوم کر کے کسی جگہ چھپ گیا جب عورتیں کپڑے اتار کر تالاب میں داخل ہوئیں تو اس نے تالاب کے کنارہ سے ان کے کپڑے اٹھالئے اور ایک درخت پر چڑھ گیا۔ عورتیں نہا کر تالاب سے باہر آئیں تو کپڑے نہ پائے۔ تلاش کے بعد معلوم ہوا کہ امرؤ القیس اٹھا لیگیا ہے۔ عورتوں نے کپڑوں کی واپسی پر اصرار کیا لیکن اس نے یہ شرط لگائی کہ ہر عورت برہنہ اسکے سامنے آئے۔ مجبوراً عورتیں برہنہ سامنے آئیں۔ اس معلقہ میں اس واقعہ کا بیان ہے۔ تمام ادبا کا اتفاق ہے کہ شعرائے عرب میں سے کوئی شاعر امرؤ القیس سے نہ بڑھ سکا۔ نہجۃ البلاغہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا نقل نقل کیا ہے جس میں آپنے امرؤ القیس کو سب شعراء پر ترجیح دی ہے۔

(۱) ترجمہ (اے دونوں دوستو!) ذرا ٹھہرو تاکہ ہم محبوبہ اور (اسکے اس) گھر کی یاد کرکے روئیں جو ریت کے ٹیلہ کے آخر پر مقامات دخول اور حومل۔

(۲) ترجمہ۔ اور توضح و مقراۃ کے درمیان واقع ہے جسکے نشانات اسوجہ سے نہیں مٹے کہ اسپر جنوبی اور شمالی ہوائیں (برابر) چلتی رہیں۔

مطلب۔ اگر باد جنوبی کچھ مٹی اڑا کر لیجاتی تھی تو باد شمالی پھر اس مٹی کو وہاں لاکر ڈالدیتی تھی۔ اسوجہ سے وہ آثار قائم رہے۔

(۱) (قفا) صیغۃ الامر من وقف (من) وقفا و وقوفا دام قائما وسکن خاطب بہذہ الصیغۃ صاحبیہ علی عادتہم تخلیلی وصاحبی لان الرفقۃ ادنی ما تکون ثلثۃ او لان الرجل ادنی اعوانہ یکون اثنین راعی ابلہ وراعی غنمہ ویجوز ان یکون المراد بہ قف قف فالحق الالف امارۃ دالۃ علی ان المراد تکریر اللفظ فحذف واحد منہما کما فی قولہ تعالیٰ رب ارجعون والمراد ارجعنی ارجعنی فحذف الواحد منہما فجعلت الواو مشیرۃ بالمعنی تکریر اللفظ وقیل اراد قفن علی جہۃ التاکید فقلب النون الفا فی حال الوصل لان النون قد تقلب الفا فی حال الوقف کما فی قولہ تعالیٰ لنسفعا فحمل الوقف علی الوصل فاختر ما شئت (نبک) من بکی (ض) بکاء سال دمعہ حزنا فہو باک والجمع بکاۃ (ذکری) اسم الذکر (السقط) منقطع الرمل حیث یستدق من طرفہ وایضا ما یتطایر من النار وایضا المولود الغیر التام ۱۲

(۲) (العفو) الامحاء (الرسم) ما لصق بالارض من آثار الدیار والجمع رسوم (نسجہا) نسج الریحین کنایۃ عن اختلافہما علی الاطلال وستر احدہما ایاہا بالتراب وکشف الآخر التراب عنہا (شمال) الجوہر لغۃ فی شمال وفیہ ست لغات شمال وشمأل وشأمل وشمول وشمل وشمل ریح تجری من الشمال تقابلہا الجنوب ۱۲

ترى بعر الآرام في عرصاتها	۱	وقيعانها كأنه حب فلفل
كأني غداة البين يوم تحملوا	۲	لدى سمرات الحي ناقف حنظل
وقوفا بها صحبي علي مطيهم	۳	يقولون لا تهلك أسى وتجمل
وإن شفائي عبرة مهراقة	۴	فهل عند رسم دارس من معول
كدأبك من أم الحويرث قبلها	۵	وجارتها أم الرباب بمأسل
إذا قامتا تضوع المسك منهما	۶	نسيم الصبا جاءت بريا القرنفل

(۱) **ترجمہ** سفید ہرنوں کی مینگنیاں اس (مکان) کے میدانوں اور ہموار زمینوں میں تو ایسی (پڑی) دیکھے گا جیسے سیاہ مرچ کے دانے **مطلب** شاعر دیار محبوب کے اجاڑ ہوجانیکو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ معشوق کے کوچ کر جانیکی وجہ سے وہ مکانات وحشی جانوروں کا مسکن بن گئے ہیں. چنانچہ کسی جگہ وحشی جانوروں کی مینگنیوں کا پایا جانا اسکے ویران ہو جانیکی ظاہر دلیل ہے اور آرام کی تخصیص اسلئے کی گئی کہ سفید ہرن بہ نسبت دوسرے جانوروں کے زیادہ ویرانہ میں رہتا ہے۔

(۲) یوم فراق کی صبح کو جبکہ وہ (معشوق کے ہمراہی) روانہ ہوئے تو گویا میں قبیلہ کے ببول کے درختوں کے نزدیک اندرائن توڑنے والا تھا۔ **مطلب** اس تشبیہ سے یہ بتلانا مقصود ہے کہ فراق محبوب میں بے اختیار آنسو جاری تھے جیسا کہ حنظل توڑنے والے کی آنکھ سے بے اختیار پانی جاری ہو جاتا ہے۔

(۳) (میں رو رہا تھا) اور احباب میرے پاس اُن میدانوں میں اپنی سواریوں کو روکے ہوئے کہہ رہے تھے کہ (غم فراق سے) ہلاک نہ ہو اور صبر جمیل اختیار کر۔

(۴) (جواباً کہتا ہے کہ میں رونے سے کیسے باز آسکتا ہوں جبکہ) میری شفاء (یہی) بہتے ہوئے آنسو ہیں (پھر ذرا ہوش میں آکر کہتا ہے کہ) کیا (ان) مٹے ہوئے نشانوں کے پاس کوئی قابل اعتماد (فریاد رس) ہے؟ (نہیں ہے تو رونا بھی بے سود ہے)

(۵) (تیری عادت عنیزہ کے عشق میں ٹھیک) اس عادت کے مانند ہے جو اس سے پہلے ام الحویرث اور اسکی پڑوسن ام رباب کے ساتھ (کوہ) ماسل میں تھی **مطلب** عشق کی پہلی داستانوں کو ذکر کرنے سے شاعر کا مقصد اپنے رنج کو ہلکا کرنا ہے۔

(۶) جب وہ دونوں (ام حویرث اور ام رباب مستانہ انداز سے) کھڑی ہوتی تھیں تو (ان دونوں سے) مشک (کی خوشبو) ایسی مہکتی تھی گویا باد صبا لونگ کی خوشبو لئے آتی ہے۔

(۶) لساطع الطیب فنو مادن) وتضوع اذا انتشرت رائحتہ (الریا) الرائحۃ الطیبۃ وشبہ طیب رائحتہا بطیب نسیم ہبت علی ریاض القرنفل واتت بریاہ ثم لما وصفہا بالجمال وطیب النشر وصف حالہ بعدہا فی الاشعار الآتیۃ ۱۲

(۱) البعر جمع بعرۃ وکل تبیع یکون بحذف التا یعامل بمعاملۃ الجمع والمفرد کلیہما (الآرام) جمع رئم وہی الظبی الابیض (عرصۃ الدار) ساحتہا وہی البقعۃ الواسعۃ التی لیس فیہا بناء والجمع عرصات وعراص (قیعان) جمع قاع وہو ارض سہلۃ مطمئنۃ قد انفرجت عنہا الجبال والآکام وایضا یجمع علی اقواع واقوع وقیعۃ ۱۲

(۲) (الغداۃ) ہی الضحوۃ (البین) الفراق من بان (ض) بینا وبینونۃ وقیل ہو من الاضداد معناہ الوصال والفراق (الیوم) ہو وقت من طلوع الشمس الی غروبہا وقد یستعمل لمطلق الوقت (سمرات) جمع سمرۃ شجرۃ الطلح (نقف) الحنظل شق الحنظل واخراج الحب ۱۲

(۳) (وقوف) جمع واقف کشہود جمع شاہد (صحب) جمع صاحب ویجمع الصاحب علی الاصحاب والصحابۃ والصحبان (المطی) المراکب واحدہا مطیۃ لانہ یرکب مطاہا ای ظہرہا وقیل مشتقۃ من المطو وہو المد فی السیر فسمیت بہ لانہا تمد فی السیر (تجمل) ای اصبر صبراً جمیلاً ۱۲

(۴) (العبرۃ) الدمعۃ جمعہ عبر وعبرات ایضا ہی فعلۃ للمرۃ من العبرۃ والحزن جاء کالمراد (المہراق) بفتح الہاء المصبوب من ہراق الماء یہریقہ بفتح الہاء ہراقۃ والاصل اراق یریق اراقۃ فتبدلت الہمزۃ ہاء لاستثقال الہمزتین فی صیغۃ المتکلم وقد یجمع بین الہمزۃ والہاء فیقال اہراق یہریق اہراقا (المعول) ہہنا بمعنی المعتمد وقد یاتی بمعنی البکی یقال اعول الرجل وعول اذا بکی ومنہ العویل ۱۲

(۵) (کدابک) ای ہہنا یعزی الشاعر نفسہ بما جری علیہ من المصائب فی حب النساء قبل العنیزۃ لان المصیبۃ الاولی تشق علی النفس واما بعد ما تراکمت فیعتادہا النفس ۱۲

شعر	نمبر	شعر
فَفَاضَتْ دُمُوعُ الْعَيْنِ مِنِّي صَبَابَةً (بہت اشتیاق ۔ سالت ۱۲)	۱	عَلَى النَّحْرِ حَتَّى بَلَّ دَمْعِي مِحْمَلِي (اسفل الصدر ۱۲)
أَلَا رُبَّ يَوْمٍ كَانَ مِنْهُنَّ صَالِحٍ (صفت یوم)	۲	وَلَا سِيَّمَا يَوْمٌ بِدَارَةِ جُلْجُلِ (اسم موضع بہ غدیر ۱۲)
وَيَوْمَ عَقَرْتُ لِلْعَذَارَى مَطِيَّتِي (مبنی علی الفتح للاضافۃ ۱۲)	۳	فَيَا عَجَبًا مِنْ كُورِهَا الْمُتَحَمَّلِ (الالف بدل من یاء المتکلم ۱۲)
فَظَلَّ الْعَذَارَى يَرْتَمِينَ بِلَحْمِهَا (الباء للتعدیۃ)	۴	وَشَحْمٍ كَهُدَّابِ الدِّمَقْسِ الْمُفَتَّلِ (ریشم سپید ۱۲ ۔ بافتہ ۱۲)
وَيَوْمَ دَخَلْتُ الْخِدْرَ خِدْرَ عُنَيْزَةٍ (عطف علی یوم عقرت ۱۲ ۔ بدل من الخدر الاول ۱۲ ۔ التنوین للضرورۃ)	۵	فَقَالَتْ لَكَ الْوَيْلَاتُ إِنَّكَ مُرْجِلِي (جمع ویلۃ ۱۲)

(۱) ترجمہ۔ پس عشق کی وجہ سے میری آنکھ کے آنسو بہا تک سینہ پر بہے کہ میرے آنسوں نے میری (تلوار کے) پرتلہ کو تر کر دیا۔ **مطلب** یہ ہے کہ دوستوں کی یاد میں اسقدر رویا کہ سیل اشک نے تلوار کے پرتلہ کو بھی تر کر دیا۔

(۲) ترجمہ۔ سنو بہت سے دن ان (حسین عورتوں) کی جانب سے بہت اچھے تھے خصوصاً وہ دن جو دارۃ جلجل میں گذرا۔ **مطلب**۔ شاعر چونکہ پہلے درد عشق کی داستان بیان کر چکا ہے اسلئے اب بمقتضائے حکایت دردناک اپنے نفس سے خطاب کرتے ہوئے کچھ ایام گذشتہ کے عیش کا ذکر کرتا ہے کہتا ہے کہ اے امرؤ القیس اگر تجھے ان دوستوں سے رنج وغم پہنچا تو کیا مضائقہ انہی سے بہت سی مرتبہ تو مسرت وصال بھی حاصل کر چکا ہے۔ خاصکر دارۃ جلجل میں وہ دن بہت کیف افزا گذرا۔

(۳) ترجمہ۔ اور (یہ وہ) دن تھا کہ جب میں نے دوشیزہ لڑکیوں کیلئے اپنی ناقہ ذبح کر دی تھی تو اے لوگو میری حیرت کو دیکھو جو اس (ناقہ) کے (اس) کجاوہ سے (پیدا ہوئی) جو (دوسرے ناقہ پر) لدا ہوا تھا۔ **مطلب** دارۃ جلجل میں امرؤ القیس نے جب اپنی ناقہ دوشیزہ عورتوں کیلئے ذبح کر دی تو اس کا کجاوہ عورتوں کے ایک اونٹ پر لادا گیا اور عنیزہ نے بمجبوری امرؤ القیس کو اپنی اونٹنی پر سوار کر لیا۔ آگے انہی کا ذکر ہے۔

(۴) ترجمہ۔ یعنی وہ دوشیزہ عورتیں اسکے گوشت اور اس چربی کو جو بٹے ہوئے ریشم کی جھالر کی طرح تھی (بغایت سرور) آپس میں ایکدوسرے پر پھینکنے لگیں۔

(۵) ترجمہ۔ اور جس دن کہ میں ہودج میں یعنی عنیزہ کے ہودج میں داخل ہوا (وہ کیسا بھلا دن تھا) تو اس نے مجھ سے کہا تیرا برا ہو تو مجھے پیادہ کر نیوالا ہے **مطلب** میری ناقہ دو سواریوں کا بوجھ نہ برداشت کر سکے گی اور اس کی کمر زخمی ہو جائیگی تو مجبوراً پیدل چلنا پڑے گا۔

ﻉ واسمہا فاطمۃ قولہ فقالت لک الویلات دعاءٌ علیہ وقیل دعاءٌ لہ فی معرض الدعاء علیہ مبالغۃ فی الکمال والویلات جمع ویلۃ والویلۃ والویل شدۃ العذاب (المرجل) اسم فاعل من ارجلہ اذا جعلہ ماشیاً والمجرد من (س) ویقال من (ن) رجل افصیل ارسلہ مع امہ ۱۲

(۱) فاض فیضاً وفیضاناً (ض) السیل کثر وسال فاضت عینہ سال دمعہا (دموع) جمع دمع (صبابۃ (س)) الیہ کلف بہ الصبابۃ رقۃ الشوق ونصب صبابۃ علی انہا مفعول لہ (النحر) جمعہ نحور (المحمل) علاقۃ السیف جمعہ محامل ۱۲

(۲) (رب) فیہ لغات وقد تلحق التاء فی آخرہا فیقال رُبَّۃ وہی للتقلیل وکم للتکثیر وربما حمل احدہا علی الآخر (لاسیّ) المثل یقال ہما سیان ای مثلان ویستعمل لاسیما بمعنی خاصۃ ویجوز فیما بعدہ الرفع والجر فالرفع علی ان ما موصولۃ وتقدیر العبارۃ لاسیما ہو یومٌ والجر علی ان ما زائدۃ والسی مضاف الی یوم ۱۲

(۳) (یوم) مبنی علی الفتح مع انہ معطوف مرفوع او مجرور وہو یوم فی یوم بدارۃ لاضافتہ الی المبنی وہو قولہ عقرت (والعقر) من (ض) یقال عقر الجمل قطع قوائمہ بالسیف (العذاری) جمع عذراء وہی البکر التی لم تفتض قولہ عجباً اصلہ یا عجبی (الکور) الرحل وادواتہ جمعہ اکوار وکیران ویقال ویروی من حلہا المتحمل مکان کورہا ۱۲

(۴) قولہ ظل یقال ظل زید قائماً اذا اتی علیہ النہار وہو قائم وبات زید نائماً اذا اتی علیہ اللیل وہو نائم وطفق زید یقرء القرآن اذا اخذ فیہ لیلاً ونہاراً (الارتماء) المراماۃ ای الرمی من بعضہم الی البعض (الہداب) والہدب اسمان لما استرسل من الشیء نحو ما استرسل من اطراف الثوب واحدہا ہدابۃ وہدبۃ وجمع الہدب اہداب (الدمقس) والمدقس الابریسم مطلقاً وقیل الابیض منہ خاصۃ (المفتل) المفتول الشدید ۱۲

(۵) (الخدر) الہودج وجمع الخدور وبیتہ للستر والحجلۃ منہ قولہم خدرت الجاریۃ وادخلہا (العنیزۃ) اسم عشیقتہ وقیل ہو لقب لہا

تَقُوْلُ وَقَدْ مَالَ الْغَبِيْطُ بِنَا مَعًا (اما للغبیط ۱۲)	۱	عَقَرْتَ بَعِيْرِيْ يَا امْرَأَ الْقَيْسِ فَانْزِلِ (ای ادبرت ظہرہ ۱۲)
فَقُلْتُ لَهَا سِيْرِيْ وَ اَرْخِيْ زِمَامَهٗ (ارسل ۱۲) (البعیر)	۲	وَلَا تُبْعِدِيْنِيْ مِنْ جَنَاكِ الْمُعَلَّلِ
فَمِثْلِكِ حُبْلٰى قَدْ طَرَقْتُ وَمُرْضِعٍ (بکسر اللام ۱۲)	۳	فَاَلْهَيْتُهَا عَنْ ذِيْ تَمَائِمَ مُحْوِلِ (اشغلتہا ۱۲)
اِذَا مَا بَكٰى مِنْ خَلْفِهَا انْصَرَفَتْ لَهٗ	۴	بِشِقٍّ وَتَحْتِيْ شِقُّهَا لَمْ يُحَوَّلِ
وَيَوْمًا عَلٰى ظَهْرِ الْكَثِيْبِ تَعَذَّرَتْ (منصوب بتعذرت ۱۲)	۵	عَلَيَّ وَ اٰلَتْ حَلْفَةً لَمْ تَحَلَّلِ (حلف ۱۲) (صفۃ حلفۃ ۱۲)

(۱) ترجمہ۔ درانحالیکہ ہودج ہم دونوں کو جھکائے دے رہا تھا۔ وہ کہنے لگی اے امرؤالقیس تونے میرے اونٹ کی کمر لنگڑی پس تو اتر پڑ۔

(۲) ترجمہ میں نے اس (عنیزہ) سے کہا کہ چلی چل اور اونٹ کی مہار کو ڈھیلی چھوڑ اور مجھ کو اپنے مکرر چنے ہوئے (یا مجھکو بہلانیوالے) میوہ سے دور نہ کر مطلب یعنی جب عنیزہ نے مجھ کو اتر جانے کے واسطے کہا تو میں نے التجا کی کہ ایسا نہ کر اور مجھکو اپنے میوہائے بوسہ وکنار سے لطف اندوز ہونے دے۔

(۳) ترجمہ (معشوقہ کو غرور حسن سے باز رکھنے کیلئے کہتا ہے کہ حسن وجمال میں) تجھ جیسی بہت سی حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتیں ہیں جن کے پاس میں رات کے وقت گیا اور انکو تعویذ والے یکسالہ بچہ سے غافل بنا دیا مطلب عنیزہ کے کنارہ کش ہونے پر اپنی بڑائی جتلاتے ہوئے کہتا ہے کہ میں نے حاملہ اور مرضعہ تک کو جو جماع سے متنفر ہوتی ہیں اپنی طرف مائل کر لیا۔ عنیزہ کی حاملہ اور مرضعہ سے مثلیت حاملہ اور مرضعہ ہونے میں نہیں ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ بہت سی عورتیں جو خوبصورتی اور حسن وجمال میں عنیزہ کے مثل ہونے کے ساتھ ساتھ حاملہ اور مرضعہ بھی تھیں۔

(۴) ترجمہ جب وہ (بچہ) اسکے پیچھے رونے لگتا تھا تو وہ اپنے ایک حصہ کو اسکی طرف پھیر دیتی تھی اور ایک حصہ میرے نیچے رہتا تھا جو نہیں پھیرا جاتا تھا۔ مطلب۔ یعنی بدن کا بالائی حصہ دودھ پلانے کے لئے بچہ کی جانب پھیر لیتی تھی اور زیرین حصہ مجھ سے غایت الفت کی بناپر نہیں ہٹاتی تھی۔

(۵) ترجمہ۔ اور ایک روز اس (معشوقہ) نے ایک ریت کے ٹیلے پر مجھ سے سختی کی اور (جدائی کی) ایسی قسم کھائی جس میں کوئی استثنا نہ تھا مطلب عنیزہ کے اسوقت سختی کرنے پر شاعر کو اسکی وہ پرانی سختی بھی یاد آ گئی جو کسی ٹیلہ پر اسکے ساتھ کی تھی۔ قسم غیر تحلل کے معنی یہ ہیں کہ وہ قطعی قسم تھی جس میں انشاء اللہ وغیرہ نہیں کہا گیا تھا اور جس سے گریز کی کوئی شکل نہ تھی۔

ء منصوب علی المصدر لانہ بمعنی الفعل کانہ قال آلت ایلاء لم تحلل (التحلل) فی الیمین الاستثناء ۱۲

(۱) (الغبیط) نوع من الہوادج (البعیر) الجمل البازل وجمعہ بعران والبعرۃ وجمع الجمع اباعر واباعیر ۱۲

(۲) (ارخی) ارسلی من انا رخا ریقال ارخی الزمام ای ارسلہ (الزمام) ما یشد بہ ای القعود وہو حبل یجعل فی عنق البعیر یقبضہ الراکب بمنزلۃ اللجام للفرس الجمع ازمۃ وفعل من (ن) (الجنی) اسم لما یجتنی من الشجرۃ والجنی المصدر یقال جنی الثمرۃ (ض) جنیا تناولہا من شجرتہا (المعلل) اسم مفعول او اسم فاعل من تعلیل الاول ماخوذ من علل بعل (ض ون) نہلا شرب ثانیۃ وتباعا والثانی من عللت الصبی بفاکہۃ ای الہیتہ بہا والشاعر جعل العشیقۃ بمنزلۃ شجرۃ وجعل ما نال من عناقہا وتقبیلہا بمنزلۃ ثمرۃ المعللۃ ۱۲

(۳) (فمثلک) بکسر اللام لاضمار رب کانہ قال رب امرأۃ حبلی الخ (طرقت) من (ن) طروقا ماتیان لیلا ومنہ الطارق للنزیل الذی اتی لیلا وایضا النجم لانہ یطلع فی اللیل (المرضع) التی لہا ولد ترضع والعلم انہا اذا بنیت علی فعل یقال مرضعۃ واذا حملت علی معنی ذات رضاع لم تلحقہا التاء ومثلہا طالق وحامل (الہیت) من الالہاء والمجرد منہ لہا (ن) لہوا بلعب وعنہ غفل (تمائم) جمع تمیمۃ وہی العوذۃ ان صیانۃ الولد من العین تتم بہا (المحول) صبی تم علیہ الحول وشرع فی الثانی ۱۲

(۴) بکی (ض) بکاء سال دمعہ حزنا (الانصراف) الرجوع (الشق) من الشیء نصفہ والجمع شقوق (التحویل) التغییر ۱۲

(۵) (ظہر الکثیب) اعلی الرمل الکثیر والجمع کثبان واکثبۃ وکثب (التعذر) التشدد والامتناع (الایلاء) والائتلاء والتالی الحلف الاسم منہ الیۃ والوۃ (حلفۃ) فعلۃ للمرۃ

أَفَاطِمُ مَهْلًا بَعْضَ هٰذَا التَّدَلُّلِ	۱	وَإِنْ كُنْتِ قَدْ أَزْمَعْتِ صَرْمِي فَأَجْمِلِي
أَغَرَّكِ مِنِّي أَنَّ حُبَّكِ قَاتِلِي	۲	وَأَنَّكِ مَهْمَا تَأْمُرِي الْقَلْبَ يَفْعَلِ
وَإِنْ تَكُ قَدْ سَاءَتْكِ مِنِّي خَلِيقَةٌ	۳	فَسُلِّي ثِيَابِي مِنْ ثِيَابِكِ تَنْسُلِ
وَمَا ذَرَفَتْ عَيْنَاكِ إِلَّا لِتَضْرِبِي	۴	بِسَهْمَيْكِ فِي أَعْشَارِ قَلْبٍ مُقَتَّلِ
وَبَيْضَةِ خِدْرٍ لَا يُرَامُ خِبَاؤُهَا	۵	تَمَتَّعْتُ مِنْ لَهْوٍ بِهَا غَيْرَ مُعْجَلِ

(الهمزة للنداء ۱۲ — الهمزة للتقریر ۱۲ — احزنتک ۱۲ — عادۃ ۱۲ — عزمت ۱۲ — قرابتی ۱۲ — اللام بل من یا المتکلم ۱۲ — موضوع ۱۲ — صفۃ ۱۲)

(۱) ترجمہ اے فاطمہ اس ناز و انداز کو ذرا چھوڑ اور اگر تو نے مجھ سے قطع تعلق کا پختہ ارادہ کر لیا ہے تو بھلمنسی کے ساتھ کر۔ **مطلب** یعنی اگر مجھ سے تعلق رکھنا ہے تو ناز و انداز میں کمی کر ہر چیز کی ایک حد ہوتی ہے۔ اور اگر قطع تعلق ہی کرنا مقصود ہے تو وہ بھی بھلائی کے ساتھ ہونا چاہیئے۔

(۲) ترجمہ یقیناً میری جانب سے تجھ کو یہ گھمنڈ ہو گیا ہے کہ تیری محبت مجھے قتل کئے دیتی ہے اور یہ کہ جو کچھ تو میرے دل کو حکم دیگی وہ (ضرور) کریگا۔ **مطلب** چونکہ تجھ کو میری مجبوریٔ عشق کا پوری طرح احساس ہو گیا ہے اسلئے تو نے اور زیادہ ستانا شروع کر دیا ہے۔

(۳) ترجمہ اور اگر میری کوئی عادت تجھ کو بُری معلوم ہوتی ہے تو اپنے کپڑوں (یا اپنے دل) کو میرے کپڑوں (یا میرے دل) سے کھینچ لے تاکہ جدا ہو جائے۔ **مطلب** ثیاب سے جامہ اور قلب دونوں مراد ہو سکتے ہیں جیسا کہ عنترہ نے اس شعر میں ثیاب سے دل مراد لیا ہے ؎

فشککت بالرمح الاصم ثیابه — لیس الکریم علی القنا بمحرم

خلاصہ یہ کہ میں ہر حال میں تیرا مطیع ہوں اگر تو جدائی پسند کرتی ہے تو میں بھی راضی ہوں اگرچہ وہ میرے لئے ہلاکت کا سبب ہے۔ مصرع۔ سرِ تسلیم خم ہے جو مزاجِ یار میں آئے۔

(۴) ترجمہ تیری دونوں آنکھیں اشکبار نہیں ہوئیں مگر صرف اسلئے کہ تو اپنی دونوں (نگاہوں کے) تیروں کو (میرے) شکستہ دل کے ٹکڑوں میں مارے۔ (ترجمۂ ثانی) تیری دونوں آنکھوں نے صرف اسلئے آنسو بہائے تاکہ تو اپنے دونوں تیروں (معلی اور رقیب) کو میرے دل نزار کے دسوں حصوں پر مار کر (مجموعۂ) دل کی مالک بنجائے۔

(۵) ترجمہ اور بہت سی (ایسی) پردہ نشین عورتیں ہیں جنکے خیمہ کا (بھی) قصد نہیں کیا جا سکتا میں نے بہت دیر انکی دل لگی سے فائدہ اٹھایا۔ (بیضۂ خدر سے حسین عورتیں مراد ہیں)

؎ المذلل من الحب التقطع من العشق فالمراد من القتل التذلیل کما یقال قتل الخمر اذا امزجها بالماء وازال سورتها ۱۲

(۵) (بیضۃ خدر) ای رُبّ امرأۃ لزمت سترها وتشبیه النساء بالبیض من ثلثة اوجه احدها بالصحة عن الحیض والثانی فی الصیانة والستر لان الطائر یصون بیضه ویحضنه والثالث فی صفاء اللون ونقائه لان البیض یکون صافی اللون نقیه اذا کان تحت الطائر رام (ن) رومًا قصد ومنه المرام بمعنی المقصد (الخباء) بیت من وبر او شعر او صوف والجمع الاخبیة (معجل) من عجّل اذا اسرع وقوله غیر یروی بالنصب علی الحال من البارز فی تمتعت وبالجر علی انه صفة لهو ۱۲

(۱) (فاطم) فی الاصل فاطمة حذفت التاء للترخیم وهو اسم لمعشوقته وعنیزة لقبها (مهلا) نصب علی المصدریة (وبعض) منصوب بمهلا (التدلل) تغنج المرأة علی زوجها والجرد دل (ن) دلالا (ض) یقال دلت المرأة علی زوجها ای اظهرت علیه الخلاف وما بها خلاف (ازمعت) من الازماع وهو عقد القلب علی فعل (الصرم) بفتح الصاد وضمها من (ض) القطع ومن (ک) یقال صرم السیف صرامة صار قاطعا (اجملی) ای اما لینی بالجمیل لا تعتدی علیّ

(۲) غر غرورا (ن) خدعه واطمعه بالباطل والهمزة أتی بها للتقریر کما قال الجریر (شعر) الستم خیر من رکب المطایا واندی العالمین بطون راح (القلب) الفؤاد والجمع قلوب سمی به لانه یتقلب کما قال الشاعر (شعر) وما سمی الانسان الا لانسه ؛ وما القلب الا انه یتقلب والجمع قلوب ۱۲

(۳) ساء یسوء (ن) مساءة الامر فلانا احزنه او فعل به ما یکره وسواء الشیء قبح یقال سارت سریرته (الخلیقة) السجیة والجمع خلائق (سلی) مؤنث امر حاضر من سل (ن) سلا الشیء اخرجه برفق تنسل من النسول (ض ن) وهو سقوط الریش والشعر یقال نسل ریش الطائر ای سقط والنسیل الساقط ۱۲

(۴) ذرفت العین (ض) ذرفا وتذرافا سالت دمعها (السهم) القدح مطلقا او قدح المیسر خاصة والجمع سهام استعاره ههنا اللحظ عینیها ودمعها لتاثیرهما فی قلوب العشاق تاثیر السهام فی الاجسام ویمکن ان یراد بسهمین المعلی والرقیب من سهام المیسر کانت عادة العرب عند المقامرة بقسمة الجزور علی عشرة اجزاء وذلک بان للمعلی سبعة اجزاء وللرقیب ثلثة فمن فاز بهذین القدحین فقد فاز بالجمیع والسهام الاخری الفذ والتوأم والحلس والنافذ والمسبل والسفیح والمنیح والوغد فعلی الاول قوله (اعشار) ماخوذ من قولهم برمة اعشار اذا کانت قطعا او لا واحد لها من لفظها وعلی الثانی جمع عشیر و(قلب المقتل) المذلل ؎

١	تَجَاوَزْتُ أَحْرَاسًا إِلَيْهَا وَمَعْشَرًا	عَلَيَّ حِرَاصًا لَوْ يُسِرُّوْنَ مَقْتَلِي
٢	إِذَا الثُّرَيَّا فِي السَّمَاءِ تَعَرَّضَتْ	تَعَرُّضَ أَثْنَاءِ الْوِشَاحِ الْمُفَصَّلِ
٣	فَجِئْتُ وَقَدْ نَضَّتْ لِنَوْمٍ ثِيَابَهَا	لَدَى السِّتْرِ إِلَّا لِبْسَةَ الْمُتَفَضِّلِ
۴	فَقَالَتْ يَمِيْنَ اللهِ مَا لَكَ حِيْلَةٌ	وَمَا إِنْ أَرَى عَنْكَ الْغَوَايَةَ تَنْجَلِي
٥	خَرَجْتُ بِهَا تَمْشِي تَجُرُّ وَرَاءَنَا	عَلَى أَثَرَيْنَا ذَيْلَ مِرْطٍ مُرَحَّلِ

(۱) ترجمہ ایسے نگہبانوں اور قبیلہ سے بچکر اس تک جا پہنچا جو میرے متعلق اسکے خواہشمند تھے کہ کاش وہ پوشیدہ طور سے مجھکو قتل کر ڈالیں مطلب پوشیدہ طور سے قتل کی تمنا اسوجہ سے کرتے تھے کہ یہ شہزادہ تھا جس کو علی الاعلان نہیں قتل کیا جا سکتا تھا۔

(۲) ترجمہ (میں اسکے پاس ایسے وقت پہنچا) جبکہ ثریا کے کنارے آسمان پر اسطرح ظاہر ہوگئے تھے جیسے کہ (تھوڑے تھوڑے) فصل سے پروئے ہوئے موتیوں کے ہار کے کنارے۔ **مطلب**۔ وشاحِ مفصّل سے وہ ہار مراد ہے جس میں آبدار موتیوں کے درمیان سیاہ پوتھ کے دانے پرو دیئے گئے ہوں۔ ثریا کی تشبیہ ایسے ہار سے نہایت لطیف ہے کیونکہ ان چھوٹے چھوٹے ستاروں کے درمیان تاریکی حائل ہوتی ہے۔

(۳) ترجمہ میں اسکے پاس ایسے وقت میں پہنچا جبکہ وہ چلمن کے پاس جامۂ خواب کے علاوہ سونے کیلئے اپنے (سب) کپڑے نکال چکی تھی۔ **مطلب** وہ چلمن کے پاس میرے انتظار میں تھی اور کپڑے محض اہل قبیلہ کو یہ جتلانے کیواسطے اتار دیئے تھے کہ سونے کا ارادہ کر رہی ہے۔

(۴) ترجمہ۔ (جب میں اسکے پاس پہنچا) تو وہ بولی خدا کی قسم تیرے لئے اب کوئی عذر نہیں اور میں نہیں خیال کرتی کہ تجھسے یہ (عشق کی) گمراہی زائل ہو جائے گی۔ **مطلب** "مالک حیلۃ" کا ایک یہ مطلب ہو سکتا ہے کہ اب میرے پاس تجھے ٹلانے کا کوئی حیلہ اور بہانہ نہیں ہے۔ اور یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ اگر تو اسوقت یہاں گرفتار ہو گیا اور اہل قبیلہ جاگ اٹھے تو اپنے یہاں آنیکا (یا بچنے کا) کوئی حیلہ و تدبیر نہیں کر سکے گا۔ یہ شعر شاعر کے بہترین اشعار میں سے سمجھا گیا ہے اس قصیدہ میں بھی اسکی نظیر نہیں۔

(۵) ترجمہ۔ میں اسکو ایسے حال میں لیکر نکلا کہ وہ چل رہی تھی اور ہم دونوں کے نشانات (قدم) پر ہمارے پیچھے منقش چادر کے دامن کو کھینچ رہی تھی۔ **مطلب** وہ اپنی چادر کے پلوں کو زمین پر کھینچتی ہوئی چل رہی تھی تاکہ کوئی ہمارے پیروں کے نشانات سے پتہ نہ لگا لے اسلئے کہ عرب علم قیافہ میں کمال رکھتے تھے۔

م ثوب مرحل وفی ہذا الثوب ترحیل ۱۲

(۱) الاحراس جمع حارس کصاحب واصحاب ایضا یجمع علی حُرّاس ککافر وکفار وعلی حرسۃ کطالب وطلبۃ والفعل من (ض،ن) المعشر الرہط (حراص) جمع حریص والفعل من (س) ۱۲

(۲) الثریا تصغیر ثروی مونث اثری مشتق من الثروۃ وہی الکثرۃ وہی کواکب مجتمعۃ تطلع نصف اللیل (تعرض) ابدا عرض الشی والعرض الناحیۃ (والاثناء) جمع ثنی بمعنی الوسط والطرف (الوشاح) نوع من العقد والجمع وُشُح و اوشحۃ ووشائح (المفصل) منہا ما فصل بین جواہرہ بالذہب او غیرہ ۱۲

(۳) نفض الثیاب ینفضہا نفضاً اذا خلعہا و نفّضہا تنفیضاً اذا اراد المبالغۃ فی النفض کما فی الشعر (لدی) من الظروف (الستر) جمعہ استار (لبسۃ) حالۃ اللابس وہیئۃ لبسہ الثیاب کالجلسۃ (المتفضل) اللابس ثوباً واحداً اذا اراد الخفۃ فی العمل والفضلۃ والمفضل اسمان لذلک ۱۲

(۴) (الیمین) الحلف کان فی الاصل للید الیمنی ثم استعمل فی الحلف (الحیلۃ) الحذق وجودۃ النظر والقدرۃ علی التصرف فی الاشغال جمعہ حیل واصلہا حولۃ فابدلت الواو یاء لسکونہا وانکسار ما قبلہا (وان) فی قولہ ما ان زائدۃ وہی تزاد مع ما النافیۃ وقولہ یمین منصوب علی اضمار قسم او مرفوع علی انہ مبتدا و خبرہ محذوف ای یمین اللہ قسمی (الغوایۃ والغی) الضلالۃ والفعل غوی (ض) الغوایۃ ویروی العمایۃ وہی العمی ۱۲

(۵) (خرجت بہا) افادت الباء تعدیۃ الفعل والمعنی اخرجتہا من خدرہا (الاثر) ما بقی من رسم الشی جمعہ آثار واثور (الذیل) جمعہ ذیول واذیال (المرط) کساء معلم من صوف او خز والجمع مروط (المرحل) المنقش بنقوش تشبہ رحال الابل یقال م

فَلَمَّا اَجَزْنَا سَاحَةَ الْحَيِّ وَانْتَحَى قطعنا ۱۲ الکوفیین یا زائد عند البصریین الواو جواب لما	۱	بِنَا بَطْنُ خَبْتٍ ذِيْ حِقَافٍ عَقَنْقَلِ موصوف ۱۲ صفۃ ۱۲
هَصَرْتُ بِفَوْدَيْ رَأْسِهَا فَتَمَايَلَتْ جواب لما من الشعر الاول عند البصریین ۱۲ مالت ۱۲	۲	عَلَيَّ هَضِيْمَ الْكَشْحِ رَيَّا الْمُخَلْخَلِ
مُهَفْهَفَةٌ بَيْضَاءُ غَيْرُ مُفَاضَةٍ	۳	تَرَائِبُهَا مَصْقُوْلَةٌ كَالسَّجَنْجَلِ
كَبِكْرِ الْمُقَانَاةِ الْبَيَاضِ بِصُفْرَةٍ صیغۃ مفعول ۱۲	۴	غَذَاهَا نَمِيْرُ الْمَاءِ غَيْرُ مُحَلَّلِ الماء القراح ۱۲

(۱) ترجمہ بس جب ہم قوم کی آبادی سے نکل گئے اور ایک وسیع ریگستان کے درمیان میں جو ٹیلوں والا تھا پہنچے۔ (لما کا جواب اگلے شعر میں ہے)

(۲) ترجمہ۔ تو میں نے اس کی دو زلفوں کے ذریعہ (اسکو اپنی طرف) جھکایا۔ چنانچہ وہ باریک کمر، گداز پنڈلی والی (معشوقہ) میری طرف جھک آئی۔

مطلب میں نے اس کو اپنی طرف کھینچا وہ بلا عذر میری طرف کھنچ آئی۔ باریک کمر اور گداز پنڈلی ہونا معشوقہ کی بہترین خوبیوں میں سے ہے۔

(۳) ترجمہ۔ وہ معشوقہ نازک کمر، خوبرو سُتے ہوئے بدن کی ہے۔ اس کا سینہ آئینہ کیطرح درخشاں ہے۔

مطلب معشوقہ کے واسطے لوازم حسن ثابت کرتا ہے اور ترائب کو بلفظ جمع لانے سے مقصود سینہ کی وسعت کی طرف اشارہ کرنا ہے۔

(۴) ترجمہ۔ (وہ محبوبہ) اس موتی کی طرح ہے جس میں زردی اور سفیدی ملی ہوئی ہو جسکو (ایسے) صاف پانی نے سیراب کیا ہو جس پر لوگ نہ اترے ہوں۔

مطلب چونکہ عورتوں میں سفید رنگ جو زردی کی طرف مائل ہو زیادہ پسند ہے اس وجہ سے محبوبہ کو ایسے موتی سے تشبیہ دی گئی ہے نمیر الماء غیر محلل کی تخصیص اس بنا پر ہے کہ رنگ کی خوبی میں صاف پانی کو بہت زیادہ دخل ہے اگر گدلا پانی پیا جائے تو رنگ نہیں نکھرتا۔ شعر کے دوسرے معنی بھی بیان کئے گئے ہیں جس کی طرف عربی کے حل میں اشارہ کر دیا گیا ہے۔

۴ یقال قانیت بین الشیئین اذا خالطت احدہما بالاخر والمقاناۃ فی البیت صیغۃ المفعول دون المصدر (النمیر) الماء النامی فی الجسد (المحلل) قیل انہ من الحلول فعلی ہذا ما غیر محلل معناہ لم یکثر حلول الناس علیہ فیکدرہ وقیل انہ من المحلال ۱۲

(۱) (اجزنا) ای قطعنا یقال اجزت المکان وجزتہ اذا قطعتہ اجازۃ وجوازا (الساحۃ) تجمع علی ساحات وساح وسوح (الحی) القبیلۃ والجمع احیاء (الانتحاء) الانتحاء الاعتماد علی الشئ (البطن) مکان مطمئن حولہ اماکن مرتفعۃ والجمع ابطن وبطون (والخبت) ارض مطمئنۃ (حقاف) جمع حقف رمل مشرف معوج ویجمع ایضا علی الاحقاف (العقنقل) الرمل المنعقد المتلبد واصلہ من العقل وہو الشد ۱۲

(۲) (ہصرت) من ہصر ای جذب (فودان) تثنیۃ فود ہو جانب الراس (تمایلت) ای مالت (ہضیم الکشح) ضامر الکشح والکشح منقطع الاضلاع والجمع کشوح واصل الہضم الکسر وانما قیل لضامر البطن ہضیم الکشح لانہ یدق ذلک الموضع من جسدہ (ریا) تانیث الریان ہو ضد العطشان (المخلخل) موضع الخلخال من الساق کمقرط موضع القرط من الاذن عبر عن کثرۃ لحم الساقین وامتلائہما بالری ۱۲

(۳) (المہفہفۃ) اللطیفۃ الخصرۃ الضامرۃ البطن (المفاضۃ) المراۃ العظیمۃ البطن المسترخیۃ اللحم (ترائب) جمع تریبۃ وہی موضع القلادۃ من الصدر (السقل والصقل) ازالۃ الصدا والدنس والفعل منہ صقل سقل (السجنجل) المراۃ لغۃ رومیۃ وقیل بل ہو قطع الذہب والفضۃ ۱۲

(۴) (البکر) من کل الشئ ما لم یسبقہ مثلہ و فی تفسیرہ فی البیت ثلثۃ اقوال قیل ان المعنی کبکر البیض التی توفی بیاضہا بصفرۃ وقیل ان المعنی کبکر الصدفۃ التی خولط بیاضہا بصفرۃ الثالث انہ اراد کبکر البردی التی شاب بیاضہا صفرۃ (المقاناۃ) المخلطۃ ۱۲

١	تَصُدُّ وَتُبْدِیْ عَنْ اَسِیْلٍ وَّتَتَّقِیْ	بِنَاظِرَةٍ مِّنْ وَّحْشِ وَجْرَةَ مُطْفِلِ
٢	وَجِیْدٍ کَجِیْدِ الرِّئْمِ لَیْسَ بِفَاحِشٍ	اِذَا هِیَ نَصَّتْهُ وَلَا بِمُعَطَّلِ
٣	وَفَرْعٍ یَّزِیْنُ الْمَتْنَ اَسْوَدَ فَاحِمٍ	اَثِیْثٍ کَقِنْوِ النَّخْلَةِ الْمُتَعَثْکِلِ
٤	غَدَائِرُهَا مُسْتَشْزِرَاتٌ اِلَی الْعُلٰی	تَضِلُّ الْعِقَاصُ فِیْ مُثَنًّی وَّمُرْسَلِ

(١) ترجمہ۔ وہ اعراض کرتی ہے اور ایک دراز رخسار ظاہر کرتی ہے اور مقام وجرہ کے بچہ والے وحشی (ہرن) کی آنکھ کے ذریعہ بچتی ہے۔ مطلب جب وہ ہم سے روگردانی کرتی ہے تو اس کا ایک حسین دراز رخسار ہمارے سامنے ہوتا ہے۔ لیکن اپنی مست نگاہوں کے ذریعہ ہمیں محو حیرت بنا کر اپنے دیدار سے محروم کردیتی ہے۔ معشوقہ کی چشم مست کو وجرہ کے وحشی ہرن کی آنکھ سے تشبیہ دیگئی ہے وجرہ کے ہرن عموماً زیادہ حسین ہوتے ہیں۔ اور پھر جبکہ ہرن بچہ والا ہو اور اپنے بچہ کو دیکھے تو اسکی آنکھ میں ایک خاص کیف محسوس ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے شاعر نے ان قیودات کا اضافہ کیا ہے۔ اسی مضمون کو ایک اُردو کے شاعر نے ادا کیا ہے جس سے اس شعر کے سمجھنے میں زیادہ سہولت ہوگی ؎

او نشیلی آنکھ والے تیری آنکھیں دیکھکر — خود بتادے اس بھری محفل میں کسکو ہوش ہے

(٢) ترجمہ۔ اور ایک ایسی گردن (کو ظاہر کرتی ہے) جو گردن آہو کی مثل ہے جبکہ وہ اسکو بلند کرے تو لنبی (بے ڈول) اور بے زیور نہیں ہے۔ مطلب ہرن کی گردن کے ساتھ تشبیہ دینے سے جو شبہ پیدا ہوتا تھا اس کو "لیس بفاحش" اور "لا بمعطل" کے ذریعہ سے دور کردیا یعنی محبوبہ کی گردن مناسب درازی اور زیور سے مزین ہے۔

(٣) ترجمہ۔ اور ایسے بال (دکھاتی ہے) جو کمر کو زینت دیتے ہیں سخت سیاہ ہیں اتنے گھنے ہیں جیسے پھلدار کھجور کا خوشہ۔ مطلب محبوبہ کے بالوں کی درازی، سیاہی اور کثرت کو بیان کیا ہے۔ بالوں میں یہ تین صفتیں نہایت حسن افزا ہوتی ہیں۔

(٤) ترجمہ۔ اس (محبوبہ) کی مینڈھیاں اوپر کو چڑھی ہوئی ہیں۔ جوڑا گندھے ہوئے اور چھوٹے ہوئے بالوں میں غائب ہوجاتا ہے۔ مطلب عورتیں عموماً بالوں کو تین حصوں میں منقسم کرتی ہیں۔ سر کے اگلے چھوٹے چھوٹے بالوں کو بٹ لیتی ہیں جنکو غدائر کہا جاتا ہے اور سر کے اگلے لمبے بال مرسل کہلاتے ہیں۔ پچھلے بڑے بڑے بالوں کا جوڑا باندھا جاتا ہے جسکو عقیصہ کہتے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ سر کے اگلے بال گندھے اور بلا گندھے اسقدر کثرت سے ہیں کہ جب محبوبہ ان کو سر کے پچھلے حصہ پر ڈالتی ہے تو جوڑا غائب ہوجاتا ہے۔

... (المثنّى) من الشعر المثنيّ (والمرسل) خلافه ١٢

(١) (الصد والصدود) الاعراض والصد ایضاً الصرف والدفع والفعل منه صد (ن) صد اصرفه ومنعه والامداد الصرف ایضاً (والابداء) الاظهار (الاسالة) امتداد وهو طول فی الخد والقدو الفعل اسل (ک) اسالة وهی اسلان واستوی ومال فهو (اسیل) ای طویل (الاتقاء) الحجز بین الشیئین یقال اتقیته بترس ای جعلت الترس حاجزاً بینی وبینه (الوحش) جمع وحشی مثل زنج وزنجی وروم ورومی (وجرة) موضع بین مکة والبصرة (والمطفل) التی لها طفل ١٢

(٢) (الجید) العنق (الرئم) الظبی الابیض الخالص البیاض والجمع آرام (الفاحش) هو المتجاوز عن الحد حتی یخرج عن الحد المحمود (النص) الرفع ومنه سمی ما تجلی علیه العروس منصة ومنه النص فی السیر وهو حمل البعیر علی سیر شدید ونصصت الحدیث انصه نصاً رفعته (التعطیل) التخلیة عن الحلی ١٢

(٣) (الفرع) الشعر التام والجمع فروع ومنه افرع لرجل ذو اشعار طویلة وامراة فرعاء (والفاحم) الشدید السواد مشتق من الفحم یقال هو فاحم بین الفحومة (الاثیث) الکثیر یقال اث (ن) اثاً الشعر والنبت کثر (والقنو) العنقود والجمع اقناء وقنوان (المتعثکل) والعثکال قد یکونان بمعنی القنو وقد یکونان بمعنی قطعة من القنو (النخلة المتعثکلة) التی خرجت عثاکیلها ای قنوانها ١٢

(٤) (الغدائر) جمع غدیرة وهی الخصلة من الشعر (الاستشزار) الارتفاع والرفع جمیعاً فیکون الفعل منه مرة لازماً ومرة متعدیاً فمن روی مستشزرات بکسر الزاء جعله من اللازم ومن روی بفتح الزاء جعله من المتعدی بتقدیر مرفوعات (والعقاص) جمع عقیصة وهی الخصلة المجموعة من الشعر.

وَكَشْحٍ لَطِيفٍ كَالْجَدِيلِ مُخَصَّرٍ	١	وَسَاقٍ كَأُنْبُوبِ السَّقِيِّ الْمُذَلَّلِ
وَتُضْحِي فَتِيتُ الْمِسْكِ فَوْقَ فِرَاشِهَا	٢	نَؤُومُ الضُّحَى لَمْ تَنْتَطِقْ عَنْ تَفَضُّلِ
وَتَعْطُو بِرَخْصٍ غَيْرِ شَثْنٍ كَأَنَّهُ	٣	أَسَارِيعُ ظَبْيٍ أَوْ مَسَاوِيكُ إِسْحِلِ
تُضِيءُ الظَّلَامَ بِالْعِشَاءِ كَأَنَّهَا	٤	مَنَارَةُ مُمْسَى رَاهِبٍ مُتَبَتِّلِ
إِلَى مِثْلِهَا يَرْنُو الْحَلِيمُ صَبَابَةً	٥	إِذَا مَا اسْبَكَرَّتْ بَيْنَ دِرْعٍ وَمِجْوَلٍ

(١) ترجمہ اور ایسی نازک کمر جو مہار (شتر) کی طرح ہے اور پنڈلی جو نرم اور تر بانسی کی پوری کی طرح ہے (دکھاتی ہے) مطلب محبوبہ کی کمر کو مہار شتر اور پنڈلی کو سبز و شاداب نَے سے تشبیہ دی جو عرب کے ذوق کے موافق نہایت خوب ہے۔

(٢) ترجمہ وہ (سوتے سوتے) دن چڑھا دیتی ہے درآنحالیکہ مُشک کے ٹکڑے اسکے بستر پر پڑے ہوتے ہیں چاشت کے وقت تک خوب سونے والی ہے اور اُس نے (کام دھندے کیلئے) معمولی کپڑے پہننے کے بعد پٹکا نہیں باندھا مطلب زیادہ دیر تک سوتے رہنا بھی ایک یاست کی شان ہے مُشک کے ریزوں کا بستر پر ہونا ناز و نعمت میں زندگی گذارنے کی علامت ہے۔ اور آخری مصرعہ میں بھی اسی کا اثبات مقصود ہے کیونکہ میلے لباس پر پٹکا خدام باندھتے ہیں نہ کہ مخدوم۔

(٣) ترجمہ۔ وہ ایسی نرم و نازک (انگلیوں) سے (چیزیں) پکڑتی ہے گویا کہ وہ (انگلیاں) (مقام) ظبی کے کینچوے یا اسحل (درخت) کی مسواکیں ہیں مطلب۔ انگلیوں کو مقام ظبی کے کینچوؤں سے تشبیہ دی جن کے سر سرخ اور بقیہ جسم سفید ہوتا ہے۔ اور اسحل کی مسواکوں کو بھی نعومت و نرمی میں اُن کا مشابہ قرار دیا۔

(٤) ترجمہ (حسین چہرہ کے ذریعہ) شام کیوقت تاریکی کو روشن کر دیتی ہے گویا کہ وہ تارک الدنیا راہب کا شام کا چراغ ہے مطلب راہب لوگ رات کے وقت کسی بلند جگہ پر آگ روشن کر دیتے تھے تاکہ گم گشتہ راہ مسافروں کی رہنمائی ہو۔

(٥) ترجمہ اس جیسی محبوبہ کی طرف بُردبار (انسان بھی) عشق کی وجہ سے نظر جما کر دیکھتا ہے جبکہ وہ قمیص پہننے والی (عورتوں) اور کُرتی پہننے والی (بچیوں) کے درمیان کھڑی ہو۔ مطلب محبوبہ کا حسن و جمال اتنا تقوی شکن ہے کہ عقلمند سے عقلمند انسان بھی اسکو دیکھکر محو تماشا ہو جاتا ہے ثانی مصرع کی غرض یہ ہے کہ محبوبہ کا سن موزوں و متوسط ہے نہ کامل السن عورتوں کی صف میں داخل ہے اور نہ نابالغ بچیوں کی بلکہ اسکی اُبھرتی جوانی ہے۔ اس ہی مضمون کو ایک ہندی شاعر بیان کرتا ہے

کون رکھتا ہے بھلا ایسا جگر دیکھیں تو ⁂ یار ہو سامنے دیکھے نہ ادھر دیکھیں تو

٤ ولابسۃ مجول حذف المضاف اقیم المضاف الیہ مقامہ ١٢

(١) (الکشح) منقطع الاضلاع والجمع کشوح (لطیف) دقیق و بمعنی من دک (والجدیل) خطام تخذ من الادم والجمع جُدُلٌ (المختصر) الدقیق الوسط ومنہ نخل مخصرۃ (الانبوب) ما بین العقدتین من القصب وغیرہ والجمع انابیب (السقی) بمعنی المسقی کالجریح بمعنی المجروح والجنی بمعنی المجنی ہو صفت لمحذوف والتقدیر کانبوب البردی المسقی المذلل بالارواء ١٢

(٢) (تضحی) من الاضحاء وہو الدخول فی الضحوۃ و قد یکون لصیرورۃ (الفتیت والفتات) اسم لدقاق الشیء الحاصل بالفت ای الکسر (الانتطاق) ہو شد النطاق (التفضل) لبس الفضلۃ وہی ثوب واحد یلبس للخفۃ فی العمل (عن) بمعنی بعد کما یقال استغنی فلان عن فقرہ ای بعد فقرہ ١٢

(٣) (تعطو) من العطو وہو التناول والفعل من ن (الرخص) اللین الناعم صفۃ لمحذوف ای ببنان رخص (الشثن) الخشن الغلیظ والفعل من ک (الاساریع) جمع اسروع وہی دود تحمر الرؤوس تکون فی الاماکن الندیۃ (مساویک) جمع مسواک وہو آلۃ السواک (اسحل) شجرۃ تدق اغصانہا فی استواء تشبہ الاصابع بہا فی الدقۃ والاستواء ١٢

(٤) (تضیء) من الاضاءۃ وہی الانارۃ والمجرد من ن (العشی) اول الظلام وقیل من المغرب الی العتمۃ او آخر النہار (منارۃ) مسرجۃ والجمع المنائر والمناور (ممسی) الامساء والمساء (راہب) لقب لکل عالم نصرانی والجمع رہبان وقد یکون الرہبان واحدا ویجمع حینئذ علی الرہابین والرہابنۃ کما یجمع السلطان علی السلاطنۃ والسلاطین (متبتل) المنقطع عن الناس الی العبادۃ

(٥) (یرنو) من ن (الرنو) ادامۃ النظر الیہ بسکون الطرف (الحلیم) الکامل العقل (صبابۃ) رقۃ الشوق وحرارتہ کلفۃ بہ (الاسبکرار) الطول والامتداد (الدرع) قمیص المرأۃ وہو مذکر ودرع الحدید مؤنثۃ والجمع ادرع (المجول) ثوب تلبسہ الجاریۃ الصغیرۃ قولہ بین درع ومجول تقدیرہ بین لابسۃ درع ٢

تَسَلَّتْ عَمَایَاتُ الرِّجَالِ عَنِ الصِّبَا	۱	وَلَیْسَ فُؤَادِیْ عَنْ هَوَاكِ بِمُنْسَلِ
اَلَا رُبَّ خَصْمٍ فِیْكِ اَلْوَیٰ رَدَدْتُهٗ	۲	نَصِیْحٍ عَلٰی تَعْذَالِهٖ غَیْرِ مُؤْتَلِ
وَلَیْلٍ کَمَوْجِ الْبَحْرِ اَرْخٰی سُدُوْلَهٗ	۳	عَلَیَّ بِاَنْوَاعِ الْهُمُوْمِ لِیَبْتَلِیْ
فَقُلْتُ لَهٗ لَمَّا تَمَطّٰی بِصُلْبِهٖ	۴	وَاَرْدَفَ اَعْجَازًا وَّنَاءَ بِکَلْکَلِ
اَلَا اَیُّهَا اللَّیْلُ الطَّوِیْلُ اَلَا انْجَلِیْ	۵	بِصُبْحٍ وَّمَا الْاِصْبَاحُ مِنْكَ بِاَمْثَلِ

(۱) ترجمہ۔ لوگوں کی نوخیز عمر کی (عاشقانہ) گمراہیاں زائل ہوگئیں مگر اے محبوبہ! میرا دل تیری محبت سے جدا ہونے والا نہیں ؎

مرکر بھی ہمارا دلِ بے تاب نہ ٹھہرا گُشتہ بھی ہُوا تب یہ سیماب نہ ٹھہرا

(۲) ترجمہ سُن! تیرے (عشق کے) معاملہ میں بہت سے مخالف سخت جھگڑالو اپنی ملامت گری میں خیرخواہ (بننے والے) اور کوتاہی نہ کرنے والے (ایسے ہیں کہ) میں نے ان کو (ناکام) واپس لوٹا دیا (اور ان کی ایک نہ سنی) مطلب۔ اپنے عشق کا استحکام جتا کر محبوبہ کو اپنی طرف مائل کرنا چاہتا ہے۔

(۳) ترجمہ: اور بہت سی موجِ دریا کی طرح (خوفناک) راتیں ہیں جنہوں نے اپنے پردے طرح طرح کے غموں سمیت میرے اوپر چھوڑ دئے تاکہ (وہ مجھے) آزمائیں۔

(۴) ترجمہ۔ تو میں نے اس (رات) سے اسوقت کہا جبکہ اس نے اپنی کمر دراز کی اور سُرین پیچھے کو نکالے اور سینہ کو ابھارا (قلتُ کا مقولہ اگلے شعر میں ہے) مطلب۔ شبِ ہجراں کی درازی کو بیان کرتا ہے۔ رات کو حیوان قرار دیکر جو حیوان کے جسم کی کیفیت انگڑائی لیتے وقت ہوتی ہے رات کیلئے ثابت کی۔ کیونکہ انگڑائی لیتے وقت حیوان کے جسم میں پھیلاؤ اور لمبائی بہت زیادہ پیدا ہو جاتی ہے۔

(۵) ترجمہ۔ (میں نے اس شب سے کہا) اے (ہجر کی) شبِ دراز صبح بنکر روشن ہو جا (پھر ہوش میں آکر کہتا ہے) اور صبح بھی تجھ سے کچھ بہتر نہیں ہے۔ مطلب۔ غیر ذوی العقول سے خطاب کرنا عاشق کی انتہائی مدہوشی پر دال ہے۔ ابتداءً رات سے صبح بن جانے کی فرمائش کرتا ہے۔ پھر کہتا ہے کہ میرے لئے تو صبح بھی شبِ ہجراں ہی کی طرح ہے۔ وہی مصائبِ شبینہ دن کو بھی موجود ہیں ؎

جسے نصیب ہو روزِ سیاہ میرا سا ؛ وہ شخص دن نہ کہے رات کو تو کیونکر ہو

۵ یقال جلوته فانجلی ای کشفته فانکشف (الاصباح) الدخول فی الصبح (الامثل) الافضل والمثلی والاماثل الافاضل ۱۲

(۱) (تسلّت) یقال تسلّی فلان عن فلان تسلّیا وانسلی انسلاء وسلا یسلو (ن) سلوا وسلی (س) سلیا زال حبه عن قلبه او زال حزنه عنه (العمایة) والعمی والعمٰی والفعل عمی (س) لج وغوی (الصبا) والصباء الصغر ویقال رأیته فی صباه اوفی صبائه ای فی صغره (الفؤاد) القلب والجمع افئدة (الہوی) ہو المیل والعشق قیل فی البیت تلب والتقدیر تسلّت الرجال عن عمایات الصبا ای خرجوا من ظلماتہا وزعم البعض ان عن فی البیت بمعنی بعد تقدیرہ بطلت وانکشفت ضلالات الرجال بعد مضی صباہم ۱۲

(۲) (الخصم) قیل لایجمع ولایثنی کما فی التنزیل ہل اتاک نبؤ الخصم اذ تسوّروا المحراب وقیل یجمع علی الخصام والخصوم (الوی) الشدید الخصومة کانه یلوی خصمه عن دعواه (النصیح) الناصح (التعذال) والعذل اللوم والفعل عذل (ن) (مؤتل) من الائتلاء ہو والالو التقصیر والفعل ائتلی یأتلی والا یألو (ن) ۱۲

(۳) (الموج) جمعه امواج (البحر) جمعه ابحر وبحور وبحار (ارخی) ارخاه ارسل الستر (السدول) جمع سدل وہو الستر (الہموم) جمع الہم بمعنی الحزن وبمعنی القصد (الابتلاء) الاختبار

(۴) (تمطّی) ای تمدد ویجوز ان یکون تمطی ماخوذ من المطا وہو الظہر فیکون تمطی مدّ الظہر ویمکن ان یکون منقولا من التمطط فقلبت احدی الطائین یاء کما قالوا تظنّی والاصل تظنن (الصلب) فیه ثلث لغات احدہا بضم الصاد وسکون اللام والثانی بضم اللام ایضا والثالث بفتحہا وقد جاء صالب ایضا (اردف) اتبع (الاعجاز) المآخیر جمع عجز (ناء) (ن) بَعُد مقلوب نأی کما قالوا راء بمعنی رأی (الکلکل) الصدر والجمع کلاکل ۱۲

(۵) (انجلی) من الانجلاء بمعنی الانکشاف ۱۲

فَيَالَكَ مِنْ لَيْلٍ كَاَنَّ نُجُوْمَهٗ بیان لضمیر الخطاب — کواکبہ	۱	بِاَمْرَاسِ كَتَّانٍ اِلٰى صُمِّ جَنْدَلِ ای بحبال من کتان
وَقِرْبَةِ اَقْوَامٍ جَعَلْتُ عِصَامَهَا مجرورۃ باضمار رب	۲	عَلٰى كَاهِلٍ مِنِّيْ ذَلُوْلٍ مُرَحَّلِ منقاد، صفۃ کاہل، صفۃ کاہل
وَوَادٍ كَجَوْفِ الْعَيْرِ قَفْرٍ قَطَعْتُهٗ بریۃ — صفۃ واد	۳	بِهِ الذِّئْبُ يَعْوِيْ كَالْخَلِيْعِ الْمُعَيَّلِ یصوت — القامر — الکثیر العیال
فَقُلْتُ لَهٗ لَمَّا عَوٰى اِنَّ شَاْنَنَا صات — حالنا	۴	قَلِيْلُ الْغِنٰى اِنْ كُنْتَ لَمَّا تَمَوَّلِ عدیم — بمعنی لم
كِلَانَا اِذَا مَا نَالَ شَيْئًا اَفَاتَهٗ وجد	۵	وَمَنْ يَحْتَرِثْ حَرْثِيْ وَحَرْثَكَ يُهْزَلِ یضعف بزع الحبا نفس

(۱) ترجمہ۔ اے رات تجھ پر تعجب ہے۔ گویا کہ اس کے ستارے سن کے رسّوں کے ذریعہ ٹھوس پتھروں سے باندھ دیئے گئے ہیں۔ مطلب یعنی ستارے اپنی جگہ سے نہیں ٹلتے۔ معلوم ہوتا ہے کہ رسّی سے بندھے کھڑے ہیں۔ اسی وجہ سے رات دراز ہے صبح ہونے میں نہیں آتی۔

(۲) ترجمہ۔ قوموں کے بہت سے ایسے مشکیزے ہیں جن کی جوتی کو میں نے اپنے مطیع اور بارکش کاندھے پر اٹھایا ہے۔ مطلب شاعر اپنے خادم القوم ہونے پر فخر کرتا ہے۔ کیونکہ قوم کا خادم ہی قوم کا سردار ہوتا ہے۔ (سید القوم خادمہم)

(۳) ترجمہ۔ میں نے بہت سے ایسے جنگلوں کو (سفر میں) قطع کیا جو گدھے کے پیٹ کی طرح یا حمار بن مویلع کے جنگل کی طرح خالی تھے۔ ان میں بھیڑیا ہارے ہوئے کثیر العیال جواری کی طرح رو رہا تھا۔ (اپنی جفاکشی کی تعریف کرتا ہے)

(۴) ترجمہ۔ جب وہ (بھیڑیا) چلّایا تو میں نے اس سے کہا ہم دونوں کی شان بے مائگی ہے بشرطیکہ تو (ابتک بھی) تو انگر نہ ہوا ہو (بھیڑیئے کے چلّانے کو کم مائگی پر محمول کرکے اپنی بے مائگی دکھلا کر اسکو دلاسا دیتا ہے)

(۵) ترجمہ۔ ہم دونوں میں سے جب کسی کے کوئی چیز ہاتھ لگتی ہے تو وہ کھو بیٹھتا ہے جو شخص میری سی اور تیری سی کمائی کریگا (ضرور) لاغر ہوجائیگا۔ مطلب میں اور تو یکساں آزاد منش ہیں جہاں کچھ حاصل ہوا خرچ کر ڈالتے ہیں۔ اسلئے ایسے آزاد لوگوں کو افلاس سے دوچار ہونا پڑیگا ؎ قرار در کفِ آزادگاں نہ گیرد مال ٭ نہ صبر در دلِ عاشق نہ آب در غربال ؏

۴ بعد التوحید فاحرق اللہ اموالہ وواديہ الذی کان یسکن فیہ لم ینبت بعدہ شیئا فشبہ امرؤ القیس ہذا الوادی ل فی الخلاء عن الانس والنبات۔

(۴) من صوت (الشان) ما عظم من الامور والاحوال او مطلق الامر والحال والجمع شئون (لما تمول) لما ن فی الاصل تتمول بالتائین حذفت احداہما للثقالۃ فی صدر الکلمۃ (لمّا) ہہنا بمعنی لم کما فی القرآن ۱۲ (۵) (نال) ینیل وینال نیلا ونالا المطلوب اصابہ فہو نائل والنیل العطیۃ (الحرث) فی ق اصلاح الارض والقاء البذر فیہا ثم یستعار للسعی والکسب کقولہ تعالیٰ من کان یرید حرث الآخرۃ لم یرد جمہور الائمۃ ہذہ الابیات من قولہ وقربۃ اقوام الی ہذا الشعر وزعموا انہا لتأبط شرا (یہزل) ای رکس) ہزالا اصار ضعیفا نحیفا ۱۲

(۱) (نجوم) جمع نجم وہو الکوکب (الامراس) جمع مرس وہو الحبل وقد یکون المرس جمع مرسۃ وہو الحبل ایضا فتکون الامراس حینئذ جمع الجمع وقولہ بامراس کتان من اضافۃ البعض الی الکل کقولہم باب حدید وخاتم فضۃ (الکتان) نبات لہ زہر ازرق تنسج منہ الثیاب ولہ بزر یعتصر منہ الزیت (صم) جمع اصم الصلب۔ (الجندل) الصخرۃ والجمع جنادل ۱۲

(۲) (القربۃ) ہی وعاء الماء (العصام) وکار القربۃ والجمع اعصمۃ (الکاہل) اعلی الظہر عند مرکب العنق والجمع کواہل (ذلول) صیغۃ المبالغۃ من الذل بمعنی المروض (مرحل) صیغۃ مفعول من الترحیل مبالغۃ الرحل یقال رحلتہ اذا کررت رحلہ ۱۲

(۳) (الوادی) الصحراء او مسیل الماء منہا فاشتہ والجمع اودیۃ واودیات (الجوف) باطن الشئ والجمع اجواف (العیر) الحمار والجمع اعیار۔ (القفر) المکان الخالی والجمع القفار یقال اقفر المکان اذا خلی ومنہ خبز قفار لا ادام معہ (الذئب) یجمع علی الذئاب والذؤبان (یعوی) من العواء یقال عوی (مض) الکلب او الذئب لوی خطمہ وہو مقدم فمہ ثم صوت او مد صوتہ (الخلیع) الذی خلعہ اہلہ لخبثہ وقیل المراد فی الشعر القامر المغلوب (المعیل) الکثیر العیال زعم صنف من الائمۃ انہ شبہ الوادی فی خلائہ عن الانس ببطن العیر وہو الحمار الوحشی اذ اخلا من العلف وقیل بل شبہ فی قلۃ الانتفاع بہ بجوف العیر لانہ لا یرکب ولا یکون لہ در وزعم صنف انہ اراد بجوف الحمار فعبر بلفظ العیر الی ما وقعہ فی المعنی لاقامۃ الوزن وزعموا ان حمارا کان رجلا من بقیۃ قوم عاد وکان متمسکا بالتوحید فسافر بنوہ فاصابہم صاعقۃ فاہلکتہم فاشرک باللہ واکفر ۴

وَقَدْ اَغْتَدِي وَالطَّيْرُ فِي وُكُنَاتِهَا	۱	بِمُنْجَرِدٍ قَيْدِ الْاَوَابِدِ هَيْكَلِ
مِكَرٍّ مِفَرٍّ مُقْبِلٍ مُدْبِرٍ مَعًا	۲	كَجُلْمُودِ صَخْرٍ حَطَّهُ السَّيْلُ مِنْ عَلِ
كُمَيْتٍ يَزِلُّ اللِّبْدُ عَنْ حَالِ مَتْنِهِ	۳	كَمَا زَلَّتِ الصَّفْوَاءُ بِالْمُتَنَزِّلِ
عَلَى الذَّبْلِ جَيَّاشٍ كَاَنَّ اهْتِزَامَهُ	۴	اِذَا جَاشَ فِيهِ حَمْيُهُ غَلْيُ مِرْجَلِ
مِسَحٍّ اِذَا مَا السَّابِحَاتُ عَلَى الْوَنَى	۵	اَثَرْنَ الْغُبَارَ بِالْكَدِيدِ الْمُرَكَّلِ

(۱) ترجمہ۔ میں اتنے سویرے اٹھکر کہ پرندے اسوقت اپنے گھونسلوں میں ہوتے ہیں ایک ایسے کم بال والے گھوڑے کو لیکر سفر کرتا ہوں جو وحشی جانوروں کی قید اور نہایت قوی ہو۔

(۲) ترجمہ۔ بیک وقت بڑا حملہ آور تیزی سے پیچھے ہٹنے والا۔ آگے بڑھنے والا پشت پھیرنیوالا ہے اس پتھر کی طرح جس کو سیلاب (کے بہاؤ) نے اوپر سے گرایا ہو مطلب نہایت تیز و چالاک گھوڑا ہے اسقدر پھرتی سے ضرورت کے وقت آگے پیچھے ہٹتا بڑھتا ہے کہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ صفات متضادہ ایک ہی وقت میں اس میں پائی جاتی ہیں۔ اسقدر تیزی سے دوڑتا ہے جیسے سیل کے دباؤ سے پتھر اوپر سے نیچے گرتا ہے۔

(۳) ترجمہ۔ کمیت (رنگ کا اور ایسی چکنی کمر والا) ہے کہ نمدہ کو کمر سے اسطرح پھسلا دیتا ہے جیسے چکنا سخت پتھر بارش کو مطلب چونکہ اسکی پشت نہایت پر گوشت اور چکنی ہے اس لئے نمدہ اس پر نہیں جمتا۔ کمر کا ان صفات سے متصف ہونا گھوڑے کی قوت پر دال ہے۔

(۴) ترجمہ۔ باوجود چھریرے پن کے نہایت گرم رو ہے جب اسمیں اسکی گرمی (رفتار) جوش مارتی ہے تو اسکی آواز ہانڈی کے ابال کی طرح سنائی دیتی ہے۔ مطلب گھوڑے کے گرم رفتار ہوجانے پر جو کیفیت آواز پیدا ہوتی ہے اس کو ہانڈی کے جوش سے تشبیہ دی جو نہایت مناسب ہے۔

(۵) ترجمہ۔ جب تیز رو گھوڑیاں تھکن کیوجہ سے سخت روندی ہوئی زمین میں غبار اڑانے لگیں (تب بھی وہ) باران رفتار ہے۔ (یعنی پے درپے مختلف چالیں دکھاتا ہے)۔

۴ فاعل من جاشت القدرُ (ض) جيشًا وجيشانًا اذا غلت (اهتزام) صوت جري الفرس (الحمى) حرارة الغيظ وغيره والفعل حمي يحمي (س) حميًا حميت النار اشتد حرّها (المرجل) القدرُ من صفر او حديد او نحاس والجمع المراجل ۱۲ (۵) (مسح) هو من الفرس ما يصب الجري والعدو صبًا بعد صبّ مِفعلٌ من سحّ (ن) سحًا صبّ ويتضمن للمبالغة كما في المكر والمفر (السابحات) جمع سابحة مؤنث سابح هو الخيل الذي يمدّ يديه في عدوه مشبه بالسابح في الماء (الونى) الفتور والفعل ونى (ض) ونيًا (الكديد) الارض الصلبة المطمئنة (المركل) من الركل وهو الدفع بالرجل والضرب بها والفعل ركل (ن) ركلًا والتركيل التكرير والتشديد فالمركل الذي يركل مرة بعد اخرى ۱۲

(۱) (الاغتداء) والغدار واحد اى سار غدوة وهى اول النهار (الطير) مصدر او جمع طائر وقد يقع على الواحد (الوكنات) عشوش الطير واحدتها وكنة وتقلب الواو همزة فيقال اكنة ثم يجمع الوكنة على الوُكُنات بضم الفاء والعين والوُكَنات بضم الفاء وفتح العين وعلى الوُكْنات بضم الفاء وسكون العين (المنجرد) الماضي في السير وقيل هو قليل الشعر (الاوابد) الوحوش وقد ابد الوحش يابد ابودًا ومنه تابد الموضع اذا توحش وخلا عن القطان (الهيكل) قال ابن دريد هو الفرس العظيم الجسيم والجمع هياكل ۱۲

(۲) (مكر) مِفعلٌ من كرّ (ن) كرًّا وكرورًا يقال كر فرسه على عدوه اى عطفه ومِفعل يتضمن مبالغة كقولهم فلان مسعر حرب فلان مِقولٌ و مِقصعٌ وانما جعلوه متضمنًا مبالغة لان مِفعل قد يكون من اسماء الادوات نحو مِكتل ومِعول ومِفعل كانه اداة لكرور وآلة لسعر الحرب وغير ذلك (المفر) مِفعلٌ من الفر والكلام فيه مثل الكلام في مكر (جلمود) والجلمد الحجر العظيم الصلب والجمع جلامد وجلاميد (الصخر) الحجر الواحدة صخرة وجمع الصخر صخور (الحط) القاء الشئ من علو الى سفل (من عل) اى من فوق ۱۲

(۳) (الكميت) من الفرس ما كان لونه بين الاسود والاحمر (ازل) ازلق والمصدر زل (ض) زليلًا (اللبد) ما يجعل على ظهر الفرس تحت السرج والجمع لبود والباد (الحال) مقعد الفارس من ظهر الفرس (المتن) الظهر والجمع متون (الصفوا) والصفوان والصفا الحجر الصلب الاملس (المتنزل) المراد منه المطر النازل وقيل لانسان الذي نزل عليها۔

(۴) (الذبل) والذبول واحد وهو ان يكون الفرس بين الهزال والسمن ذبل (ن ک) الفرس نعم (جياش) مبالغة جائش وهو ۴

يُزِلُّ الغُلَامَ الخِفَّ عَنْ صَهَوَاتِهِ	۱	وَيُلْوِيْ بِأَثْوَابِ العَنِيْفِ المُثَقَّلِ
دَرِيْرٍ كَخُذْرُوْفِ الوَلِيْدِ أَمَرَّهُ	۲	تَتَابُعُ كَفَّيْهِ بِخَيْطٍ مُوَصَّلِ
لَهُ أَيْطَلَا ظَبْيٍ وَسَاقَا نَعَامَةٍ	۳	وَإِرْخَاءُ سِرْحَانٍ وَتَقْرِيْبُ تَنْفُلِ
ضَلِيْعٍ إِذَا اسْتَدْبَرْتَهُ سَدَّ فَرْجَهُ	۴	بِضَافٍ فُوَيْقَ الأَرْضِ لَيْسَ بِأَعْزَلِ
كَأَنَّ سَرَاتَهُ لَدَى البَيْتِ قَائِمًا	۵	مَدَاكُ عَرُوْسٍ أَوْ صَلَايَةُ حَنْظَلِ

(۱) ترجمہ۔ ہلکے لڑکے کو اپنی کمر سے پھسلا دیتا ہے اور بھاری کم ٹل سوار کے کپڑے پھینکدیتا ہے
مطلب استقدر تیز رَو ہے کہ ناتجربہ کار تو اس کی پشت پر جم ہی نہیں سکتا۔ اور تجربہ کار شہسوار کو بھی کپڑے سنبھالنے اور سمیٹنے کی مہلت نہیں دیتا۔

(۲) ترجمہ۔ استقدر تیز (کاوے کاٹتا) ہے جیسے بچے کی پھرکی جسکو اس بچہ کی پے درپے ہاتھوں کی حرکت نے جُڑواں دھاگے کے ذریعہ گھمایا ہو۔ مطلب گھوڑے کو سرعت رفتار میں پھرکی سے تشبیہ دی گئی ہے۔

(۳) ترجمہ۔ اسکی کوکھیں ہرن کی سی ہیں اور پنڈلیاں شتر مُرغ کی سی۔ بھیڑیے کا سا دوڑنا ہے اور لومڑی کے بچہ کا سا پویا۔ مطلب گھوڑے کی کوکھوں کو ہرن کی کوکھوں سے اور پنڈلیوں کو شتر مُرغ کی پنڈلیوں سے اور بھاگنے کو بھیڑیے کی دوڑ سے اور پویا چلنے کو لومڑی کے بچہ کے پویا سے تشبیہ دی ہے۔ غرض ایک شعر میں چار تشبیہیں جمع کردی ہیں۔

(۴) وہ گھوڑا چوڑے سینہ والا ہے۔ جب تم اسے پیچھے سے دیکھو تو وہ اپنی ٹانگوں کی درمیان کی کشادگی کو ایسی دُم سے پُر کردیتا ہے جو گھنی اور زمین سے تھوڑی اونچی ہے (اور وہ) کجدم نہیں ہے۔ مطلب سینہ کی کشادگی، اور دُم کے گھنے اور طویل ہونے کو بیان کرتا ہے۔ یہ دونوں باتیں گھوڑے میں بہت زیادہ پسند کی گئی ہیں۔

(۵) ترجمہ۔ جب وہ گھر کے پاس کھڑا ہوتا ہے تو اسکی کمر دلہن کی خوشبو پیسنے کے پتھر یا حنظل توڑنے کی سل (کی طرح معلوم ہوتی) ہے۔ مطلب۔ گھوڑے کی پشت کو مضبوطی، چوڑائی، اور چکناہٹ میں اس سل سے جس پر دلہن کیلئے خوشبوئیں پیسی جاتی ہیں۔ یا اُس چوڑی سل سے جس پر اندرائن توڑا جائے تشبیہ دی ہے۔

۴ . لبتدا ۂ محذوف ای ہو والنصب علے المدح وکذلک القول فیما قبلہ من الابیات ۱۲

(۵) (السراۃ) اعلیٰ کل شئ وہہنا الظہر (قائما) منصوب علی الحال من الضمیر فی سراتہ (المداک) الحجر الذی یسحق بہ الطیب وغیرہ والذی یسحق علیہ ایضا مداک والدوک السحق و یفعل منہ داک (ن) دوکا (العروس) الرجل او المرأۃ مادا ما فی عرسہما (الصلایۃ) الحجر الاملس الذی یسحق علیہ شئ کحب الحنظل ۱۲ ۲

(۱) (الغلام) الطار الشارب والجمع غلمان وغلمۃ (الخف) الخفیف (صہوات) جمع صہوۃ ہی مقعد الفارس من الفرس (الوی یلوی) بالشئ رمی بہ والوی بہ ذہب بہ (العنیف) ضد الرفیق وانما قال عن صہواتہ بلفظ الجمع ولا یکون لہ الا صہوۃ واحدۃ لانہ لا لبس فیہ فجری الجمع والتوحید مجری واحداً لان اضافتہا الی الضمیر الواحد تزیل اللبس کما یقال رجل عظیم المناکب ولا یکون لہ الا المنکبان ۱۲

(۲) (الدریر) السریع یقال دَرَّ (ض) دریرا الفرس عدا شدیدا (الخذروف) خلیدۃ مثقوبۃ مدورۃ یجعل الصبیان فیہا خیطان موصولان کلما جذبہا الصبی باصابعہ دارت ولہا دوی یسمع او حصاۃ مثقوبۃ یجعل الصبی فیہا خیطا ویدیرہا علی راسہ فیصوت والجمع خذاریف۔ (الولید) الصبی والجمع الولدان (الامرار) احکام الفتل (الموصل) صیغۃ مفعول من وصل الشئ بالشئ لامۃ ای ربطہ بہ ۱۲

(۳) (الایطل والاطل) الخاصرۃ والجمع ایاطل (الظبی) یجمع علی اظب وظباء (الساق) جمعہ اسوق وسوق (النعامۃ) یجمع علی النعامات والنعائم (الارخاء) ضرب من عدو الذئب یشبہ خبب الدواب (السرحان) الذئب (التقریب) وضع الرجلین موضع الیدین فی العدو (التتفل) ولد الثعلب ۱۲

(۴) (ضلیع) الفرس عظیم الاضلاع والجمع ضلعاء (استدبار) اتیان من جانب دبر الشئ (الفرج) ما بین فخذی الفرس من الفضاء (الضافی) التام الکثیر وہو صفۃ لموصوف محذوف ای بذنب ضاف (فویق) تصغیر فوق وفیہ بیان انہ بعیدۃ عن الغلو (الاعزل) الذی یمیل عظم ذنبہ الی جانب وہو عیب فی الفرس قولہ ضلیع نعت لمنجرد وایضا یجوز فیہ الرفع علی الخبریۃ

۱	كَأَنَّ دِمَاءَ الْهَادِيَاتِ بِنَحْرِهِ	عُصَارَةُ حِنَّاءٍ بِشَيْبٍ مُرَجَّلِ
۲	فَعَنَّ لَنَا سِرْبٌ كَأَنَّ نِعَاجَهُ	عَذَارَى دَوَارٍ فِي مُلَاءٍ مُذَيَّلِ
۳	فَأَدْبَرْنَ كَالْجِزْعِ الْمُفَصَّلِ بَيْنَهُ	بِجِيدٍ مُعَمٍّ فِي الْعَشِيرَةِ مُخْوَلِ
۴	فَأَلْحَقَنَا بِالْهَادِيَاتِ وَدُونَهُ	جَوَاحِرُهَا فِي صَرَّةٍ لَمْ تُزَيَّلِ
۵	فَعَادَى عِدَاءً بَيْنَ ثَوْرٍ وَنَعْجَةٍ	دِرَاكًا وَلَمْ يُنْضَحْ بِمَاءٍ فَيُغْسَلِ

(المتقدمات۱۲ — تعجبہ۱۲ — الاوائل۱۲ — اسم صنم۱۲ — محمۃ۱۲ — الرجرون کمزدون ای ابیض۱۲ — تفرق۱۲ — ای متتابعۃ وہو موضع الحال بتاویل المتتوف۱۲ ای عرق۱۲)

(۱) ترجمہ۔ (گلے کے) اگلے وحشی جانوروں کا خون جو اس کے سینہ پر لگ گیا ہے کنگھی کئے ہوئے سفید بالوں میں مہندی کے عرق کی طرح معلوم ہوتا ہے۔ مطلب یعنی گھوڑا اتنا تیز رو ہے کہ جب گاوانِ وحشی کے گلہ پر اس کو چھوڑا جاتا ہے تو سب سے اگلے جانوروں سے جا ملتا ہے۔ اور شکار کرتے وقت اُن جانوروں کے خون کی چھینٹیں اس کی چھاتی پر پڑتی ہیں۔

(۲) ترجمہ۔ ہمارے سامنے ایک ایسا ریوڑ آیا جس کی گاوانِ وحشی گویا دراز دامن چادروں میں ملبوس) دُوار (بُت) کی دوشیزہ عورتیں ہیں (جو اس کے گرد گھومتی ہیں) مطلب بقرات وحشی کو دُوار بُت کی باکرہ حسین لڑکیوں سے تشبیہ دی ہے اور اُن کی دُم و گردن کے کثیر بالوں کو دراز چادروں سے۔

(۳) ترجمہ۔ سو وہ گاوانِ وحشی ایسے حال میں پلٹ کر بھاگیں گویا وہ خرمہروں کا ایسا ہار ہیں جس کے درمیان اور موتیوں سے فصل کیا گیا ہے اور جو کنبہ میں سے ایسے بچہ کے گلے میں پڑا ہے جو ننہال اور ددھیال کے اعتبار سے شریف ہے۔ مطلب مُہرۂ یمانی کے دونوں کنارے سیاہ ہوتے ہیں اور باقی سفید۔ ایسے ہی گاوانِ وحشی کے پاؤں اور گردن سیاہ اور باقی بدن سفید ہوتا ہے اسلئے تشبیہ بہت لطیف ہے بچہ کے نجیب الطرفین ہونے سے اسکے نازپروردہ ہونے کیطرف اشارہ ہے اسلئے اسکی گردن میں جو ہار ہوگا اسکے موتی بہت زیادہ خوبصورت و بیش قیمت ہونگے۔

(۴) ترجمہ۔ تو اس (گھوڑے) نے ہمیں گلہ کے گاوانِ پیشرو سے اتنی جلد ملا دیا کہ پچھلی گائیں ایسی جماعت میں تھیں جو متفرق نہ ہونے پائی تھی۔ مطلب اس گھوڑے نے ایسی برق رفتاری کیساتھ اگلے گاوانِ وحشی کو جا دبایا کہ پچھلوں کو متفرق ہونے اور بھاگنے کا ہوش بھی نہ آیا تھا۔

(۵) ترجمہ۔ اس نے پے درپے ایک ہی جھپٹ میں ایک نر گاؤ اور ایک مادہ گاؤ کو دبا لیا اور اتنا پسینہ نہ لایا کہ نہا جاتا۔ مطلب اتنا قوی تھا کہ باوجود پے درپے دو جانوروں کو شکار کرنیکے بھی وہ نہ گرمایا۔

۲ یقال عدا الفرس یعدو عدوًا و عداءً ای طلقًا او شوطًا او احدًا (الثور) جمعہ ثیران و ثیرۃ و ثورۃ۔ (الدراک) المتواصل وہو مصدر منصوب علی الحال وجملۃ ولم ینضح الخ حال من ضمیر عادی (النضح) الرشح والمراد من الماء العرق ۱۲

(۱) (الدم) یثنی بالدمان والدمیان والجمع دماء (الہادیات) المتقدمات والاوائل وسمی المتقدم ہادیًا لان ہادی القوم یتقدم ومنہ قیل لعنق الفرس ہاد (عصارۃ) ما خرج من الشیٔ بعد عصرہ (المرجل) المسترج بالمشط والترجیل تسریح الشعر ۱۲

(۲) (عنّ) دن من عنّ دعننا الشیٔ ظہر امامی واعترض (السرب) القطیع من الظباء او النساء او القطا او المہا او البقر او الخیل والجمع الاسراب (النعاج) اسم لاناث الضان وبقر الوحش وشاء الجبل الواحدۃ نعجۃ وجمع التصحیح نعجات والمراد بالنعجات فی ہذا البیت اناث بقر الوحش (العذاری) جمع عذراء وہی البکر التی لم تمس (الدوار) صنم کان اہل الجاہلیۃ ینصبونہ ویطوفون حولہ تشبہا بالطائفین حول الکعبۃ اذا نأوا عن الکعبۃ (الملاء) جمع ملاءۃ وہی ثوب یلبس علی الفخذین او ریطۃ ذات لفقین (المذیل) الذی اطیل ذیلہ وأرخی ۱۲

(۳) (الجزع) الخرز الیمانی وہو الذی فیہ سواد وبیاض (الجید) العنق والجمع اجیاد ورجل اجید ای طویل العنق وجمعہ جید (المعم) الکریم الاعمام (المخول) الکریم الاخوال یقال اعم الرجل واخول اذا کرم اعمامہ واخوالہ وہما من الشواذ لان نہا مُفعل بفتح العین والقیاس مُفعِل بکسرہا ۱۲

(۴) (الحق الشیٔ بالشیٔ) الصقہ بہ (الہادیات) الاوائل المتقدمات (الجواحر) المتخلفات جمع جاحرۃ یقال جحر الخبر عنا ای تخلف عنا۔ (الصرۃ) الجماعۃ والصرۃ الصیحۃ ومنہ صریر القلم (التزییل والانزیال) التفرق والزیل والتزییل التفریق ۱۲

(۵) (عادی) یعادی معاداۃ وعداءً بین الصید من تابع بصرع احدہما علی اثر الآخر فی طلق واحد (العداء) الطلق الواحد

فَظَلَّ طُهَاةُ اللَّحْمِ مِنْ بَيْنِ مُنْضِجٍ طباخ ۱۲	۱	صَفِيفَ شِوَاءٍ أَوْ قَدِيرٍ مُعَجَّلِ من قبيل اضافة الصفة الى الموصوف ۱۲
وَرُحْنَا يَكَادُ الطَّرْفُ يَقْصُرُ دُوْنَهُ رجعنا بالعشی ۱۲ حال من ضمیر رحنا ۱۲	۲	مَتَىٰ مَا تَرَقَّ الْعَيْنُ فِيْهِ تَسَهَّلِ شرطیۃ ۱۲ زائدۃ ۱۲ جواب الشرط ۱۲
فَبَاتَ عَلَيْهِ سَرْجُهُ وَلِجَامُهُ خبر مقدم ۱۲ مبتدا مؤخر والجملۃ حال سدت مسد الخبر ۱۲	۳	وَبَاتَ بِعَيْنِيْ قَائِمًا غَيْرَ مُرْسَلِ
أَصَاحِ تَرَىٰ بَرْقًا أُرِيْكَ وَمِيْضَهُ الهمزة للنداء ۱۲ لمعانہ ۱۲	۴	كَلَمْعِ الْيَدَيْنِ فِيْ حَبِيٍّ مُكَلَّلِ متعلق بومیض ۱۲
يُضِيْءُ سَنَاهُ أَوْ مَصَابِيْحُ رَاهِبٍ الضوء ۱۲ للشک ۱۲ عطف علی سناہ ۱۲	۵	أَمَالَ السَّلِيْطَ بِالذُّبَالِ الْمُفَتَّلِ الباء للتعدیۃ ۱۲

(۱) ترجمہ۔ قوم کے گوشت پکانے والے انگاروں یا گرم پتھروں پر پھیلائے گوشت کو کباب کرنے والوں یا ہانڈی کے جلد پکائے ہوئے گوشت کے پکانے والوں میں منقسم ہو گئے مطلب شکار کے گوشت کی اسقدر کثرت تھی۔ کہ ہر شخص نے اپنے مذاق کے موافق اسکو پکانا شروع کر دیا۔ بعض نے انگاروں یا پتھروں پر کباب بنانے شروع کر دئے۔ اور جو زیادہ بھوکے تھے انھوں نے بہت سا گوشت جلد اور بیک وقت پکانے کے لئے ہانڈیاں چڑھادیں۔

(۲) ترجمہ۔ اور (کھاپی کر) ہم شام کو لوٹے۔ درانحالیکہ ہماری نگاہ اسپر نہیں جمتی تھی۔ جب نظر اوپر کو جاتی تھی تو فوراً نیچے اتر آتی تھی مطلب باوجود تمام دن کی دوڑ دھوپ کے پھر بھی گھوڑے کے حسن وجمال کی یہ کیفیت تھی کہ اسپر نظر نہیں جمتی تھی۔ جب ہم اسکا بالائی حصہ دیکھتے تھے تو فوراً اسکے زیرین حصہ کے دیکھنے کے مشتاق ہو جاتے تھے۔ گویا ہماری نظر اوپر سے پھسلتی تھی۔

(۳) ترجمہ۔ سو وہ گھوڑا رات بھر اس حالت میں رہا کہ اس کا لگام اور زین اسی پر (کسا ہوا) تھا اور وہ تمام شب میرے سامنے ایسے حال میں کھڑا رہا کہ (اسکو چراگاہ میں) نہیں چھوڑا گیا تھا مطلب گھوڑے کی مضبوطی اور جفاکشی کے ساتھ اسکے ہر وقت آمادۂ سفر رہنے کو بیان کرتا ہے۔

(۴) ترجمہ۔ اے یار (کیا) تو بجلی کو دیکھ رہا ہے (آ) تجھے میں اس بجلی کی تہ بتہ ابر میں دونوں ہاتھوں کی حرکت کی طرح چمک دکھاؤں مطلب بجلی کے چمکنے اور کوندنے کو ہاتھوں کی حرکت سے تشبیہ دی گئی ہے۔

(۵) ترجمہ۔ (کیا یہ) بجلی کی روشنی چمک رہی ہے یا اس راہب کا چراغ جس نے بٹی ہوئی بتی پر تیل جھکا دیا ہے مطلب بجلی کے کوندنے کی تشبیہ سابق شعر میں گذری۔ اس شعر میں اسکی روشنی کو راہب کے چراغوں کی روشنی سے تشبیہ دیتا ہے۔

ص وانما سمیا سلیطا لاضاءتہما السراج ومنہ السلطان لوضوح امرہ (الذبال) جمع ذبالۃ وہی الفتیلۃ وقد یثقل فیقال ذبّال زعم اکثر الناس ان فی البیت قلبا تقدیرہ امال الذبال بالسلیط وقیل الباء بمعنی مع ای امال السلیط مع الذبال فیضی ۱۲

(۱) (طہاۃ) جمع طاہ کقضاۃ جمع قاض وکفاۃ جمع کاف والفعل طہا یطہو (ن) انضج والانضاج یشمل علی طبخ اللحم وشیہ (الصفیف) المصفوف علی الحجارۃ او الجمر لینضج (القدیر) اللحم المطبوخ فی القدر (المعجل) المطبوخ علی عجلۃ ومن للتفصیل والجار والمجرور فی محل النصب علی انہ خبر ظلّ ونصب صفیف بمنضج ۱۲

(۲) (رحنا) من الرواح وہو الرجوع بالعشی (الطرف) اسم لما یتحرک من اشفار العین قصر (ن) عجز (الترقی) والارتقاء والرقی واحد والفعل رقی (س) رقیا الجبل وفیہ والیہ صعد (التسہل) النزول الی الارض المنخفضۃ ۱۲

(۳) (بات) (ض) بیتا وبیتوتۃ قضی لیلہ (السرج) للفرس بمنزلۃ الرحل للبعیر (اللجام) ما یجعل فی فم الفرس من الحدید مع الحکمتین والعذارین والسیر والجمع لُجُم ولُجْم واُلجمۃ (قائما) نصب علی الحالیۃ من المستکن فی بات وکذلک غیر مرسل بعد ذلک شرع فی وصف البرق والمطر علی ما کان داب الجاہلیۃ ۱۲

(۴) (اصاح) اراد اصاحب ای یا صاحب فرخم کما تقول فی ترخیم حارث یا حار وفی ترخیم مالک یا مال والہمزۃ لنداء القریب ویا للنداء القریب والبعید (الومیض) اللمعان تقول ومض (ض) البرق واومض اذا لمع وتلألأ (اللمع) التحریک والتحرک جمیعا (الحبی) السحاب المتراکم سمی بذلک لانہ حبا بعضہ الی بعض فتراکم وجعلہ (مکللا) لانہ صار اعلاہ لاسفلہ کالاکلیل ومنہ قولہم کللت الرجل اذا توجتہ وکللت الجفنۃ ببضعات اللحم اذا جعلتہا کالاکلیل لہا ۱۲

(۵) (السنا) بالقصر الضوء والسناء بالمد الرفعۃ (السلیط) الزیت ودہن السمسم ص

قَعَدْتُ لَهُ وَصُحْبَتِي بَيْنَ ضَارِجٍ	١	وَبَيْنَ الْعُذَيْبِ بَعْدَ مَا مُتَأَمَّلِي
موضع ۱۲ ، ای نزلت لاجله ۱۲		موضع ۱۲ ، زائدة ۱۲
عَلَى قَطَنٍ بِالشَّيْمِ أَيْمَنُ صَوْبِهِ	٢	وَأَيْسَرُهُ عَلَى السِّتَارِ فَيَذْبُلِ
جبل ۱۲		جبل ۱۲ ، جبل ۱۲
فَأَضْحَى يَسُحُّ الْمَاءَ فَوْقَ كُتَيْفَةٍ	٣	يَكُبُّ عَلَى الْأَذْقَانِ دَوْحَ الْكَنَهْبَلِ
يصب ۱۲ ، موضع ۱۲		ای الحیّ والجملة خبر اضحیٰ ۱۲ ، شجرة باسقة ۱۲
وَمَرَّ عَلَى الْقَنَانِ مِنْ نَفَيَانِهِ	٤	فَأَنْزَلَ مِنْهُ الْعُصْمَ مِنْ كُلِّ مَنْزِلِ
جبل ۱۲ ، رشح ۱۲		الوعول ۱۲
وَتَيْمَاءَ لَمْ يَتْرُكْ بِهَا جِذْعَ نَخْلَةٍ	٥	وَلَا أُطُمًا إِلَّا مَشِيدًا بِجَنْدَلِ
مجرور عطفا على القنان ۱۲ ، الجملة حال من تیماء ۱۲		قصرا ۱۲ ، ای قصرا مشیدا ۱۲ ، صخرة ۱۲
كَأَنَّ ثَبِيرًا فِي عَرَانِينِ وَبْلِهِ	٦	كَبِيرُ أُنَاسٍ فِي بِجَادٍ مُزَمَّلِ
اسم جبل ۱۲ ، اوائل ۱۲ ، المطر ۱۲		موصوف ۱۲ ، متعلق بمزمل ۱۲ ، صفة ۱۲

(۱) ترجمہ۔ میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ ضارج اور عُذیب کے درمیان غور کرنے کے بعد (بجلی کا نظارہ کرنے کے لئے) بیٹھ گیا۔

(۲) ترجمہ دیکھنے سے اس ابر کی بارش کی دائیں جانب کوہِ قطن اور بائیں جانب کوہِ ستار اور یذبل پر معلوم ہوتی تھی۔

(۳) ترجمہ۔ تو وہ ابر پانی کو مقام کتیفہ پر اس زور شور سے برسانے لگا کہ کنہبل کے درختوں کو اوندھا گرا دیا۔

(۴) ترجمہ۔ اس ابر کے کچھ چھینٹے کوہِ قنان پر بھی پڑے۔ تو اس نے کوہِ قنان کی ہر جگہ سے بکروں کو نیچے اُتار دیا۔ (اس خوف سے کہ کہیں مینہ زور کا نہ برسنے لگے)۔

(۵) ترجمہ۔ قریۂ تیماء میں اس ابر نے کسی کھجور کے تنہ اور عمارت کو (سالم) نہ چھوڑا مگر (صرف وہ عمارت) جسکو پتھر اور چونے سے مضبوط چنا گیا ہو۔ (یعنی صرف چونے اور پتھر کی بنی ہوئی عمارتیں سالم رہ گئیں۔ خام عمارتیں سب منہدم ہو گئیں)۔

(۶) ترجمہ۔ کوہِ ثبیر اس ابر کی ابتدائی موٹی موٹی بوندوں والی بارش میں گویا انسانوں کا بڑا سردار ہے جو دھاریدار کملی میں لپٹا ہوا ہے مطلب بارش کی کثرت کو بیان کرتا ہے کوہِ ثبیر پر جب بارش ہوئی تو نالیوں سے اس کے اطراف میں پانی بہنے سے بالکل ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے کوئی بڑا سردار دھاریدار چادر اوڑھے ہوئے بیٹھا ہے۔ ثبیر کو کبیر اناس سے اور نالیوں سے جو پانی بہ رہا تھا اس کو چادر کی دھاریوں سے تشبیہ دی گئی ہے۔

(۵) (تیماء) قریة عادیة فی بلاد العرب (الجذع) جمعہ اجذاع وجذوع (النخلة) والجمع النخیل والنخلات والنخل (الاطم) القصر والجمع آطام (المشید) من شاد (ض) رفع البنیان والشید الجص (الجندل) الصخرة العظیمة الصلبة ۱۲

(۶) (ثبیر) جبل بعینہ (عرانین) جمع عرنین ہو الانف وقال جمہور الائمة ہو معظم الانف ثم استعار العرانین لاوائل المطر لان الانوف تتقدم الوجوہ (الوبل) والوابل المطر الشدید (البجاد) کساء مخطط والجمع بجد (المزمل) الملفوف فی الثیاب یقال زملتہ بثیاب فتزمل بہا ای لففتہ فتلفف بہا وجر مزمل لجوارہ بجادا الا فالقیاس یقتضی رفعہ لانہ صفة کبیر کما فی جحر ضب خرب والقیاس خرب ۱۲

(۱) (الصحبہ) جمع صاحب (الضارج والعذیب) موضعان (بعد) من الظروف الزمانیة متعلق بقعدت (التامل) مصدر میمی وہو الخوض فی الامر وقال بعضہم ان (ما) فی البیت بمعنی الذی تقدیرہ وبعد ما ہو متامل فحذف المبتدا الذی ہو ہو وتقدیرہ علی ہذا القول بعد السحاب الذی ہو متاملی ۱۲

(۲) (علی قطن) کما فی المتن فلفظہ علی حرف جر ویروی علا قطنا فعلا فعل ماض من علا (ن) علوا (القطن) جبل وکذلک (الستار ویذبل) جبلان وبینہا وبین قطن مسافة بعیدة (الشیم) مصدر شام (ض) ای نظر الی السحاب این یمطر (الایمن) ای جانبہ الایمن وکذلک (الایسر) (الصوب) اصلہ مصدر صاب (ن) ای نزل من علو الی سفل ویطلق علی المطر ۱۲

(۳) (فاضحی) ای صار السحاب (یسح) سح (ن) سحا الماء صبہ صبا متتابعا (کتیفہ) کجہینة موضع (یکب) کب (ن) القی الشیٔ علی وجہہ واما الاکباب فہو خرور الشیٔ علی وجہہ وہذا من النوادر لان اصلہ متعد الی مفعول بہ ثم لما نقل بالہمزة الی باب الافعال قصر عن الوصول الی المفعول بہ وہذا عکس القیاس المطرد ونظیرہ عرض واعرض (الاذقان) جمع ذقن مجتمع اللحیتین والاذقان فی البیت للشجر (دوح) جمع دوحة وہی شجرة عظیمة (الکنہبل) بفتح الباء وضمہا ضرب من شجرة البادیة ۱۲

(۴) (القنان) جبل لبنی اسد (النفیان) ما یتطایر من قطر المطر وقطر الدلو ومن الرمل عند الوطء وغیر ذلک (العصم) جمع اعصم وہو الذی فی احدی یدیہ البیاض من الاوعال او غیرہا (المنزل) موضع الانزال (منہ) المجرور اما یرجع الی القنان فعلی ہذا تقدیر العبارة من کل منزل منہ واما الی نفیان فعلی ہذا من السبب ۱۲

كَأَنَّ ذُرَىٰ رَأْسِ الْمُجَيْمِرِ غُدْوَةً (صباحاً ۱۲)	۱	مِنَ السَّيْلِ وَالْغُثَّاءِ فَلْكَةُ مِغْزَلِ (فی الہندیۃ تکلا ۱۲)
وَأَلْقَىٰ (اعلیٰ) بِصَحْرَاءِ الْغَبِيطِ بَعَاعَهُ (ثقلہ ۱۲ ای السحاب ۱۲)	۲	نُزُولَ (منصوب بنزع الخافض ۱۲) الْيَمَانِي ذِي الْعِيَابِ الْمُحَمَّلِ
كَأَنَّ مَكَاكِيَّ الْجِوَاءِ غُدَيَّةً	۳	صُبِحْنَ سُلَافاً (الخمر الصافی ۱۲) مِنْ رَحِيقٍ (الخمر ۱۲) مُفَلْفَلِ
كَأَنَّ السِّبَاعَ فِيهِ غَرْقَىٰ عَشِيَّةً	۴	بِأَرْجَائِهِ الْقُصْوَىٰ (الاطراف ۱۲) أَنَابِيشُ عُنْصُلِ

(۱) ترجمہ۔ ٹیلہ مجیمر کے سر کی چوٹیاں بہاؤ، اور جھاگ وغیرہ کی وجہ سے صبح کے وقت گویا تکلے کا دمڑکا تھیں۔ **مطلب** کثرتِ سیلاب کی وجہ سے تمام ٹیلہ غرقِ آب ہوگیا اور چاروں طرف پانی ہی پانی ہونے کی وجہ سے چوٹیاں دمڑکے کی طرح نظر آتی تھیں۔

(۲) ترجمہ۔ دشتِ غبیط میں اس ابر نے اپنا تمام بوجھ لا ڈالا جس طرح کہ یمنی تاجر بھاری گٹھریوں والا آ اترتا ہے۔ **مطلب** بارش کی وجہ سے اس جنگل میں مختلف قسم کے بیل بوٹے اگ آئے تو تمام جنگل میں یہ معلوم ہوتا تھا کہ کسی یمنی تاجر نے اپنے رنگ برنگ کے کپڑے پھیلا دئے ہیں۔

(۳) ترجمہ۔ گویا کہ مقام جوار کی چہچہانے والی سفید چڑیاں صبح کے وقت صاف شراب فلفل آمیز پلا دی گئی تھیں۔ **مطلب**۔ مقام جوار کے سفید پرندے اسقدر مستی میں چہچہا رہے تھے کہ معلوم ہوتا تھا کہ انھیں مرچ ملی ہوئی صبوحی پلا دی گئی ہے۔ فلفل آمیز کی تخصیص کی یہ وجہ ہے کہ بولنے والے پرندوں کو جب گرم اور تیز چیز کھلا دی جاتی ہے تو وہ زیادہ چہچہاتے ہیں اور آواز بھی صاف ہو جاتی ہے۔

(۴) ترجمہ۔ پانی میں ڈوبے ہوئے درندے شام کے وقت جوار کے اطرافِ بعیدہ میں ایسے معلوم ہوتے تھے جیسے جنگلی پیاز کی جڑیں۔ **مطلب**۔ اس قدر کثرت سے بارش ہوئی کہ درندے بکثرت مرگئے۔ مردہ درندوں کو جنگلی پیاز کی جڑوں سے تشبیہ دی گئی ہے۔

(۱) (الذری) جمع ذروة وهی اعلی الشئ (المجیمر) اکمة بعینها (الغثاء) والغثاء ما جاء به السیل من الحشیش والشجر والکلاء والتراب وغیر ذلک الجمع اغثاء (فلكة المغزل) هنة فی اعلاه مستدیرة والجمع فلک (المغزل) آلة الغزل الجمع مغازل والفعل غزل (من) غزلا الصوف مده وفتله خیطا ۱۲

(۲) (الصحراء) یجمع علی الصحاری والصحراوات والصحاری (الغبیط) ههنا اکمة قد انخفض وسطها وارتفع طرفاها وسمی غبیطا تشبیها بغبیط البعیر (البعاع) الثقل (العیاب) جمع عیبة الثیاب (المحمل) اسم فاعل من التحمیل او اسم مفعول ۱۲

(۳) (المکاکی) جمع مکاء کرمان طائر ابیض یکون بالحجاز اصغر وخشن وهو ماخوذ من المکاء لانه یصفر کثیرا (الجواء) الوادی بعینه (غدیة) تصغیر غدوة او غداة (صبحن) من الصبح وهو سقی الصبوح والاصطباح والتصبح شرب الصبوح وهی خمر تشرب صباحا۔ (السلاف) اجود الخمر وهو ما انعصر من العنب من غیر عصر (الرحیق) والرحاق الخمر الصافی (المفلفل) الخمر التی القی فیها الفلفل یقال فلفلت الشراب فلفلة ۱۲

(۴) (السباع) جمع سبع (غرقیٰ) جمع غریق کمرضیٰ جمع مریض (الارجاء) جمع الرجا وهو الطرف والناحیة (القصویٰ) مؤنث اقصی هو الابعد (الانابیش) جمع انبوشة وهی اصل الشجر لانه ینبش عنها (العنصل) البصل البری ۱۲

المعلقة الثانیة

یہ معلقہ طرفہ بن العبد البکری کا ہے جو شعر گوئی میں بڑا جری اور شریف الاصل تھا۔ امرء القیس کے بعد شعرائے عرب میں کوئی اس کے مثل نہ تھا عین حالت شباب میں بیس سال کی عمر میں قتل کرادیا گیا۔ مفضل بن محمد بن یعلی ضبی کی روایت اسکے بارے میں یہ ہے کہ عبد عمرو بن بشر بن عمرو بن مرثد قبیلہ کا سردار اور شاہ عمرو بن ہند کا مقرب تھا۔ طرفہ کی بہن اس سے منسوب تھی بہن نے ایک روز شوہر کے متعلق کوئی شکایت اپنے بھائی طرفہ سے کی۔ طرفہ نے بہنوئی کی ہجو میں کچھ اشعار کہدئے جن میں سے دو یہ ہیں:۔

وَلَاخیر فیه غیر ان له الغنیٰ وان له کشحا اذا قام اهضما

تظل نساء الحی یعکفن حوله یقلن عسیب من سراة ملهما

یہ اشعار شاہ عمرو بن ہند تک پہنچ گئے۔ اسکے بعد ایک روز بادشاہ عبد عمرو بن بشر کے ساتھ شکار کیلئے نکلا۔ ایک گورخر شکار کرکے عبد عمرو سے ذبح کرنے کیلئے کہا عبد عمرو نے کوشش کی مگر شکار قابو میں نہ آیا۔ بادشاہ نے یہ دیکھا تو ہنس کر کہا کہ طرفہ نے تیرے بارے میں ٹھیک کہا ہے اور ہجو یہ اشعار سنادئے۔ اس سے پیشتر طرفہ عمرو بن ہند کی ہجو بھی کرچکا تھا عبد عمرو نے بادشاہ سے اشعار سن کر عرض کیا کہ حضور طرفہ نے جو کچھ آپکی شان میں کہا ہے وہ اس سے بھی سخت ہے اور وہ اشعار سنادئے جن میں سے ایک شعر یہ ہے:۔

فلیت لنا مکان الملك عمرو رغوثا حول قبتنا تخور

بادشاہ کو یہ سنکر طیش آگیا اور فرمایا کہ کیا وہ اس حد کو پہنچ گیا ہے کہ میرے بارے میں ایسا کہتا ہے۔ بعد کو بحرین میں علی نامی شخص کو جو قبیلہ عبد قیس سے تعلق رکھتا تھا حکم لکھوا دیا کہ وہ طرفہ کو قتل کردے۔ اسپر بعض مشیر کاروں نے مشورہ دیا کہ متلمس پرانا گھاک اور طرفہ کا دوست ہے طرفہ کے قتل کے بعد اس سے ہجو کا خطرہ ہے اسلئے دونوں کو قتل کرا دیا جائے۔ چنانچہ بادشاہ نے طرفہ اور متلمس دونوں کو بلایا اور ان کو دو سربند لفافے عامل بحرین کے نام دئے جن میں ان دونوں کے قتل کا حکم تھا۔ مگر ظاہر کیا کہ ان خطوط میں تمہارے لئے انعام و اکرام کا حکم ہے بادشاہ نے خود بھی اسوقت انکو ہدیے دئے چنانچہ یہ دونوں سچ سمجھکر روانہ ہوگئے۔ بمقام حیرہ میں پہنچے تو متلمس نے بادشاہ کے بے سبب اظہار کرم سے کھٹک کر طرفہ سے کہا کہ مجھے تو کچھ دال میں کالا نظر آتا ہے۔ بلا وجہ یہ عزت و احترام نہیں ہے میں ایسا خط لیکر نہ جاؤنگا جسکے متعلق مجھے معلوم نہ ہو کہ اس میں کیا لکھا ہے۔ طرفہ نے کہا کہ تم بے وجہ بادشاہ کیطرف سے بدگمانی کرتے ہو، ڈر کی کیا بات ہے، انعام اگر ملا فبہا ورنہ واپس آجائینگے لیکن متلمس نے نہ مانا اور خط کی مہر کھولدی اور اہل حیرہ میں سے ایک غلام سے پڑھوایا۔ غلام نے خط دیکھکر کہا "تو متلمس ہے" اسنے جوابدیا "ہاں" کہا بچ نکل ورنہ تیرے قتل کا حکم ہے۔ متلمس نے خط لیکر دریا میں پھینکدیا اور طرفہ سے کہا کہ یقین کر بخدا جو میرے خط کا مضمون ہے، وہی تیرے خط کا ہے۔ طرفہ نے کہا کہ یہ کوئی ضروری نہیں کہ تیرے لئے حکم قتل ہو تو میرے لئے بھی ہو۔ طرفہ نے جب متلمس کا کہنا نہ مانا تو وہ فوراً واپس ہوگیا۔ اور طرفہ عامل بحرین کے پاس خط لیکر پہنچا۔ عامل نے کہا کہ اے طرفہ! تو تو ایک شریف الاصل انسان ہے، علاوہ ازیں تیرے خاندان والوں سے میرے اچھے تعلقات ہیں۔ مجھکو تیرے قتل کا حکم دیا گیا ہے بس ابھی بھاگ نکل ورنہ اگر خط کھل گیا تو سوائے قتل کے اور کوئی چارہ نہ ہوگا۔ لیکن طرفہ اب بھی نہ مانا اور یہ خیال کیا کہ عامل انعام دینے سے بچنے کیلئے ایسا کہہ رہا ہے۔ بہرحال خط پڑھا گیا اور طرفہ کی خواہش کے مطابق شراب پلا کر پہلے اسکو مست بنا دیا گیا اور پھر قتل کردیا گیا۔ یہاں تک تو مفضل کی روایت تھی مگر عتبی نے قتل کا دوسرا سبب بیان کیا ہے اور وہ یہ کہ ایکروز طرفہ عمرو بن ہند کے ساتھ شراب نوشی میں مصروف تھا عمرو بن ہند کی بہن اوپر سے جھانکی اسکا عکس طرفہ نے اپنے جام میں دیکھا یہ شعر کہا ؎ الا یا ثانی الظبی الذی یبرق شنفاه ولولا الملك القاعد الثمنی فاه" اس سے بادشاہ کے دل میں کینہ بیٹھ گیا اور مذکورہ بالا تدبیر سے قتل کرادیا۔

لِخَوْلَةَ أَطْلَالٌ بِبُرْقَةِ ثَهْمَدِ اسم امرأۃ ۱۲ رسوم ۱۲	۱	تَلُوحُ كَبَاقِي الْوَشْمِ فِي ظَاهِرِ الْيَدِ تلمع ۱۲ اضافۃ صفۃ الی الموصوف ۱۲
وُقُوفًا بِهَا صَحْبِي عَلَيَّ مَطِيَّهُمْ حال من ضمیرہ تلوح ۱۲ مفعول لوقوفا ۱۲	۲	يَقُولُونَ لَا تَهْلِكْ أَسًى وَتَجَلَّدِ مفعول للنہی ۱۲ اصبر ۱۲
كَأَنَّ حُدُوجَ الْمَالِكِيَّةِ غُدْوَةً ای غداۃ بین ۱۲	۳	خَلَايَا سَفِينٍ بِالنَّوَاصِفِ مِنْ دَدِ ای من سفین ۱۲
عَدَوْلِيَّةٌ أَوْ مِنْ سَفِينِ ابْنِ يَامِنٍ بالرفع والجر علی انہا صفۃ خلایا او سفین ۱۲	۴	يَجُورُ بِهَا الْمَلَّاحُ طَوْرًا وَيَهْتَدِي الباء للتعدیۃ ۱۲ ای یہتدی بہا طورا ۱۲

(۱) ترجمہ۔ ثہمد کی پتھریلی زمین میں خولہ کے گھر کے نشانات ہیں جو کہ پشت دست پر گودھنے کے باقیماندہ نشان کی طرح چمک رہے ہیں۔ مطلب خولہ کے گھر کے کھنڈر کو گودھنے کے اُن نشانوں سے تشبیہ دی گئی ہے جو زمانہ کے گذرنے سے کچھ کچھ باقی رہ جاتے ہیں۔

(۲) ترجمہ۔ (وہ نشان اس حال میں چمک رہے تھے کہ) میرے یار احباب میری وجہ سے اُن کھنڈرات میں اپنی سواریوں کو تھامے ہوئے کہہ رہے تھے کہ غم فراق سے ہلاک نہو اور صبر وہمت سے کام لے۔

(۳) ترجمہ۔ (کوچ کی) صبح کو محبوبہ مالکیہ کے کجاوے وادیٔ دَدْ کے وسیع اطراف میں گویا کہ بڑی بڑی کشتیاں تھیں۔ مطلب اُن اونٹوں کو جن پر ہودج تھے بڑی کشتیوں سے تشبیہ دی ہے یا اگر دَدْ کے معنے لہو کے کئے جائیں تو مطلب یہ ہوگا کہ فرطِ نشاط کی وجہ سے وہ اونٹنیاں بڑی کشتیاں نظر آتی تھیں۔

(۴) ترجمہ۔ (وہ کشتیاں) عدولی ہیں یا ابن یامن کی (بنائی ہوئی) کشتیوں میں سے ہیں کہ ان کو ملاح کبھی ٹیڑھا لیجاتا ہے اور کبھی سیدھا۔ مطلب چونکہ وہ سواریاں راستہ کے غیر مستقیم ہونے کی وجہ سے سیدھی نہیں چل رہی تھیں۔ لہذا ان کو ایسی کشتیوں سے تشبیہ دیتا ہے جنکو ملاح کبھی سیدھا کھینتا ہو اور کبھی ٹیڑھا۔

(۱) (خولۃ) اسم امرأۃ کلبیۃ وہی عشیقتہ (اطلال) وطلول جمع طلل ہو ما ارتفع من رسوم الدار (البرقۃ) والابرق والبرقاء مکان اختلط ترابہ بحجارۃ او حصی والجمع الابارق والبرق (ثہمد) اسم موضع (تلوح) تلمع من لاح (ن) لوحا اذا لمع (الوشم) غرز ظاہر الید وغیرہ بالابرۃ وحشو المغارز بالنیلج وایضا الوشم اسم لتلک النقوش والفعل منہ من (ض) فالواشمۃ ہی التی تشم الید والمستوشمۃ ہی التی یفعل بہا ذلک ثم تبالغ فتقول وشم یوشم اذا اکثر ذلک منہ وکثر (ظاہر الید) اعلاہا ۱۲

(۲) تفسیر البیت ہہنا کتفسیرہ فی قصیدۃ امرئ القیس والتجلد تکلف الجلادۃ وہو الصبر

(۳) (الحدوج) والاحداج جمع حدج وہو مرکب من مراکب النساء والحداجۃ مثلہا وجمعہا حدائج (المالکیۃ) ہی الخولۃ منسوبۃ الی بنی مالک قبیلۃ من کلب (الخلایا) جمع الخلیۃ ہی السفینۃ العظیمۃ (السفین) جمع سفینۃ ثم یجمع السفین علی السفن وایضا تجمع السفینۃ علی السفائن (النواصف) جمع ناصفۃ وہی اماکن تتسع من نواحی الاودیۃ (دد) قیل اسم واد فی ہذا البیت وقیل دَدٌ کید ودَدًا کعصا ودَدَن کبدن وہذہ الثلاثۃ بمعنی اللہو واللعب ۱۲

(۴) (عدولی) قبیلۃ من اہل البحرین (ابن یامن) رجل من اہلہا کان یتخذ السفن (یجور) (ن) جورا وہو العدول عن الطریق (الملاح) النوتی وایضا یقال لبائع الملح او صاحبہ (طورا) بمعنی مرۃ وحینا ویجمع علی اطوار ۱۲

يَشُقُّ حَبَابَ الْمَاءِ حَيْزُومُهَا بِهَا	١	كَمَا قَسَمَ التُّرْبَ الْمُفَايِلُ بِالْيَدِ
(صفة خلايا ١٢ — صدرہ ١٢)		(فاعل قسم ١٢)
وَفِي الْحَيِّ أَحْوَى يَنْفُضُ الْمَرْدَ شَادِنٌ	٢	مُظَاهِرُ سِمْطَيْ لُؤْلُؤٍ وَزَبَرْجَدِ
(صفة احوی — ای ظبی احوی ١٢)		
خَذُولٌ تُرَاعِي رَبْرَبًا بِخَمِيلَةٍ	٣	تَنَاوَلُ أَطْرَافَ الْبَرِيرِ وَتَرْتَدِي
(وحشیة — بقر الظباء ١٢)		(اغصان الاراک ١٢ — اخذ ١٢)
وَتَبْسِمُ عَنْ أَلْمَى كَأَنَّ مُنَوِّرًا	٤	تَخَلَّلَ حُرَّ الرَّمْلِ دِعْصٌ لَهُ نَدِ
(ای عن ثغر الَمی الشفتین ١٢ — شجرا ذو نور ١٢)		(توسط ١٢ — رمل مذر ١٢)

(١) ترجمہ۔ اُس کشتی کا سینہ پانی کی دھاروں کو اس طرح پھاڑ رہا ہے جس طرح کوڑی (کسے) چھپول کھیلنے والا (بچہ) مٹی کو ہاتھ سے (دو حصوں میں) تقسیم کرتا ہے۔

(٢) ترجمہ۔ قبیلہ میں ایک گندم گوں ہونٹوں والی نوجوان ہرنی ہے جو (گردن اونچی کرکے گویا) پیلو کے پھل جھاڑتی ہے اور موتیوں اور زبرجد کے دو ہار اوپر تلے پہنے ہوئے ہے۔ مطلب محبوبہ کو ہرن سے تعبیر کرکے اس کیلئے ہرن کی گردن کے مانند طول اور ہونٹوں کی گندم گونی ثابت کی دوسرے مصرع سے اس امر کو صاف کردیا کہ ہرن سے مراد محبوبہ ہے نہ کہ حقیقی ہرن۔

(٣) ترجمہ (وہ معشوقہ ایسی ہرنی ہے جو) اپنے بچوں سے بچھڑی ہوئی ہے اور گلۂ آہو کے ہمراہ ایک سبزہ زار میں چر رہی ہے۔ پیلو کے پھلوں کو توڑتی ہے اور (کبھی اسکے پتوں کی) چادر اوڑھتی ہے۔ مطلب تناول اطراف البریر الخ یہ قید اسلئے بڑھائی گئی کہ پیلو کے پھل توڑتے وقت ہرن جب گردن اُبھارتا ہے تو گردن کا پورا طول اور حُسن ظاہر ہوجاتا ہے یعنی معشوقہ کی گردن بھی ایسی ہی دراز اور حسین ہے۔

(٤) ترجمہ۔ (وہ محبوبہ) گندم گوں ہونٹوں والے (آبدار) دانت ظاہر کرکے مسکراتی ہے گویا کہ (اسکے دانت) ایسا پُر غنچہ درخت بابونہ ہے جس کا نمناک ٹیلہ خالص ریتے کے بیچ میں اُگا ہے۔ مطلب ٹیلہ کو نمناک اور ریت کو خالص قرار دینے سے مقصود یہ ہے کہ ایسے مقام کا گل اقحوان نہایت ہی شاداب اور ترو تازہ ہوگا۔

(٤) (تبسم) يقال بسم (ض) بسما و ابتسم ابتساما ضحك قليلا من غير صوت (الَمىٰ) الذي يضرب لون شفتيه الى السواد والانثى لمياء والجمع لُمْى واستعمالا من (ض س) (المنور) من الشجر الذي خرج نوره اى زهره (حر الرمل) خالص منه (الدعص) الكثيب من الرمل (الندى) البلل يقال ندى الشئ يندى اذا ابتل فهو ند قوله عن المى اى عن ثغر المى الشفتين فحذف الموصوف واقيمت الصفة مقامه وكذا القول فى منورا اى اقحوانا منورا وهو اسم كان و جملة تخلل صفة منورا وخبر كان محذوف وهو ثغرها وند صفة دعص تقدير الكلام كان اقحوانا منورا تخلل دعص له ند حر الرمل ثغرها هذا ما قال الشراح عامة وعندى ان مفاد الشعر تشبيه لبيته متنزهة عن تبسم الحبيبة عن ثغر المى الشفتين ببنته متنزهة عن اقحوان تخلل وعصه الندى حر الرمل فعلى هذا خبر كان جملة تخلل وكان مع الاسم والخبر صفة لمصدر محذوف تقدير العبارة تبسم عن ثغر المى الشفتين تبسما كان الخ

(١) الحباب جمع حبابة وهى موج البحر (الحيزوم) الصدر والجمع حيازيم (الترب) والتراب والترباء والتورب والتوراب واحد ثم يجمع التراب على اتربة وتربان وتربات ويجمع الترباء على الترب ذكر هذا كله ابن الانبارى (المفائل) هو من يلعب بالفيئل وهو ضرب من اللهو بان يجمع التراب فيدفن فيه شئ ثم يقسم التراب بنصفين ويسأل عن الدفين فى ايهما هو فمن اصاب قمر ومن اخطأ قمر يقال فائل هذا الرجل يفايل مفايلة وفيالا اذا لعب بهذا اللعب شبه الشاعر شق السفن الماء بشق المفايل التراب المجموع بيده ١٢

(٢) (الحى) القبيلة والجمع احياء (الاحوى) الذى فى شفتيه سمرة او حمرة تضرب الى السواد والمؤنث الحواء (ينفض) نفضا (ن) تحريك الشجر ليسقط الثمر (المرد) بفتح الاول ثمر الاراك (الشادن) الظبى الذى استغنى عن امه (مظاهر) اللابس عقدا فوق عقد او ثوبا فوق ثوب يقال ظاهر فلان بين ثوبيه اذا طابق بينهما (سمطى) تثنية سمط حذفت النون للاضافة وهو خيط ما دام فيه الجوهر والجمع سموط والسلك خيط يعد لنظم الجواهر سواء كانت فيه او لم تكن والخيط اعم منه سواء كان لنظم الجواهر او للخياطة (الزبرجد) حجر كريم يشبه الزمرد اشهره الاخضر الجمع زبارج ١٢

(٣) (خذول) اى قد خذلت اولادها او تخلفت عن صواحبها وانفردت عن القطيع خذل (ن) خذلا وخذلانا (تراعى ربربا) اى ترعى معه (الربرب) القطيع من الظباء وبقر الوحش (الخميلة) هى ارض سهلة ذات اشجار والجمع الخمائل (البرير) ثمر الاراك المدرك البالغ الواحدة بريرة (الارتداء) والتردى لبس الرداء ١٢

سَقَتْهُ إِيَاةُ الشَّمْسِ إِلَّا لِثَاتِهِ شعاعها ۱۲	۱	أُسِفَّ وَلَمْ تَكْدِمْ عَلَيْهِ بِإِثْمِدِ مذر المفعول به لم مر ۱۲ شعق باسف ۱۲
وَوَجْهٍ كَأَنَّ الشَّمْسَ أَلْقَتْ رِدَاءَهَا ای ضیائها ۱۲	۲	عَلَيْهِ نَقِيِّ اللَّوْنِ لَمْ يَتَخَدَّدِ صفة وجه ۱۲ صفة ثانیة لوجه ۱۲
وَإِنِّي لَأُمْضِي الْهَمَّ عِنْدَ احْتِضَارِهِ حضوره ۱۲	۳	بِعَوْجَاءَ مِرْقَالٍ تَرُوحُ وَتَغْتَدِي ای ناقة عوجاء ۱۲
أَمُونٍ كَأَلْوَاحِ الْإِرَانِ نَصَأْتُهَا صفة عوجاء ۱۲ جمع لوح ۱۲	۴	عَلَى لَاحِبٍ كَأَنَّهُ ظَهْرُ بُرْجُدِ
جُمَالِيَّةٍ وَجْنَاءَ تَرْدِي كَأَنَّهَا ای ہی کالجمل ۱۲ تعدو ۱۲	۵	سَفَنَّجَةٌ تَبْرِي لِأَزْعَرَ أَرْبَدِ ای ظلیم ازعر ۱۲

(۱) ترجمہ (محبوبہ کے) دانتوں کو آفتاب کی شعاع نے سیراب کیا ہے مگر مسوڑھوں کو (چھوڑکر) اور ان پر سفوفِ اثمد چھڑک دیا گیا ہے اور (اسکے بعد) محبوبہ نے دانتوں سے کچھ چبایا نہیں **مطلب**:- محبوبہ کے دانت اتنے روشن ہیں کہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ شاید آفتاب نے اپنی شعاعیں عاریت پر دیدی ہیں مسوڑھوں کے استثناء کی وجہ یہ ہے کہ انکا حسن سیاہی مائل ہونے ہی میں ہے۔ اسی لئے سفوف اثمد عرب میں اور ہندوستان میں مسی کا استعمال ہے جسکی وجہ سے دانتوں کی تابانی میں اضافہ ہو جاتا ہے لم تکدم کی قید بھی اسی لئے لگائی ہے کہ کسی چیز کے دبانے یا چبانے سے رنگ میں تغیر نہیں ہوا ہے۔

(۲) ترجمہ۔ وہ ایسے چہرے سے ہنستی ہے جو صاف رنگ ہے اس پر جھریاں نہیں۔ گویا کہ سورج نے اپنی (نور کی) چادر اسپر ڈالدی ہے **مطلب**۔ اس کا چہرہ آفتاب عالمتاب کی طرح چمکتا دمکتا ہے اسپر کسی قسم کا نہ داغ ہے نہ دھبہ۔

(۳) ترجمہ۔ ارادہ ہو جانے پر اسکو ایسی متبختر انہ چلنے والی اونٹنی کے ذریعہ ضرور پورا کرتا ہوں جو سب سے زیادہ دوڑنے والی ہے اور شام و صبح چلتی پھرتی رہتی ہے۔ **مطلب** اگر کسی وقت میرا ارادۂ سفر مصمم ہو جاتا ہے تو اس ارادہ کو ایک تیز رو اونٹنی کے ذریعہ پورا کر لیا کرتا ہوں۔

(۴) ترجمہ (وہ اونٹنی) ٹھوکر کھانے سے محفوظ۔ بڑے صندوق کے تختوں کی طرح (سپاٹ سینہ اور چوڑی کمر والی) ہے میں نے اسے ایک ایسے وسیع راستہ پر دوڑایا جو دھاریدار کملی کی پشت کی طرح تھا **مطلب** وسیع راستہ کو دھاریدار چادر کے سیدھے رُخ سے تشبیہ دیکر اپنی تجربہ کاری اور راستوں سے واقفیت کو بیان کیا ہے اسلئے کہ راستہ جب مختلف اور کثیر سڑکوں پر مشتمل ہو جیسا کہ اسکو مخطط چادر سے تشبیہ دینے سے معلوم ہوتا ہے۔ تو راہگیر کا ایسے راستہ پر سواری کو دوڑاتے ہوئے گذر جانا اور نہ بھٹکنا یقیناً اسکے کثرتِ اسفار اور راستوں سے واقفیت کی دلیل ہے۔

(۵) ترجمہ۔ وہ اونٹنی (قوت میں) اونٹ جیسی ہے بڑے کلے جبڑے کی ہے اسطرح دوڑتی ہے کہ گویا وہ ایک شتر مرغی ہے جو خاکستری رنگ، کم بال والے شتر مرغ کے سامنے آگئی ہے (شتر مرغ مستی میں اسکا پیچھا کرتا ہے اور جسقدر وہ بھاگتا ہے اس سے بچنے کیلئے اس سے زیادہ تیزی سے وہ شتر مرغی دوڑتی ہے)۔

(۱) (سقتہ) ای اشربتہ (ایاۃ الشمس) وایاۃ شعاعہا (لثات) جمع لثۃ وہی مغرز الاسنان (اسف) من الاسفاف وہو ذر الشیٔ (تکدم) من کدم (ض) الشیٔ عضہ (الاثمد) حجر الکحل والہاء فی قولہ سقتہ للثغر وکذا ضمیر لثاتہ ونصب لثاتہ علی الاستثناء ۱۲

(۲) ووجہ مجرور علی انہ معطوف علی الثغر ویجوز فیہ الرفع علی الخبریۃ تقدیرہ ولہا وجہ والمراد من رداء الشمس نورہا وضیاؤہا قولہ نقی اللون ای صافی اللون وہو صفۃ وجہ (لم یتخدد) ای لم یہزل من التخدد وہو التشنج والہزال ۱۲

(۳) (امضی) من الامضاء وہو الانفاذ (الہم) الحزن والقصد والجمع ہموم (الاحتضار) والحضور واحد (العوجاء) الناقۃ التی لاتستقیم فی سیرہا لفرط نشاطہا ماخوذ من عوج (س) اعوجاجا اذا انحنیٰ (المرقال) مبالغۃ المرقل من الارقال وہو بین السیر العدو (تروح) ام ہم اح (ن) رواحا جاء او ذہب فی الرواح وہو العشی (تغتدی) من اغتدی علیہ اذا اتاہ بکرۃ ۱۲

(۴) (الامون) التی یؤمن عثارہا (الاران) التابوت العظیم (نصأتہا) بالعصا زجرتہا من نصأہ (ف) نصأ الرجل زجرہ ودفعہ ونسأتہا بالسین ای ضربتہا بالمنسأۃ وہی العصا (اللاحب) الطریق الواسع یقال طریق لحب ولاحب ای واسع (البرجد) کساء غلیظ مخطط ۱۲

(۵) (الجمالیۃ) الناقۃ التی تشبہ الجمل فی وثاقۃ الخلق (الوجناء) الناقۃ المکتنزۃ اللحم ماخوذ من الوجین وہی الارض الصلبۃ وقیل من الوجنۃ وہی ما ارتفع من الخد فالوجناء ناقۃ عظیمۃ الوجنات (تردی) من الردیان (ض) عدو الحمار بین متمرغہ وازیہ ثم یستعمل للعدو مطلقا (السفنجۃ) النعامۃ (البری) والانبراء الاعتراض (الازعر) من الظلیم القلیل الشعر (الاربد) الذی لونہ کلون الرماد ۱۲

تُبَارِي عِتَاقًا نَاجِيَاتٍ وَأَتْبَعَتْ	۱	وَظِيفًا وَظِيفًا فَوْقَ مَوْرٍ مُعَبَّدِ
تَرَبَّعَتِ الْقُفَّيْنِ فِي الشَّوْلِ تَرْتَعِي	۲	حَدَائِقَ مَوْلِيِّ الْأَسِرَّةِ أَغْيَدِ
تَرِيعُ إِلَى صَوْتِ الْمُهِيبِ وَتَتَّقِي	۳	بِذِي خُصَلٍ رَوْعَاتِ أَكْلَفَ مُلْبِدِ
كَأَنَّ جَنَاحَيْ مَضْرَحِيٍّ تَكَنَّفَا	۴	حِفَافَيْهِ شُكَّا فِي الْعَسِيبِ بِمِسْرَدِ

(۱) ترجمہ۔ (وہ ناقہ) تیز رو اور اصیل اونٹنیوں سے (تیز رفتاری میں) مقابلہ کرتی ہے اور (دریا درانحالیکہ) راہ جاری میں (پچھلے) قدم کو (اگلے) قدم پر برابر رکھتی جاتی ہے۔ مطلب ناقہ کی اصالت اور تیز روی کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ وہ ناقہ ہمیشہ دوسری اچھی نسل والی قوی اور چالاک اونٹنیوں پر مقابلہ میں غالب رہتی ہے اور چلتے ہوئے اسکا پچھلا قدم اگلے قدم کی جگہ پڑتا ہے جو تیز روی کی خاص علامت ہے۔

(۲) ترجمہ اُس ناقہ نے موسم بہار مقام قفین میں ایسی خشک تھن والی اونٹنیوں کے ہمراہ چرتے ہوئے گذارا جو اس وادی کے باغات میں چر رہی تھیں جسکی زمین (بوجہ سیرابی) نرم تھی اور سبزہ زار باران دوم سے سیراب کئے جاچکے تھے۔ مطلب یعنی وہ ناقہ تمام موسم بہار میں آزادی سے عمدہ سبزہ زاروں میں چرتی رہتی ہے جس کی وجہ سے نہایت موٹی قوی اور جاندار ہے فی الشول ترتعی الخ کی قید کا یہ فائدہ ہے کہ جب وہ اپنے ساتھ کی اونٹنیوں کو چرتے دیکھے گی تو اسمیں چرنیکا زیادہ جذبہ پیدا ہوگا۔

(۳) اپنے پکارنے والے چرواہے کی پکار کی طرف (فوراً) لوٹتی ہے (یعنی بڑی چوکنی ہے) اور عنابی رنگ میلے کچیلے مست اونٹ کے پریشان کن حملوں سے گچھے دار دُم کے ذریعہ بچتی ہے۔ مطلب یعنی ناقہ اتنی سدھی ہوئی اور چوکنی ہے کہ چرواہے کی آواز پر فوراً پہنچتی ہے اور مست اونٹ جب اُس سے جُفتی کھانا چاہتا ہے تو اپنی دُم بیچ میں حائل کر لیتی ہے اور اسکو قابو نہیں پانے دیتی تاکہ حمل کی وجہ سے ضعیف نہ ہوجائے۔ خلاصہ یہ کہ غیر حاملہ ہونے کی وجہ سے اس ناقہ کے تمام قویٰ مجتمع ہیں اور بدن پُر گوشت اور قوی ہے۔

(۴) ترجمہ۔ گویا کہ سفید گدھ کے دو بازو (اس اونٹنی کی) دُم کی دونوں جانب ہوگئے ہیں اور دُم کی ہڈی میں سُتالی کے ذریعہ سی دئے گئے ہیں۔ مطلب ناقہ کے دُم کے بالوں کی کثرت بیان کرنا مقصود ہے یعنی بال اسقدر گھنے اور کثیر ہیں کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گدھ کے دو بازو دُم کی ہڈی کی دائیں۔ بائیں جانب سُتالی سے چھید کرکے سی دئے گئے ہیں۔

(۴) (جناحی) تثنیۃ جناح وہو ما یطیر بہ الطائر والجمع اجنح واجنحۃ (المضرحی) النسر الطویل الجناح وقیل ہو الابیض من النسور (تکنفا) من التکنف الکون فی کنف الشئ وہو ناحیتہ (الحفاف) الجانب والجمع الاحفۃ (الشک) النعز (العسیب) ہو عظم الذنب والجمع العُسُبُ (المسرد) ما یخرز ویثقب بہ ۱۲

(۱) (تباری) من المباراۃ وہی المعارضۃ یقال بارٰی الرجل ای فعلت مثل فعلہ مغالبۃ لہ (العتاق) جمع عتیق وہو الکریم (الناجیات) جمع ناجیۃ ہی الناقۃ المسرعۃ من نجی ینجو (ن) نجاءً اذا اسرع فی السیر (الوظیف) ما بین الرسغ الی الرکبۃ (المور) الطریق المستوی الذی لا ینقطع اکثر الاوقات (المعبد) المذلل من التعبید ہو التذلیل والتاثیر ۱۲

(۲) (تربعت) من التربع وہو رعی الربیع والاقامۃ بالمکان واتخاذہ ربعا (القف) ما غلظ من الارض وارتفع ولم یبلغ ان یکون جبلا والجمع قفاف والمراد من القفین ہہنا القفین المعینین (الشول) النوق التی خفت ضروعہا وقلت البانہا الواحدۃ شائلۃ بالتاء لا غیرہا واما الشول جمع شائل من شال البعیر (ن) شولا بذنبہ اذا رفعہ ویعدی بالباء والاشالۃ الرفع (ترتعی) من الارتعاء وہو الرعی واحد الحدائق جمع حدیقۃ وہی کل ارض ارتفعت اطرافہا وانخفض وسطہا والحدیقۃ البستان ایضا لاحداق الحائط بہا والاحداق الاحاطۃ (المولی) الذی اصابہ الولی وہو المطر الثانی من امطار السنۃ سمی بہ لانہ یلی الاول والاول وسمی لانہ یسم الارض بالنبات (الاسرۃ) جمع سرر وہی الارض الکریمۃ الطیبۃ (الاغید) الناعم ومؤنثہ غیداء والجمع الغید ۱۲

(۳) (تریع) من راع (ض) ریعا اذا رجع (الاوابۃ) وما والاجل غیرہا یقال اباب بناقتہ اذا دعاہا (فالمہیب) ہو الراعی (تتقی) من الاتقاء وہو الحجز بین شیئین یقال اتقی قرنہ بترسہ اذا جعلہ حاجزا (الخصل) جمع خصلۃ وہی قطعۃ من الشعر (روعات) جمع روعۃ وہی فعلۃ من الروع وہو الافزاع (الاکلف) الاحمر الذی یضرب الی السواد (الملبد) ذو وبر متلبد من البول والثلط وغیرہ ۱۲

فَطَوْرًا بِهٖ خَلْفَ الزَّمِيْلِ وَتَارَةً	۱	عَلٰى حَشَفٍ كَالشَّنِّ ذَاوٍ مُجَدَّدِ
لَهَا فَخِذَانِ اُكْمِلَ النَّحْضُ فِيْهِمَا	۲	كَاَنَّهُمَا بَابَا مُنِيْفٍ مُمَرَّدِ
وَطَيُّ مَحَالٍ كَالْحَنِيِّ خُلُوْفُهٗ	۳	وَاَجْرِنَةٌ لُزَّتْ بِدَاْيٍ مُنَضَّدِ
كَاَنَّ كِنَاسَيْ ضَالَةٍ يَكْنُفَانِهَا	۴	وَاَطْرَ قِسِيٍّ تَحْتَ صُلْبٍ مُؤَيَّدِ
لَهَا مِرْفَقَانِ اَفْتَلَانِ كَاَنَّهَا	۵	تَمُرُّ بِسَلْمَيْ دَالِجٍ مُتَشَدِّدِ

(۱) ترجمہ۔ کبھی (وہ ناقہ) اُس دُم کو ردیف کے پیچھے (اپنے سُرین پر) مارتی ہے اور کبھی اپنے سوکھے سمٹے تھنوں پر جو پُرانے مشکیزہ کی طرح ہیں یعنی اُن کا دودھ خشک ہو گیا ہے۔
مطلب۔ فرطِ نشاط سے دُم ہلاتی ہوئی چلتی ہے۔ کبھی اوپر اٹھا کر سُرین پر مارتی ہو اور کبھی اپنے پستان پر۔ دودھ سے خالی پستان کو پُرانے مشکیزہ سے تشبیہ دی ہے۔
(۲) ترجمہ۔ اسکی دو ایسی رانیں ہیں جن میں گوشت پُر کر دیا گیا ہے۔ گویا کہ وہ دونوں (رانیں) چکنے۔ بلند محل کے دروازہ کے دو کواڑ ہیں۔ مطلب رانوں کو پُر گوشت اور چوڑی چکلی ہونے میں قصرِ عالی کے دروازہ کے دو بازوؤں سے تشبیہ دی گئی ہے۔
(۳) ترجمہ۔ اسکی کمر کے مُہرے پیچیدہ (گُتھے ہوئے) ہیں (جن کی پسلیاں کمانوں کی طرح خمیدہ) ہیں اور اسکی گردن کا اگلا حصہ گردن کے تہ بتہ مُہروں سے (مضبوطی کے ساتھ) چپٹا دیا گیا ہے۔ مطلب ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ نہایت مضبوط اور پسلیاں کمانوں کی طرح کڑی اور خمدار ہیں۔ گردن نہایت مضبوطی کے ساتھ مُہروں میں جکڑی ہوئی ہے۔
(۴) ترجمہ۔ گویا جھڑبیری کی (دبکی ہوئی) ہرن کی دو خوابگاہوں نے اس ناقہ کو (داہیں بائیں جانب سے) گھیر لیا ہے اور خمدار کمانیں مضبوط پشت کے نیچے ہیں۔ مطلب پُشت نہایت مضبوط ہے اور اسکے نیچے پسلیاں خمیدہ کمانیں ہیں۔ اور وسعت کی وجہ سے اسکے دونوں پہلو ہرنوں کی دو خوابگاہیں معلوم ہوتی ہیں۔
(۵) ترجمہ۔ اس ناقہ کی دو مضبوط کہنیاں پسلیوں سے اسقدر جُدی ہیں گویا کہ وہ قوی ڈول والے کے دو ڈول لئے ہوئے گذر رہی ہے۔ مطلب جب قوی انسان دو بھاری ڈول لیکر چلتا ہے تو اسکے ہاتھوں اور پہلوؤں کے درمیان کافی فاصلہ ہوتا ہے۔ اسی طرح ناقہ کے ہر دو دست کے درمیان کافی فاصلہ ہے۔

ص والتائيد التقوية من الايد هو القوة ۱۲ (۵) (المرفق) موصل الذراع فی العضد ومرفق افتل بيّن الفتل وهو التباعد بين المرفقين عن جنبی البعير (السلم) الدلو لها عروة (دالج) الذی ياخذ الدلو من راس البير فيفرغها فی الحوض (المتشدد) القوی ۱۲

(۱) (فطورا به) ای تارة تضرب بالذنب (الزميل) الرديف (الحشف) الاخلاف التی جف لبنها فتشنجت والواحد حشفة وهو مستعار من حشف التمر او من الحشف وهو الشوب الخلق (الشن) القربة الخلق والجمع الشنان (ذاو) ای ذابل و الذوی الذبول والفعل ذوی يذوی (ض) (المجدد) الذی جدّ لبنها ای قطع الجدد من (ن) ۱۲
(۲) (الفخذ) والفخذ والفخِذ ما بين الركبة والورك والكلمة مؤنثة والجمع افخاذ (النحض) اللحم (بابا منيف) ای بابا قصر منيف فحذف الموصوف واقيمت الصفة مقامه والمراد بالباب مصراعان (المنيف) العالی من الاناف وهی العلو (الممرد) الملمس من قولهم وجه امرد وغلام امرد لا شعر عليه وشجرة مرداء لا ورق لها والممرد المطول ايضا ۱۲
(۳) (طی) مصدر بمعنی المفعول مطوية (محال) جمع محالة ای فقار الظهر والاضافة فی قوله طی محال من قبيل جرد قطيفة فالتقدير لها محال مطوية (الحنی) القسی الواحد حنية (الخلوف) جمع الخلف هو اقصر اضلاع الجنب (اجرنة) جمع جران وهو باطن العنق (لزت) ای شدت و استعمال اللز من لز الشیٔ بالشیٔ شده والصقه (الدای) فقار الظهر والعنق واحد تها دأية و يقال للغراب ابن داية لملازمته بها عند الدبرة (المنضد) من التنضيد هو وضع الشیٔ علی الشیٔ علی سبيل المبالغة ۱۲
(۴) (الكناس) بيت يتخذه الوحشی فی اصل الشجر والجمع كنس والفعل كنس (ض) الظبی كنسا وكنوسا دخل كناسته (الضالة) السدر البری والجمع الضال (يكنفانها) من كنف (ن) الشیٔ كنفا صار فی ناحيته واحاطه (الاطر) العطف واراد باطر قسی قسيا معطوفة الاطار انعطاف (المؤيد) المقوی ۱۲

كَقَنْطَرَةِ الرُّومِيِّ أَقْسَمَ رَبُّهَا	۱	لَتُكْتَنَفَنْ حَتّٰى تُشَادَ بِقَرْمَدِ
صُهَابِيَّةُ الْعُثْنُوْنِ مُوْجَدَةُ الْقَرَىٰ	۲	بَعِيْدَةُ وَخْدِ الرِّجْلِ مَوَّارَةُ الْيَدِ
أُمِرَّتْ يَدَاهَا فَتْلَ شَزْرٍ وَّأُجْنِحَتْ	۳	لَهَا عَضُدَاهَا فِيْ سَقِيْفٍ مُّسَنَّدِ
جَنُوْحٌ دِفَاقٌ عَنْدَلٌ ثُمَّ أُفْرِعَتْ	۴	لَهَا كَتِفَاهَا فِيْ مُعَالًى مُّصَعَّدِ
كَأَنَّ عُلُوْبَ النِّسْعِ فِيْ دَأَيَاتِهَا	۵	مَوَارِدُ مِنْ خَلْقَاءَ فِيْ ظَهْرِ قَرْدَدِ

(۱) ترجمہ وہ اونٹنی رومی کے اس پُل کی طرح (مضبوط) ہے جس کے مالک نے یہ قسم کھائی ہو کہ اسوقت تک اسکی ضرور حفاظت کیجائے گی جبتک کہ اس کی لپائی چونہ سے کیجائے۔ مطلب جبکہ مالک خود اُس پُل کی نگرانی کی قسم کھاچکا ہے تو ظاہر ہے کہ اُس کی تعمیر نہایت مضبوط ہوگی۔ ناقہ کو ایسے پُل سے تشبیہ دیتا ہے۔

(۲) ترجمہ۔ اس کی ٹھوڑی کے نیچے کے بال سُرخی مائل ہیں، کمر کی مضبوط ہے، لمبے قدم رکھنے والی تیز رفتار ہے۔

(۳) ترجمہ بجنوا دھاگا بٹنے کی طرح اسکے دونوں ہاتھ (گویا) مضبوط بٹ دئے گئے ہیں اور اسکے دونوں بازو تہ بتہ (اینٹوں والی) چھت میں جھکا کر لگا دئے گئے ہیں۔ مطلب جس تاگے کو اُلٹا بٹ دیا گیا ہو وہ نہایت مضبوط ہو جاتا ہے ہر دو بازوئے ناقہ کو ایسے مضبوط دھاگے سے تشبیہ دی۔ اسکے اگلے دھڑ کو سقفِ مسند سے تشبیہ دیکر بتایا کہ اسکا دھڑ ہر دو دست پر اس طرح ٹھہرا ہوا ہے جیسے ستونوں پر چھت۔ بازوؤں کے مفتول ہونے سے یہ غرض بھی ہے کہ وہ گتے ہوئے ہونے کی وجہ سے سینہ کے اُس سخت حصّہ سے الگ رہینگے جس پر اونٹ بیٹھتا ہے۔

(۴) ترجمہ (نشاط سے) ٹیڑھی ہوکر چلتی ہے، اچھلنے کودنے والی۔ بڑے سر کی ہے پھر اسکے دونوں شانے بلند اونچی کمر میں اُبھار کر لگا دئے گئے ہیں۔ مطلب مستی اور نشاط کی حالت میں کود کر اور مُنہ موڑ کر چلنا قوت پر دال ہے جو ناقہ کی خوبی کی علامت ہے۔

(۵) ترجمہ تنگ کے نشانات اس ناقہ کی کمر کے جوڑوں میں اس چکنے پتھر کی نالیاں ہیں جو سخت زمین پر (پڑا) ہے۔ مطلب جن تسموں سے کجاوہ کسا جاتا ہے اُن کے نشانات کو پتھر کی نالیوں سے اور سپاٹ کمر کو چکنے پتھر سے اور جسم کو سخت زمین سے تشبیہ دی گئی ہے۔

ص وضدستہ (النسع) سیر علی ہیئۃ العنان تشد الرجال (الدأیات) جمع دأیۃ ہی فقرۃ الظہر (الموارد) جمع مورد ہو الطریق الی الماء (الخلقاء) الملساء واراد صخرۃ خلقاء فحذف الموصوف لدلالۃ الصفۃ علیہ (قردد) الارض الغلیظۃ الصلبۃ ۱۲

(۱) (القنطرۃ) الجسر (رومی) ای رجل رومی (رب القنطرۃ) صاحبہا و مالکہا (لتکتنفن) من الاکتناف وہو الاحاطۃ وہو جواب القسم ای واللہ لتکتنفن (تشاد) من التشید ہو الرفع والطلی بالجص (القرمد) الآجر وقیل ہو الصاروج والواحدۃ قرمدۃ ۱۲

(۲) (صہابیۃ) ای فیہا صہبۃ وہو بیاض یخالط حمرۃ مرفوع علی انہ خبر لمبتدأ محذوف تقدیرہ ہی صہابیۃ ویجوز الجر علی الصفۃ بعوجاء (العثنون) شعیرات طوال تحت لحی البعیر (موجدۃ) المقواۃ من اجدہ اللہ ای قواہ ومنہ بعیر اجد ای شدید الخلق قوی (القری) الظہر والجمع الاقرار (الوخد) ضرب من سیر البعیر وہو ان یرمی بقوائمہ کمشی النعام (المَوّارۃ) مبالغۃ مائرۃ من المور وہو الذہاب والمجیٔ وناقۃ موارۃ الید ای سریعۃ ۱۲

(۳) (امرت) من الامرار وہو احکام الفتل (الشزر) من الفتل ما کان الی فوق خلاف دور المغزل (اجنحت) من الاجناح ہو الامالۃ (السقیف) والسقف واحد والجمع سقف (المسند) الذی اسند بعضہ الی بعض وقولہ فتل شزر منصوب علی المصدریۃ بامرت لا علی لفظ الفعل ۱۲

(۴) (الجنوح) مبالغۃ الجانحۃ التی تمیل فی احدی الشقین لنشاطہا فی السیر (الدفاق) المندفقۃ فی سیرہا ای المسرعۃ غایۃ الاسراع (العندل) العظیمۃ الراس (افرعت) ای اعلیت (معالی) ای فی مکان عال او ظہر عال فحذف الموصوف لدلالۃ الصفۃ علیہ (المصعد) من صعد بہ اذا ارتقاہ ویجوز فی الجنوح الرفع والجر علی ما مرّ فی صہابیۃ وکذا فی دفاق وعندل ۱۲

(۵) (العلوب) جمع العلب وہو الاثر یقال علب (ن) علبا الشیٔ اذا وسمہ واثر فیہ ص

تَلَاقٰى وَاَحْيَانًا تَبِيْنُ كَاَنَّهَا	١	بَنَائِقُ غُرٍّ فِيْ قَمِيْصٍ مُقَدَّدِ
وَاَتْلَعُ نَهَّاضٌ اِذَا صَعَّدَتْ بِهٖ	٢	كَسُكَّانِ بُوْصِيٍّ بِدِجْلَةَ مُصْعِدِ
وَجُمْجُمَةٌ مِثْلُ الْعَلَاةِ كَاَنَّمَا	٣	وَعٰى الْمُلْتَقٰى مِنْهَا اِلٰى حَرْفِ مِبْرَدِ
وَخَدٌّ كَقِرْطَاسِ الشَّآمِيْ وَمِشْفَرٌ	٤	كَسِبْتِ الْيَمَانِيْ قَدُّهٗ لَمْ يُحَرَّدِ
وَعَيْنَانِ كَالْمَاوِيَّتَيْنِ اسْتَكَنَّتَا	٥	بِكَهْفَيْ حِجَاجَيْ صَخْرَةٍ قَلْتِ مَوْرِدِ

(١) ترجمہ تنگ کے نشانات اس ناقہ کے (چلنے میں) کبھی باہم مل جاتے ہیں (بند ہو جاتے ہیں) کبھی کھل جاتے ہیں گویا وہ لمبے پھٹے ہوئے کرتے کی سفید کلیاں ہیں۔ مطلب ناقہ کے چلنے میں کھال کے کھنچنے اور ڈھیلا پڑنے سے وہ نشانات کبھی بند ہو جاتے ہیں اور کبھی جدا ہو جاتے ہیں اسلئے وہ پھٹی ہوئی قمیص کی کلیوں کی طرح معلوم ہوتے ہیں جو کبھی ہوا سے ملجاتی ہیں اور کبھی الگ الگ ہو کر اڑنے لگتی ہیں کلی کی تخصیص اسلئے کی ہے کہ اسکا سرا باریک اور نیچے کا حصہ وسیع ہوتا ہے اسیطرح مختلف تسمے جو کجاوے کے مختلف حصوں میں باندھے گئے ہیں وہ مجتمع ہو کر شکم پر ایک حلقہ میں آملے ہیں۔

(٢) ترجمہ اسکی گردن لمبی اور بار بار اٹھنے والی ہے جب وہ ناقہ (چلتے وقت) اسکو خوب اٹھالیتی ہے تو وہ دریائے دجلہ میں رواں کشتی کے دنبالہ کی طرح معلوم ہوتی ہے مطلب لمبی اور سریع الحرکت گردن کو رواں کشتی کے دنبالہ سے تشبیہ دی ہے۔

(٣) ترجمہ۔ اور اسکی کھوپری سندان کے مانند (سخت) ہے گویا کہ اس کھوپری کا جوڑ سوہان (کے مانند سخت ہڈی) سے ملگیا ہے مطلب کھوپری کو سختی اور مضبوطی میں لوہار کے گھن سے تشبیہ دی جس پر لوہا کوٹا جاتا ہے اور سر کے اس حصہ کو جس سے کھوپری ملی ہوئی ہے سوہان (ریتی) کے کناروں سے سختی میں اور دھاردار ہونے میں تشبیہ دی ہے۔

(٤) ترجمہ اسکا رخسار شامی (کاریگر کے) کاغذ کے مانند (چکنا اور صاف) ہے اور اسکا ہونٹ یمنی (تاجر کی) نری کی طرح (نرم) ہے جسکی تراش ٹیڑھی نہیں کی گئی۔ مطلب شام میں کاغذ عمدہ بنتا تھا اسلئے رخسار کو قرطاس سے تشبیہ دی اور ہونٹ کو سیدھے قطع کئے ہوئے یمنی چمڑے سے تشبیہ دی یمن کا چمڑا مشہور تھا اسلئے اسکی تخصیص کی۔

(٥) ترجمہ۔ اور اس ناقہ کی دونوں آنکھیں دو آئینوں کے مانند (چمکدار) ہیں جو پتھر کے یعنی پانی کے گڑھے والے پتھر کے (بنے ہوئے) انھوں نے ابرو کے دو غاروں میں جاگزیں ہیں مطلب آنکھوں کو آئینوں اور اس پانی سے جو پتھر کے گڑھے میں ہوتا ہے تابانی میں تشبیہ دی اور حلقہائے چشم کو غاروں سے، اور ابرو کی ہڈیوں کو سختی میں پتھر سے تشبیہ دی ہے۔

عه عطف بیان علی مد وایة الجردان کان مرفوعًا فہو خبر مبتدا محذوف و ہو کل واحد من الکہفین ١٢

(١) (تلاقی) اصلہ تتلاقی حذفت احدا التائین وفیہ ضمیر للعلوب قولہ کانہا بنائق غر جملة فی موضع النصب علی الحال من ضمیر تبین (البنائق) بتقدیم الموحدة علی النون قال صاحب التبیان البنائق جمع بنیقة بنی از قمیص یقال لہا فی الہندیة کلی (الغر) جمع الیض (واحدہ غراء (المقدد) المشقق طولا وقولہ فی قمیص متعلق بمحذوف صفة للبنائق ١٢

(٢) (الاتلع) الطویل العنق (نہاض) مبالغة الناہض المسرع الحرکة (صعدت بہ) الباء فیہ للتعدیة فالمعنی صعدتہ (السکان) ذنب السفینة فی الفارسیة دنبال کشتی (البوصی) ضرب من السفن وقولہ اتلع و نہاض صفتان لموصوف محذوف وہو عنق ١٢

(٣) (الجمجمة) عظم الراس المشتمل علی الدماغ والجمع جماجم (العلاة) السندان جمع علوات وعلاء ونا۔ یعنی وعیا الشی جمعہ وحواہ والوعی الاجتماع والانضمام ایضا (الحرف) الطرف والجمع احرف وحروف (مبرد) آلة البرد سوہان ١٢

(٤) (الخد) جمعہ خدود (القرطاس) الصحیفة من ای شی کانت الجمع قراطیس (الشامی) نسبة الی الشام (المشفر) للبعیر بمنزلة الشفة للانسان والجمع مشافر (السبت) جلود البقر المدبوغة بالقرظ (القد) ہو الشق طولا (الیمانی) نسبة الی الیمن کیمنی (لم تحرد) لم تعوج من التحرید ہو التعویج الشامی والیمانی صفتان لموصوف محذوف ای الرجل ١٢

(٥) (الماویتین) تثنیة الماویة وہی المراٰة کانہا منسوبة الی الماء فی البریق واللمعان (استکنتا) ای صارتا فی کن (الکہف) ہو کالبیت المنقور فی الجبل فاذا صغر فہو الغار جمعہ کہوف (حجاجی) تثنیة حجاج وہو العظم الذی نبت علیہ الحاجب (القلت) النقر فی الصخرة یجتمع فیہا الماء (المورد) ہہنا الماء وفی الاصل المشرب الذی یرد علیہ الابل قولہ استکنتا صفة ثانیة للعینین ویمکن ان یکون حالا من قولہ کالماویتین وقولہ قلت مورد بدل من صخرة ١٢

١ طَحُورَانِ عُوَّارَ الْقَذَى فَتَرَاهُمَا ۔ كَمَكْحُولَتَيْ مَذْعُورَةٍ أُمِّ فَرْقَدِ

۲ وَصَادِقَتَا سَمْعِ التَّوَجُّسِ لِلسُّرَى ۔ لِهَجْسٍ خَفِيٍّ أَوْ لِصَوْتٍ مُنَدَّدِ

۳ مُؤَلَّلَتَانِ تَعْرِفُ الْعِتْقَ فِيهِمَا ۔ كَسَامِعَتَيْ شَاةٍ بِحَوْمَلَ مُفْرَدِ

۴ وَأَرْوَعُ نَبَّاضٌ أَحَذُّ مُلَمْلَمٌ ۔ كَمِرْدَاةِ صَخْرٍ فِي صَفِيحٍ مُصَمَّدِ

۵ وَأَعْلَمُ مَخْرُوتٌ مِنَ الْأَنْفِ مَارِنٌ ۔ عَتِيقٌ مَتَى تَرْجُمْ بِهِ الْأَرْضَ تَزْدَدِ

(۱) ترجمہ (اُس ناقہ کی دونوں آنکھیں خس و خاشاک کو دفع کرنے والی ہیں جسکی وجہ سے وہ نہایت ستھری اور صاف ہیں) پس تو اُن کو اس حال میں دیکھے گا کہ وہ بچہ والی (صیاد سے) خوف زدہ نیل گائے کی دو سُرمگیں آنکھوں کی طرح (خوبصورت معلوم ہوتی) ہیں۔ مطلب۔ ناقہ کی آنکھوں کو بقرہ وحشیہ کی آنکھوں سے تشبیہ دی اور مذعورۃ و ام فرقد کی قیود کا اضافہ کرکے مشبہ بہ میں حسن کا اضافہ کیا ہے۔ اسلئے کہ اس حالتِ خاص میں نیل گائے کی آنکھ میں ایک خاص چمک اور تیز نگاہ ہوتی ہے اور بچے کی حفاظت کیلئے سب سے زیادہ محتاط نظروں سے دیکھتی ہے۔

(۲) ترجمہ اُس ناقہ کے دو ایسے کان ہیں جو رات کے چلتے وقت کھسکھساہٹ سننے کے اندر (نہایت) سچے ہیں خواہ آہستہ آواز ہو یا زور کی۔ مطلب ناقہ کانوں کی سچی ہے یعنی بہت جلد ہر قسم کی آواز صحیح سن لیتی ہے یعنی بڑی حاضر حواس ہے۔

(۳) ترجمہ۔ اُس کے دونوں کان باریک نوکدار ہیں جن میں تو آثارِ عمدگی نسل معلوم کرے گا اور وہ مقام حومل کے یکہ و تنہا نر گاؤ کے کانوں کے مثل ہیں۔ مطلب نر گاؤ کو خصوصاً جبکہ وہ تنہا ہو معمولی سی آہٹ کو سن لیتا ہے اسی طرح وہ ناقہ ہر وقت چوکنی اور ہوشیار رہتی ہے۔

(۴) ترجمہ۔ اس کا دل ذکی، تیز حرکت، ہلکا اور سریع، سخت و قوی ہے۔ جیسے چوڑے پتھروں میں پتھر کا (بنا ہوا) ایک سنگ شکن اوزار ہو۔ مطلب ناقہ کے دل کو مضبوطی میں سنگ شکن پتھر سے اور اسکی چوڑی اور مضبوط پسلیوں کو پتھر کی چٹانوں سے تشبیہ دی ہے۔

(۵) ترجمہ اس ناقہ کا اوپر کا ہونٹ کٹا ہوا ہے۔ ناک کا بانسہ چھدا ہوا ہے۔ ایسی اصیل ہے جب ناک زمین پر مارتی ہے (سونگھتی ہے) تو زیادہ تیز ہو جاتی ہے۔ مطلب سفر پیشہ اونٹ زمین کو سونگھ کر یہ معلوم کر لیتے ہیں کہ پانی کسقدر دور ہے اگر پانی زیادہ دور ہوتا ہے تو رفتار تیز کر دیتے ہیں۔

(۱) (الطحور) مبالغۃ الطاحر من الطحر ہو الطرح والدحر واحد و الفعل طحر (ت) طحرا العین قذاہا رمت بہا ہی طحورۃ (العوار) القذی والجمع عواویر اراد بالمکحولتین العینین و لا تکحل بقر الوحش ولکن العین محل الکحل علی الاطلاق (مذعورۃ) من الذعر ہو الاخافۃ (الفرقد) ولد البقر الوحشیۃ والجمع فراقد نصب عوار بطحورین ۱۲

(۲) (التوجس) التسمع الی صوت خفی کما فی القاموس (السُّرٰی) السیر لیلاً من سریٰ (ض) سُریٰ سار لیلاً فہو سار والجمع سُراۃ (الہجس) الصوت الخفی (المندد) من التندید ہو رفع الصوت یقول ولہا اذنان صادقتا الاستماع وقت سیر اللیل لصوت خفی او لصوت رفیع وقولہ صادقتا صفۃ لمحذوف و تقدیر العبارۃ لہا اذنان صادقتا الخ ۱۲

(۳) (المؤلل) من التاسیل ہو التحدید والتدقیق والدقۃ والحدۃ تحمدان فی آذان الابل (العتق) الکرم والنجابۃ (السامعتان) الاذنان (الشاۃ) الثور الوحشی (الحومل) موضع بعینہ ۱۲

(۴) (الاروع) الذی یرتاع لکل شئ لفرط ذکائہ (النباض) الکثیر الحرکۃ مبالغۃ النابض من نبض (ن) اذا تحرک (الاحذ) الخفیف السریع (الململم) المجتمع الخلق الشدید الصلب (المرداۃ) آلۃ الردی وہی الصخرۃ التی تکسر بہا الصخور (الصفیح) جمع الصفیحۃ الحجر العریض و ایضاً یجمع علی الصفائح (المصمد) المحکم الموثق قولہ اروع صفۃ لموصوف محذوف ای قلب اروع واضافۃ المرداۃ الی الصخر بمعنی من وان کان فی موضع رفع نعت للململم ۱۲

(۵) (الاعلم) المشقوق الشفۃ العلیا (المخروت) المثقوب من الخرت ہو الثقب (المارن) ما لان من الانف والجمع موارن ۱۲

۱ (العتیق) الکریم یقول ولہا مشفر مشقوق و مارن انفہا مثقوب وہی متی ترم الارض بانفہا ورأسہا ازدادت فی سیرہا ۱۲

وَإِنْ شِئْتَ لَمْ تُرْقِلْ وَإِنْ شِئْتَ أَرْقَلَتْ اسرعت ۱۲ عدم ارقالہا ۱۲ لم تسرع ۱۲	۱	مَخَافَةَ مَلْوِيٍّ مِنَ الْقِدِّ مُحْصَدِ مفعول لہ ۱۲
وَإِنْ شِئْتَ سَامَى وَاسِطَ الْكُوْرِ رَأْسُهَا الرحل ۱۲ پالان	۲	وَعَامَتْ بِضَبْعَيْهَا نَجَاءَ الْخَفَيْدَدِ الذکر من النعام ۱۲
عَلَى مِثْلِهَا أَمْضِي إِذَا قَالَ صَاحِبِي ای علی مثل ہذہ الناقۃ ۱۲ قول لاسیطے ۱۲	۳	أَلَا لَيْتَنِي أَفْدِيكَ مِنْهَا وَأَفْتَدِي الجملۃ مقولۃ قال ۱۲ ای من مشقۃ السفر البعید ۱۲
وَجَاشَتْ إِلَيْهِ النَّفْسُ خَوْفًا وَخَالَهُ الجار الی صاحبی ۱۲	۴	مُصَابًا وَلَوْ أَمْسَى عَلَى غَيْرِ مَرْصَدِ ہالکا ۱۲ غیر محل قطع الطریق ۱۲
إِذَا الْقَوْمُ قَالُوا مَنْ فَتًى خِلْتُ أَنَّنِي	۵	عُنِيتُ فَلَمْ أَكْسَلْ وَلَمْ أَتَبَلَّدِ اردت ۱۲ لم اتحیر ۱۲
أَحَلْتُ عَلَيْهَا بِالْقَطِيعِ فَأَجْذَمَتْ اسرعت ۱۲ اقبلت ۱۲	۶	وَقَدْ خَبَّ آلُ الْأَمْعَزِ الْمُتَوَقِّدِ الجملۃ فی موضع الحال من المستتر فی اجذمت ۱۲

(۱) ترجمہ اگر تو چاہے (کہ وہ تیز نہ دوڑے) تو نہ بھاگے گی اور اگر تو چاہے (کہ وہ دوڑے) تو ایک مضبوط تسمے کے بنے ہوئے اور بٹے ہوئے کوڑے کے خوف سے دوڑ کر چلے گی مطلب بہت شائستہ ہے سوار کے قبضہ میں رہتی ہے اسقدر تیز ہے کہ کوڑا مارنے کی ضرورت نہیں بلکہ اسکا خوف ہی اسکو دوڑانے کیلئے کافی ہے۔

(۲) ترجمہ۔ اور اگر تو چاہے تو اس کا سر پالان کی اگلی لکڑی سے بلند ہو جائیگا اور اپنی دونوں بازوؤں کے ذریعہ شتر مرغ کی تیز روی کی طرح تیرے گی (تیز چلنے لگے گی) مقدم رحل سے سر کا بلند ہو جانا خاص تیز رفتاری کے وقت ہوتا ہے۔

(۳) ترجمہ۔ جب میرا ساتھی یہ کہنے لگے کہ اے کاش اس مصیبت سے فدیہ دیکر میں تجھے چھڑا لیتا اور میں بھی چھوٹ جاتا تو اس جیسی ناقہ پر (سوار ہو کر) سفر کر جاتا ہوں مطلب سخت مصیبت میں ساتھی گھبرا اٹھتا ہے تو میں نہیں گھبراتا۔ بلکہ باہمت رہکر ایسی اونٹنی کے ذریعہ سے سفر کرتا رہتا ہوں۔

(۴) ترجمہ۔ (میں اس ناقہ کے ذریعہ اسوقت سفر کر جاتا ہوں جبکہ) خوف کی وجہ سے میرے رفیق کا دل ہلجائے اور اپنے آپکو قریب ہلاک سمجھنے لگے اگرچہ وہ غیر خطرناک راستہ پر چلے مطلب اس ناقہ پر سوار ہو کر ایسے خطرناک جنگل طے کر ڈالتا ہوں جنھیں دیکھکر رفیق سفر گھبرا جائے اور اپنے آپکو موت کے منہ میں سمجھتا ہو اگرچہ وہاں ڈاکوؤں کا کچھ خوف نہ ہو۔

(۵) ترجمہ جب (بھی) قوم نے یہ پکارا کہ "نوجوان کون ہے" تو میں نے سمجھا کہ میں ہی مراد ہوں پھر نہ میں نے کاہلی کی اور نہ تردد۔ مطلب لفظ نوجوان سے قوم کا مقصود میں اپنے آپ ہی کو سمجھتا ہوں اسلئے کہ کوئی دوسرا اس خطاب کا مستحق ہی نہیں۔ پس جب کبھی قوم کسی حادثہ کے وقت اس لفظ کے ذریعہ پکارتی ہے فوراً مقصد سمجھ جاتا ہوں اور مدد کیلئے پہنچ جاتا ہوں ذرا بھی پس و پیش نہیں کرتا۔

(۶) ترجمہ میں (قوم کی آواز سنکر) کوڑا لیکر اس ناقہ کی طرف متوجہ ہوا تو وہ نہایت تیزی سے چلی جبکہ چمکدار ریگستان کا سراب موجزن تھا مطلب سورج کی تیز شعاعوں کی وجہ سے ریت آب متحرک معلوم ہوتا تھا۔ شدت گرما میں اپنی اور ناقہ کی بادیہ پیمائی کا اظہار مقصود ہے۔

(۱) (لم ترقل) من الارقال ہو دون العدو وفوق السیر (الملوی) باسم مفعول بمعنی المطوی من لوی (واویۃ العین یائیۃ اللام) یلوی لیا الحبل فتلہ وہو صفت لسوط محذوف (القد) السیر یقد من جلد ہذا اذا کان بکسر القاف واذا کان بفتحہا فمعناہ جلد السخلۃ والجمع قدود (المحصد) المحکم ۱۲

(۲) (سامی) من المساماۃ ہی المعالاۃ (واسط الکور) مقدمہ کالقربوس للسرج (الکور) الرحل والجمع اکوار وکیران (عامت) من العوم ہو السباحۃ والفعل عام (ن) عوما (الضبع) العضد (النجاء) الاسراع منصوب علی المصدریۃ من فعل مقدر تقدیرہ نجت نجاء مثل نجاء الخفیدد (الخفیدد) الظلیم ۱۲

(۳) یقول علی مثل ہذہ الناقۃ امضی فی اسفاری حین قال صاحبی الالیتنی افدیک من مشقۃ ہذا السفر البعید وخلصتک منہا وتخیت نفسی یریدان صاحبہ لم یشک فی ہلاکہ ۱۲

(۴) (جاشت) (ض) جیشا وجیشانا وجیوشا نفس الجبان ہمت بالفرار وزال تقلب عن مستقرہ ارتفع لاجل الخوف (خالہ مصابا) ای ظنہ ہالکا الخیلولۃ الظن (المرصد) الطریق الذی یرتقب والجمع مراصد وکذلک مرصاد (لو امسی علی غیر مرصد) ای وان کان علی غیر طریق یخاف قطاع الطریق ۱۲

(۵) (عنیت) من قولہم عنی فیہ من (ض) عنیا بمعنی اراد ومنہ قولہم یعنی کذا ای یریدہ ومنہ المعنی وہو المراد والجمع معان (الکسل) التثاقل عن الامر (التبلد) التحیر یقول اذا القوم قالوا من فتی لکفایۃ المہم ودفع الشر ظننت انہم یعنونی فلم اکسل فی کفایۃ المہم ودفع الشر عنہم ولم اتحیر فیہما ۱۲

(۶) (احلت) من الاحالۃ ہو الاقبال ہہنا (القطیع) السوط (اجذمت) من الاجذام ہو الاسراع فی السیر (خب) (ن) خبا وخبابا بالتحریک ومنہ الخب (الآل) ما یری شبہ الماء طرفی النہار والسراب مثل فی نصف النہار (الامعز) بالمیم وتعیین المہملۃ۔ المزاد

فَذَالَتْ كَمَا ذَالَتْ وَلِيدَةُ مَجْلِسٍ	۱	تُرِي رَبَّهَا أَذْيَالَ سَحْلٍ مُمَدَّدِ
وَلَسْتُ بِحَلَّالِ التِّلَاعِ مَخَافَةً	۲	وَلٰكِنْ مَتَى يَسْتَرْفِدِ الْقَوْمُ أَرْفِدِ
وَإِنْ تَبْغِنِي فِي حَلْقَةِ الْقَوْمِ تُلْفِنِي	۳	وَإِنْ تَقْتَنِصْنِي فِي الْحَوَانِيتِ تَصْطَدِ
مَتَى تَأْتِنِي أُصْبِحْكَ كَأْسًا رَوِيَّةً	۴	وَإِنْ كُنْتَ عَنْهَا ذَا غِنًى فَاغْنَ وَازْدَدِ
وَإِنْ تَلْتَقِ الْحَيُّ الْجَمِيعُ تُلَاقِنِي	۵	إِلَى ذِرْوَةِ الْبَيْتِ الْكَرِيمِ الْمُصَمَّدِ

(۱) ترجمہ بس وہ ناقہ تبخترانہ انداز سے اس طرح چلی جیسے کہ مجلس کی وہ رقاصہ چلتی ہے جو سفید دراز چادر کے دامن (لٹکاکر) اپنے مالک کو دکھاتی ہو۔ **مطلب** ناقہ کی رفتار کو رقاصہ کے کہزوے سے تشبیہ دی ہے اور دراز دُم کو چادر کے دامنوں سے۔ اس خاص قسم کے رقص میں جسکو کہزوہ کہا جاتا ہے۔ رقاصہ پشواز کے دامن اٹھا اٹھا کر مختلف انداز سے ناظرین کو دکھاتی ہے۔ دوسرے مصرعہ میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔

(۲) ترجمہ۔ اور میں (کسی کے) خوف سے ٹیلوں پر فروکش ہونے والا نہیں ہوں مگر (بات یہ ہے کہ) جب قوم مجھ سے مدد مانگتی ہے تو میں (انکو) مدد دیتا ہوں۔ **مطلب** یعنی مہمانوں کی ضیافت یا دشمنوں سے جنگ کرنے کے خوف سے میں کہیں نہیں چھپتا ہوں بلکہ قوم کی ہر اعانت کے لئے تیار رہوں خواہ ضیافتِ مہمانان ہو یا مقابلۂ اعداء۔

(۳) ترجمہ اگر تو مجھ کو قوم کی مجلس میں ڈھونڈیگا تو مجکو (وہاں) پائیگا اور اگر شراب کی بھٹیوں میں مجکو پکڑنا چاہیگا تو (وہاں بھی) پکڑلیگا۔ **مطلب** اپنے جامع جدّ و ہزل ہونیکو بیان کرتا ہے کہ مجالس قوم میں بھی میرا حصہ نمایاں ہوتا ہے اسلئے کہ صاحب حزم و رائے ہوں اور شراب خانے بھی مجھ سے آباد ہیں اسلئے کہ صاحب بذل و سخا اور پینے پلانے والا ہوں۔

(۴) ترجمہ جب (بھی) تو میرے پاس آئیگا تجھ کو شراب صبوح کا چھلکتا پیالہ پلاؤنگا اور اگر تو اس سے بے رغبت ہو تو بے رغبت رہ اور (اپنی بے رغبتی میں) اضافہ کرتا رہ۔ **مطلب** یعنی میں تو شراب کا متوالا ہوں اگر اے مخاطب تو پینا چاہتا ہے تو جب تیرا جی چاہے آ اور چھلکتے پیمانے مجھ سے لیکر پی۔ اور اگر تجھ کو رغبت نہیں ہے تو یہ تجھے مبارک ہو۔

(۵) ترجمہ۔ اگر تمام قبیلہ (فخرِ نسبی کے اظہار کے واسطے) مجتمع ہو تو مجھ کو تو ایسے حال میں پائے گا کہ میں شریف اور مقصود (نظر) خاندان کی بلندی سے نسبت رکھتا ہوں **مطلب** شرافتِ نسبی میں تمام قبیلہ و قوم پر اپنی برتری کا اظہار مقصود ہے۔

(۱) (ذالت) تذیل ذیلاً اسحبت ذیلها تبخترا (الولیدة) الصبیة وارادبولیدة المجلس الجاریة الرقاصة (ربها) ای صاحبها وسیدها (اذیال) جمع ذیل (السحل) الثوب الابیض من القطن وغیره (الممدد) الطویل من التمدد والمجرد من (ن) ۱۲

(۲) (الحلال) مبالغة الحال من حل (ن) حلولاً المکان وبالمکان نزل فیه (التلاع) جمع التلعة وهی من الارض ما ارتفع من مسیل الماء وانخفض عن الجبال وتجمع علی التلعات ایضا (الرفد) والارفاد الاعانة (والاسترفاد) الاستعانة ۱۲

(۳) (تبغنی) من بغی (ض) بغاء ای طلب (الحلقة) تجمع علی الحلق بفتح اللام والحاء وهذا من الشواذ بذ تجمع علی الحلق مثل بدرة وبدر (تلفنی) من الالفاء هو الوجدان (تقتنصنی) من الاقتناص هو الاصطیاد واحد (الحوانیت) جمع حانوت وهو دکان الخمار والدکان عموما یذکر ویؤنث ۱۲

(۴) (اصبحک) ای اسقک من الصبوح (الکاس) اناء یشرب منها الخمر ولا یقال لها کاس حتی یکون فیها الخمر والجمع کؤوس وکاسات واکؤس وکئاس (رویة) من روی (س) ریا وریا وروی یقال شرب شربا رویا ای تاما مشبعا وماء روی ای کثیر مرو وکذلک کاس رویة ای ملئی مرویة ۱۲

(۵) (الذروة) والذروة اعلی الشئ والمکان المرتفع وایضا الشیب لانه غایة العمر ونهایته (المصمد) المقصد من التصمید هو قصد الشئ بالمبالغة والمجرد من (ن وض) ومنه الصمد المکان المرتفع والجمع اصماد وصماد (الی ذروة) متعلق بمحذوف ای انتسب والجملة حال من یاء المتکلم ۱۲

نَدَامَایَ بِیضٌ کَالنُّجُومِ وَقَیْنَةٌ	۱	تَرُوحُ اِلَیْنَا بَیْنَ بُرْدٍ وَمُجْسَدِ
رَحِیبٌ قِطَابُ الْجَیْبِ مِنْهَا رَقِیقَةٌ	۲	بِجَسِّ النَّدَامٰی بَضَّةُ الْمُتَجَرَّدِ
اِذَا نَحْنُ قُلْنَا اَسْمِعِینَا انْبَرَتْ لَنَا	۳	عَلٰی رِسْلِهَا مَطْرُوقَةً لَمْ تَشَدَّدِ
اِذَا رَجَّعَتْ فِی صَوْتِهَا خِلْتَ صَوْتَهَا	۴	تَجَاوُبَ اَظْآرٍ عَلٰی رُبَعٍ رَدِی
وَمَازَالَ تَشْرَابِی الْخُمُورَ وَلَذَّتِی	۵	وَبَیْعِی وَاِنْفَاقِی طَرِیفِی وَمُتْلَدِی

(۱) ترجمہ میرے یارانِ جلسہ ستاروں کی طرح سفید (روشن رُو دوست) ہیں اور ایک مغنیہ ہے جو سرِ شام دھاریدار چادر اور زعفرانی کپڑوں میں (ملبوس ہوکر) ہمارے پاس آتی ہے۔ مطلب میرے ہمنشین نہایت باعزت اور شریف لوگ ہیں جن کے چہرے ستاروں کی مانند چمکتے ہیں اور ایک رقاصہ بھی شریکِ جلسہ رہتی ہے جو سرِ شام ہماری مجلس میں آتی ہے۔

(۲) ترجمہ۔ اس (رقاصہ) کے گریبان کا چاک وسیع ہے دوستوں کی چھیڑ چھاڑ کے وقت نرم خو ہے اسکے بدن کا کپڑوں سے عریاں رہنے والا حصہ نرم و نازک ہے مطلب نہایت خوش خلق ہے جب یارانِ جلسہ مذاق کرتے ہیں تو کج خلقی نہیں کرتی ہے۔ بدن کا کھلا ہوا حصہ جب نرم ہے تو کپڑوں میں ڈھکے چھپے اعضاء کا تو کیا ہی کہنا۔

(۳) ترجمہ۔ جب ہم اس سے کہتے ہیں کہ کچھ سناؤ تو وہ نہایت نرم رفتار سے نیچی نگاہیں کئے ہوئے، بغیر سختی کے، ہمارے سامنے آتی ہے۔ مطلب نہایت باوقار اور شرمیلی ہے۔ شوخ و شنگ اور بے سلیقہ نہیں ہے۔

(۴) ترجمہ۔ جب وہ اپنی آواز میں گنگناتی ہے تو تو اسکی آواز کو موسم ربیع کے پیدا شدہ مُردہ بچہ پر چند اونٹنیوں کا ملکر رونا خیال کریگا۔ مطلب مغنیہ کی اس آواز کو جو وہ گلے میں گھماتی ہے اُن اونٹنیوں کی آواز سے تشبیہ دی ہے جو ملکر بچہ پر نوحہ کررہی ہوں چونکہ اِن اونٹنیوں کی آواز میں نرمی اور حُزن ہوگا لہذا یہ تشبیہ بلیغ ہے۔ اس قسم کی آواز بڑی پیاری معلوم ہوتی ہے۔ سعدیؒ فرماتے ہیں ؎

چہ خوش باشد آوازِ نرم و حزیں بگوشِ حریفانِ مست صبوح

(۵) ترجمہ میرا شراب پینا اور مزے اڑانا اور خود پیدا کردہ اور موروثی مال کو بیچنا اور خرچ کرنا برابر جاری رہا۔

۳ والطارف المال الجدید (المتلد) والتالد المال القدیم الموروث یقول ومازال شربی الخمور على کثرة واشتغالی باللذات وبیعی الاشیاء واتلافها واتلافی المال الحدیث والقدیم ۱۲

(۱) (ندامای) الیاء للمتکلم والندامی جمع الندمان وهو الندیم وجمع الندیم ندام وندماء (بیض) جمع ابیض ووصفهم بالبیاض اشارة الى انهم احرار ولا تهم بحرائر ولم تعرف الامار فیهم فتورثهم الراهن او لان عرزهم تبلا لا فی الاندیة والقتال اذ لم یلحقهم عار فتتغیر الوانهم او لنقائهم من العیوب او لاشتهارهم لان الفرس الاغر مشهور فیما بین الخیل (القینة) المغنیة والجمع القینات والقیان (المجسد) الثوب المصبوغ بالجساد وهو الزعفران وقال جماعة من الائمة بل المجسد الثوب الذی یلی الجسد والجمع المجاسد ۱۲

(۲) (الرحیب) والرحب الواسع والفعل رحب (ک وس) رحبا ورحابة (قطاب الجیب) مخرج الرأس من القمیص وقوله رحیب خبر لمبتدا مؤخر وهو قطاب الجیب منها والجملة نعت لقینة (الجس) المس (البضة) الرقیقة الجلد الناعمة البدن (المتجرد) حیث تجرد من البدن ۱۲

(۳) (اسمعی) من الاسماع هو التغنی (انبرت) من الانبراء وهو الاعتراض للشیء والاخذ فیه (على رسلها) ای على وقارها (المطروقة) التی بها ضعف هذا اذا کان بالقاف ویروی مطروفة بالفاء وهی التی اصیب طرفها بشیء (لم تشدد) کان فی الاصل ثم تتشدد بالتائین فحذفت احدی التائین استثقالا لهما فی صدر الکلمة ومثله تنزل الملائکة ونارا تلظى ۱۲

(۴) (رجعت) من الترجیع هو تردید الصوت وتغریده (الاظآر) جمع ظئر وهی التی لها ولد (الربع) (الفصیل) ینتج فی الربیع وهو اول النتاج (الردی) الهالک ویمکن ان یراد بالاظآر النساء وبالربع ولد الانسان ۱۲

(۵) (التشراب) الشرب تفعال من اوزان المصادر مثل التقتال بمعنى القتل والتنقاد بمعنى النقد (الخمور) جمع خمر (الطریف) ...

اِلٰی اَنْ تَحَامَتْنِی الْعَشِیْرَۃُ کُلُّھَا اجتنبتنی، القبیلۃ	۱	وَاُفْرِدْتُ اِفْرَادَ الْبَعِیْرِ الْمُعَبَّدِ اوحدت، المطلی بالقطران
رَاَیْتُ بَنِیْ غَبْرَاءَ لَا یُنْکِرُوْنَنِیْ الفقراء، ای یعرفوننی	۲	وَلَا اَھْلُ ھٰذَاکَ الطِّرَافِ الْمُمَدَّدِ ای الامراء، ای الخیام، ای المنفردۃ
اَلَا اَیُّھٰذَا اللَّائِمِیْ اَحْضُرَ الْوَغٰی الحرب	۳	وَاَنْ اَشْھَدَ اللَّذَّاتِ ھَلْ اَنْتَ مُخْلِدِیْ
فَاِنْ کُنْتَ لَا تَسْطِیْعُ دَفْعَ مَنِیَّتِیْ ای لا تستطیع، موتی	۴	فَدَعْنِیْ اُبَادِرْھَا بِمَا مَلَکَتْ یَدِیْ اترکنی، استبقہا، ای الجمیع مالی
فَلَوْلَا ثَلٰثٌ ھُنَّ مِنْ لَذَّۃِ الْفَتٰی	۵	وَجَدِّکَ لَمْ اَحْفِلْ مَتٰی قَامَ عُوَّدِیْ قسم، ای لم اُبال، ای الذین یعودونی

(۱) ترجمہ۔ یہاں تک کہ تمام خاندان نے مجھ سے کنارہ کشی کر لی اور میں خارشتی تارکول ملے ہوئے اونٹ کی طرح یکہ وتنہا کر دیا گیا۔ مطلب میری بلاکی مے نوشی اور فضول خرچی کو دیکھکر تمام خاندان نے میرا بائیکاٹ کر دیا اور میں خارشتی اونٹ کی طرح کہ اس کے پاس کوئی شتر آنے نہیں دیا جاتا بالکل اکیلا رہ گیا۔

(۲) ترجمہ۔ میں دیکھتا ہوں کہ فقراء (چونکہ میں اُن پر احسان کرتا ہوں) اور اُن بڑے خیموں کے باشندے (چونکہ وہ میری صحبت کو مغتنم خیال کرتے ہیں) مجھے اوپرا نہیں سمجھتے (بلکہ خوب جانتے ہیں) مطلب اگر خاندان نے مجھ سے کنارہ کشی کر لی تو کیا مضائقہ ہے مجھے اسکی کوئی پرواہ نہیں۔ تمام دُنیا کے فقراء اور امراء مجھ سے واقف ہیں اور میری عزت کرتے ہیں۔

(۳) ترجمہ۔ اے مجھے جنگ میں حاضر رہنے اور لذات میں موجود رہنے پر ملامت کرنے والے ذرا سُن! (اگر میں ان باتوں سے باز آجاؤں) تو کیا تو مجھے حیات جاودانی دے سکتا ہے مطلب جبکہ لڑائی اور لذت کے موقع پر نہ جانا بھی دوام حیات کا سبب نہیں بن سکتا تو پھر کیوں اِس چند روزہ زندگی میں رزم اور بزم سے کنارہ کشی کیجائے لطف اور نام کیوں نہ حاصل کر لیا جائے۔

(۴) ترجمہ۔ پس اگر تو میری مَوت نہیں ٹال سکتا تو میرا پیچھا چھوڑ۔ تاکہ مرنے سے قبل میں اپنا مال کو صرف کر ڈالوں مطلب جبکہ مال و دولت انسان کو مرنے سے نجات نہیں دلا سکتا تو پھر اسکا جمع کرنا فضول ہے انسان کو چاہئے کہ زندگانی عیش وعشرت سے بسر کرے۔

(۵) ترجمہ۔ پس اگر وہ تین چیزیں نہوتیں جو ایک (شریف) نوجوان کے واسطے باعث لذت ہیں تو تیرے نصیب کی قسم مجھے اسکی کچھ پرواہ نہ ہوتی کہ میرے پُرسانِ حال (میری زندگی سے مایوس ہوکر) کب (میری بالین سے) اُٹھ کھڑے ہوئے۔ مطلب اگر یہ لذائذ ثلاثہ (جو آئندہ اشعار میں مذکور ہیں) نہ ہوتے تو مجھے اپنے مرنے کی کوئی پرواہ نہ ہوتی۔ محض انہی تین چیزوں کے آسرے پر زندگانی ہے۔

۵ حفلاً وحفولاً یقال ما حفلہ وحفل بہ ای ما بالی بہ ولا اہتم لہ (العوّد) جمع العائد من العیادۃ استعمال عاد (من) العیادۃ للمریض زارہ فہو عائد ۱۲

(۱) (الی) للغایۃ (تحامتنی) من التحامی ہو الاجتناب (العشیرۃ) القبیلۃ والجمع العشائر (اُفردتُ) ای جُعلتُ منفرداً (البعیر المعبد) المذلل المطلی بالقطران یقول مازال دأبی ہکذا الی ان اجتنبت عنی عشائری کلہا وافردت مثل البعیر المطلی بالقطران ای لما رأوا انّی لا اکف عن اتلاف المال ترکونی منفرداً ۱۲

(۲) (الغبراء) من الغبرۃ وہی الکدرۃ صفۃ الارض جعلت کالاسم لہا (بنی غبراء) الفقراء وہو للار لما لم تعرف لہم نسب نسبوا الی الارض لانہا اصل لجمیع الناس (لا ینکروننی) ای یعرفوننی (ولا اہلُ) معطوف علی ضمیر الفاعل فی لاینکروننی وجاز ذلک بسبب الفصل بلا (الطراف) البیت من الادم یکون للاغنیاء والجمع الطروف وکنی بتمدیدہ عن عظمہ ۱۲

(۳) کلمۃ الا للتنبیہ (الوغی) اصلہ صوت الابطال فی الحرب ثم جعل اسماً للحرب اراد بقولہ احضر الوغی علی ان احضر الوغی فحذف علے ثم اضمران لدلالۃ ما بعدہ علیہ وہو ان اشہد (الخلود) البقاء دا لفعل خلد (ان) والاخلاد والتخلید الابقاء یقول الا ایہا الانسان الذی یلومنی علی حضور الحرب وحضور اللذات ہل تخلدنی ان کففت عنہا ۱۲

(۴) (تستطیع) لغۃ فی تستطیع حذفوا التاء استثقالاً لہا مع الطاء (المنیۃ) الموت والجمع المنایا (دعنی) اترکنی من ودع (ف) ودعاً اذا ترک (ابادر) من المبادرۃ ہی المسابقۃ والمجرد بدر (ن) بدوراً الی الشیٔ اسرع یقول فان انت لا تقدر علی دفع موتی فاترکنی ابادر الموت بانفاق املاکی ۱۲

(۵) (الفتی) الشاب الحدث وتثنیۃ فتیان وفتوان والجمع فتیان وفتیۃ وفتوۃ (الجد) الحظ والبخت والجمع جدود (وجدک) قسم معناہ وحظک وقیل وابیک وقیل وبختک (احفل) من الحفل ہو المبالاۃ واستعمالہ حفل (ض) حفل

فَمِنْهُنَّ سَبْقِی الْعَاذِلَاتِ بِشَرْبَةٍ ما اول من ثلث ۱۲ · اللائمات ۱۲	۱	كُمَيْتٍ مَتیٰ مَا تُعْلَ بِالْمَاءِ تُزْبِدِ ای خمر ۱۲ · مرۃ ۱۲
وَكَرِّی إِذَا نَادَی الْمُضَافُ مُحَنَّبًا ای الثانیۃ منہن عطفی ۱۲ · ای المظلوم ۱۲ · ای فرسا ۱۲	۲	كَسِيدِ الْغَضَا نَبَّهْتَهُ الْمُتَوَرِّدِ ای کذئب الذی یسکن تحت شجرۃ الغضا ۱۲ · ای طالب للماء ۱۲
وَتَقْصِيرُ يَوْمِ الدَّجْنِ وَالدَّجْنُ مُعْجِبٌ ای خصلۃ ثالثۃ منہن ۱۲ · المطر الکثیر ۱۲	۳	بِبَهْكَنَةٍ تَحْتَ الْخِبَاءِ الْمُعَمَّدِ متعلق بتقصیر ۱۲ · ای المرفوع ۱۲
كَأَنَّ الْبُرِيْنَ وَالدَّمَالِيجَ عُلِّقَتْ الجملۃ صفۃ ببہکنۃ ۱۲ · ابرای خلاخل ۱۲	۴	عَلٰی عُشَرٍ أَوْ خِرْوَعٍ لَمْ يُخَضَّدِ شجرۃ ۱۲ · شجرۃ ۱۲ · لم یقطع ۱۲

(۱) ترجمہ منجملہ اُن (تین چیزوں) کے (ایک تو) ملامت گروں (کی بیداری) سے قبل میرا ایسی سُرخ سیاہی مائل شراب اُڑا جانا ہے (جو اسقدر تُند اور تیز ہے) کہ جب اس میں پانی ملایا جاوے تو جھاگ دینے لگے۔

(۲) ترجمہ (دوسرا امر جو میری زندگی کا سہارا ہے) جب کوئی مظلوم مدد کیلئے پکارے تو ایک فراخ گام گھوڑے کو (اس مظلوم کی جانب بغرض حمایت) میرا پھیر لینا ہے جو اُس بھیڑیے کی طرح (تیز رَو) ہے جو درخت غضا کے نیچے رہتا ہو (اور جو شدّتِ پیاس میں پانی پینے کے لئے) گھاٹ پر اُترنے والا ہو اور جسکو تو نے ہلکار دیا ہو مطلب درختِ غضا کے نیچے رہنے والا بھیڑیا یوں ہی بڑا تیز و تُند اور خوفناک ہوتا ہے مزید برآں بحالتِ تشنگی گھاٹ پر جاتے ہوئے اسکو ہلکار دیا گیا ہو تو اسکی تیزی رفتار کا کیا ٹھکانا ہوگا۔ ایسے تیز رفتار بھیڑیے سے گھوڑے کو تیز روی میں تشبیہ دی ہے۔ یعنی بعجلت تمام ایسے تیز رفتار گھوڑے پر سوار ہوکر اس مظلوم کی حمایت کے لئے پہنچ جاتا ہوں۔

(۳) ترجمہ (تیسری چیز جو جینے کا سہارا ہے) ابر و باران کے دن کو اس حالت میں کہ (آشفتہ دلوں کو وہ) بارش خوب بھاتی ہو ایک حسین نازک اندام محبوبہ کے ذریعہ بلند خیمہ کے نیچے کوتاہ کر دینا ہے مطلب دن کو کوتاہ کرنا بایں معنی ہے کہ لذت و سرور میں دن کا پتہ نہیں چلتا گویا صبح سے شام ملی ہوئی ہے جیساکہ ایک شاعر نے کہا ہے ؎

ایام مصیبت کے تو کاٹے نہیں کٹتے — دن عیش کے گھڑیوں میں گذر جاتے ہیں کیسے

(۴) ترجمہ (محبوبہ اسقدر نازک اندام ہے کہ اسکے ہاتھ پاؤں میں زیورات دیکھکر یہ معلوم ہوتا ہے کہ) گویا پازیب اور بازو بند بن ترشے مدار یا ارنڈ پر لٹکا دیئے گئے ہیں مطلب اس کے ہاتھ پیر نزاکت میں مدار اور ارنڈ کی نرم شاخوں کی طرح ہیں۔ لم یخضد کی قید اسلئے لگائی کہ شاخیں چھٹ جانیکے بعد درخت میں پہلی سی نرمی لچک اور ضخامت باقی نہیں رہتی

(۱) قولہ (سبقی) مبتدء مقدم الخبر (العاذلات) جمع عاذلۃ ای اللائمۃ (الشربۃ) المرۃ من شرب ما یشرب نغبۃ واحدۃ (الکمیت) من اسماء الخمر لما فیہا من سواد و حمرۃ (تعل) من الاعلاء (تعل بالماء) ای تمزج بہ (تزبد) من ازبد الشراب اذا قذف بالزبد ۱۲

(۲) (الکر) العطف والکرور الانعطاف (المضاف) الخائف والمذعور الملجا الذی احیط بہ فی الحرب (المحنب) من الفرس الذی فی یدیہ انحناء وہو ممدوح اذا لم یفرط (السید) الذئب والجمع السیدان. (الغضا) شجر من اشجار البادیۃ (المتورد) طالب الماء شدید العطش وجملۃ نبہتہ صفۃ لمحذوف وہو بدل من سید الغضا شبہ فرسا محنبا بذئب اجتمع فیہ ثلث خصال احدہا انہ ذئب الغضا وہو اخبث الذئاب والثانیۃ اثارۃ الانسان ایاہ والثالثۃ ارادتہ الماء وہما یزیدان فی عدوہ ۱۲

(۳) (تقصیر) یقال قصرت الشیء اذا جعلتہ قصیرا (الدجن) المطر الکثیر او الغیم المطبق المظلم آفاق السماء والجمع دجون ودجان یقال یوم دجن ویوم دجن ای کثیر المطر (معجب) ای یعجب الناس وقولہ (والدجن معجب) جملۃ معترضۃ (البہکنۃ) المرأۃ الشابۃ الحسنۃ السمینۃ الناعمۃ (الخباء) ما یعمل من وبر او صوف او شعر للسکنیٰ والجمع الاخبیۃ (المعمد) المرفوع بالعماد ۱۲

(۴) (البرین) جمع البرۃ نصبا و جرا و رفعا جمعہا برون والبرۃ حلقۃ من صفر او شبہ او غیرہما تجعل فی انف الناقۃ واستعارہا للاسورۃ والخلاخل (الدمالیج) جمع دملج ہو والدملوج المعضد (العشر) شجر املس فی نہایۃ اللین والنعومۃ یشبہ بہ الناعمۃ من النساء (الخروع) کرنج شجر یشبہ بہ النساء فی النعومۃ (لم یخضد) من التخضید ہو التشذیب من الشجر والاوراق ۱۲

كَرِيمٌ يُرَوِّي نَفْسَهُ فِي حَيَاتِهِ	۱	سَتَعْلَمُ إِنْ مُتْنَا غَدًا أَيُّنَا الصَّدِي
أَرَى قَبْرَ نَحَّامٍ بَخِيلٍ بِمَالِهِ	۲	كَقَبْرِ غَوِيٍّ فِي الْبَطَالَةِ مُفْسِدِ
تَرَى جُثْوَتَيْنِ مِنْ تُرَابٍ عَلَيْهِمَا	۳	صَفَائِحُ صُمٌّ مِنْ صَفِيحٍ مُنَضَّدِ
أَرَى الْمَوْتَ يَعْتَامُ الْكِرَامَ وَيَصْطَفِي	۴	عَقِيلَةَ مَالِ الْفَاحِشِ الْمُتَشَدِّدِ
أَرَى الْعَيْشَ كَنْزًا نَاقِصًا كُلَّ لَيْلَةٍ	۵	وَمَا تَنْقُصِ الْأَيَّامُ وَالدَّهْرُ يَنْفَدِ

(۱) ترجمہ میں ایک ایسا بھلا آدمی ہوں جو اپنے آپکو اپنی زندگی میں (شراب سے) سیراب کرتا ہے (اے ملامت گر) اگر ہم کل کو مرگئے تو عنقریب تو جان لیگا کہ ہم میں سے (درحقیقت) کون پیاسا ہے مطلب یعنی ہم سیراب ہو کر مرینگے اور ہماری نیت تیری طرح ڈانوا ڈول نہ ہوگی۔ اردو کا کیا خوب شعر ہے ؎

لطف مے تجھ سے کیا کہوں زاہد ہائے کمبخت تو نے پی ہی نہیں

(۲) ترجمہ میں کنجوس اپنے مال پر بخل کرنے والے کی قبر، گمراہِ لہو و نشاط (اور) اپنے مال کو بگاڑنے والے (انسان) کی قبر کے مثل دیکھتا ہوں مطلب مرنے کے بعد جبکہ دونوں کی قبر کا یکساں حال ہے تو پھر بخل سے کیا فائدہ؟ اور مال کو شراب نوشی اور مہمانوں کی ضیافت وغیرہ میں کیوں صرف کردیا جائے۔

(۳) ترجمہ (ان دونوں کے مرنیکے بعد) تو مٹی کے دو ڈھیر دیکھے گا جن پر پتھر کی چوڑی چکلی سلوں میں سے کچھ ٹھوس اور سخت سلیں اوپر تلے رکھی ہوئی ہونگی۔ مطلب مرنیکے بعد بخیل اور سخی میں کوئی امتیاز نہیں دونوں کی قبریں یکساں حالت میں ہوتی ہیں اسلئے بخل کر کے مال جوڑنے سے کیا فائدہ؟ بخیل کی قبر پر بھی پتھر ہی ہونگے۔ سونے چاندی کی سلیں تو ہونے سے رہیں۔

(۴) ترجمہ میں دیکھتا ہوں کہ موت سخی لوگوں (کی جان) کو (فنا کیلئے) منتخب کرتی ہے اور سخت بخیل آدمی کے نفیس مال کو (چھانٹ چھانٹ کر) فنا کرتی ہے۔ مطلب یعنی سخی کے پاس صرف جان ہے اسلئے موت اسکی جان ہی لے سکتی ہے اور سخی کو جان دینے میں بھی کوئی عذر نہیں ہو سکتا۔ ہاں بخیل کو جان سے زیادہ مال پیارا ہے۔ تو گو موت اسکی جان کو بھی نہ چھوڑیگی مگر زندگی میں ہی اسکے نفیس مال کو فنا کر کے اسکو جان کنی سے بھی زیادہ تکلیف پہنچاتی ہے۔ اب دیکھ لو راحت میں کون ہے اور رنج میں کون؟ بعض شارحین نے شعر کا مطلب یہ بیان کیا ہے۔ سخی کو جان عزیز ہے اور بخیل کو مال۔ موت ہر ایک کی عزیز چیز کو چھین لیتی ہے۔ زوزنی نے یہ توجیہ کی ہے کہ موت سخی کی جان کو فنا کیلئے اور بخیل کے مال کو موت کے بعد باقی رہجانے کیلئے منتخب کرتی ہے۔

(۵) ترجمہ میں زندگی کو ایک ایسا خزانہ سمجھتا ہوں جو ہر شب (کچھ نہ کچھ) گھٹتا رہتا ہے اور زمانہ اور (دن) ایام جس چیز کو گھٹاتا رہے وہ (ایک روز ضرور) فنا ہو جائے گی۔ مطلب عمر ناقابل بقا چیز ہے۔

(۱) (الكريم) الجمع كرام (يروي) من الترويه هي الاسقاء على المبالغة (الصدى) العطشان والخطاب في ستعلم للعاذل يقول انا كريم يروي نفسه ايام حياته بالخمر ستعلم ان متنا غدا اينا العطشان يريد انه يموت ريان وعاذله يموت عطشان ١٢

(۲) (النحام) البخيل الشحيح الحريص على جمع المال (غوي) والغاوي الضال يقال غوى (ض) غواية اذا ضل يقول ارى قبر حريص على الجمع بخيل بماله كقبر غوي في البطالة مفسد ماله في اللهو والضيافات يعني لا فرق بين البخيل والجواد بعد الممات ١٢

(۳) (الجثوة) الكومة من التراب وغيره والجمع جثى (تراب) ما نعم من الارض والجمع اتربة وتربان (الصفيحة) الحجر العريض والجمع صفيح وصفائح (صم) جمع اصم هو الصلب (المنضد) المنضود وهو للمبالغة يقول ترى قبري البخيل والجواد قطعتين مجتمعتين من تراب عليهما حجارة عراض صلاب فيما بين حجارة عراض قد نضد بعضها على بعض ١٢

(۴) (يعتام) من الاعتيام هو الاختيار (الكرام) جمع كريم (يصطفي) من الاصطفاء هو الاختيار (عقيلة) من كل شيء اكرمه (الفاحش المتشدد) الذي جاوز الحد في البخل يقول ارى الموت يختار الكرام ويأخذ اكرم مال البخلاء اي يعمهما فالجواد اولى لانه احمد ١٢

(۵) (الكنز) كل مجموع مدخر يتنافس فيه والجمع كنوز نقص (ن) نقصا الشيء ذهب منه شيء بعد تمامه ونقصه جعله ناقصا (الدهر) الزمان الطويل ويستعمل مرادفا للعصر والجمع ادهر ودهور (نفد) (س) نفدا ونفادا الشيء افرغ وانقطع وفنى يقال نفد زاد القوم ١٢

۱	لَعَمْرُكَ إِنَّ الْمَوْتَ مَا أَخْطَأَ الْفَتَى	لَكَالطِّوَلِ الْمُرْخَى وَثِنْيَاهُ بِالْيَدِ
۲	فَمَا لِي أَرَانِي وَابْنَ عَمِّي مَالِكًا	مَتَى أَدْنُ مِنْهُ يَنْأَ عَنِّي وَيَبْعُدِ
۳	يَلُومُ وَمَا أَدْرِي عَلَامَ يَلُومُنِي	كَمَا لَامَنِي فِي الْحَيِّ قُرْطُ بْنُ أَعْبُدِ
۴	وَأَيْأَسَنِي مِنْ كُلِّ خَيْرٍ طَلَبْتُهُ	كَأَنَّا وَضَعْنَاهُ إِلَى رَمْسِ مُلْحَدِ
۵	عَلَى غَيْرِ شَيْءٍ قُلْتُهُ غَيْرَ أَنَّنِي	نَشَدْتُ فَلَمْ أُغْفِلْ حَمُولَةَ مَعْبَدِ

(۱) ترجمہ تیری جان کی قسم! بے شبہ مَوت جوان سے خطا کرنے کے زمانہ میں ڈھیلی رسّی کی طرح ہو درانحالیکہ اسکے دونوں کنارے (کھینچ لینے والے شخص کے) ہاتھ میں ہوں مطلب زندگی ایک مہلت اور ڈھیل کا زمانہ ہے جس میں ہر وقت مَوت کا کھٹکا لگا ہوا ہے جیسے کسی چوپایہ کے پاؤں میں رسّی باندھکر چراگاہ میں چھوڑ دیا جائے اور رسی کے دونوں کنارے ہاتھ میں پکڑ لئے جائیں جس کے ذریعہ ہر وقت اسکو چرنے سے باز رکھا جا سکتا ہے۔

(۲) ترجمہ (جبکہ دُنیاوی زندگانی چند روزہ ہے) تو مجھے کیا ہو گیا ہے کہ اپنے آپکو اور اپنے چچازاد بھائی مالک کو (اس حالت میں) دیکھتا ہوں کہ میں جتنا اس سے قریب ہوتا ہوں اسقدر وہ مجھ سے الگ ہوتا جاتا ہے اور دور بھاگتا ہے۔ مطلب جبکہ دُنیا فانی اور زندگی چند روزہ ہے تو پھر لڑنا جھگڑنا مناسب نہیں ہے۔

(۳) ترجمہ وہ (مالک) مجھے ملامت کرتا رہتا ہے جیسا کہ (ایک مرتبہ) اَعْبُد کے بیٹے قُرط نے قبیلہ میں مجھ کو ملامت کی تھی اور مجھے یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ وہ کس بنا پر مجھے ملامت کرتا ہے مطلب جیسا کہ قرط ابن اعبد کی شکایت بیجا تھی اسی طرح مالک کی شکایت بیوجہ ہے۔

(۴) ترجمہ اُس (مالک) نے ہر اُس بھلائی سے مجھے مایوس کر دیا جو میں نے اس سے چاہی تو گویا کہ ہم نے اسے مردے کی قبر میں دفن کر دیا۔ مطلب اب میں اس سے اس طرح نا اُمید ہوں جسطرح کہ مُردے سے۔ کما فی قولہ تعالیٰ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُوْرِ

(۵) ترجمہ بدون کسی بات کے جو میں نے اسکو کہی ہو (وہ مجھے ملامت کرتا ہے) لیکن میں نے (اپنے بھائی) معبد کے اونٹ ڈھونڈ دئے اور انھیں بے نشان نہ چھوڑا۔ مطلب۔ اگر اس کی ناراضی کا سبب ہو سکتا ہے تو صرف یہ کہ میں نے اپنے بھائی کے گُمشدہ اونٹ تلاش کر دئے تھے اور یہ کوئی ناراضی کی وجہ نہیں ہو سکتی۔

۵ نشد أو نشد انا و نشد الضالة نادی و سأل عنها و طلبها و عرّفها (أغفل) من الاغفال هو الترک (الحمولة) الابل التی یحمل علیها (معبد) هو اخوه یروی ان ابل معبد اخی طرفة ضلت فسأل طرفة ابن عمه مالكا ان یعینه فی طلبها فلامه ولم یعنه ۱۲

(۱) (العَمر) الحیاة والجمع اعمار۔ الدین فی القسم یقال لَعَمرُک بفتح العین ای لدینک لَعَمرُ الله وعَمرُ الله (اخطأ) اخطأ و خاطئة الرامی الغرض لم یُصبه (الطِّوَل) کعنب الحبل الذی یطوّل للدابة فترعیٰ (الثنی) الطرف وما فی قوله ما اخطأ الفتی مصدریة زمانیة تقدیره ان الموت مدة اخطائه الفتی فحذف الظرف وخلفته ما وصلتها وقوله کالطول المرخی فی موضع رفع خبر انّ واللام للتاکید وجملة ثنیاه بالید فی موضع الحال من الطِّوَل ۱۲

(۲) (ادن) صیغة المتکلم من الدنو هو القرب وکان فی الاصل ادنو بالواو حذفت الواو التی دا... (دنا دن) یدنو دنوًا و دناوة الشیٔ ومنه والیه قرب فهو دانٍ والجمع دُناة ومنه الدنیا للحیوة الحاضرة نقیض الآخرة والجمع دُنیٰ (نأی) دینأی نأیًا (ن) فلانا ونأی عن فلان بَعُدَ عنه فهو ناءٍ (والبعد) النائی وجمع بینهما للتاکید واثبات القافیة کقول الشاعر (:) وهند اتی من دونها النأی والبعد ۱۲

(۳) (یلوم) من لام (ن) لومًا وملامة فی کذا وعلی کذا عذله (ادری) من دری (ض) درایة الشیٔ بالشیٔ توصّل الی علمه (علامَ) ای علی ما وما استفهامیة حذفت الالف للتخفیف فعلام ومثله حتّامَ (قرط ابن اعبد) اسم رجل وکان قد لام الشاعر علی ما لا یجب ان یلام علیه ۱۲

(۴) (آیسنی) اوقعنی فی الیأس وهو القنوط نقیض الرجاء (الرمس) القبر واللحد جمعه رموس وارماس استعماله رمس (ض ن) رمسًا غطّاه ودفنه فی القبر (الملحد) المدفون من قولهم ألحدَ وجه المیت اذا دفنه فی اللحد ۱۲

(۵) (علی غیر شیٔ) متعلق بمحذوف ای یلومنی (غیر انّی) استثناء منقطع وتقدیره لکننی (نشد) من (ن) ۱۲

ـــه جو کفار مُردوں سے مایوس ہو گئے ۱۲

۱	وَقَرَّبْتُ بِالْقُرْبٰى وَجَدِّكَ إِنَّهُ	مَتٰى يَكُ أَمْرٌ لِلنَّكِيثَةِ أَشْهَدِ
۲	وَإِنْ أُدْعَ فِي الْجُلّٰى أَكُنْ مِنْ حُمَاتِهَا	وَإِنْ يَأْتِكَ الْأَعْدَاءُ بِالْجَهْدِ أَجْهَدِ
۳	وَإِنْ يَقْذِفُوا بِالْقَذْعِ عِرْضَكَ أَسْقِهِمْ	بِكَأْسِ حِيَاضِ الْمَوْتِ قَبْلَ التَّهَدُّدِ
۴	بِلَا حَدَثٍ أَحْدَثْتُهُ وَكَمُحْدِثٍ	هِجَائِي وَقَذْفِي بِالشَّكَاةِ وَمُطْرَدِ
۵	فَلَوْ كَانَ مَوْلَايَ امْرَءًا هُوَ غَيْرُهُ	لَفَرَّجَ كَرْبِي أَوْ لَأَنْظَرَنِي غَدِي
۶	وَلٰكِنَّ مَوْلَايَ امْرُؤٌ هُوَ خَانِقِي	عَلَى الشُّكْرِ وَالتَّسْآلِ أَوْ أَنَا مُفْتَدِ

(۱) ترجمہ (اگرچہ رشتہ دار مجھ سے دور بھاگے) لیکن رشتہ داریوں کی وجہ سے میں پاس لگارہا تیرے نسب کی قسم (تجھ سے بھی قطع تعلق منظور نہیں) جب کوئی سخت کوشش کرنے کی بات (پیش) آئے گی میں حاضر ہونگا۔ مطلب اگرچہ تو اور دوسرے رشتہ دار کتنا ہی قطع تعلق کریں لیکن میں پھر بھی سب کا شریک رنج وغم رہوں گا۔

(۲) ترجمہ اگر میں کسی بڑی مصیبت کے وقت بلایا جاؤں گا تو میں اس (تیرے حرم سرا) کے محافظوں میں سے ہونگا اور اگر تیرے اوپر دشمن چڑھ آئینگے تو ان کے مقابلہ میں (تیری جانب) سے مدافعت کرتے ہوئے پوری کوشش کروں گا۔

(۳) ترجمہ۔ اگر وہ (دشمن) تیری آبرو پر فحش کاری کا دھبہ لگائینگے تو ڈرانے دھمکانے سے قبل ہی میں انکو موت کی حوضوں کا پیالہ پلادوں گا (یعنی دھمکی سے قبل ہی انکو مار ڈالوں گا۔)

(۴) ترجمہ۔ (مالک کا) میری برائی کرنا اور مجھے شکایت کا نشانہ بنانا اور دھکے دینا بدون کسی بات کے ہے جو میں نے کی ہو اور ہے مثل خطاکار کے (ساتھ طرز عمل کے)۔ مطلب مالک خواہ مخواہ مجھے مورد الزام بنا رہا ہے میں نے اسکے ساتھ کوئی بھی برائی نہیں کی۔

(۵) ترجمہ۔ اگر میرا چچازاد بھائی اسکے علاوہ کوئی دوسرا ہوتا تو وہ میری مصیبت دور کرتا یا (کم ازکم) مجھے کل تک کی مہلت دیتا۔ مطلب لیکن اس نے کچھ نہ کیا اور بلا وجہ ایکدم مجھے ستانا شروع کر دیا۔

(۶) ترجمہ لیکن میرا چچازاد بھائی ایسا آدمی ہے جو ہر حالت میں میرا گلا دباتا ہے خواہ اس کا شکریہ ادا کروں یا اس سے معافی چاہوں یا اسے کچھ دیکر جان چھڑاؤں۔

۴ من الانظار ہو الامہال والنظرۃ اسم بمعنی الانظار ۱۲

(۶) (الخانق) من خنقہ (ن) خنقا شد علی حلقہ حتی یموت (التسآل) مصدر بمعنی السوال کالتذکار بمعنی الذکر (مفتدی) من الافتداء ہو استنقاذ الرجل من الاسر بمال والجر مثلہ یقول ہو لایزال یضیق علی سواء شکرتہ علی الائہ او سالتہ برہ وعطفہ او طلبت تخلیص نفسی منہ ۱۲

(۱) (القربی) جمع قرابۃ وقیل ہو اسم من القرب والقرابۃ وہو مصدر القریبین (وجدک) ای قسم ابیک او بحظک او دینک (النکیثۃ) المبالغۃ فی الجہد واقصی الطاقۃ یقال بلغت نکیثۃ البعیر ای اقصی ما یطیق من السیر یقول قربت نفسی بالقرابۃ واقسم بحظک انہ متی حدث لہ امر یجہد فیہ غایۃ الجہد احضرہ وانصرہ ۱۲

(۲) (الجلی) تانیث الاجل وہی الخطۃ العظیمۃ والجلاء بفتح الجیم والمد لغۃ فیہا (الحماۃ) جمع الحامی ہو المانع استعمال الحمی (من الحمایۃ) (الاعداء) جمع عدو وجمع علی الاعادی (الجہد) والجہد والجہود الطاقۃ والاستطاعۃ یقال بذل جہدہ ومجہودہ ای طاقتہ ویقال اقسموا باللہ جہد ایمانہم ای بالغوا الیمین اجتہدا ۱۲

(۳) (یقذفوا) من القذف ہو اساءۃ القول وہہنا الرمی کما یدل علیہ قولہ عرضک (العرض) الخلیقۃ المحمودۃ ما یصونہ الانسان من نفسہ او سلفہ۔ ما یفتخر الانسان بہ من حسب او شرف والجمع اعراض (القذع) الفحش والقذر وقذعہ (ف) قذعا شتمہ ورماہ بالفحش وسوء القول (الکاس) القدح والجمع کاسات وکؤوس واکؤس (الحیاض) جمع حوض ہو مجمع الماء (التہدد) التخویف ۱۲

(۴) (الحدث) الامر الجدید والجمع احداث (قذف) بکذا رماہ بہ یقال ہم بین حاذف وقاذف ای ضارب بالعصا ورام بالحجارۃ (الشکاۃ) الشکایۃ (المطرد) مصدر میمی من قولہم اطردتہ اذا جعلتہ طریدا وقولہ ہجائی مع معطوفہ مبتدا مؤخر وخبرہ بلا حدث الخ ۱۲

(۵) (مولی) ابن العم والجمع موالی (فرج) وفرج (ض) فرجا الشیء فتحہ وفرج اللہ الغم عنہ اذہبہ وکشفہ (الکرب) والجمع کروب الکربۃ جمعہا کرب والمعنی الحزن والمشقۃ (انظرنی) ۴

۱	وَظُلْمُ ذَوِی الْقُرْبٰی اَشَدُّ مَضَاضَةً (ای الاقربا ۱۲)	عَلَی الْمَرْءِ مِنْ وَقْعِ الْحُسَامِ الْمُهَنَّدِ (السیف القاطع ۱۲)
۲	فَذَرْنِی وَخُلُقِی اِنَّنِی لَکَ شَاکِرٌ (اترکنی ۱۲)	وَلَوْ حَلَّ بَیْتِی نَائِیًا عِنْدَ ضَرْغَدِ (بعیدا ۱۲، جبل ۱۲)
۳	فَلَوْ شَاءَ رَبِّی کُنْتُ قَیْسَ بْنَ عَاصِمٍ (سید بنی شیبان ۱۲)	وَلَوْ شَاءَ رَبِّی کُنْتُ عَمْرَو بْنَ مَرْثَدِ (سید بنی بکر ۱۲)
۴	فَاَصْبَحْتُ ذَا مَالٍ کَثِیْرٍ وَزَارَنِی (صرت ۱۲)	بَنُوْنَ کِرَامٌ سَادَةٌ لِمُسَوَّدِ (یعنی بنفسہ ۱۲)
۵	اَنَا الرَّجُلُ الضَّرْبُ الَّذِی تَعْرِفُوْنَهٗ (الخفیف اللحم ۱۲)	خِشَاشٌ کَرَاْسِ الْحَیَّةِ الْمُتَوَقِّدِ (الماضی فی الامور ۱۲)
۶	وَاٰلَیْتُ لَا یَنْفَکُّ کَشْحِی بِطَانَةً (اقسمت ۱۲)	لِعَضْبٍ رَقِیْقِ الشَّفْرَتَیْنِ مُهَنَّدِ (ای سیف ۱۲)

(۱) ترجمہ رشتہ داروں کا ظلم آدمی پر ہندی قاطع تلوار کے وار سے بھی کاٹ میں زیادہ سخت ہے، مطلب انسان ہندی تلوار کی ضرب برداشت کر سکتا ہے لیکن رشتہ داروں کا ظلم نہیں سہا جا سکتا۔

(۲) ترجمہ پس مجھے میرے حال پر چھوڑ دے میں (ہر حالت میں) تیرا شکر گذار ہوں خواہ میرا گھر دور ہوتے ہوتے ضرغد کے قریب ہو جائے۔ مطلب جب تیری اور میری طبیعت میں بون بعید ہے تو بس اب مجھے معاف کریں ہر حال میں تیرا شکر گذار ہوں خواہ تیرے قریب ہوں یا تجھ سے بہت دور کوہ ضرغد پر جا بسوں۔

(۳) ترجمہ اگر میرا پروردگار چاہتا تو میں قیس ابن عاصم یا عمرو بن مرثد بن جاتا مطلب یعنی انکی جیسی دولت اور کثرت اولاد مجھ کو بھی میسر ہوتی۔

(۴) ترجمہ تو میں بہت بڑا مالدار ہو جاتا اور میری زیارت کو آتے ایک سردار کے (یعنی میرے) سردار اور شریف بیٹے۔ مطلب شاعر ان سرداروں کے مثل متمول اور کثیر الاولاد ہو جانے کی تمنا اس وجہ سے کرتا ہے کہ اکثر لوگوں کی ناراضی اور لڑائی جھگڑے محض افلاس اور عدم انصار کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ عمرو بن مرثد نے طرفہ کے یہ اشعار سنکر اپنے دسوں بیٹوں کو بلایا اور ہر ایک سے اسکے مال کا دسواں حصہ طرفہ کو دلوا کر ان کے برابر اسکو مالدار بنا دیا۔

(۵) ترجمہ میں ایک ایسا چست و چالاک آدمی ہوں جس سے تم خوب واقف ہو۔ کاموں میں اس طرح گھس جانے والا ہوں جیسے سانپ کا چمکتا ہوا پھن (کہ تنگ سے تنگ سوراخ میں گھس جاتا ہے)

(۶) ترجمہ میں نے قسم کھائی ہے کہ میرا پہلو ہمیشہ ایک ہندی باریک دو دھاری تیز تلوار کا استر بنا رہے گا۔ (یعنی ایک تیز تلوار ہمیشہ میرے پہلو سے بندھی رہے گی)۔

ص الالوۃ والالوّۃ والالیۃ القسم (الکشح) من الجسم ما بین السرۃ ووسط الظہر والجمع کشوح (البطانۃ) خلاف الظہارۃ فارسیتہا آستر (العضب) السیف القاطع وشفرۃ السیف حدہ ونصب بطانۃ علی انہ خبر لا ینفک ۱۲

(۱) (القربٰی) جمع قرابۃ (مضاضۃ) مصدر مض (س) اَلَم من وجع المصیبۃ (الحسام) السیف القاطع فعال من الحسم ہو القطع (والمہند) السیف المصنوع فی الہند او علی طبع الہند یقول ظلم الاقارب اشد تاثیرا فی تہییج نار الحزن والغضب من وقع السیف القاطع ۱۲

(۲) (ذر) امر من وذر مص (الشئ) ترکہ لا یستعمل فی ہذا المعنی الا المضارع او الامر (الخُلق) بسکون اللام والخُلُق بضمتین السجیۃ والطبیعۃ والجمع اخلاق (حلّ) من الحلول ہو النزول (النائی) البعید (ضرغد) اسم جبل ۱۲

(۳) قیس ابن عاصم من بنی شیبان وعمرو بن مرثد من بنی بکر بن وائل وکان سیدین من سادۃ العرب مذکورین بوفور المال وفی روایۃ قیس ابن خالد وہو سید بنی ربیعۃ یقول لو شاء اللہ لبلغنی منزلتہما وقدرہما ۱۲

(۴) (زارنی) من زارہ (ن) زیارۃ ومزارا اتاہ بقصد الالتقاء بہ فہو زائر والجمع زائرون وزُوّر وزُوّار (الابن) الولد الذکر والجمع بنون وابناء وتصغیرہ بُنَیّ والنسبۃ الیہ ابنی علی لفظہ وبنوی علی رد المحذوف واسقاط ہمزۃ الوصل (کرام) جمع کریم (سادۃ) جمع سید ہو ذو السیادۃ وقد یخفف فیقال سَیْدٌ ویجمع ایضا علی اسیاد وسیائد (المسوّد) صیغۃ المفعول من سوّد یقال سوّد الرجل اذا جعلہ سیدا وہو صفۃ لموصوف محذوف ای الرجل مسوّد یعنی بنفسہ ۱۲

(۵) (الضرب) الرجل الماضی الندب الخفیف اللحم (الخشاش) الماضی من الرجال قولہ خشاش خبر مبتدأ مقدر وہو انا یقول انا الرجل الخفیف اللحم الذی عرفتموہ وانا ماض فی الامور للخفۃ کراس الحیۃ المتوقد الشاعر شبہ سرعتہ وتیقظہ بسرعۃ راس الحیۃ وتوقدہ ۱۲

(۶) (آلیت) آلی ایلاءً وتألّی واءتلی حلف ص

حُسَامٍ اِذَا مَاقُمْتُ مُنْتَصِرًا بِهٖ صفۃ لعضب ۱۲ زائدۃ ۱۲	۱	كَفٰى الْعَوْدَ مِنْهُ الْبَدْءُ لَيْسَ بِمِعْضَدِ مفعول ۱۲ فاعل ۱۲
اَخِيْ ثِقَةٍ لَا يَنْثَنِيْ عَنْ ضَرِيْبَةٍ صفۃ عضب ۱۲	۲	اِذَا قِيْلَ مَهْلًا قَالَ حَاجِزُهٗ قَدِيْ ای کف ۱۲ کفانی ۱۲
اِذَا ابْتَدَرَ الْقَوْمُ السِّلَاحَ وَجَدْتَنِيْ ای استبقوا ۱۲	۳	مَنِيْعًا اِذَا ابْتَلَّتْ بِقَائِمِهٖ يَدِيْ ظفرت ۱۲
وَبَرْكٍ هُجُوْدٍ قَدْ اَثَارَتْ مَخَافَتِيْ بمعنی رب ۱۲	۴	بَوَادِيَهَا اَمْشِيْ بِعَضْبٍ مُجَرَّدِ اوائلہا ۱۲ الجملۃ حال من ضمیر المتکلم ۱۲
فَمَرَّتْ كَهَاةٌ ذَاتُ خَيْفٍ جُلَالَةٌ الناقۃ الضخمۃ ۱۲ ناقۃ ۱۲	۵	عَقِيْلَةُ شَيْخٍ كَالْوَبِيْلِ يَلَنْدَدِ کریمۃ ۱۲ العصا الغلیظۃ ۱۲ الالد ۱۲

(۱) ترجمہ ایسی قاطع تلوار (کو اپنے پہلو سے لٹکائے رکھنے کی قسم کھالی ہے) کہ جب میں اسکے ذریعہ بدلہ لینے کھڑا ہوں تو اس کا پہلا وار دوسرے وار سے کفایت کرے اور (درخت کاٹنے کی) درانتی (کے مثل) نہ ہو یعنی ایسی تلوار جو پہلے وار میں خاتمہ کردے دوسرے وار کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔

(۲) ترجمہ (اور جو) بھروسہ کی ہو نشانہ سے نہ اُچٹے جب (اس کے چلانے والے سے) کہا جائے کہ ٹھہر! تو اس کا روکنے والا (جس پر وہ پڑ رہی ہے) کہے میرے ختم کرنے کیواسطے پہلا وار کافی ہے۔ (یعنی میں تو پہلے ہی ضرب سے نہ بچ سکوں گا اب روکنے سے کیا فائدہ)

(۳) ترجمہ (کسی حادثہ کے وقت) جب قوم (اپنے اپنے) ہتھیار لینے دوڑے تو جسوقت اُس (تلوار) کے قبضہ پر میرا ہاتھ جم جائے تو تو مجھ کو ہی غالب پائے گا۔ (یعنی جنگ میں میں اس تلوار کی وجہ سے سب پر حاوی رہوں گا)۔

(۴) ترجمہ بہت سے سوتے ہوئے اونٹ جب میں ننگی تلوار لیکر (انکی طرف) چلا تو میرے ڈرنے اُن میں سے اگلے اونٹوں کو بھڑکا دیا۔ مطلب یعنی مجھکو تلوار ہاتھ میں لئے اپنی طرف آتا دیکھکر اونٹ اس خوف سے بھاگے کہ یہ ذبح کرنے کے لئے آرہا ہے۔

(۵) ترجمہ (مجھ سے ڈرکر بھڑکنے کی حالت میں) ایک بڑی موٹی بڑے بڑے تھنوں والی ناقہ (میرے پاس سے) گذری جو ایک ایسے سخت جھگڑالو بڈھے کا نفیس مال تھی جو (بڑھاپے کیوجہ سے سوکھ کر لٹھ کی طرح (ہوگیا) تھا۔ مطلب ایسے سخت خو بڈھے کی عمدہ اونٹنی میرے سامنے آئی جسکو میں نے اپنے ندیوں کیلئے بیخوف ذبح کردیا۔ بڈھے سے مراد شاعر کا باپ ہے جس کا قرینہ آئندہ تیسرے شعر میں موجود ہے۔

ﮧ والالد الشديد الخصومة وقد لد الرجل يلد (ن) لدا ولادا اولدا اذا خاصمه خصومة شديدة وقد لدد ته الده لدا غلبته بالخصومة ۱۲

(۱) (الحسام) السيف القاطع فعال من الحسم هو القطع وهو بدل من عضب في الشعر السابق اونعت له (منتصرا) من الانتصار هو الانتقام (العود) المراد منه الضربة الثانية (البدء) الضربة الاولى (المعضد) سيف يقطع به الشجر وهو ارذا السيوف وهو اسم آلة من عضد (ض) عضدا الشجرة قطعها بالمعضد ونثر ورقها للابل ۱۲

(۲) (الثقة) الوثوق واخي ثقة ملازمها كما يقال اخو الحرب لمن يلازم الحرب (لا ينثني) الثني هو الصرف والفعل ثنى (ض) ثنيا والانثناء الانصراف (الضريبة) ما يضرب بالسيف والجمع الضرائب والرمية ما يرمى بالسهم والجمع رمايا (مهلا) اى كف وهو مصدر لفعل محذوف اى امهل مهلا (الحاجز) المانع من حجزه (ض ن) حجزا وحجازة منعه وكفه واراد بالحاجز اما العدو الذي يضرب به فانه يكفه عن نفسه باليد او السلاح او صاحبه الضارب (قد) اسم فعل معناه حسبي وكفاني والياء ضمير المتكلم ۱۲

(۳) (ابتدر القوم) استبقوا (السلاح) اسم جامع لآلات الحرب والقتال يذكر ويؤنث والجمع اسلحة وسلح وسلحان (المنيع) الذي لا يقهر ولا يغلب (ابتلت) من بل (س) بللا بكذا ظفر به وادركه كقوله " اذا ابتلت بقائمه يدي " اى ظفرت به (قائمة السيف) مقبضه ۱۲

(۴) (البرك) الابل الباركة والواحد بارك (الهجود) جمع هاجد هو النائم (اثارت) من اثاره هو وثوره واستثاره هيّجه وهيّج (مخافتي) مصدر مضاف الى المفعول (البوادي) الاوائل والسوابق وهو جمع البادية ۱۲

(۵) (كهاة والجلالة) الناقة السمينة الضخمة (الخيف) جلد الضرع والجمع اخياف (عقيلة) كريمة المال والنساء والجمع عقائل (الوبيل) العصا الغليظة (اليلندد) والالندد ﮧ

يَقُوْلُ وَقَدْ تَرَّ الْوَظِيْفُ وَسَاقُهَا	۱	أَلَسْتَ تَرٰى أَنْ قَدْ أَتَيْتَ بِمُوْيِدٖ
وَقَالَ أَلَا مَاذَا تَرَوْنَ بِشَارِبٍ	۲	شَدِيْدٍ عَلَيْنَا بَغْيُهٗ مُتَعَمِّدٖ
وَقَالَ ذَرُوْهُ إِنَّمَا نَفْعُهَا لَهٗ	۳	وَإِلَّا تَكُفُّوْا قَاصِيَ الْبَرْكِ يَزْدَدٖ
فَظَلَّ الْإِمَاءُ يَمْتَلِلْنَ حُوَارَهَا	۴	وَيُسْعٰى عَلَيْنَا بِالسَّدِيْفِ الْمُسَرْهَدٖ
فَإِنْ مُتُّ فَانْعِيْنِيْ بِمَا أَنَا أَهْلُهٗ	۵	وَشُقِّيْ عَلَيَّ الْجَيْبَ يَا ابْنَةَ مَعْبَدٖ

(۱) ترجمہ وہ (بڈھا) اس حالت میں کہ ناقہ کی پنڈلی اور اگلا پاؤں کٹ چکا تھا (مجھ سے) کہہ رہا تھا کہ کیا تو نہیں دیکھتا کہ (ایسی عمدہ ناقہ کو ذبح کرکے) تو نے (ہمپر) ایک بڑی مصیبت لا ڈالی ہے۔

(۲) ترجمہ اور اُس (بڈھے) نے (اپنے ساتھیوں سے مخاطب ہوکر) کہا ذرا سنو! تم (مجکو) کیا مشورہ دیتے ہو کہ ایک ایسے شرابی کیساتھ کیا کیا جائے جسکی سرکشی قصداً ہمپر سخت (ہوگئی) ہو۔
مطلب شارب سے مراد طرفہ ہے یہ سوال محض شارب خمر کی تحمیق و تجہیل کے واسطے تھا چنانچہ بدون انتظار جواب پھر خود یہ کہتا ہے۔

(۳) ترجمہ اور (پھر) اُس نے کہا اس (شرابی) کو چھوڑ دو۔ اُس (ناقہ یا اونٹوں) کا نفع اسی کیواسطے ہے (اسلئے کہ یہی میرا وارث ہے) اور (ہاں) اگر دُور کے اونٹوں کو (اس سے) نہ بچاؤگے تو یہ انکو بھی ذبح کر ڈالیگا۔ (یعنی خیر ایک ناقہ کا تو کچھ نہیں مگر اب اورونکو بچاؤ)۔

(۴) ترجمہ تو چھوکریاں اس ناقہ کے (پیٹ میں سے نکلے ہوئے) بچہ کو چنگاریوں پر (اپنے لئے) بھوننے لگیں اور اس کا فربہ کوہان (یا فربہ کوہان کے ٹکڑے) ہمارے لئے جلد جلد (لائے جانے لگے یا خدام) لانے لگے۔ **مطلب** وہ ناقہ حاملہ اور بہت زیادہ قیمتی تھی اسکو ذبح کرنے کے بعد اچھا گوشت ہمنے کھایا اور بقیہ گوشت چھوکریوں کے حصہ میں آیا۔

(۵) ترجمہ۔ اگر میں مرجاؤں تو اے معبد کی بیٹی (میری بھتیجی) میری مَوت کی خبر اس طریقہ سے (لوگوں کو) سُنانا جس کا میں مستحق ہوں اور میرے اوپر (سوگ میں) گریبان چاک کرنا **مطلب** عرب کا دستور تھا کہ مرنے والے کی شان و حیثیت کے مطابق خبر مرگ سُنائی جاتی تھی اور نوحہ گری بھی ہر ایک کی حالت کے موافق کی جاتی تھی۔ چنانچہ رؤسا کے مرنے پر سال سال بھر تک رونے والی عورتوں کو اُجرت دیکر نوحہ کرایا جاتا تھا۔ اسی لئے شاعر اپنی بڑائی کے مطابق سوگ اور ماتم کرنے کی وصیت کرتا ہے۔

۳ فاشیعی خبر موتی واندبی منی بثنائی الذی استوجبہ وشقی جیبک علیّ یا ابنۃ اخی ۱۲

(۱) (ترّ) بالفوقانیۃ والراء المہملۃ (ن) ترّا و ترورا العظم انقطع وسقط (الوظیف) مستدق الذراع او الساق من الخیل او الابل جمعہ وُظُفٌ و اَوْظِفَۃٌ (الموید) الداہیۃ العظیمۃ الشدیدۃ والجمع موائد و مآوِد ۱۲

(۲) (ترون) من الرأی ای اذا ما تشیرون (بشارب) متعلق بمحذوف تقدیرہ ان نفعل بشارب وقولہ شدید علینا نعت لشارب کذا متعمد وقولہ بغیہ مرفوع لشدید یقول وقال الشیخ للحاضرین ای شیئ ترون ان نفعل بشارب خمر اشتد بغیہ علینا بعقر کرائم اموالنا ونحرہا عن عمد وقصد یرید ان الشیخ استشار اصحابہ فی شأنی و دفعی ۱۲

(۳) (ذروہ) ای اترکوہ امر من وذر ولا یستعمل فی ہذا المعنی الا الامر والمضارع والماضی منہا غیر مستعمل عند الجمہور (تکفوا) من الکف بمعنی المنع واستعمال کف (ن) کفا منع (قاصی البرک) ای ما تباعد من ہذہ الابل وقولہ الا اصلہ ان لا ان حرف الشرط فی لا وتکفوا مجزوم بالشرط و یزدد جواب الشرط ۱۲

(۴) (الاماء) جمع امۃ (یمتللن) من الامتلال ہو الملل جعل الشیئ فی الملۃ وہی الجمر والرماد الحار (الحوار) للناقۃ بمنزلۃ الولد للانسان یعم الذکر والانثی (السدیف) شحم السنام وقیل قطع السنام المقطوع والجمع سداف و اسداف (المسرہد) السمین وقولہ تسعی علینا خبر لمبتدء مقدر وہو المجذم وفی روایۃ یسعی علی صیغۃ المجہول وہو اقرب وبالسدیف فی محل الرفع لکونہ نائبا مناب الفاعل ۱۲

(۵) (انعینی) مؤنث مخاطب الامر من نعی (ف) الیہ فلانا نعیا ونعیًّا ونعیانا اخبر بوفاتہ الشاعر لما فرغ من تعداد مفاخرہ اوصی ابنۃ اخیہ معبد بالندب یقول ان ہلکت ۳

وَلَا تَجْعَلِنِّي كَامْرِئٍ لَيْسَ هَمُّهُ	۱	كَهَمِّي وَلَا يُغْنِي غَنَائِي وَمَشْهَدِي
بَطِيءٍ عَنِ الْجُلَّى سَرِيعٍ إِلَى الْخَنَا	۲	ذَلُولٍ بِأَجْمَاعِ الرِّجَالِ مُلَهَّدِ
فَلَوْ كُنْتُ وَغْلًا فِي الرِّجَالِ لَضَرَّنِي	۳	عَدَاوَةُ ذِي الْأَصْحَابِ وَالْمُتَوَحِّدِ
وَلَكِنْ نَفَى عَنِّي الرِّجَالَ جَرَاءَتِي	۴	عَلَيْهِمْ وَإِقْدَامِي وَصِدْقِي وَمَحْتِدِي
لَعَمْرُكَ مَا أَمْرِي عَلَيَّ بِغُمَّةٍ	۵	نَهَارِي وَلَا لَيْلِي عَلَيَّ بِسَرْمَدِ
وَيَوْمٍ حَبَسْتُ النَّفْسَ عِنْدَ عِرَاكِهَا	۶	حِفَاظًا عَلَى عَوْرَاتِهِ وَالتَّهَدُّدِ

(۱) ترجمہ اور مجھے اُس شخص کی طرح نہ کردینا جس کی ہمت میری ہمت کی طرح نہیں اور نہ (مہمات میں) میری طرح اس کی کارپردازی ہے اور نہ میری طرح اس کا لڑائیوں میں حاضر ہونا ہے۔ (غرض کم مرتبہ لوگوں کی طرح مجھے نہ بنا دینا)۔

(۲) ترجمہ (میری موت اُس آدمی کی طرح نہ کردینا جو) بڑے کاموں میں سُست اور بُرے کام میں چُست ہو لوگوں کے دھول دھپّوں کی وجہ سے ذلیل اور (مجالس میں سے) دھکیلا ہوا ہو۔

(۳) ترجمہ اگر میں لوگوں میں کمینہ ہوتا تو یقیناً جتھے والے یا تنہا شخص کی دشمنی مجھے نقصان پہنچاتی مطلب۔ لیکن چونکہ میں نہایت بہادر اور نڈر ہوں لہٰذا اب مجھے کسی کی پرواہ نہیں۔

(۴) ترجمہ لیکن لوگوں پر میری جرأت نے اور (جنگ میں) پیشقدمی، اور راست بازی اور نسلی شرافت نے لوگوں کی مخالفت کو مجھ سے دور کردیا (اب بڑے سے بڑا آدمی بھی مجھ سے نظر نہیں ملا سکتا)۔

(۵) ترجمہ تیری جان کی قسم میرا کوئی کام دن میں مجھے تردد میں نہیں ڈالتا اور نہ میری رات میرے اوپر (غم وفکر کی وجہ سے) دراز ہے مطلب پست ہمتی کی وجہ سے انسان اپنے کاموں میں متردد ہوتا ہے اور رنج وغم کی وجہ سے رات دراز ہو جاتی ہے۔ لیکن اولوالعزم اور بہادر لوگ اِن دونوں باتوں سے ناآشنا ہوتے ہیں۔

(۶) ترجمہ بہت سے ایسے دن ہیں کہ جنہیں میں نے قتل وقتال کے وقت اپنی آبرو کی حفاظت اور دشمنوں کی دھمکی کے خیال سے اپنے نفس کو تھامے رکھا۔ (اور دل کو گھبرانے نہ دیا)۔

۵ امر مبہم ملتبس (السرمد) الدائم الشاعر یمدح نفسہ لمضاء العزیمۃ وذکاء الطبیعۃ ۱۲

(۶) (العراک) والمعارکۃ القتال واصلہا من العرک ہو الدلک واستعمالہ (عرک) (ن) عرکا الادیم دلکہ ومن (س) کان شدید البطش فی القتال (الحفاظ) المحافظۃ علی ما تجب حفاظتہ من حمایۃ الحوزۃ والذب عن الحرم ودفع الذم عن الاحساب (العورۃ) کل امر یکمن للستر وکل خلل یتخوف منہ فی حرب وکل عضو یسترہ الانسان من جسدہ انفۃ وحیاء جمعہا عورات وعَوَرات ۱۲

(۱) (الہم) والہمۃ اسمان لداعیۃ النفس لطلب العلی والمعنی (الغناء) الکفایۃ (المشہد) ہو الشہود ای لا یغنی غنائی مثل غنائی ولا یشہد الوقائع شہودا مثل شہودی یرید لا تسوّ فی الندب والبکاء بینی وبین من لا یساوینی فی ہذہ الخصال ۱۲

(۲) (بطیء) ضد سریع من بطؤ (ک) بُطأً وبطاءً وابطأ فہو بطیء والجمع بطاء (الجلی) مؤنث الاجل والمراد الخطۃ العظیمۃ (الخنا) الفحش (ذلول) السہل الانقیاد والجمع اذلۃ وذُلُل (اجماع) جمع جُمع وہو ان تضم اصابعک وتجمعہا فی کفک (ملہد) من التلہید ہو مبالغۃ اللہد وہو الدفع بجمع الکف یقال لہدہ یلہدہ لہدا اذا دفعہ والبیت کلہ من صفۃ امرئ ینہی ابنۃ اخیہ ان تعدل غیرہ ۱۲

(۳) (الوغل) الضعیف الدنی المحتقر الداخل علی القوم فی طعامہم وشرابہم من غیر ان یُدعیٰ جمعہ اوغال ویستعار للئیم مطلقا (المتوحد) المنفرد یقول لو کنت ضعیفا من الرجال لضرتنی معاداۃ ذی الاتباع والمنفرد الذی لا تابع لہ ۱۲

(۴) قولہ نفی عنی الرجال ای نفی عنی معارضۃ الرجال فحذف المضاف واقیم المضاف الیہ مقامہ (الجراءۃ) والجرأۃ واحد والفعل جرؤ (ک) والنعت جریء وقد جرأہ علی کذا ای شجعہ علی کذا (المحتد) الاصل یقول نفی عنی مخاصمۃ الرجال شجاعتی واقدامی فی الحروب وصدق صبریتی وکرم اصلی ۱۲

(۵) (الغمۃ) والغم واحد واصلہ التغطیۃ والفعل غم (ن) ومنہ الغمام لانہ یغم السماء ای یغطیہا ومنہ الاغم والغماء لان کثرۃ الشعر تغطی الجبین والقفا والمراد بامر غمۃ ص

۱	عَلٰی مَوْطِنٍ یَخْشَی الْفَتٰی عِنْدَهُ الرَّدٰی	مَتٰی تَعْتَرِکْ فِیْهِ الْفَرَائِصُ تُرْعَدِ
۲	أَرَی الْمَوْتَ أَعْدَادَ النُّفُوْسِ وَلَا أَرٰی	بَعِیْدًا غَدًا مَا أَقْرَبَ الْیَوْمَ مِنْ غَدِ
۳	وَأَصْفَرَ مَضْبُوْحٍ نَظَرْتُ حِوَارَهُ	عَلَی النَّارِ وَاسْتَوْدَعْتُهُ کَفَّ مُجْمِدِ
۴	سَتُبْدِیْ لَکَ الْأَیَّامُ مَا کُنْتَ جَاهِلًا	وَیَأْتِیْکَ بِالْأَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ
۵	وَیَأْتِیْکَ بِالْأَخْبَارِ مَنْ لَمْ تَبِعْ لَهُ	بَتَاتًا وَلَمْ تَضْرِبْ لَهُ وَقْتَ مَوْعِدِ

تشتر ۱۲ — الزاد ۱۲ — ای لم توضح ۱۲

(۱) ترجمہ ایسے مقام پر (نفس کو قابو میں رکھا) جہاں بہادر کو (بھی) ہلاکت کا ڈر ہو اور جب (گھمسان کی لڑائی میں) شانہ سے شانہ رگڑ کھائے تو (گھبراہٹ سے) کپکپانے لگے۔ مطلب ایسے دن میں نفس کو قابو میں رکھا جہاں بڑے بڑے بہادر لرزہ براندام ہو جاتے ہیں۔

(۲) ترجمہ میں موت کو جانوں کی تعداد میں سمجھتا ہوں (جتنے نفوس ہیں اتنی ہی موتیں ہر نفس کے لئے موت ہے، جو آج نہ مرا کل مریگا) اور کل (بھی) دور نہیں۔ آج سے کل کس قدر قریب ہے (تو پھر موت سے ڈرنا اور گھبرانا فضول ہے)۔

(۳) ترجمہ بہت سے جھلسے ہوئے زرد (رنگ) تیر (جوئے کی بازی لگانے کیلئے) ہارنے والے جواری کے ہاتھ میں دئے اور (ہاتھ پیر تاپنے کے لئے) آگ پر بیٹھ کر میں نے اس کے جواب کا انتظار کیا۔ مطلب اپنی قمار بازی کی تعریف کرتے ہوئے کہتا ہے کہ ایام سرما (قحط) میں ہارنے والے جواری کے ہاتھ سے جوا کھلواتا ہوں۔

(۴) ترجمہ تیرے لئے زمانہ ان چیزوں کو ظاہر کریگا جن سے تو بالکل غافل ہے اور تجھے وہ شخص خبریں لاکر سنائے گا جسکو تونے کوئی توشہ نہیں دیا (غرض غیر متوقع طریقہ سے زمانہ تیرے سامنے واقعات پیش کرے گا)

(۵) ترجمہ تجھے وہ شخص خبر لاکر سنائے گا جسکے لئے تونے کوئی زاد سفر نہیں خریدا اور نہ اس کے لئے کوئی ملاقات کا وقت متعین کیا۔ (زمانہ انسان پر ان واقعات کا انکشاف کرتا ہے جن کا اسے کوئی سان وگمان بھی نہ تھا)۔

م ضرب الله مثلاً ای بین واوضح یقول سینقل الیک الاخبار من لم تشتر له متاع المسافر ولم تبین له وقتا النقل الاخبار الیک ۱۲

(۱) (الموطن) موضع الحرب والجمع مواطن قوله علی موطن متعلق بحبست (الردی) الہلاک والفعل ردی (س) ردی ہلک والارداء الاہلاک (تعترک) من الاعتراک ہو والتعارک الازدحام (الفرائص) جمع فریصة وہی لحمة بین الجنب والکتف ترعد عند الفزع ویقال أرعدت فرائصه عند الفزع ای اخذتہا الرعدة

(۲) (الاعداد) جمع عدد یقول انی اری الموت بقدر نفوس الناس ولا اری الغد بعیداً ما الذی تجیء الیوم متصلاً من الغد وہذا البیت من روایة ابی عبیدة اما الاصمعی فلم یعرف منه الا الشطر الاخیر عن جریر فقط قال حدثنی رجل من اصلاخ قال قدم علینا جریر فقلنا له من اشعر الناس قال الذی یقول "بعیداً غداً ما اقرب الیوم من غد" قال الاصمعی لم یات بہذا البیت غیر جریر ۱۲

(۳) (الاصفر) المراد منه قدح المیسر لان النار تجعله اصفر (المضبوح) الذی غیرته النار وانما یفعل ذلک بالسہم لیصلب ویصفر واستعماله ضبح (ف) ضبحا النار العود غیرت لونه (الحوار) والمحاورة مراجعة الحدیث واصله من قولہم حار (ن) یحور اذا رجع ومنه قول لبید ع وما المرء الا کالشہاب وضوئه یحور رماداً بعد اذ ہو ساطع۔ (النظر) الانتظار (استودعته) ای اودعته (المجمد) الذی لا یفوز واصله من الجمود ۱۲

(۴) (من لم تزود) ای لم تعط زاداً وہو طعام یتخذ للسفر یقول ستظہر لک الایام ما کنت غافلاً عنه وینقل الیک الاخبار من لم تزوده ۱۲

(۵) (تبع) ای تشتری من البیع وہو من الاضداد (البتات) الزاد ومتاع المسافر (لم تضرب له) ای لم تبین له کقوله تعالیٰ م

المعلقة الثالثة

أَمِنْ أُمِّ اَوْفٰى دِمْنَةٌ لَمْ تَكَلَّمِ الہمزۃ للاستفہام ۱۲ موصوف ۱۲ صفۃ ۱۲	۱	بِحَوْمَانَةِ الدَّرَّاجِ فَالْمُتَثَلَّمِ موضع ۱۲ موضع ۱۲
وَدَارٌ لَهَا بِالرَّقْمَتَيْنِ كَاَنَّهَا معطوف علی دمنۃ ۱۲ الروضتان بناحیۃ القصان ۱۲ ای رسوبہا ۱۲	۲	مَرَاجِيْعُ وَشْمٍ فِيْ نَوَاشِرِ مِعْصَمِ عروق ۱۲ ساعۃ ۱۲

یہ معلقہ زہیر ابن ابی سلمیٰ مُزنی کا ہے۔ زہیر کا نام ربیعہ بن رباح ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد سے کچھ پہلے گذرا ہے۔ اس قصیدہ میں حارث بن عوف بن ابی حارثہ مُرّی اور ہرم بن سنان بن ابی حارثہ مرّی کی اسوجہ سے مدح کرتا ہے کہ انھوں نے قبیلہ عبس اور ذبیان کے مابین صلح پایۂ تکمیل کو پہنچادی تھی اور دیت کا تمام بار اپنے سر لے لیا تھا۔ واقعہ اس طرح ہے کہ ایک عبسی شخص ورد بن حابس نامی نے ہرم بن ضمضم کو جنگ عبس وذبیان میں صلح ہونے سے قبل قتل کر دیا تھا۔ اسکے بعد دونوں قبیلوں میں صلح ہوگئی۔ مگر ہرم بن ضمضم کا بھائی حصین بن ضمضم صلح میں شامل نہوا اور قسم کھالی کہ جبتک اپنے بھائی کے قاتل یا بنی عبس میں سے خاص بنی غالب کے کسی شخص کو قتل نہ کرلونگا اپنا سر نہ دھوؤنگا۔ حصین بن ضمضم کے اس عہد کی کسی کو خبر نہ ہوئی۔ اسکے بعد ایک عبسی شخص اسکے ہاں بطور مہمان آیا۔ حصین نے اس سے دریافت کیا کہ تو کس خاندان کا ہے۔ اسنے کہا عبسی ہوں پوچھا کہ بنی عبس میں سے کس خاندان کا؟ اسی طرح پوچھتے پوچھتے یہ معلوم کرلیا کہ وہ بنی غالب سے منسوب ہے، اور قتل کر دیا۔ اس واقعہ کی خبر حارث بن عوف اور ہرم ابن سنان کو ملی تو انپر بہت شاق گزرا۔ اور بنی عبس کو خبر ہوئی تو وہ آمادۂ جنگ ہو کر حارث کی طرف روانہ ہوگئے۔ حارث نے ان کے آمادۂ پیکار ہونے کی خبر سنکر سو اونٹ اور اپنا بیٹا ان کے پاس بھیجدیا اور قاصد کے ذریعہ سے کہلا بھیجا کہ دیت میں اونٹ لے لینا پسند کرتے ہو یا قصاص میں میرے بیٹے کا قتل۔ ربیعہ بن زیاد نے قوم کو حارث کا یہ پیغام سنادیا۔ بنی عبس نے کہا کہ نہیں ہم اونٹ لیکر باہم صلح کرنے کیلئے آمادہ ہیں۔ اس طرح یہ صلح پایۂ تکمیل کو پہنچی "

(۱) ترجمہ کیا یہ کوڑا کباڑ ڈالنے کی جگہ جس نے بات چیت نہیں کی اُمّ اوفٰی (کے گھر) کی ہے جو درّاج اور متثلم کی پتھریلی زمین میں واقع ہے مطلب چونکہ عرصہ دراز کے بعد دیار محبوبہ پر گذر ہوا تو بطور دردمندی یا شک کے ان کے متعلق سوال کرتا ہے۔

(۲) ترجمہ اور اُس (اُم اوفٰی) کا ایک گھر (قصان کے) دو باغوں کے درمیان ہے جس کے نشانات گویا کہ پہنچے کے ظاہر حصہ پر دوبارہ گودنے کے نشانات ہیں مطلب۔ سیلابوں کی وجہ سے مٹی بہہ کر مکان کے جو نشانات دوبارہ نمودار ہوگئے ہیں انھیں گودنے کے نشانوں سے جو مکرر ہوئے ہوں تشبیہ دی ہے۔

(۱) (اُمّ اوفٰی) كنية عشيقته وقيل امرأة كانت من بني اسد فغارت على امرأته فطلقها زهير ثم ندم فذكرها في هذه الاشعار كما كانت عادة العرب (الدمنة) ما اسود من آثار الدار بالبعر والرماد وغيرهما والجمع الدِمَن والدمنة ايضا الحقد والسرجين والاول هو المراد في البيت (الحومانة) الارض الغليظة قوله من ام اوفى يريد امن منازل ام اوفى فحذف المضاف واقام المضاف اليه مقامه (تكلم) تجزم بلم ثم حرك بالكسر ليستقيم الوزن والتصريع والاستفهام للشك اي هذه الدار لها ام لا او للاظهار التفجع ۱۲

(۲) (الرقمتان) روضتان احداهما قريبة من البصرة والاخرى قريبة من المدينة فاراد انها تحل الموضعين عند الانتجاع لانها تسكنهما جميعا لان بينهما مسافة بعيدة (المراجيع) جمع المرجوع اي ما كرر وجدد من الوشم من قولهم رجعه رجعا اذا كرره ومنه في التنزيل فارجع البصر كرتين (النواشر) جمع الناشر وقيل الناشرة وهي عرق في باطن الذراع (المعصم) موضع السوار من اليد والجمع المعاصم قوله دار لها المراد داران لها فاجتزأ بالواحد لزوال اللبس للعلم ان الدار الواحدة لا تكون في موضعين بينهما مسافة بعيدة وقوله كانها اراد كان رسومها واطلالها فحذف المضاف وقيل اراد بالرقمتين الروضتان بناحية القصان وهو قريب من المتثلم وعلى هذا الاحاجة الى ان يقال انه اراد داران واكتفى على الواحد الخ وعلى هذا معناه ما قلت في الهندية ۱۲

بِهَا الْعِيْنُ وَالْآرَامُ يَمْشِيْنَ خِلْفَةً	۱	وَأَطْلَاؤُهَا يَنْهَضْنَ مِنْ كُلِّ مَجْثَمِ
وَقَفْتُ بِهَا مِنْ بَعْدِ عِشْرِيْنَ حِجَّةً	۲	فَلَأْيًا عَرَفْتُ الدَّارَ بَعْدَ تَوَهُّمِ
أَثَافِيَّ سُفْعًا فِيْ مُعَرَّسِ مِرْجَلٍ	۳	وَنُؤْيًا كَجِذْمِ الْحَوْضِ لَمْ يَتَثَلَّمِ
فَلَمَّا عَرَفْتُ الدَّارَ قُلْتُ لِرَبْعِهَا	۴	أَلَا انْعِمْ صَبَاحًا أَيُّهَا الرَّبْعُ وَاسْلَمِ
تَبَصَّرْ خَلِيْلِيْ هَلْ تَرٰى مِنْ ظَعَائِنٍ	۵	تَحَمَّلْنَ بِالْعَلْيَاءِ مِنْ فَوْقِ جُرْثُمِ

(۱) ترجمہ ان مکانات میں نیل گائیں اور ہرن آگے پیچھے (بکثرت) پھرتے ہیں اور ان کے بچے (دودھ پینے کیلئے) ہر جگہ سے اٹھتے ہیں **مطلب** غرض اب وہاں وحشی جانوروں کی کثرت ہے اور وہ مکان بالکل ویران ہو گئے ہیں۔

(۲) ترجمہ میں اس مکان پر بیس سال کے بعد ٹھہرا تو تامل کے بعد مشقت سے ان گھروں کو پہچانا **مطلب** چونکہ نشانات بالکل مٹ چکے تھے اور عرصہ دراز کے بعد ان مکانات پر گذر ہوا تھا۔ اسلئے بہت دیر میں تامل بسیار کے بعد ان کو پہچان سکا۔

(۳) ترجمہ سیاہ پتھروں کو جو کہ ہانڈی رکھنے کی جگہ میں تھے اور نالی کو جو کہ اصل حوض کی طرح تھی اور ٹوٹی نہ تھی (میں نے تامل کے بعد) پہچانا **مطلب** بہت غور وخوض کے بعد دارِ محبوبہ کے ان علامات کی شناخت کی۔

(۴) ترجمہ۔ پس (تامل کے بعد) جب گھر کو پہچان لیا تو میں نے اسکے گھر کو (مخاطب کر کے) کہا کہ اے دارِ حبیب تو صبح کے وقت خدا کرے خوش عیش رہے اور (لوٹ مار سے) سالم ومحفوظ رہے۔

(۵) ترجمہ اے میرے دوست نظر جما کر دیکھ کیا تو ان ہودج نشین عورتوں کو دیکھتا ہے جو جرثم سے اوپر بلند مقام میں اونٹوں پر سوار ہو کر جا رہی ہیں۔ (یا غایت مدہوشی کی وجہ سے صرف میری نظروں میں یہ سماں بندھ گیا ہے)۔

۴ صباحک من النعمۃ وہی طیب العیش وخص الصباح بہذا الدعاء لان الغارات والکرائہ تقع صباحا وفیہا اربع لغات الاولیٰ انعم صباحا بفتح العین من نعم ینعم مثل علم یعلم والثانیۃ انعِم صباحا من نعم ینعِم مثل حسب یحسب ولم یات من الصحیح علی وزنہما سواہما والثالثۃ عِمْ صباحا من وعم یعِم مثل وضع یضع والرابعۃ عِمْ صباحا من وعم یعِم مثل وعد یعد ۱۲

(۵) (تبصّر) من التبصر وہو النظر (الظعائن) جمع ظعینۃ وہی امرأۃ فی ہودجہا لانہا تظعن مع زوجہا من الظعن وہو الارتحال (العلیا) الارض المرتفعۃ (جرثم) ماء لبنی اسد (تحمّلن) ای ترحلن یرید الشاعر ان الوجد برح بہ والصبابۃ الحت علیہ حتی ظن المحال لفرط وَلَہٖ واتعاؤان کونہن بحیث یراہن خلیل بعد مضی عشرین سنۃ محال ۱۲

(۱) (العین) جمع العیناء وہی واسعۃ العین صفۃ لمحذوف ای البقر العین والعین ایضا سعۃ العین (الآرام) جمع رِئم وہو الظبی الابیض الخالص البیاض (خلفۃ) ای یخلف بعضہا بعضا اذا مضی قطیع منہا جاء قطیع آخر ومنہ قولہ تعالیٰ وہو الذی جعل اللیل والنہار خلفۃ یرید ان کلا منہما یخلف صاحبہ فاذا ذہب اللیل جاء النہار واذا ذہب النہار جاء اللیل (الاطلاء) جمع الطلاء ہو ولد الظبی والبقرۃ الوحشیۃ ویستعار لولد الانسان ویکون ہذا الاسم للولد من حین یولد الی شہر او اکثر منہ (المجثم) موضع الجثوم والجمع مجاثم یقال جثم (ض ون) جثما وجثوما الرجل او الطائر او الحیوان تلبّد بالارض فہو جاثم والجمع جُثّم ۱۲

(۲) (الحجۃ) ہی السنۃ والجمع الحجج (اللأی) الابطاء والجہد والمشقۃ وکذلک اللأواء ویقال لأی یلأی لأیا ابطأ واحتبس ونصب لأیا علی الحال من ضمیر عرفت یقول وقفت بدار العشیقۃ بعد مضی عشرین سنۃ فعرفتہا مبطئا مجتہدا فی معرفتہا بعد توہم یرید انہ لم یعرفہا الا بعد جہد ومشقۃ لبعد العہد بہا واندراس اعلامہا ۱۲

(۳) (الاثافی) جمع اثفیۃ وہی حجر یوضع علیہ وان کان من الحدید فیسمی منصبا مناصب (السفع) مثل السود جمع الاسفع بمعنی الاسود والسفاع السواد (المعرس) موضع التعریس ہو النزول فی آخر اللیل ثم استعیر للمکان الذی ینصب فیہ القدر (المرجل) القدر (النؤی) حفیرۃ حول الخباء تمنع السیول التی تنصب من البیت عند المطر والجمع الاناء (الجذم) الاصل (التثلم) التہدم ۱۲

(۴) (الربع) الدار کانت العرب تقول فی تحیتہا (انعم صباحا) ای طاب عیشک فی

عَلَوْنَ بِأَنْمَاطٍ عِتَاقٍ وَكِلَّةٍ	۱	وِرَادٍ حَوَاشِيهَا مُشَاكِهَةِ الدَّمِ
وَوَرَّكْنَ فِي السُّوبَانِ (ابار السعدية ۱۲) يَعْلُونَ مَتْنَهُ	۲	عَلَيْهِنَّ دَلُّ (اطرافها ۱۲) النَّاعِمِ الْمُتَنَعِّمِ
بَكَرْنَ بُكُورًا وَاسْتَحَرْنَ بِسُحْرَةٍ	۳	فَهُنَّ لِوَادِي الرَّسِّ كَالْيَدِ لِلْفَمِ
وَفِيهِنَّ مَلْهًى لِلَّطِيفِ وَمَنْظَرٌ	۴	أَنِيقٌ لِعَيْنِ النَّاظِرِ الْمُتَوَسِّمِ
كَأَنَّ فُتَاتَ الْعِهْنِ فِي كُلِّ مَنْزِلٍ	۵	نَزَلْنَ بِهِ حَبُّ الْفَنَا لَمْ يُحَطَّمِ

(۱) ترجمہ (اُن زنانِ ہودج نشین نے ہودجوں کے) اوپراو نچی عمدہ کپڑے اور (اُن پر زیبائش کے لئے) ایک ایسا باریک پردہ ڈالدیا ہے جس کے اطراف خون کے مثل سُرخ ہیں یا جن کے کناروں کا رنگ دَمُ الاخوین کے مانند ہے)۔

(۲) ترجمہ مقام سوبان میں چڑھتے ہوئے جبکہ اُن پر ناز پروردہ (معشوق) کی سی ادائیں تھیں (گویا) وہ ہودج نشین عورتیں سواریوں کے پٹھوں پر سوار (معلوم ہوتی) تھیں مطلب چڑھائی پر اونٹ کا کجاوہ اسکے سُرینوں کی طرف جُھک جاتا ہے۔ اسکو لفظ ورّکن سے تعبیر کیا ہے۔

(۳) ترجمہ۔ وہ صبح سویرے اُٹھیں اور تڑکے سے چل دیں پس وہ وادیِ رس کیلئے (قصد کُناں اسطرح تھیں) جیسے کہ ہاتھ مُنہ کیلئے مطلب صبح سویرے اُٹھکر سیدھی وادیٔ رس میں اسطرح پہنچیں جیسے کھانا کھاتے وقت بدون کسی غلطی اور تکلف کے ہاتھ سیدھا مُنہ میں پہنچتا ہے۔

(۴) ترجمہ ان میں لطیف الطبع انسان کیلئے خوش طبعی کی جگہ ہے اور تاڑنے والے نظر باز کی آنکھ کیلئے بہترین منظر ہے۔ مطلب یعنی وہ عورتیں نہایت حسین ہیں۔

(۵) ترجمہ جس مقام پر وہ جاکر اُتریں اُن کے ٹکڑے اُس مکوہ کی طرح (معلوم ہوتے) تھے جو (درخت سے) نہ توڑی گئی ہو۔ مطلب یعنی اس رنگی ہوئی اون کے ٹکڑوں کو جو ہودجوں کی زیب و زینت کیلئے آویزاں کئے گئے تھے اور جو راستہ میں گرگئے ہیں مکوہ سے تشبیہ دی گئی ہے اور لم یحطم کی قید اسوجہ سے لگائی ہے کہ درخت سے ٹوٹنے کے بعد مکوہ میں آب و تاب باقی نہیں رہتی۔

المصبوغ والجمع عهون (الفنا) عنب الثعلب وهو شجر حبّه اكثره احمر شديد الحمرة واقله اسود شديد السواد يتخذ منه القلائد (لم يحطم) من التحطيم هو التكسير وجملة لم يحطم فى موضع الحال من حبّ الفنا ۱۲

(۱) (انماط) جمع نمط هو ما يبسط من صنوف الثياب (العتاق) الكرام جمع عتيق (الكلة) الستر الرقيق والجمع الكلل (الوراد) جمع ورد هو الاحمر الذى يضرب لونه الى الحمرة (حواشيها) اطرافها (المشاكهة) المشابهة ويروى فى المصرع الاخير وراد الحواشى لونها لون عندم والعندم دم الاخوين ۱۲

(۲) (ورّكن) من التوريك هو ركوب اوراك الدابة اى اكفالها (السوبان) اسم لارض مرتفعة (الدلّ) الغنج يقال دلّ (س) دلًّا ودلالًا اذا تغنج (النعمة) طيب العيش ومنه (الناعم) (المتنعم) المتكلف فى النعمة وجملة يعلون متنه فى موضع الحال من ضمير ورّكن ۱۲

(۳) (بكرن) اى سرن بكرة من (ن) يقال بكر وابتكر وبكّر وابكر اى سار بكرة (استحرن) اى خرجن سحرًا (السحرة) الاسم للسحر ولا ينصرف سحرة وسحر اذا عنيتهما من يومك الذى انت فيه وان عنيت سحرًا من الاسحار صرفتها (وادى الرس) اسم واد بعينه يقول انهن خرجن بكرة وسرن بسحرة وهن قاصدات لوادى الرس كاليد القاصدة للفم اى انهن لا يخطئن الرس كاليد لا تخطئ الفم ۱۲

(۴) (الملهى) اللهو او موضعه من لها (ن) (اللطيف) المتأنق الحسن المنظر (الانيق) المعجب هو فعيل بمعنى المفعل كالحكيم بمعنى المحكم ومنه الايناق بمعنى الاعجاب (المتوسم) هو متتبع محاسن الشئ كما فى قوله تعالى وفيه آيات للمتوسمين ۱۲

(۵) (الفتات) اسم لما انفت من الشئ اى تقطع وتفرق واصله من الفت هو التقطيع والتفريق والفعل فتّ (ن) بمعنى قطّع وفرّق (العهن) الصوف

فَلَمَّا وَرَدْنَ الْمَاءَ زُرْقًا جِمَامُهُ	۱	وَضَعْنَ عِصِيَّ الْحَاضِرِ الْمُتَخَيِّمِ
ظَهَرْنَ مِنَ السُّوبَانِ ثُمَّ جَزَعْنَهُ	۲	عَلَى كُلِّ قَيْنِيٍّ قَشِيبٍ وَمُفْأَمِ
جَعَلْنَ الْقَنَانَ عَنْ يَمِينٍ وَحَزْنَهُ	۳	وَكَمْ بِالْقَنَانِ مِنْ مُحِلٍّ وَمُحْرِمِ
فَأَقْسَمْتُ بِالْبَيْتِ الَّذِي طَافَ حَوْلَهُ	۴	رِجَالٌ بَنَوْهُ مِنْ قُرَيْشٍ وَجُرْهُمِ
يَمِينًا لَنِعْمَ السَّيِّدَانِ وُجِدْتُمَا	۵	عَلَى كُلِّ حَالٍ مِنْ سَحِيلٍ وَمُبْرَمِ
سَعَى سَاعِيَا غَيْظِ بْنِ مُرَّةَ بَعْدَ مَا	۶	تَبَزَّلَ مَا بَيْنَ الْعَشِيرَةِ بِالدَّمِ

(۱) ترجمہ جب وہ عورتیں اُس پانی پر اُتریں جس کی گہرائیاں نیلگوں (معلوم ہوتی) تھیں۔ تو انھوں نے خیمہ نصب کرنے والے شہری کی طرح لاٹھیاں رکھدیں مطلب لاٹھیوں کا رکھدینا اقامت سے کنایہ ہے یعنی وہ اس کثیر پانی پر مقیم ہوگئیں۔

(۲) ترجمہ وہ عورتیں وادیِ سُوبان سے نکلیں پھر (دوبارہ) اس سُوبان کو ہر نئے وسیع کجاوہ پر (بیٹھکر) قطع کیا مطلب یہ وادی دو مرتبہ اُن کے راستہ میں پڑی اور وہ عورتیں دوبارہ اسمیں سے گذریں۔

(۳) ترجمہ۔ اُن عورتوں نے کوہِ قنان اور اسکی پتھریلی زمین کو داہنی جانب چھوڑا اور قنان میں بہت سے ایسے لوگ ہیں جن کا خون (دشمنی کی بنا پر ہمارے لئے) حلال ہے اور بہت سے ایسے ہیں جن کا خون (دوستی کی وجہ سے) حرام ہے۔

(۴) ترجمہ پس میں نے اُس گھر کی قسم کھائی جس کے گرد قبیلہ قریش اور جُرہُم کے اُن لوگوں نے طواف کیا جنہوں نے اسکو بنایا (یعنی خانۂ کعبہ کی قسم کھائی)۔

(۵) ترجمہ میں خانۂ کعبہ کی قسم کھاتا ہوں کہ ہر قوت وضعف کی حالت میں تم (ہی) دونوں دو بہترین سردار پائے گئے (یعنی ہر حال میں تم مستحق مدح وثنا رہو)

(۶) ترجمہ قبیلہ غیظ بن مُرّۃ کے دو کوشش کرنے والے شخصوں نے صلح کرانے کی کوشش کی اس کے بعد کہ باہمی خونریزی کی وجہ سے خاندانی علاقوں اور رابطوں کا شیرازہ پریشان ہو چکا تھا۔ (جنگ عبس وذبیان میں صلح کرانے والے ہرم بن سنان اور حارث بن عوف تھے جیسا کہ آگے بیان کرتا ہے)۔

(۱) (وردن) ای نزلن علی الماء من ورد یرد ورودا الماء خلاف صدر عنہ فہو وارد (الزرق) جمع الازرق ماخوذ من الزرقۃ وہی لون کلون السماء (ماءً ازرق) صاف عن الکدورات واستعمالہ من (س) (الجمام) جمع الجم وہو ما اجتمع من الماء فی البئر وغیرہا (العصی) کالعصی جمع عصا (وضعن العصی) ای القین ووضع العصا کنایۃ عن الاقامۃ لان المسافرین اذا اقاموا وضعوا عصیہم (الحاضر) خلاف البادی کائن فی الحضارۃ وہی خلاف البدو (المتخیم) المتخذ الخیمۃ للاقامۃ ۱۲

(۲) (السوبان) اسم لارض مرتفعۃ (جزعنہ) ای قطعنہ من الجزع وہو القطع استعمالہ من (ف) الجوہری تقطعہ (القینی) منسوب الی القین وہو عند العرب کل صانع کالحداد والجزار واصل القین الاصلاح والفعل منہ قان یقین (ض) وضع المصدر موضع اسم الفاعل وجعل کل صانع قینا لانہ یصلح وقولہ علی کل قینی ای رحل قینی حذف الموصوف واقام الصفۃ مقامہ ویروی علی کل حیری منسوب الی الحیرۃ وہی بلدۃ (القشیب) الجدید (المفأم) الموسع

(۳) (القنان) اسم جبل لبنی اسد (الحزن) الارض الغلیظۃ (المحل) من لا عہد لہ ولا ذمۃ (المحرم) من لہ حرمۃ العہد والذمۃ یقول ترکت الظعائن ہذا الجبل وما غلظ من الارض التی تلی الجبل عن ایمانہن واکثر ما استقر بہذا الجبل من اعدائنا الذین یحل لنا قتلہم ومن اولیائنا الذین یحرم علینا قتلہم ۱۲

(۴) (الجرہم) قبیلۃ قدیمۃ تزوج فیہا اسمٰعیل علیہ السلام فغلبوا علی الکعبۃ والحرم بعد وفاتہ علیہ السلام وضعف امر اولادہ ثم استولی علیہ بعد جرہم خزاعۃ الی ان عادت الی قریش وہو (قریش) اسم لولد النضر بن کنانۃ واراد بالبیت الکعبۃ زادہا اللہ شرفا ۱۲ (۵) (یمینا) منصوب علی المصدریۃ من اقسمت (السیدان) ہما ہرم بن سنان والحارث بن عوف (السحیل) من الحبل الذی یفتل فتلا واحدا کما یفتل الخیاط خیطہ (المبرم) الذی جمع بین مفتولین فتفتلا حبلا واحدا ثم السحیل ہہنا کنایۃ عن الرخاء والمبرم عن الشدۃ یقول اقسمت قسما نعم السیدان وجدتما فی کل حال یعنی وجدتما کاملین مستوفیین للشرف فی الرخاء والشدۃ ۱۲

(۶) (غیظ بن مرۃ) حی من ذبیان وہو غیظ بن مرۃ بن عوف بن سعد بن ذبیان (تبزل) ای تشقق وقولہ (ساعیا) اراد ساعیان فحذف النون للاضافۃ ویعنی بالساعیین ہرم بن سنان وحارث بن عوف وقولہ بالدم ای بسفک الدم حذف المضاف واقام المضاف الیہ مقامہ ۱۲

تَدَارَكْتُمَا عَبْسًا وَذُبْيَانَ بَعْدَمَا تلافیتما ۱۲	۱	تَفَانَوْا وَدَقُّوا بَيْنَهُمْ عِطْرَ مَنْشِمِ ای بعضہم بعضا ۱۲
وَقَدْ قُلْتُمَا إِنْ نُدْرِكِ السِّلْمَ وَاسِعًا	۲	بِمَالٍ وَمَعْرُوفٍ مِنَ الْقَوْلِ نَسْلَمِ
فَأَصْبَحْتُمَا مِنْهَا عَلَى خَيْرِ مَوْطِنٍ ای من السلم ۱۲	۳	بَعِيدَيْنِ فِيهَا مِنْ عُقُوقٍ وَمَأْثَمِ
عَظِيمَيْنِ فِي عُلْيَا مَعَدٍّ هُدِيتُمَا نصب علی الحال ۱۲ ای فی الرتبۃ العلیا ۱۲	۴	وَمَنْ يَسْتَبِحْ كَنْزًا مِنَ الْمَجْدِ يَعْظُمِ ای یستاصل ۱۲
تُعَفَّى الْكُلُومُ بِالْمِئِينَ فَأَصْبَحَتْ الجروح ۱۲ ای من الابل ۱۲	۵	يُنَجِّمُهَا مَنْ لَيْسَ فِيهَا بِمُجْرِمِ ای فی الحروب ۱۲ ذنب ۱۲
يُنَجِّمُهَا قَوْمٌ لِقَوْمٍ غَرَامَةً یودیہا نجما نجما ۱۲	۶	وَلَمْ يُهَرِيقُوا بَيْنَهُمْ مِلْءَ مِحْجَمِ لم یسفکوا ۱۲ مقدار ۱۲

(۱) ترجمہ تم دونوں نے عبس وذبیان کی حالت درست کی اسکے بعدکہ وہ آپس میں کٹ مرے تھے اورمنشم (نامی عورت) کا (منحوس) عطر آپس میں لگا لیا تھا (یعنی آخری دم تک لڑنے کیلئے آمادہ تھے مگرمذکورالصدر دونوں سرداروں نے بیچ میں پڑکر صلح کرادی)۔

(۲) ترجمہ اور بیشک تم نے اچھی بات کہی کہ اگر ہم کامل صلح بذریعہ صرف مال اور کلام مستحسن پالینگے توآپس کی خونریزی سے مامون ہوجائینگے۔

(۳) ترجمہ۔ تو (واقعی) تم صلح کے بہتر مقام پر پہنچ گئے اور صلح کے بارے میں نافرمانی اور گناہ سے بچے رہے (یعنی صلۂ رحم کا خیال کرتے ہوئے اپنا کثیر مال خرچ کرکے دونوں قبیلوں میں صلح کرادی)۔

(۴) ترجمہ (صلح کرانے میں تم کامیاب ہوئے) درآنحالیکہ تم دونوں معدؔ کے بلند رتبہ میں بڑی شخصیتوں کے مالک تھے۔ خدا تمہیں ہدایت (پر استقامت) دے اور جو شخص (آباؤ اجداد کی) بزرگی کے خزانہ کو مباح پالیگا وہ (ضرور) بلند قدر ہوجائیگا **مطلب** تم دونوں معد بن عدنان میں عظیم المرتبہ انسان ہو اسلئے کہ تمہارے آباؤ اجداد کی بزرگی کے خزانہ تمہیں مل گئے۔

(۵) ترجمہ (چونکہ دلوں کے) زخم اونٹوں کے سینکڑوں کے ذریعہ مٹائے جاتے ہیں تو (اب) وہ شخص اُن اونٹوں کو قسط وار ادا کر رہا ہے جو (جنگ کے بارے میں) بے قصور ہے **مطلب** یعنی تم نے آپس کا اختلاف دیت کے ذریعہ مٹایا اور بدون کسی جرم کے اسکی ادائیگی کا بار تم نے اپنے ذمہ لے لیا۔ دیت قسط وار ادا کیجاتی ہے۔

(۶) ترجمہ ایک قوم دوسری قوم کو تاوان میں اُن اونٹوں کو قسط وار ادا کر رہی ہے حالانکہ انھوں نے ایک سینگی بھر خون کبھی آپس میں نہیں بہایا۔

(۱) (تدارکتما) من التدارک ہو التلافی ای تدارکتما امرہما (تفانوا) ای تشارکوا فی الفناء (منشم) اسم امرأۃ عطارۃ کانت بمکۃ اشتری منہا قوم شیئا من العطر وتحالفوا علی ان یقاتلوا عدوہم وجعلوا آیۃ الحلف غمس الایدی فی ذلک العطر فقاتلوا حتی قتلوا عن آخرہم فتطیرت العرب بعطرہا وسیر المثل بہ یقال اشأم من عطر منشم ۱۲

(۲) (السلم) والسلم الصلح یؤنث ویذکر یقول قد قلتم ان ادرکنا الصلح واسعا ای ان اتفق لنا اتمام الصلح بین القبیلتین ببذل المال واسداء معروف من الخیر سلمنا من تفانی العشائر ۱۲

(۳) قولہ علی خیر موطن فی موضع خبر اصبح وقولہ بعیدین الخ حال من اسم اصبح او خبر ثان والہاء فی منہا وفیہا للسلم (العقوق) العصیان وقطیعۃ الرحم ومنہ قولہ علیہ السلام لا یدخل الجنۃ عاق لابویہ (المأثم) الاثم یقال اثم الرجل من (س) اذا اقدم علی الاثم واثمہ یأثمہ من (ض) اثما اذا جازاہ وآثمہ ایثاما اذا صیرہ ذا اثم وتأثم الرجل ای لا ثم مثل تحنث وتحوب اذا تجنب الحنث والحوب ۱۲

(۴) (العلیا) تانیث الاعلی وجمعہا العلیات (معد) ہو ابن عدنان جد العرب (ہدیتما) دعاء لہما (یستبح) من الاستباحۃ ہی اخذ الشیء مباحا وجعل الشیء مباحا (الکنز) المال المدفون فی الارض وکل مجموع مدخر یتنافس فیہ والجمع الکنوز (یعظم) من الاعظام بمعنی التعظیم ۱۲

(۵) (تعفی) من التعفیۃ ہی التحیۃ من قولہم عفا یعفو ان الشیء انمحی واندرس (الکلوم) جمع کلم وہو الجرح واستعمالہ کلم (ن وض) کلما جرحہ یقال ہذا ما یکلم العرض والدین (ینجمہا) من التنجیم ہو اداء الدین بالاقساط والنجم الوقت الذی یحل فیہ اداء الدین لانہم کانوا یعرفون اوقات السنۃ بالانواء (المجرم) المذنب ۱۲

(۶) (غرامۃ) ہی ما یلزم اداؤہ من الدیۃ وغیرہا (لم یہریقوا) ای لم یسفکوا وقد مضی تحقیقہ (الملأ) ما یأخذہ الاناء اذا امتلأ (المحجم) آلۃ الحجام وہو ما یمتص بہ الدم والجمع محاجم ۱۲

فَاَصْبَحَ یُحْدٰی فِیْہِمْ مِنْ تِلَادِکُمْ	۱	مَغَانِمُ شَتّٰی مِنْ اِفَالٍ مُزَنَّمِ
اَلَا اَبْلِغِ الْاَحْلَافَ عَنِّیْ رِسَالَۃً	۲	وَذُبْیَانَ ھَلْ اَقْسَمْتُمُ کُلَّ مُقْسَمِ
فَلَا تَکْتُمُنَّ اللّٰہَ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ	۳	لِیَخْفٰی وَمَھْمَا یُکْتَمِ اللّٰہُ یَعْلَمِ
یُؤَخَّرْ فَیُوْضَعْ فِیْ کِتَابٍ فَیُدَّخَرْ	۴	لِیَوْمِ الْحِسَابِ اَوْ یُعَجَّلْ فَیُنْقَمِ
وَمَا الْحَرْبُ اِلَّا مَا عَلِمْتُمْ وَذُقْتُمُوْا	۵	وَمَا ھُوَ عَنْہَا بِالْحَدِیْثِ الْمُرَجَّمِ

(۱) ترجمہ تو اب کنکٹے اونٹ کے بچوں کی متفرق غنیمتیں تمہارے موروثی مال ہی سے اُن (اولیاء مقتولین) کیطرف ہکائی جارہی ہیں۔ مطلب تمہارے عمدہ قسم کے اونٹوں میں سے متفرق دیتیں ورثاء مقتولین کو دیجارہی ہیں۔

(۲) ترجمہ سن (اے مخاطب) میرا یہ پیغام معاہدوں (بنی اسد و غطفان) اور ذبیان کو پہنچا دے کہ تم نے مکمل قسم کھائی ہے (لہذا اس پر قائم رہو)۔

(۳) ترجمہ پس خدا سے ہرگز اپنے دلوں کی بات اسلئے نہ چھپاؤ کہ وہ چھپے رہیگی (کیونکہ) جب بھی اللہ سے کوئی بات چھپائی جاتی ہے وہ اسکو جان لیتا ہے۔ مطلب خدا دلوں کا بھید جانتا ہے اس سے کوئی راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا لہذا نقض عہد اور غدر کا ارادہ دلمیں بھی نہ رکھو۔

(۴) ترجمہ (غدر کی سزا) مؤخر کیجاویگی اور نامۂ اعمال میں رکھدی (لکھدی) جاویگی پھر قیامت کے دن کیلئے ذخیرہ کرلیجاویگی یا جلدی کیجاویگی تو (فوراً دنیا میں) سزا دیجائیگی۔ مطلب غرض برائی کا بدلہ ضرور ملے گا، کسی طرح چھٹکارا نہیں۔ اس شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عہدِ جاہلیت کا شاعر جزاء و سزا اور قیامت کا قائل تھا۔

(۵) ترجمہ لڑائی وہی شئے ہے جسکو تم جان چکے اور (جس کا مزہ) چکھ چکے ہو۔ یہ بات لڑائی کے بارے میں (جو میں کہہ رہا ہوں) اٹکل پچو نہیں ہے۔ مطلب اگر پھر نقض عہد ہوا اور لڑائی کی نوبت آگئی تو پھر سابق تکالیف میں مبتلا ہو جاؤگے اسلئے عہد شکنی سے باز رہو۔

۴ (ض وس) نقماً من فلان عاقبہ. یریدان لا مناص من الذنب عاجلاً او آجلاً ۱۲

(۵) (ما علمتم) ای اللذی علمتموہ فحذف العائد (ذقتم) من الذوق (ہو التجربۃ) (الحدیث المرجم) الذی یرجم فیہ بالظنون ای یحکم فیہ بظنونہا ولا یوقف علی حقیقۃ الحال یقول لیست الحرب الا ما علمتموہ وجربتموہ وما الخبر الذی اقول عن الحرب بحدیث مرجم بل ہو ما شاہدتموہ وجربتموہ فایاکم والعود فیہا ۱۲

(۱) (یحدی) من حدا (ن) حدواً وحداءً وحُداءً رفع صوتہ بالحداء الابل وبالابل ساقہا وغنّی لہا فہو حادٍ والجمع حُداۃ (التلاد) والتلید المال القدیم الموروث (المغانم) جمع المغنم وہو الغنیمۃ (شتّی) جمع شتیت ہو المتفرق (الافال) جمع افیل وہو الصغیر السن من الابل (المزنم) من التزنمۃ وہی شئی یقطع من اذن البعیر فیترک معلقاً یفعل ذلک بالکرام من الابل یقال بعیر زنم وزنیم وروی ابو عبیدۃ من افالِ مزنمٍ بالاضافۃ فعلٰی ہذا المزنم اسم فحل معروف ۱۲

(۲) (الاحلاف) والحلفاء الجیران جمع حلیف کنجیب وانجاب وشریف واشراف واراد بالاحلاف اسداً وغطفان (اقسمتم) ای حلفتم والقسم الحلف والجمع اقسام وکذلک القسمۃ (ہل اقسمتم) ای قد اقسمتم کما فی قولہ تعالٰی ہل اتی علی الانسان ای قد اتی علی الانسان (المقسم) بضم المیم القسم ۱۲

(۳) (لا تکتمن) من کتم (ن) کتماً وکتماناً الشئی اخفاہ (النفوس) جمع نفْس باسکون بمعنی الروح والدم واما النفَس محرکۃ فالمعنی نسیم الہواء وریح یدخل ویخرج من فم الحی ذی الرئۃ والجمع انفاس وفی بعض النسخ مقام فی نفوسکم ما فی صدورکم فالصدور جمع صدر ہو ما فوق البطن وقولہ یکتم اللہ ای یکتم من اللہ یرید ان اللہ علیم بالسرائر ولا یخفٰی علیہ شئی فلا تضمروا شیئاً من الغدر ونقض العہد فی نفوسکم ۱۲

(۴) (یؤخر) مجزوم علی البدلیۃ من قولہ تعلم (کتاب) جمعہ کُتُب وکتْب (یدخر) من الادخار ہو والاذخار بمعنی الذخر واستعمالہ فی المجرد ذخر (ف) الشئی خباہ لوقت الحاجۃ (یوم الحساب) ای یوم القیامۃ (ینقم) من نقم ۴

مَتٰی تَبْعَثُوْهَا تَبْعَثُوْهَا ذَمِیْمَةً	۱	وَتَضْرٰی اِذَا ضَرَّیْتُمُوْهَا فَتَضْرَمِ
فَتَعْرُکُکُمْ عَرْکَ الرَّحٰی بِثِفَالِهَا	۲	وَتَلْقَحْ کِشَافًا ثُمَّ تُنْتَجْ فَتُتْئِمِ
فَتُنْتِجْ لَکُمْ غِلْمَانَ اَشْأَمَ کُلُّهُمْ	۳	کَاَحْمَرِ عَادٍ ثُمَّ تُرْضِعْ فَتَفْطِمِ
فَتُغْلِلْ لَکُمْ مَا لَا تُغِلُّ لِاَهْلِهَا	۴	قُرًی بِالْعِرَاقِ مِنْ قَفِیْزٍ وَّدِرْهَمِ
لَعَمْرِیْ لَنِعْمَ الْحَیُّ جَرَّ عَلَیْهِمِ	۵	بِمَا لَا یُوَاتِیْهِمْ حُصَیْنُ بْنُ ضَمْضَمِ

(۱) ترجمہ جب بھی تم اُس لڑائی کو برانگیختہ کروگے تو اس حال میں برانگیختہ کروگے کہ وہ مذموم (انجام والی) ہوگی اور جب تم اُس لڑائی کو حرص دلاؤگے تو اسکی حرص شدید ہوگی پھر وہ شعلہ زن ہو جائیگی مطلب غرض لڑائی ہر حال میں بُری ہے اسکو نہ بھڑکانا چاہیٔے اور صلح و آشتی سے زندگی بسر کرنی چاہیٔے۔

(۲) ترجمہ پھر وہ لڑائی تمہیں اس طرح پیس ڈالے گی جس طرح چکی اپنے فرش چرمیں پر رہکر (دانہ کو پیس ڈالتی ہے) اور (جنگ) ہر سال حاملہ ہوگی پھر بچے دیگی تو جوڑواں جنے گی مطلب لڑائی کے مضرات بکثرت ہونگے اور تم سب لڑائی کی چکی میں دانے کی طرح دلے جاؤگے میدان جنگ کے ہنگامۂ ہلاکت آفریں کو چکی پیسنے سے تشبیہ دی اور اسکے نقصانات کی کثرت کو ایسی ماں کی اولاد سے تشبیہ دی ہے جو ہر سال حاملہ ہوتی ہو اور دو بچے جنتی ہو۔

(۳) ترجمہ پھر اُس لڑائی سے تمہارے لئے ایسے بچے جنے جائیں گے جو سب عاد کے احمر کی طرح منحوس ہونگے پھر انھیں دودھ پلائے گی پھر دودھ چھڑائے گی مطلب لڑائی سے اس قدر نتائج بد بکثرت پیدا ہونگے جن کی نحوست قدار کی طرح ہوگی کہ اس نے حضرت صالح کی ناقہ کے کونچے کاٹ دیٔے جس کی وجہ سے ساری قوم ہلاک ہوئی۔ ارضاع اور افطام سے نتائج حرب کا ہولناک اور کامل ہونا مراد ہے۔

(۴) ترجمہ پھر وہ لڑائی تمہیں اسقدر پیداوار دیگی کہ عراق کے دیہات (باوجود سرسبزی اور شادابی کے) قفیز اور درہم کی پیداوار اپنے مالکوں کو نہیں دیتے۔

(۵) ترجمہ میری زندگانی کی قسم وہ قبیلہ نہایت بھلا ہے جس پر حصین ابن ضمضم نے ایسے گناہ کا بار ڈالا جس میں وہ اُن کے ہمراہ نہ تھا مطلب حصین ابن ضمضم نے اُن کی رائے کے خلاف عبسی کو مار ڈالا جس کا تاوان اس قبیلہ نے برداشت کیا۔

۴ ہذہ الحرب تزید علی المنافع المتولدة من ہذہ القرٰی ۱۲

(۵) (جرّ علیہم) جریرة ای جنیٰ علیہم جنایة (یواتیہم) من المواتاة ہی الموافقة وہذا اشارة ای ما فصلنا و فی اول الباب من ان وردبن حابس قتل ہرم بن ضمضم قبل ہذا الصلح فلما اصطلحت القبیلتان عبس و ذبیان استتر وتواری حصین بن ضمضم لئلا یطالب بالدخول فی الصلح وکان ینتہز الفرصة حتے ظفر برجل من عبس بواز یا خیہ فشد علیہ فقتلہ فرکب عبس فاستقر الدیة بین القبیلتین علی قتل القتیل ۱۲

(۱) (تضری) یقال ضری (س) ضریا وضراوة بالشئی لہج بہ (ضریتموہا) من التضریة ہی الحمل علی الضراوة (تضرم) من ضرمت (س) ضرما واضطرمت وتضرمت النار التہبت ونصب ذمیمة علی الحال من المفعول فی تبعثوہا کانہ یحذرہم سوء عاقبة الحرب ویحثہم علی التمسک بالصلح ۱۲

(۲) (تعرککم) من العرک یقال عرک (ن) عرکا الشئی دلکہ (الرحٰی) مونثة الطاحون ثناہا رحوان ورحیان والجمع ارحاء وارح وُرحی وقولہ عرک الرحٰی صفة لمصدر محذوف ای عرکا مثل عرک الرحٰی (ثفال الرحٰی) خرقة او جلدة تبسط تحتہا لتقع علیہا الطحین والباء فی قولہ بثفالہا بمعنی مع وہو فی موضع الحال (تلقح) یقال لقحت الناقة (س) لقحا قبلت ماء الفحل (الکشاف) ان تلقح الناقة سنتین متوالیتین وان تنتج النجوفی السنة مرتین وقولہ کشافا ایضا صفة لمحذوف ای لقاحا کشافا (تتئم) من اتئمت الناقة اتئاما جئن اذا ولدت (تُتْئِم) من الاتئام ہو ان تلد الانثی توأمین

(۳) (تنتج) علی صیغة المجہول من انتجت الناقة اذا اتت بولد (غلمان) جمع من الغرب للضرورة و ہو جمع غلام بمعنی الطار الشاب ایضا یجمع علی غلمة وغلمة (اشأم) افعل من الشوم ہو ضد الیمن جمعہ شائم (کاحمر عاد) اراد کاحمر ثمود وہو لقب لعاقر ناقة صالح علیہ السلام اسمہ قدار بن سالف و انما قال احمر عاد لاقامة الوزن وقیل ان ثمود یقال لہا عاد الآخرة (ترضع) یقال ارضعوا ای جعلہ یرضع ای یمص ثدی امہ (تفطم) من فطم الرضیع عان لان یفطم من الرضاعة ۱۲

(۴) (تغلل) من اغلت الارض تغل ای اعطت الغلة (القرٰی) جمع قریة علی غیر قیاس القیاس قرای کظبی وظباء یقول فتغل لکم تلک الحرب جینئذ ضروبا من الغلات لا تغلی قرٰی بالعراق لاہلہا من قفیز ودرہم یرید ان المضار المتولدة من

وَكَانَ طَوٰى كَشْحًا عَلٰى مُسْتَكِنَّةٍ	۱	فَلَا هُوَ أَبْدَاهَا وَلَمْ يَتَقَدَّمِ
وَقَالَ سَأَقْضِيْ حَاجَتِيْ ثُمَّ أَتَّقِيْ	۲	عَدُوِّيْ بِأَلْفٍ مِنْ وَّرَائِيْ مُلْجَمِ
فَشَدَّ وَلَمْ يُفْزِعْ بُيُوْتًا كَثِيْرَةً	۳	لَدٰى حَيْثُ أَلْقَتْ رَحْلَهَا أُمُّ قَشْعَمِ
لَدٰى أَسَدٍ شَاكِي السِّلَاحِ مُقَذَّفٍ	۴	لَهٗ لِبَدٌ أَظْفَارُهٗ لَمْ تُقَلَّمِ
جَرِيْءٍ مَتٰى يُظْلَمْ يُعَاقِبْ بِظُلْمِهٖ	۵	سَرِيْعًا وَإِنْ لَّمْ يُبْدَ بِالظُّلْمِ يَظْلِمِ
رَعَوْا ظِمْأَهُمْ حَتّٰى إِذَا تَمَّ أَوْرَدُوْا	۶	غِمَارًا تَفَرّٰى بِالسِّلَاحِ وَبِالدَّمِ

(بین سترۃ ۱۲) (اظہرا ۱۲) (حمل ۱۲) (ای التام السلاح ۱۲) (نزلت ۱۲) (ای لم یقلم ۱۲) (ای لم تقصیص ۱۲) (ای وقابا سریعا ۱۲) (الماء الکثیر ۱۲)

(۱) ترجمہ اس (حصین) نے ایک ارادہ پوشیدہ کررکھا تھا تو نہ اس نے اس ارادہ کو (کسی پر) ظاہر کیا اور نہ (قبل از وقت) پیش قدمی کی (بلکہ موقع پاکر عبسی کو مار ڈالا)۔

(۲) ترجمہ اور اس (حصین) نے (دل میں) کہا کہ میں عنقریب (بھائی کا بدلہ لیکر) اپنی حاجت پوری کرلوں گا پھر اپنے دشمن سے ایک ہزار اسپ سوار یا لگام لگائے ہوئے گھوڑوں کے ذریعہ جو میری پشت پر ہیں بچ جاؤں گا۔

(۳) ترجمہ اس (حصین) نے اس جگہ (تنہا) حملہ کیا جہاں کہ موت نے اپنا کجاوہ ڈالدیا اور اس نے بہت سے گھرانوں کو گھبراہٹ میں نہ ڈالا (یعنی اس نے تن تنہا حملہ کیا اور اپنے قبیلے کے دوسرے لوگوں کو شریک نہ کیا یا صرف ایک ہی عبسی پر حملہ کیا اسکے تمام قبیلہ کو پریشان نہ کیا)

(۴) ترجمہ عبسی کے قتل کا واقعہ ایک ایسے شیر (حصین) کے پاس ہوا جو پورا ہتھیار بند ہے پے درپے لڑائیوں میں شریک ہتا ہے اور اس کی گردن پر بال ہیں اور اس کے ناخن نہیں تراشے گئے۔ (وہ ضعیف نہیں ہے)

(۵) ترجمہ وہ ایسا بہادر ہے جب اس پر ظلم کیا جائے فوراً اپنے ظلم کا بدلہ لے لیتا ہے اور اگر اس پر ظلم کی ابتدا نہ کیجائے تو وہ (خود) ظلم کرتا ہے۔ (یعنی بہرحال وہ جنگ کا خواہاں ہے)

(۶) ترجمہ (صلح کے بعد ان کے جنگ کرنے کی مثال ایسی ہے کہ گویا) انھوں نے اپنے اونٹ پانی پلانے کی دو باریوں کے درمیانی وقت میں چرائے یہانتک کہ جب یہ وقت پورا ہو گیا تو (اونٹوں کو) ایسے گہرے پانی پر لیگئے جو ہتھیاروں اور خون (ریزی) سے کھل گیا تھا۔ مطلب ایک عرصہ تک صلح رہی اور پھر جنگ میں مصروف ہو گئے جس طرح اونٹوں کو چرانے کے بعد پانی پر لیجاتے ہیں۔

(۶) (رعوا) یقال رعت الماشیۃ الکلأ ورعیت الماشیۃ الکلأ ایضا (الظمأ) ما بین الوردین وہو حبس الابل عن الماء الی غایۃ النوبۃ والجمع اظماء (والغمار) جمع غمر ہو الماء الکثیر (تفری) ای تنشق اصلہ تتفری فحذفت احدی التائین تخفیفا وہو صفۃ غمار او صیغۃ ماض فلا حذف ۱۲

(۱) (الکشح) منقطع الاضلاع والجمع کشوح ویکاشح المضمر العداوۃ فی کشحہ وقیل بل ہو من قولہم کشح کشحا اذا ادبر وولی وانما سمی العدو بہ لانہ معرض عن المودۃ والوفاق ویقال طوی کشحہ علی کذا ای اضمرہ فی صدرہ (مستکنۃ) من استکن ہو الاستتار وارید مستکنۃ ای خصلۃ مستکنۃ اقام الصفۃ مقام الموصوف (فلا ہو ابداہا) ای لم یظہرہا ۱۲

(۲) (ملجم) من الجم الفرس ای جعلہ ذا لجام فمن قرأ بفتح الجیم اراد بالف فرس ملجم ومن کسرہا اراد بالف فارس ملجم فرسہ یقول قال حصین فی نفسہ ساقضی حاجتی من قتل قاتل اخی او قتل رجل من بنی عبس ثم اجعل بینی وبین عدوی الف فرس ملجم او الف فارس ملجم فرسہ ۱۲

(۳) (شد علیہ) ای حمل (لم یفزع) من الافزاع ہو الاخافۃ (بیوتا) اراد اہل بیوت فحذف المضاف واقام المضاف الیہ مقامہ (حیث القت رحلہا) ای موضع القائہا الرحل (ام قشعم) کنیۃ الموت وہو فاعل القت یقول لحمل حصین علی الرجل الذی اراد قتلہ ولم یفزع بیوتا کثیرۃ عند منزل نزلت فیہ المنیۃ لمن قتلہ حصین ۱۲

(۴) (شاکی السلاح) وشائک السلاح وشاک السلاح ای التام السلاح کانہ من الشوکۃ وہی الحدۃ والقوۃ (المقذف) الذی یقذف کثیرا الی الوقائع من التقذیف ہو مبالغۃ القذف (اللبد) جمع لبدۃ وہی الشعر المتراکم بین کتفی الاسد (الاظفار) جمع ظفر (لم تقلم) من التقلیم ہو القطع شدد للکثرۃ ورجل مقلم الاظفار ومقلوم الاظفار ای ضعیف ۱۲

(۵) (جری) نعت للاسد من الجرأۃ ہی الجرأۃ بمعنی الشجاعۃ یقال جرؤ ذلک جراءۃ ای صار شجاعا (لم یبد) مجزوم بالشرط وعلامۃ جزمہ حذف الہمزۃ المسہلۃ الفا (یظلم) جواب الشرط ۱۲

شطر ثانی		شطر اول
إِلَى كَلَإٍ مُسْتَوْبَلٍ مُتَوَخَّمِ (ای لایوافق الجسد ۱۲، غیر منهضم ۱۲)	۱	فَقَضَّوْا مَنَايَا بَيْنَهُمْ ثُمَّ أَصْدَرُوا (ای تفتکوا ابلا بینهم ۱۲)
دَمَ ابْنِ نَهِيكٍ أَوْ قَتِيلِ الْمُثَلَّمِ (موضع ۱۲)	۲	لَعَمْرُكَ مَا جَرَّتْ عَلَيْهِمْ رِمَاحُهُمْ (قسم ۱۲)
وَلَا وَهَبٍ مِنْهَا وَلَا ابْنِ الْمُخَزَّمِ	۳	وَلَا شَارَكَتْ فِي الْمَوْتِ فِي دَمِ نَوْفَلٍ (الرماح ۱۲)
صَحِيحَاتِ مَالٍ طَالِعَاتٍ بِمَخْرِمِ (نعت الجبل ۱۲)	۴	فَكُلًّا أَرَاهُمْ أَصْبَحُوا يَعْقِلُونَهُ (منصوب بأراهم ۱۲)
إِذَا طَرَقَتْ إِحْدَى اللَّيَالِي بِمُعْظَمِ (نزلت ۱۲)	۵	لِحَيٍّ حِلَالٍ يَعْصِمُ النَّاسَ أَمْرُهُمْ (مقیمین ۱۲ یحفظ ۱۲ مفعول ۱۲ فاعل ۱۲)
لَدَيْهِمْ وَلَا الْجَانِي عَلَيْهِمْ بِمُسْلَمِ (مخذول ۱۲)	۶	كِرَامٍ فَلَا ذُو الضِّغْنِ يُدْرِكُ تَبْلَهُ (حقده ۱۲)

(۱) ترجمہ۔ (پانی کے گھاٹ یعنی لڑائی کے میدان میں اُتر کر) انھوں نے آپس میں خوب قتل و قتال کیا۔ پھر اونٹوں کو ایسی گھاس کی طرف لوٹا کر لائے جو جسم کیلئے ناموافق اور غیر منہضم تھی۔

(۲) ترجمہ۔ تیری جان کی قسم اُن کے نیزوں نے نہیک عبسی کے بیٹے کا یا مقام مثلم کے مقتول (شخص) کا خون اُن پر عائد نہیں کیا

(۳) ترجمہ۔ اور نہ اُن کے نیزے نوفل اور وہب اور مخزم کے بیٹے کے خون میں شریک ہوئے۔ مطلب ممدوحین اِن مقتولین کے خون سے بالکل بری ہیں۔ اُن کے قتل میں اُن کا کوئی ہاتھ نہ تھا محض صلح کے خاطر تاوان برداشت کر رہے ہیں۔

(۴) ترجمہ۔ میں اُن سب کو دیکھتا ہوں کہ وہ عمدہ قوی مال (اونٹوں) کی دیت دے رہے ہیں جو (قوت کی وجہ سے) پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ جانے والے ہیں۔

(۵) ترجمہ (یہ عمدہ اونٹ) ایسے قبیلہ کے (مملوک) ہیں جو مقیم ہیں (افلاس کی وجہ سے سفروں میں مارے مارے نہیں پھرتے) جب کوئی شب مصیبتِ عظیم لا ڈالے تو اُن کا حکم (یا تدبیر) لوگوں کی حفاظت کرتا ہے۔

(۶) ترجمہ۔ ایسے شریف ہیں کہ کینہ ور اُن سے اپنا کینہ نہیں نکال سکتا اور نہ اُن کے سہارے پر زیادتی کرنے والا شخص دشمنوں کے حوالہ کیا جاتا ہے (بلکہ یہ لوگ اُس کی حمایت کرتے ہیں اور اُس کی جانب سے تاوان ادا کر دیتے ہیں۔

(۱) (قضّوا بینهم منایا) ای انفذوا (اصدروا) ای رجعوا اضدادا وردوا (المستوبل) الذی لا یمرأ ای مالا یوافق البدن وکذلک المتوخم یقول قتل کل واحدة من القبیلتین رجالا من الاخری ثم اصدروا ابلهم الی عشب وبیل وخیم یعنی اقلعوا عن القتال ثم اشتغلوا بالاستعداد له ثانیا جعل عزمهم علی الحرب ثانیة والاستعداد لها بمنزلة الکلأ الوبیل الوخیم ثم اضرب عن هذا الکلام وعاد الی مدح السیدین فی الاشعار الآتیة ۱۲

(۲) یقول اقسم بحیاتک ان رماحهم ما جنت علیهم بسفک دماء هؤلاء المسمّین ای لم یصبق رماحهم احد منهم وانما تبرعوا بالدیات طلبا للصلح بینهم ۱۲

(۳) (شارکت) ثانیة للرماح (نوفل وهب ابن المخزم) کلها اسماء المقتولین یعنی رماحهم لم تقع لها شرکة فی قتل هؤلاء المذکورین ۱۲

(۴) (یعقلونه) ای یؤدّون عقله وهی الدیة سمیت الدیة عقلا لانها تعقل الدم عن السفک وتحبسه وقیل بل سمیت عقلا لان القاتل یأتی بالابل الی فناء القتیل فیعقلها هناک بعقلها فنقل علی هذا القول الی المعقول ثم سمیت الدیة عقلا وان کانت دنانیر ودراهم والاصل ما ذکرنا (طالعات) یقال طلعت الثنیة واطلعتها علوتها (المخرم) منقطع انف الجبل والطریق فیه والجمع المخارم ۱۲

(۵) (حلال) جمع حال بمعنی النازل کصاحب وصحاب (یعصم) من العصمة وهی الحفظ (طرقت) من الطروق یقال طرق (ن) طروقا القوم اتاهم لیلا ومنه الطارق للنازل لیلا والنجم الثاقب والسارق قوله (بمعظم) یجوز کونها بمعنی مع وکونها للتعدیة یقال اعظم الامر ای صار الی حال العظم ۱۲

(۶) (الضغن) او الضغینة واحد وهو ما استکن فی القلب من العداوة والجمع اضغان وضغائن (التبل) الحقد والجمع التبول (الجانی) صاحب الجنایة (مسلم) المخذول من الاسلام هو الخذلان ویروی ولا الجارم الجانی علیهم بمسلم ۱۲

سَئِمْتُ تَكَالِيفَ الْحَيٰوةِ وَمَنْ يَّعِشْ	۱	ثَمَانِيْنَ حَوْلًا لَا اَبَالَكَ يَسْأَمِ
وَاَعْلَمُ مَا فِي الْيَوْمِ وَالْاَمْسِ قَبْلَهٗ	۲	وَلٰكِنَّنِيْ عَنْ عِلْمِ مَا فِيْ غَدٍ عَمِ
رَاَيْتُ الْمَنَايَا خَبْطَ عَشْوَاءَ مَنْ تُصِبْ	۳	تُمِتْهُ وَمَنْ تُخْطِئْ يُعَمَّرْ فَيَهْرَمِ
وَمَنْ لَّا يُصَانِعْ فِيْ اُمُوْرٍ كَثِيْرَةٍ	۴	يُضَرَّسْ بِاَنْيَابٍ وَّيُوْطَاْ بِمَنْسِمِ
وَمَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ مِنْ دُوْنِ عِرْضِهٖ	۵	يَفِرْهُ وَمَنْ لَّا يَتَّقِ الشَّتْمَ يُشْتَمِ
وَمَنْ يَّكُ ذَا فَضْلٍ فَيَبْخَلْ بِفَضْلِهٖ	۶	عَلٰى قَوْمِهٖ يُسْتَغْنَ عَنْهُ وَيُذْمَمِ

(۱) ترجمہ زندگی کے شدائد سے میں اُکتا گیا اور جو (شخص) اسّی سال تک زندہ رہے گا "تیرا باپ نہ ہو" (وہ ضرور) ملول ہو جائے گا (طولِ عمر رنج و تکلیف کا سبب ہوتی ہے) دونوں سرداروں کی تعریف سے فارغ ہو کر قدیم شعراء کے طرز کے موافق تجربوں اور نصیحت آمیز باتوں کا ذکر کرتا ہے۔

(۲) ترجمہ میں آج اور کل گذشتہ کی بات جانتا ہوں لیکن کل آئندہ کی بات سے غافل ہوں۔

(۳) ترجمہ میں نے موتوں کو دیکھا کہ وہ اندھی اونٹنی کی طرح اندھا دھند چلتی ہیں جس کو پہنچ جاتی ہیں اس کو مار ڈالتی ہیں اور جس سے چوک جاتی ہیں اس کی عمر طویل ہو جاتی ہے پس وہ بوڑھا ضعیف ہو جاتا ہے۔ مطلب غرض زمانہ کا کوئی کام بھی راحت اور مسرت لئے ہوئے نہیں ہے۔

(۴) ترجمہ جو بہت سی باتوں میں بناوٹ نہیں کریگا وہ کچلیوں سے چبایا اور پیروں سے روندا جائے گا۔ مطلب دُنیا میں محض سادگی سے زندگی بسر کرنا دشوار ہے۔ دُنیا میں رہ کر کچھ دُنیاداری سے بھی کام لینا پڑتا ہے۔

(۵) ترجمہ جو احسان کو اپنی آبرو کے لئے آڑ بنائے گا تو وہ آبرو کو بڑھا لیگا (اسکی آبرو بنی رہیگی) اور جو دوسروں کو گالی دینے سے نہ بچے گا تو اسکو بھی گالی دیجائیگی۔

(۶) ترجمہ جس شخص کے پاس ضرورت سے زیادہ مال ہو اور وہ اپنی قوم پر اپنے زائد مال میں بخل کرے تو اُس سے بے پروائی برتی جلئے گی اور اسکی مذمت کیجائیگی۔ مطلب صاحبِ فضل و مال کو چاہیئے کہ وہ ضرورت کے وقت قوم کے کام آئے۔ جب ہی اس کا اقتدار باقی رہ سکتا ہے ورنہ لوگ اس کی مذمت کرلے اور اس سے مُنہ موڑنے لگینگے۔

(۶) (یذمم) اظہر التضعیف علی لغۃ اہل الحجاز لانہم اظہار التضعیف فی محل الجزم والبناء علی الوقف یقول من کان ذا فضل و مال فیبخل بہ استغنی عنہ وذم ۱۲

(۱) (سئمت) یقال سئم (س) سأمۃ وسآمۃ الشئ ومنہ ملّہ فہو سؤوم (تکالیف) المشاق والشدائد (الحول) السنۃ لانہا تنتنی (لا اباک) دعاء علیہم وفی الصحاح ہو مدح معنی انک شجاع ماجد مستغن عن الاب قلت واراد بہ ہہنا التنبیہ والاعلام ۱۲

(۲) (قبلہ) حشو زائد (عم) کان فی الاصل عمی بکسر المیم وہو صفۃ مشبہۃ من عمی عنہ اذا غاب عنہ یقول یحیط علمی بالحضر والماضی ولکننی عن علم ما ہو آت فی غد جاہل ۱۲

(۳) (المنایا) جمع منیۃ ہی الموت (الخبط) الضرب بالید ومنہ (خبط عشواء) للناقۃ التی لا تبصر اما جا لیلا فہی تخبط بیدیہا کل شئ حتی ربما وطئت سبعا او حیۃ والفعل خبط (ض) خبطا وخبط عشواء مصدر وقع موقع المفعول الثانی لرأیت تقدیرہ تخبط خبطا مثل خبط عشواء (من تخطئی) ای من تخطئہ بحذف المفعول وحذفہ شائع (یعمر) من التعمیر ہو تطویل العمر (یہرم) من ہرم (س) ضعف وبلغ اقصی العمر فہو ہرم قال تعالیٰ من نعمرہ ننکسہ فی الخلق ۱۲

(۴) (لا یصانع) من المصانعۃ ہی الرفق والمداراۃ (یضرس) من التضریس مبالغۃ الضرس ہو العض الشدید بالاضراس وہی الاسنان (انیاب) جمع ناب یجمع علی النیوب ایضا (المنسم) للبعیر بمنزلۃ السنبک للفرس والجمع مناسم ۱۲

(۵) (المعروف) الصنیع والاحسان یقال ارض معروفۃ ای طیبۃ العرف (العرض) ما یحمد من الخلیقۃ المحمودۃ ما یصونہ الانسان جمعہ اعراض (یفرہ) من وفر (ض) وفرۃ المال کثرہ واتمہ ووفر عرض فلان اذا اصانہ ولم یشتمہ (یشتم) من الشتم یقال شتمہ (ن ض) اذا سبہ ۱۲

وَمَنْ يُوفِ لَا يُذْمَمْ وَمَنْ يُهْدَ قَلْبُهُ	۱	إِلَى مُطْمَئِنِّ الْبِرِّ لَا يَتَجَمْجَمِ
وَمَنْ هَابَ أَسْبَابَ الْمَنَايَا يَنَلْنَهُ	۲	وَإِنْ يَرْقَ أَسْبَابَ السَّمَاءِ بِسُلَّمِ
وَمَنْ يَجْعَلِ الْمَعْرُوفَ فِي غَيْرِ أَهْلِهِ	۳	يَكُنْ حَمْدُهُ ذَمًّا عَلَيْهِ وَيَنْدَمِ
وَمَنْ يَعْصِ أَطْرَافَ الزِّجَاجِ فَإِنَّهُ	۴	يُطِيعُ الْعَوَالِيَ رُكِّبَتْ كُلَّ لَهْذَمِ
وَمَنْ لَا يَذُدْ عَنْ حَوْضِهِ بِسِلَاحِهِ	۵	يُهَدَّمْ وَمَنْ لَا يَظْلِمِ النَّاسَ يُظْلَمِ
وَمَنْ يَغْتَرِبْ يَحْسَبْ عَدُوًّا صَدِيقَهُ	۶	وَمَنْ لَا يُكَرِّمْ نَفْسَهُ لَا يُكَرَّمِ

(۱) ترجمہ اور جو شخص وعدہ پورا کرتا ہے اس کی مذمت نہیں کیجاتی۔ اور جس کے دل کو مقام احسان کی ہدایت کردیجائے وہ لچر پوچ باتیں نہیں کرتا (بلکہ صاف اور واضح باتیں کرتا ہے اور لوگ ان کو دھیان سے سنتے ہیں)۔

(۲) ترجمہ اور جو شخص موتوں کے اسباب سے ڈرا موتیں اسکو ضرور پکڑ لیں گی اگرچہ وہ سیڑھی کے ذریعہ آسمان کے اطراف پر چڑھ جائے مطلب اردو میں بھی مثل ہے جو ڈرا سو مرا۔

(۳) ترجمہ جو نااہل (کمینوں) پر احسان کریگا تو اسکی تعریف مذمت بنجائیگی اور (آخرکار) وہ پشیمان ہوگا مطلب اسی مضمون کو سعدی شیرازی نے یوں ادا کیا ہے ؎

نکوئی با بداں کردن چناں است — کہ بد کردن بجائے نیک مرداں

(۴) ترجمہ۔ جو شخص نیزوں کے اطراف کی نافرمانی کریگا (اور صلح پر راضی نہوگا) تو اسے ان دراز نیزوں کی اطاعت کرنی ہوگی جسپر لمبی لمبی بھالیں چڑھائی گئی ہونگی۔ مطلب یعنی جو شخص صلح کے لئے تیار نہ ہوگا اس کو لڑائی ذلیل وخوار بنادے گی۔

(۵) ترجمہ جو شخص اپنے حوض سے اپنے ہتھیاروں کے ذریعہ (اپنے دشمنوں کو) دفع نہ کریگا تو (اس کا) حوض ڈھادیا جائیگا اور جو لوگوں پر دباؤ نہ ڈالیگا تو اسپر ظلم کیا جائیگا مطلب انسان کو رعب داب سے رہنا چاہیئے ورنہ لوگ ٹھول کرنی جائیں گے۔

(۶) ترجمہ مصرعہ اول (۱) جو شخص سفر کرتا ہے دشمن کو دوست سمجھ بیٹھتا ہے (مسافرانہ زندگی میں دوست دشمن کی شناخت مشکل ہوتی ہے تجربہ کے بعد لوگوں کا حال کھلتا ہے (۲) جو سفر کریگا وہ دوست کو بھی دشمن خیال کریگا (حالت سفر میں دوست پر بھی) اعتماد نہ کرنا چاہیے اور اپنا سرمایہ اپنے پاس رکھنا چاہیے (۳) جو سفر کریگا اسکو دشمن کیساتھ دکھاوٹی دوستی کا برتاؤ کرنا پڑیگا (سفر میں انسان مجبور محض ہوتا ہے دشمن سے بھی دوستانہ برتاؤ کرنا پڑتا ہے) ترجمہ مصرعہ ثانی جو شخص خود اپنے نفس کا اعزاز نہ کریگا اسکی عزت نہیں کیجائیگی انسان کو خودداری سے رہنا چاہیئے جبھی دوسروں کی نظروں میں اسکی وقعت ہوسکتی ہے ؎

ہمت بلند دار کہ نزد خدا و خلق — باشد بقدر ہمت تو اعتبار تو

(۱) (یوف) من الایفاء یقال اوفیت بالعہد ووفیت بالعہد ای بروفاء وہما لغتان جیدتان (مطمئن البر) خالصہ (المطمئن) فی الاصل المکان المنخفض واستعیر للبر لان الشئی اذا وصل الی مکان المطمئن واستقر (لا یتجمجم) ای لا یتردد من التجمجم ومعناہ فی الاصل التکلم بکلام لا یفہم معناہ ۱۲

(۲) (ہاب) ای خاف من الہیبۃ (اسباب) جمع سبب ہو ما یتوسل بہ الی الشئی (المنایا) جمع منیۃ ہی الموت (ینلنہ) ای یحصلنہ (یرق) من رقی (س) اذا صعد (اسباب السماء) اطرافہا ونواحیہا (السلم) المرقاۃ جمعہ سلالم وسلالیم ۱۲

(۳) یقول من احسن الی من لم یکن اہلا للاحسان الیہ والامتنان علیہ وضع الذی احسن الیہ الذم موضع الحمد ای ذمہ ولم یحمدہ ۱۲

(۴) (الزجاج) جمع زج وہو الحدید المرکب فی اسفل الرمح (العوالی) جمع عالیۃ وہی ضد سافلۃ (اللہذم) السنان الطویل اذا التقت فئتان من العرب سددت کل واحدۃ منہما زجاج الرمح نحو صاحبہا وسعی الساعون فی الصلح فان ابتا الا التمادی فی القتال قلبت کل واحدۃ منہما الرماح واقتتلتا بالاسنۃ ۱۲

(۵) (لا یذد) من الذود وہو الکف والدفع یقال ذاد (ن) ذودا دفعہ وطردہ (الحوض) مجتمع الماء والجمع حیاض واحواض وحیضان (السلاح) جمعہ اسلحۃ (یہدم) من التہدیم ہو مبالغۃ الہدم یقال ہدم (ض) اسقطہ ونقضہ یقول من لم یحم حریمہ استبیح حریمہ واستعار الحوض للحریم ۱۲

(۶) (یغترب) ای یسافر (العدو) جمعہ اعداء (الصدیق) ضد العدو والجمع اصدقاء یقول من سافر واغترب حسب الاعداء اصدقاء لانہم لم یجربہم فتوقفہ التجارب علی ضمائر عدوہم ومن لا یکرم نفسہ بتجنب الدنایا لم یکرمہ الناس ۱۲

وَمَنْ لَمْ يَزَلْ يَسْتَرْحِلُ النَّاسَ نَفْسَهُ يجعل نفسه راحلة للناس ۱۲	۱	وَلَا يُعْفِهَا يَوْمًا مِنَ الذُّلِّ يَنْدَمِ
وَمَهْمَا تَكُنْ عِنْدَ امْرِئٍ مِنْ خَلِيقَةٍ اسم تكن زائدة ۱۲	۲	وَإِنْ خَالَهَا تَخْفَى عَلَى النَّاسِ تُعْلَمِ الباء للخليقة ۱۲
وَكَائِنْ تَرَى مِنْ صَامِتٍ لَكَ مُعْجِبٍ موصوف ۱۲ صفة ۱۲	۳	زِيَادَتُهُ أَوْ نَقْصُهُ فِي التَّكَلُّمِ حال بحذف الواو ۱۲
لِسَانُ الْفَتَى نِصْفٌ وَنِصْفٌ فُؤَادُهُ	۴	فَلَمْ يَبْقَ إِلَّا صُورَةُ اللَّحْمِ وَالدَّمِ اى لم يبق بعد هما منه الخ ۱۲
وَإِنَّ سَفَاهَ الشَّيْخِ لَا حِلْمَ بَعْدَهُ منه الحلم ۱۲	۵	وَإِنَّ الْفَتَى بَعْدَ السَّفَاهَةِ يَحْلُمِ
سَأَلْنَا فَأَعْطَيْتُمْ وَعُدْنَا فَعُدْتُمْ اى سألناكم ۱۲ الى السؤال ۱۲ الى الاعطاء ۱۲	۶	وَمَنْ أَكْثَرَ التَّسْآلَ يَوْمًا سَيُحْرَمِ السؤال ۱۲ يخاب ۱۲

(۱) ترجمہ جو شخص ہمیشہ اپنے نفس کو لوگوں کا لادو اونٹ بنائے رکھے گا اور کسی دن بھی اسکو ذلت سے نہ بچائے گا (ضرور) نادم ہوگا۔ (انسان کو خودداری لازم ہے)

(۲) ترجمہ جب کسی آدمی میں کوئی خلقی عادت ہوگی تو ضرور معلوم کر لیجائیگی۔ اگرچہ وہ یہ سمجھے کہ لوگوں سے چھپی رہے گی۔ مطلب انسان کی جبلی اور طبعی عادت کبھی چھپی نہیں رہتی ایک نہ ایک دن ضرور ظاہر ہو کر رہتی ہے۔

(۳) ترجمہ بہت سے خاموش لوگ تجھے بھلے معلوم ہونگے حالانکہ اُن کا کمال یا نقصان کلام کرنے کے وقت معلوم ہو سکتا ہے۔ مطلب انسان جبتک خاموش ہے اسکے عیب و ہنر کا پتہ نہیں چلتا بولنے سے حقیقتِ حال معلوم ہوتی ہے ؎

تا مرد سخن نگفتہ باشد عیب و ہنرش نہفتہ باشد

(۴) ترجمہ آدمی کا نصف حصہ زبان ہے اور نصف حصہ اس کا دل۔ بقیہ گوشت اور خون کی ایک صورت ہے۔ مطلب انسان کے جسم میں دو ہی چیزیں قابل قدر ہیں، زبان اور دل۔

(۵) ترجمہ بوڑھے کی بیوقوفی کے بعد بردباری (کا حصول) نہیں (بیوقوف بوڑھا حلیم نہیں ہو سکتا) جوان بیوقوفی کے بعد بردبار بن جاتا ہے۔ مطلب بڑھاپے میں آدمی جب سٹھ جاتا ہے تو عقل لوٹ کر نہیں آتی۔ اور جوانی کا جنون بڑھاپے میں زائل ہو جاتا ہے۔

(۶) ترجمہ ہم نے مانگا تم نے دیا۔ ہم نے پھر مانگا تم نے پھر دیا۔ اور جو زیادہ مانگتا رہیگا ایک دن محروم کر دیا جائے گا۔ مطلب روز روز کا سوال انسان کو محروم اور رسوا بنا دیتا ہے۔

(۱) (يسترحل) اى يجعل كالراحلة يقول ومن لم يزل يجعل نفسه كالراحلة للناس ولا يعفها من الذل يندم على ذلك وهذا البيت لم يذكره الزوزنى ۱۲

(۲) (الخليقة) الطبيعة والعادة جمعها خُلُق (وان خالها) اى وان ظنها (تعلم) اى تظهر على الناس يقول ومهما كان لامرئ خلق وظن انه يخفى على الناس علم ولم يخف يعنى اخلاق المرء لا تخفى وان اخفاها ۱۲

(۳) (كائن) معناها كم فى الخبر والاستفهام وفيها لغتان اخريان كاين وكئن (صامت) ضد ناطق من صمت (ن) صمتا وصموتا اى سكت (معجب) اسم فاعل من اعجبه اى اوقعه فى العجب يقول كم صامت يعجبك صمته ولا تظهر زيادته على غيره ونقصانه عن غيره الا عند تكلمه ۱۲

(۴) (لسان) جمعه ألسن وألسنة وألسن ولسانات (الفتى) الشاب (الفؤاد) القلب والجمع افئدة هذا اشارة الى قول العرب المرء باصغريه لسانه وجنانه فاذا تكلم تكلم باللسان واذا قاتل قاتل بالجنان ۱۲

(۵) يقول اذا كان الشيخ سفيها لم يرجع حلمه لانه لا حال بعد الشيب الا الموت والفتى وان كان نزقا سفيها اكسبه شيبه حلما ووقارا وشد قول صالح ابن عبد القدوس

؎ والشيخ لا يترك اخلاقه
حتى يوارى فى ثرى رمسه

(۶) يقول سألناكم رفدكم ومعروفكم فجدتم بها فعدنا الى السؤال وعدتم الى النوال ومن اكثر السؤال حُرم يوما لامحالة (التسآل) السوال والتفعال من ابنية المصادر ۱۲

المُعلّقۃُ الرّابِعۃُ

قال لبید بن ربیعۃ العامری

یہ معلقہ لبید بن ربیعہ عامری کا ہے۔ انکی کنیت ابوعقیل ہے۔ بہترین شریف النسل شاعر تھے طبیعت میں شجاعت سخاوت اور جسارت کا مادہ بہت زیادہ تھا۔ نابغہ نے بچپن میں ہی اِن کے متعلق کہدیا تھا کہ یہ بچہ بنو ہوازن میں سب سے بڑا شاعر ہوگا۔ اِن کے قبیلہ اور بنی عبس میں نسلی عداوت تھی۔ اتفاقاً دونوں قبیلے نعمان بن منذر کے دربار میں حاضر ہوئے۔ بنو عبس ربیع بن زیاد کی زیر قیادت تھے۔ اور عامری اِن کے چچا ملاعب الأسنۃ کی سرداری میں۔ ربیع ابن زیاد عبسی نعمان بن منذر کا ہم پیالہ و ہم نوالہ تھا۔ اور نعمان بن منذر کو بنو عامر کے خلاف بھڑکاتا رہتا تھا۔ بنو عامر کا یہ وفد جب دربار میں پہنچا تو نعمان بن منذر نے اُن کی طرف سے مُنہ پھیر لیا جس سے قبیلہ کی بڑی تحقیر ہوئی۔ اور پشیمان ہوکر یہ لوگ دربار سے واپس ہوئے۔ لبید چونکہ صغیر السن تھے اسلئے قبیلہ کے سردار، اِن کو دربار میں ساتھ بھی نہ لے گئے تھے۔ جب تمام لوگ واپس ہوئے تو لبید نے اُن سے احوال دریافت کئے۔ اِن کے بچپن کی وجہ سے کسی نے انکو حال بتانا بھی مناسب نہ سمجھا۔ لیکن انھوں نے اصرار کرکے حالات دریافت کئے۔ اور کہا کہ کل کو تم لوگ مجھے بھی دربار میں ساتھ لیجانا۔ میں ربیع بن زیاد کو ایسا ذلیل کردوں گا کہ پھر وہ تمام عمر بادشاہ کو مُنہ نہ دکھائے گا۔ چنانچہ اگلے روز جب بنو عامر لبید کو لیکر دربار میں گئے تو انھوں نے ربیع بن زیاد کو ایسا ذلیل کیا کہ پھر اُس نے دربار میں آنے کی بھی ہمت نہ کی۔

جب دُنیا میں نورِ نبوّت ظاہر ہوا۔ اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قبائل کو اسلام کی دعوت دی تو یہ بھی اپنے قبیلہ کے ہمراہ دربارِ نبوی میں پہنچے اور مشرف باسلام ہوگئے۔ نہایت پاکباز انسان بنے۔ قرآن حفظ کیا۔ اور شعر و شاعری کو بالکل ترک کردیا۔ فرمایا کرتے تھے اب ہمارے لئے شاعری کے بجائے قرآن کافی ہے جب فتوحاتِ اسلامی ہوئیں تو خلافتِ فاروقی میں کوفہ میں جا بسے۔ آپ کی وفات سنہ ۴۱ھ میں ہوئی ایکسو تیس سال کی عمر پائی۔

ایک مرتبہ لوگوں نے آپ سے دریافت کیا کہ عرب کا سب سے بڑا شاعر کون ہے۔ تو آپ نے فرمایا امرؤ القیس۔ لوگوں نے کہا اس کے بعد تو آپ نے کہا طرفہ۔ لوگوں نے کہا اسکے بعد کس کا درجہ ہے۔ تو فرمانے لگے کہ میرا۔ اس قصیدہ میں نعمان بن منذر کے دربار کا واقعہ ذکر فرماتے ہیں اور عہد جاہلیت کے دستور کے مطابق شراب نوشی مہمان نوازی اور شہسواری پر فخر کرتے ہیں۔

==========

عَفَتِ الدِّیَارُ مَحَلُّهَا فَمُقَامُهَا	۱	بِمِنًی تَأَبَّدَ غَوْلُهَا فَرِجَامُهَا
فَمَدَافِعُ الرَّیَّانِ عُرِّیَ رَسْمُهَا	۲	خَلَقًا کَمَا ضَمِنَ الْوُحِیَّ سِلَامُهَا
دِمَنٌ تَجَرَّمَ بَعْدَ عَهْدِ أَنِیْسِهَا	۳	حِجَجٌ خَلَوْنَ حَلَالُهَا وَحَرَامُهَا
رُزِقَتْ مَرَابِیْعَ النُّجُومِ وَصَابَهَا	۴	وَدْقُ الرَّوَاعِدِ جَوْدُهَا فَرِهَامُهَا
مِنْ کُلِّ سَارِیَةٍ وَغَادٍ مُدْجِنٍ	۵	وَعَشِیَّةٍ مُتَجَاوِبٍ إِرْزَامُهَا
فَعَلَا فُرُوعُ الْأَیْهُقَانِ وَأَطْفَلَتْ	۶	بِالْجَلْهَتَیْنِ ظِبَاؤُهَا وَنَعَامُهَا

(۱) ترجمہ: منیٰ میں زیادہ دن اور تھوڑے دن ٹھہرنے کے مکانات مٹ گئے اور (کوہ) غول اور رجام کے مکانات وحشت کدہ بن گئے۔ **مطلب** چونکہ محبوبہ اِن دیار سے کوچ کرگئی ہے اسلئے اب مکان کے نشانات بالکل مٹ گئے اور سب ویران ہوگئے۔

(۲) ترجمہ: پھر (کوہ) ریان کی نالیاں (احباب کے چلے جانے کی وجہ سے وحشتناک ہوگئیں) جنکے نشانات درآنحالیکہ وہ پُرانے پڑگئے تھے اس طرح واضح کردئے گئے جس طرح کہ کندہ پتھر نقوشِ کتابت کا ضامن ہوتاہے۔ **مطلب** نالے اُٹ جانیکے بعد بارش اور سیل سے پھر نمودار ہوگئے جس طرح کہ کندہ پتھر کی کتابت عرصہ کے بعد کچھ نمایاں رہ جاتی ہے۔

(۳) ترجمہ: (ان مکانوں کے) ایسے نشان ہیں جن پر اُن کے باشندوں کے زمانہ کے بعد بہت سے مکمل سال یعنی اُن سالوں کے حلال اور حرام مہینے گذرے (تو پھر ویران کیوں نہ ہوتے)۔

(۴) ترجمہ: اُن مکانات پر نچھتّروں کی تاثیر سے موسم ربیع کی ابتدائی بارشیں برسائی گئیں اور ابر کڑکنے والے بادلوں کی موسلادھار اور ہلکی مگر دیر تک برسنے والی بارشیں برسیں۔

(۵) ترجمہ: (وہ مکانات) ہر رات کے برسنے والے اور صبح کے وقت برسنے والے تاریک اور شام کے برسنے والے ایسے ابر سے (سیراب کئے گئے) جسکی کڑک آپس میں ایکدوسرے کو جواب دینے والی تھی (بادلوں کی پے درپے کڑک اور گرج ایسی سُنائی دے رہی تھی گویا وہ باہم گفت وشنید میں مصروف ہیں)۔

(۶) ترجمہ: پس (زمین کے سیراب ہوجانے کی وجہ سے) جھڑبیری کی شاخیں بڑھ گئیں اور وادی کے اطراف میں ہرنوں نے بچے اور شتر مرغ نے (انڈے) دیدئے۔ **مطلب** بارش کی کثرت سے تمام جنگل شاداب اور ہرے ہوگئے اور وحشی جانوروں نے بچے دیدئے۔

م السحاب یلبس آفاق السماء بظلامہ لفرط کثافتہ (العشیۃ) السحابۃ التی تنشاء آخر النہار (الارزام) صوت الرعد وہو مرفوع بمتجاوب وقولہ من کل ساریۃ متعلق برزقت او بصابہا ۱۲

(۶) (علا) ارتفع فعل ماض من العلو (الایہقان) ضرب من النبت ہو الجرجیر البری (اطفلت) ای صارت ذوات اطفال (الجلہتین) جانبا الوادی ولا یستعمل الا مثنی کالثقلین (النعام) جنس یعم الذکر والانثیٰ و فعل محذوف ای باضت نعامہا او یراد ما ہو اعم منہ علیٰ طریق عموم المجاز ۱۲

(۱) (عفت) (ن) عفاء لازم ومتعدٍ فی البیت لازم یقال عفت الریح المنزل وعفا المنزل نفسہ عفوا وعفاء (المحل) من الدیار ما حل فیہ لایام معدودۃ (المقام) منہا ما طالت الاقامۃ بہ (منیٰ) موضع غیر منی الحرم (تابد) توحش (الغول والرجام) جبلان حرقات وقولہ محلہا بدل من الدیار ومقامہا معطوف علی محلہا واراد بغولہا ورجامہا او بغولہا ورجامہا فحذف المضاف واقام المضاف الیہ مقامہ ۱۲

(۲) (مدافع) جمع مدفع وہو مسیل الماء الی الاودیۃ من الجبل (الریان) اسم جبل (عُرّی) اُعری جرد (الوحی) الکتابۃ (سلام) جمع سلمۃ وہی الحجارۃ وقولہ فمدافع معطوف علی غولہا و خلقا حالٌ من الرسم والضمیر الذی فی سلامہا عائد الی الوحی ۱۲

(۳) (دِمَنٌ) جمع دمنۃ ہی ما لصق بالارض من آثار الدیار وہی خبر لمبتدا محذوف تقدیرہ ومن ہذہ الدیار دمنٌ (تجرم) ای تکمل وہو فی موضع الصفۃ لدمن (العہد) الملاقات (الحجج) جمع حجۃ ہی السنۃ واراد بالحرام الاشہر الحرم وہی اربعۃ ذو القعدۃ وذو الحجۃ والمحرم ورجب واراد بالحلال الاشہر ما سواہا وقولہ حجج فاعل خلون وحلالہا وحرامہا بدل منہ ۱۲

(۴) (رزقت) ای مطرت الدیار (المرابیع) الامطار التی تجئی فی اول الربیع الواحد مرباع واراد بالنجوم الانواء وہی منازل القمر الواحد نوء (صابہا) ای صبہا (الودق) المطر (الرواعد) جمع راعدۃ ہی السحابۃ التی فیہا الرعد (الجود) المطر الکثیر (الرہام) المطر الضعیف الدائم وقولہ جودہا فرہامہا بدلٌ من ودق الرواعد ۱۲

(۵) (الساریۃ) السحابۃ التی تمطر لیلا (الغادی) السحاب الذی یمطر غدوۃ (المدجن) من م

وَالْعِيْنُ سَاكِنَةٌ عَلٰى أَطْلَائِهَا	۱	عُوْذًا تَأَجَّلُ بِالْفَضَاءِ بِهَامُهَا (نصب علی الحال من العین ۱۲)
وَجَلَا السُّيُوْلُ عَنِ الطُّلُوْلِ كَأَنَّهَا	۲	زُبُرٌ تُجِدُّ مُتُوْنَهَا أَقْلَامُهَا (الجملۃ فی موضع النعت لزبر ۱۲)
أَوْ رَجْعُ وَاشِمَةٍ أُسِفَّ نُؤُوْرُهَا	۳	كِفَفًا تَعَرَّضَ فَوْقَهُنَّ وِشَامُهَا (مفعول لاسف ۱۲)
فَوَقَفْتُ أَسْأَلُهَا وَكَيْفَ سُؤَالُنَا	۴	صُمًّا خَوَالِدَ مَا يَبِيْنُ كَلَامُهَا (جمع صم ۔ یظہر ۱۲)
عَرِيَتْ وَكَانَ بِهَا الْجَمِيْعُ فَأَبْكَرُوْا (ای خلت عن القطان ۱۲ ۔ سار بکرۃ ۱۲)	۵	مِنْهَا وَغُوْدِرَ نُؤْيُهَا وَثُمَامُهَا (ترک ۱۲)

(۱) **ترجمہ**۔ وحشی گائیں درآنحالیکہ وہ نوزائیدہ ہیں اپنے بچوں کے پاس کھڑی ہیں اور اُن کے بچے کھلے میدان میں ریوڑ، ریوڑ (پھرتے) ہیں۔ **مطلب** غرضکہ اب وہ دیارِ حبیب وحشی جانوروں کا مسکن بن گئے۔

(۲) **ترجمہ**۔ سیلابوں نے کھنڈروں کو (مٹی میں دب جانے کے بعد) ظاہر کردیا۔ گویا کہ وہ کتابیں ہیں جن کے قلموں نے ان کی کتابت کو دوبارہ چمکا دیا ہے۔ **لطیفہ**۔ فرزدق نے جب یہ شعر سُنا تو سجدہ میں گر گیا۔ لوگوں نے سبب دریافت کیا۔ تو کہنے لگا کہ تم سجداتِ قرآن کو جانتے ہو میں سجدۂ شعر کو پہچانتا ہوں۔

(۳) **ترجمہ**۔ یا گودنے والی کے دوبارہ گودنے کے نشان ہیں جن کے حلقوں میں اس کا کاجل بھر دیا گیا ہے جنپر اسکے گودنے کے نشان ظاہر ہوگئے ہیں۔ **مطلب** کھنڈروں کے ناپید ہونے کو مٹے ہوئے گودنے کے نشانات سے تشبیہ دی اور سیل کی وجہ سے اسکے دوبارہ نمودار ہوجانے کو گودنے کے اُجلے ہوئے نشانات سے تشبیہ دی۔

(۴) **ترجمہ** بس میں ٹھہرا اور اُن کھنڈرات سے (محبوبہ کے احوال) دریافت کرنے لگا حالانکہ باقیماندہ ٹھوس پتھروں سے کہ اُن کی گفتگو ظاہر نہیں ہوتی، کیسے سوال ہو سکتا ہے (دوسرے مصرعے سے اپنی وارفتگی کا عالم دکھانا مقصود ہے)

(۵) **ترجمہ**۔ وہ گھر (رہنے والوں سے) خالی ہوگئے اور پہلے اس میں سب تھے پس وہ صبح سویرے اُس گھر سے سفر کر گئے اور اسکی نالیاں (جو خیمہ کے اردگرد کھودی جاتی ہیں) اور جھنوا سے (کی باڑیں جو حفاظت کیلئے خیمہ کے چاروں طرف لگا دی جاتی ہیں) چھوڑ دی گئیں۔

۵ (النؤی) نُہیر یحفر حول البیت لینصب الیہ الماء من البیت والجمع آناء و تقلب فیقال آنائ (الثمام) ضربٌ من الشجر خوٌّ یسد بہ خلل البیوت ۱۲

(۱) (العین) جمع عین البقر الوحشی (الاطلاء) جمع الطلا ولد الوحش حین یولد الی ان یاتی علیہ شہر ویستعار لولد الانسان وغیرہ (العوذ) حدیثات النتاج الواحدۃ عائذ (تاجل) ای صار اجلاً اجلاً والاجل القطیع من بقر الوحش (البہام) اولاد الضان جمع بہم البہم جمع بہمۃ واراد بہا اولاد البقر ۱۲

(۲) (جلا) کشف (السیول) جمع سیل مثل شیخ وشیوخ (الطلول) جمع الطلل (الزبر) جمع زبور وہو الکتاب بمعنی المزبور (تجد) من الاجداد بمعنی التجدید شبہ کشف السیول عن الاطلال التی غطاہا التراب تجدید الکتاب سطور الکتاب الدارس وظہور الاطلال بعد دروسہا بظہور السطور بعد دروسہا ۱۲

(۳) (الرجع) الترديد (الواشمۃ) من وشم (ض) وشمہا الید غرزہا بالابرۃ ثم ذر علیہا النیلج فصار فیہا رسوم وخطوط (النؤور) النفس المتخذ من دخان السراج والنار (کففا) جمع کفۃ وہی الدارات وکل شئ مستدیر کِفۃ بکسر الکاف وکل مستطیل کُفۃ بضم الکاف (تعرض) ظہر (الوشام) جمع وشم قولہ نورہا مفعول مالم یسم فاعلہ لاسف وکففا مفعول ثان لہ و وشامہا فاعل تعرض اضیف الی ضمیر الواشمۃ ۱۲

(۴) (الصم) الصلاب الواحد اصم وصماء (خوالد) البقی والبواقی بعد دروس الاطلال (ابان) قد یکون بمعنی ظہر وقد یکون بمعنی اظہر یرید ان ہذا السؤال لا یجدی لصاحبہ نفعا وسوال الاطلال والاحجار مما یدل علی فرط الولہ وشدۃ الشغف ۱۲

(۵) (عریت) خلت یقال عری (س) عریا من ثیابہ خلعہا (ابکروا) ساروا فی البکرۃ یقال بکرتُ (ن) وابتکرت من المکان ای سرت منہ بکرۃ (غودر) ترک من المغادرۃ ہو الترک ومنہ الغدیر لانہ ماء ترکہ السیل ۱۲

شَاقَتْكَ ظُعْنُ الْحَيِّ حِيْنَ تَحَمَّلُوْا	١	فَتَكَنَّسُوْا قُطُنًا تَصِرُّ خِيَامُهَا
مِنْ كُلِّ مَحْفُوْفٍ يُظِلُّ عِصِيَّهُ	٢	زَوْجٌ عَلَيْهِ كِلَّةٌ وَقِرَامُهَا
زُجَلًا كَأَنَّ نِعَاجَ تُوْضِحَ فَوْقَهَا	٣	وَظِبَاءَ وَجْرَةَ عُطَّفًا آرَامُهَا
حُفِزَتْ وَزَايَلَهَا السَّرَابُ كَأَنَّهَا	٤	أَجْزَاعُ بِيْشَةَ أَثْلُهَا وَرِضَامُهَا
بَلْ مَا تَذَكَّرُ مِنْ نَوَارَ وَقَدْ نَأَتْ	٥	وَتَقَطَّعَتْ أَسْبَابُهَا وَرِمَامُهَا

(١) ترجمہ تجھکو قبیلہ کی ہودج نشین عورتوں نے اسوقت (اور زیادہ) مشتاق بنایا جبکہ وہ (روانگی کے لئے) سوار ہوئیں اور روئے ہودجوں میں داخل ہوئیں۔ درآنحالیکہ اُن کے خیموں کی لکڑیاں (جدید ہونے کی وجہ سے) چرچر کر رہی تھیں۔

(٢) ترجمہ۔ جن ہودجوں میں وہ عورتیں جا بیٹھیں اُن میں سے ہر ہودج کپڑوں میں پوشیدہ تھا جسکی لکڑیوں پر ایک دبیز پردہ تھا جس پر ایک باریک پردہ اور ایک سرخ منقش کپڑا پڑا ہوا تھا۔

(٣) ترجمہ (وہ عورتیں) گروہ درگروہ (جب ہودجوں میں سوار ہوئیں تو یہ معلوم ہوتا تھا کہ) گویا مقام توضح کی وحشی گائیں اور مقام وجرہ کی سفید ہرنیاں اُن ہودجوں پر سوار ہیں اس حالت میں کہ وہ اپنے بچوں کو پیار سے دیکھ رہی ہیں مطلب عورتوں کو حسنِ چشم اور خوبی رفتار میں بقراتِ وحش سے اور بنظر ترحم بچوں کی طرف دیکھنے والی ہرنوں سے تشبیہ دی ہے اسلئے کہ ایسی حالت میں انکی گردنوں اور نگاہوں میں ایک خاص حسن ہوتا ہے۔

(٤) ترجمہ وہ سواریاں تیز ہنکائی گئیں اور قطعاتِ سراب اُن سے جدا ہو گئے (یعنی سواریاں اُن میں سے ہوکر نکلیں تو یوں معلوم ہوتا تھا کہ) گویا وہ وادیِ بیشہ کے موڑوں پر جھاؤ کے درخت یا پتھر کی چٹانیں ہیں۔ (کثرت اور ضخامت میں سواریوں کو جھاؤ کے درختوں یا پتھر کی چٹانوں سے تشبیہ دی ہے)۔

(٥) ترجمہ۔ اب نوار (معشوقہ) کی یاد کیا؟ (اس کا تذکرہ بے سود ہے) جبکہ وہ دور ہو گئی۔ اور اس کے قوی اور ضعیف علائق (دوستی) منقطع ہو گئے۔ **مطلب** محبوبہ کے ہجر اور قطع تعلق کے بعد اس کا ذکر لا حاصل ہے۔

٤۔ جمع جزع وہو منعطف الوادی (بیشہ) واد بعینہ بطریق الیمامۃ (الاثل) شجر (الرضام) صخور عظام الواحدۃ رضمۃ الکاف فی موضع الحال من ضمیر زایلہا و اثلہا بدل من الاجزاع ورضامہا عطف علیہ وضمیر اثلہا ورضامہا لبیشۃ ١٢

(٥) (نوار) کقطام اسم امرأۃ یشبب بہا (نأت) ای بعدت من النأی ہو البعد (الرمام) جمع رمۃ وہی قطعۃ من الحبل خلقۃ ضعیفۃ۔ اضرب عن الکلام الاول وشرع فی کلام آخر فقال مخاطبا لنفسہ ای شیٔ تتذکر من نوار والحال انہا بعدت وتقطع اسباب وصالہا ما قوی منہا وما ضعف ١٢

(١) (شاقتک) ای دعتک الی الشوق (الخطاب لنفسہ) (الظعن) جمع ظعینۃ وہی الہودج والمرأۃ ایضا ما دامت فی الہودج (تکنسوا) من تکنس ہو الدخول فی الکناس وہو بیت الوحش واراد ہہنا الہودج وضمیر تحملوا وتکنسوا للظعن وذلک جائز عندہم وضمیر خیامہا للقطن ہو کتب جمع قطان وہو اشجار الہودج کما فی القاموس او جمع قطین بمعنی الجماعۃ کما فی الزوزنی وایضا قال فیہ القطن الثیاب الفاخرۃ عندہم والاول اظہر کما ترجمت فی الہندیۃ (تصر) من الصریر ہو صوت الرحل ونحوہ وجملۃ تصر خیامہا فی موضع الصفۃ للقطن ١٢

(٢) (محفوف) المغطی یقال حف الہودج بالثیاب ای غطی بہا وحف الناس حول الشیٔ احاطوا بہ (یظل) یقال اظل الجدار الشیٔ اذا کان فی ظل الجدار (العصی) ہہنا عیدان الہودج (زوج) ضرب من الثیاب یطرح علی الہودج (الکلۃ) ستر رقیق یجعل فوق الہودج (القرام) ستر فیہ رقوم ونقوش یرسل علی جانب الہودج وقولہ کلۃ مبتدا مقدم الخبر والجملۃ نعت لزوج والقرام معطوف علی کلۃ والضمیر الذی اضیف الیہ القرام راجع الی الکلۃ ١٢

(٣) (زجلا) جمع زجلۃ ہی القطعۃ من کل شیٔ والجماعۃ من الناس (نعاج) اناث بقر الوحش (توضح ووجرۃ) موضعان (العطف) جمع عاطف من العطف بمعنی الترحم او الثنی ونصب جلا علی الحال من الضمیر فی تحملوا ونصب عطفا علی الحال (الآرام) جمع ریم وہو الظبی الخالص البیاض ورفع آرامہا علی الفاعلیۃ للحال الساد مسد الفعل ١٢

(٤) (حفزت) ای دفعت (الاجزاع) ٤

مُرِّيَّةٌ حَلَّتْ بِفَيْدَ وَجَاوَرَتْ	١	أَهْلَ الْحِجَازِ فَأَيْنَ مِنْكَ مَرَامُهَا
بِمَشَارِقِ الْجَبَلَيْنِ أَوْ بِمُحَجَّرٍ	٢	فَتَضَمَّنَتْهَا فَرْدَةٌ فَرِجَامُهَا
فَصُوَائِقٌ إِنْ أَيْمَنَتْ فَمَظِنَّةٌ	٣	مِنْهَا وِحَافُ الْقَهْرِ أَوْ طِلْخَامُهَا
فَاقْطَعْ لُبَانَةَ مَنْ تَعَرَّضَ وَصْلُهُ	٤	وَلَخَيْرُ وَاصِلِ خُلَّةٍ صَرَّامُهَا
وَاحْبُ الْمُجَامِلَ بِالْجَزِيلِ وَصَرْمُهُ	٥	بَاقٍ إِذَا ظَلَعَتْ وَزَاغَ قِوَامُهَا
بِطَلِيحِ أَسْفَارٍ تَرَكْنَ بَقِيَّةً	٦	مِنْهَا فَأَحْنَقَ صُلْبُهَا وَسَنَامُهَا

(۱) ترجمہ وہ (نوار) مُرّیّہ ہے (کبھی مقام) فید میں جا اُتری اور (کبھی) حجازیوں کی پڑوسن بنی سو اب تیرا مقصد (حاصل ہونا) اس سے دشوار ہے۔ مطلب دیار شاعر اور فید و حجاز میں کافی فاصلہ ہے اپنے نفس کو خطاب کرکے کہتا ہے کہ جب محبوبہ دور دراز مقامات پر جا گزیں ہے تو اب وصال بہت دشوار ہے۔

(۲) ترجمہ (وہ نوار بنو طی کے دو پہاڑ) آجا و سلمیٰ کے پورب میں (مقیم ہوئی) یا (مقام) محجر میں پھر اسکو (کوہ) فردہ اور اسکے رجام نے اپنے اندر سما لیا۔

(۳) ترجمہ پھر (مقام) صوائق نے (اس نوار کو اپنی گود میں لیلیا) اور اگر یمن میں آئی تو اسکے متعلق وحاف القہر یا اسکے طلخام کے بارے میں خیال ہے (کہ وہ اسکی فرودگاہ ہونگے)

(۴) ترجمہ جس کا وصل (تعلق) معرض زوال میں ہو اس سے قطع تعلق کرلے۔ دوستی کرنیوالا وہی بہتر ہے جو (ضرورت کیوقت) قطع تعلق کرلے (تاکہ ہجر کے مصائب زیادہ برداشت کرلینے نہ پڑیں مطلب بعض کتابوں میں بجائے لخیر واصل کے ولشر واصل الخ ہے تو اس صورت میں اس شخص کی مذمت ہوگی جو دوستی کرکے نہ نبھائے لیکن پہلی روایت اگلے شعر کے مناسب ہے۔

(۵) ترجمہ عمدہ معاملہ کرنے والے کو بہت سا مال (یا اُڈکثیر) دے اور اس سے قطع کرنا بھی (باقی رہے جبکہ اس دوستی کی رفتار ٹیڑھی اور اصل کج ہو جائے۔ مطلب دوست کیساتھ بڑھکر معاملہ کرو لیکن اگر تعلقات مکدر ہونے لگیں تو پھر فوراً تعلق قطع کردو۔

(۶) ترجمہ سفروں کی وجہ سے درماندہ اونٹنی کے ذریعہ (تعلقات قطع کرو) جس میں سے سفروں نے کچھ تھوڑا حصہ باقی چھوڑا ہو پس (لاغری کی وجہ سے) اسکی پشت اور کوہان سمٹ گئے ہوں۔

کما تحمل اذاہ (الجزیل) الکثیر التام یقال جزل (ک) جزالۃ الشیٔ کثر (الصرم) القطیعۃ (ظلعت) ای غمزت یقال ظلع (ف) ظلعًا البعیر غمز فی مشیتہ (زاغ) من الزیغ ہو المیل (القوام) مایقوم بہ الشیٔ وضمیر ظلعت وقوامہا راجعۃ الی الخلۃ ۱۲ (۶) (طلیح) یقال طلحتُ (ف) البعیرَ اذا اعییتہ فہو طلیحٌ وناقۃ طلیح اسفار اذا جہدہا السیر وہزلہا (احنق) من الاحناق ہو انصاق البطن من الہزال (الصلب) عظم الظہر والجمع اصلاب وضمیر ترکن للاسفار ۱۲

(۱) (مُرّیّۃ) منسوب الی مُرّۃ (فید) البلدۃ مؤنثۃ ولم یصرفہا للتانیث والتعریف وصرفہا ایضًا جائز لانہا علی اخف اوزان الاسم فعادلت الخفۃ احدی السببین وکذا کل اسم کان علی ثلثۃ احرف ساکن الاوسط نحو ہند یقول ہی من مُرّۃ حلّت واقامت بفید احیانًا وجاورت اہل الحجاز احیانًا وتعذر منک مطلبہا لان بین بلادک وبین فید واہل الحجازۃ مسافۃ بعیدۃ ۱۲

(۲) (بمشارق) یتعلق بحلّت واراد بالجبلین آجا وسلمیٰ جبلان لطئی (محجر) موضع (فردۃ) جبل آخر لطئی وصرفہا لضرورۃ (الرجام) موضع ہذا اذا کان الرجام بالجیم وان کان بالحاء المہملۃ فہی ارض متصلۃ بفردۃ لذلک اضافہا الیہا ۱۲

(۳) (صوائق) موضع معطوف علی فرجامہا او خبر المبتدا محذوف ای محلہا (ایمنت) ای اتت الیمن یقال ایمن الرجل اذا اتی الیمن مثل اعرق اذا اتی العراق واخیف اذا اتی خیف منیٰ (مظنۃ الشیٔ) حیث یظن کونہ فیہ وہو من الظن بالظاء واما قولہم علق مضنۃ ای شیٔ نفیس یبخل بہ فہو من الضن (وحاف القہر وطلخام) موضعان ۱۲

(۴) (اللبانۃ) حاجۃ اللبن خاصۃ ثم یستعمل لکل حاجۃ (الخلۃ) المودۃ المتناہیۃ ومنہا الخلیل والخل (صرّام) مبالغۃ الصارم ہو القاطع من صرم (ض) صَرْمًا وصُرْمًا الحبلَ انقطع الشیٔ قطعہ فلانًا ہجرہ ویروی ولشر واصل خلۃ صرامہا یعنی لشرٌ من وصل محبۃ من قطعہا ۱۲

(۵) (واحب) امر من حبوتہ بکذا احبوہ (ن) حباءً اعطیتہ ایاہ (المجامل) المعامل بالجمیل ویروی محامل بالحاء فہو الذی یحمل اذاک

۱	وَإِذَا تَغَالَى لَحْمُهَا وَتَحَسَّرَتْ	وَتَقَطَّعَتْ بَعْدَ الْكَلَالِ خِدَامُهَا
۲	فَلَهَا هِبَابٌ فِي الزِّمَامِ كَأَنَّهَا	صَهْبَاءُ خَفَّ مَعَ الْجَنُوبِ جَهَامُهَا
۳	أَوْ مُلْمِعٌ وَسَقَتْ لِأَحْقَبَ لَاحَهُ	طَرْدُ الْفُحُولِ وَضَرْبُهَا وَكِدَامُهَا
۴	يَعْلُو بِهَا حَدَبَ الْإِكَامِ مُسَحَّجٌ	قَدْ رَابَهُ عِصْيَانُهَا وَوِحَامُهَا
۵	بِأَحِزَّةِ الثَّلَبُوتِ يَرْبَأُ فَوْقَهَا	قَفْرَ الْمَرَاقِبِ خَوْفُهَا آرَامُهَا
۶	حَتَّى إِذَا سَلَخَا جُمَادَى سِتَّةً	جَزْءًا فَطَالَ صِيَامُهُ وَصِيَامُهَا

(۱) ترجمہ۔ جبکہ اس (ناقہ) کا گوشت گھل جائے اور وہ درماندہ ہو جائے اور تھک جانیکے بعد اس کے (موزہ کے) تسمے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں۔ (جواب شرط اگلے شعر میں ہے):۔

(۲) ترجمہ پھر بھی اسکے لئے مہار میں (رہکر) ایسا نشاط ہو گویا کہ وہ سرخ رنگ کا بادل جسمیں سے ایک ابرِ بے باران نے جنوبی ہوا کے ساتھ حرکت کی ہے۔ مطلب جس ناقہ میں تھک جانیکے بعد بھی پانی سے خالی سرخ ابر کیطرح سرعت سیر ہو اسپر سوار ہو کر بگاڑ کے وقت قطع تعلق کر لینا چاہئے۔

(۳) ترجمہ یا (وہ ناقہ) گورخرنی (کی طرح) ہے جو ایسے گورخر سے حاملہ ہوئی جسکہ نروں کے دفع کرنے اور مارنے اور کاٹنے نے بدرُوپ کر دیا ہو۔ مطلب ناقہ کو ابر سے تشبیہ دینے کے بعد اس گدھی سے تشبیہ دی جسکو مست گورخر بھگائے پھر رہا ہو۔

(۴) ترجمہ زخمی گورخر اس گورخرنی کو ٹیلوں کی بلندی پر بھگائے پھرتا ہے (تاکہ دوسرے نروں سے دُور لیجاکر اور تھکا کر اُسپر قادر ہو سکے) درآنحالیکہ اس گورخرنی کی نافرمانی اور شہوت نے اسکو شک میں ڈال رکھا تھا (کہ کہیں یہ حاملہ تو نہیں کیونکہ حالت حمل میں گدھی جفتی نہیں کھاتی)۔

(۵) ترجمہ (وہ گدھا اُس گدھی کو) ثلبوت کے ٹیلوں پر لے چڑھا اس حال میں کہ) خالی کمینگاہوں کی دیدبانوں کی طرح دیکھ بھال کرتا تھا (کہ مبادا کوئی صیاد نہ چھپا بیٹھا ہو) اُن میں خوف کا باعث پتھر تھے۔ مطلب محض پتھروں کو دیکھ کر بھڑک رہا تھا ورنہ وہاں کسی شکاری کا پتہ تک نہ تھا۔

(۶) ترجمہ یہاں تک کہ جب دونوں نے جاڑوں کے چھ مہینے گذار دئے (اور موسم ربیع آگیا یا جمادی الثانیہ گذار دیا) اس حال میں کہ بدون پانی پئے تر گھاس پر اکتفا کرتے تھے پس اس گدھے اور گدھی کا روزہ (پانی سے رُکنا) دراز ہو گیا۔ (جواب اذا اگلے شعر میں ہے)

ہ منصوب علی البدلیۃ من جمادی وقیل مجرور بالاضافۃ (جمادی) اسم للشتاء سمی بہا لجمود الماء فیہ وقیل المراد من جمادی ستۃ الجمادی الآخرۃ لانہ شہر سادس من المحرم کما یقال للجمادی الاولیٰ جمادی خمسۃ ۱۲

(۱) (تغالی) لحم الناقۃ ای ذہب الی تفع الی رؤس العظام مجردہ غلا (ن) یغلو ای ارتفع (تحسرت) ای اعییت من کثرۃ السوق وسقطت (الکلال) التعب یقال کل (ض) کلا تعب (اجیاد الخدام) ککتاب جمع خدم والخدم جمع خدمۃ وہو سیر تشد بہا النعال الی ارساغ الابل ۱۲

(۲) (الہباب) النشاط یقال ہب یہب ہبا وہبابا اذا انشط واسرع (الزمام) للبعیر بمنزلۃ اللجام للفرس (الصہباء) السحابۃ التی تضرب لونہا الی الحمرۃ (الجنوب) ریح تقابل الشمال (الجہام) السحاب الذی قد ہراق ماءہ والفاء فی جواب اذا فی الشعر الماضی ۱۲

(۳) (الملمع) الاتان التی قاربت ان تحمل۔ (وسقت) ای حملت یقال وسق (ض) وسقا الشیٔ جمعہ وحملہ واوسقت الناقۃ اذا حملت فہی واسق والجمع واسقات (الاحقب) الحمار الوحشی الذی فی خاصرتیہ بیاض (لاح) ای غیرہ (الکدام) العض یقال کدم (ن و ض) کدما عضہ بمقدم فمہ ۱۲

(۴) (الحدب) ما ارتفع من الارض (الاکام) جمع اکمۃ الجبل الصغیر (مسحج) بتقدیم الحاء المہملۃ علی الجیم المعظم حمار عضۃ الحمر (رابہ) ای اوقعہ فی الشک (الوحام) شہوۃ الفحل والباء فی بہا للتعدیۃ والباء یرجع الی ملمع ۱۲

(۵) (باحزۃ) الباء تتعلق بیعلو والاحزۃ جمع حزیز ہو ما غلظ من الارض مثل القف (الثلبوت) اسم واد بعینہ (یربو) من ربا (ف) ربأ رقب وحافظ (القفر) الخالی والجمع القفار (المراقب) جمع مرقبۃ ہو موضع یقوم علیہ الرقیب (الآرام) جمع ارم ہو حجر ینصب علی الطریق ۱۲

(۶) (سلخت) الشہر اذا امضیتہ وصرت فی آخرہ (ف ت) (جزء) یقال جزأت الابل اذا اکتفت بالکلاء الرطب عن الماء (ستۃ) ۱۲

رَجَعَا بِأَمْرِهِمَا إِلٰى ذِي مِرَّةٍ	۱	حَصِدٍ وَنُجْحُ صَرِيمَةٍ إِبْرَامُهَا
وَرَمَى دَوَابِرَهَا السَّفَا وَتَهَيَّجَتْ	۲	رِيحُ الْمَصَايِفِ سَوْمُهَا وَسِهَامُهَا
فَتَنَازَعَا سَبِطًا يَطِيرُ ظِلَالُهُ	۳	كَدُخَانِ مُشْعَلَةٍ يُشَبُّ ضِرَامُهَا
مَشْمُولَةٍ غُلِثَتْ بِنَابِتِ عَرْفَجٍ	۴	كَدُخَانِ نَارٍ سَاطِعٍ أَسْنَامُهَا
فَمَضٰى وَقَدَّمَهَا وَكَانَتْ عَادَةً	۵	مِنْهُ إِذَا هِيَ عَرَّدَتْ إِقْدَامُهَا
فَتَوَسَّطَا عُرْضَ السَّرِيِّ وَصَدَّعَا	۶	مَسْجُورَةً مُتَجَاوِرًا قُلَّامُهَا

(۱) ترجمہ تو اُن دونوں نے اپنے مقصد کو مستحکم ارادہ کی طرف لوٹایا (پانی پینے کی ٹھانی) اور ارادہ کی کامیابی اُس کے محکم کرنے میں ہے (خام ارادہ میں کامیابی نہیں ہوتی)۔

(۲) ترجمہ (موسم گرما کے آغاز کی وجہ سے) گوکھرو اُن کے کھُروں کے پچھلے حصوں میں چبھنے لگے اور گرمیوں کی ہوا یعنی اُس کا چلنا اور گرمی بھڑک اُٹھی۔

(۳) ترجمہ پس اُن دونوں نے ایسے لمبے غبار میں ایک دوسرے سے (بڑھنے میں) مقابلہ کیا جس کا سایہ اُس روشن آگ کے دھویں کی طرح (اُڑ رہا) تھا جس کی چھپٹیاں خوب بھڑکا دی گئی ہوں۔

مطلب اُڑتے ہوئے غبار کو بھڑکتی ہوئی آگ کے دھویں سے تشبیہ دی ہے۔

(۴) ترجمہ وہ آگ ایسی ہے جس پر بادِ شمالی چلی ہے جس میں (درخت) عرفج کی تر شاخیں ملا دی گئی ہیں اُس کا دھواں اُس آگ کے دھوئیں کی طرح ہے جس کی لپٹیں بلند ہو رہی ہوں۔ **مطلب** بادِ شمالی سے آگ میں دھواں زیادہ پیدا ہوتا ہے۔ نیز تر شاخوں کا آگ میں ڈالدینا بھی دھوئیں کی زیادتی کا باعث ہے۔

(۵) ترجمہ وہ (گدھا) چلا اور اُس (گدھی) کو اپنے آگے دھر لیا اور اُس گدھے کی یہ عادت تھی کہ جب وہ راستہ سے منحرف ہونے کا ارادہ کرتی تو اُس کو آگے کر لیتا تھا۔

(۶) ترجمہ پھر وہ دونوں نہر کے ایک گوشے کے بیچ میں داخل ہوئے اور اُن دونوں نے ایک ایسے لبریز چشمہ کو چیرا جس کی قُلّام گھاس قریب قریب تھی۔

(۱) (بامرہما) الباء فیہ زائدۃ ان جعلت قولہ رجعا من الرجع وان جعلتہ من الرجوع کانت الباء للتعدیہ (المرۃ) بالکسر القوۃ (الحصد) المحکم یقال حصد (س) حصداً الحبل اشتد فتلہ (نجح) والنجاح حصول المراد یقال نجح (ف) بحاجتہ فاز (الصریمۃ) العزیمۃ التی صرمہا صاحبہا عن سائر عزائمہ بالجد فی امضائہا والجمع صرائم (الابرام) الاحکام ۱۲

(۲) (دوابر) جمع دابرۃ ومعناہا مآخیر الحوافر (السفی) شوک البہمی (تہیج) الشئ وانہاج وہاج (ض) تحرک ونشأ (المصائف) جمع مصیف وہو الصیف (السوم) مر الریح والفعل سام (ن) وقولہا سوجہا بدل من ریح (السہام) شدۃ الحر ۱۲

(۳) (السبط) الطویل الممتد صفۃ لمحذوف ای غبار قولہ کدخان مشعلۃ ای نار مشعلۃ فحذف الموصوف (یشب) من شب النار بمعنی اشعالہا (الضرام) دقاق الحطب واحدہا ضرم وواحد الضرم ضرمۃ وقد ضرمت النار واضطرمت وتضرمت ای التہبت ۱۲

(۴) (مشمولۃ) ای نار قد اصابتہا ریح الشمال (غلثت) من غلث (ض) غلثا الشئ بالشئ خلطہ (النابت) الغصن الغض (العرفج) شجر (ساطع) مرتفع یقال سطع (ف) سطوعا وسطوعا الغبار او الرائحۃ او النور ارتفع وانتشر (اسنام) جمع سنام وہو اعلی الشئ والکاف فی قولہ کدخان فی موضع الخبر تقدیرہ دخانہا کدخان نار الخ ۱۲

(۵) (عردت) من التعرید ہو التأخر لانحراف عن الطریق (الاقدام) بمعنی التقدمۃ ولذا انث قولہ کانت وقیل قد جاء من العرب تانیث المصدر وتذکیرہ ویقول لمعنی العیر نحو الماء وتقدمہ الاتان لئلا تتأخر وکانت تقدمۃ الاتان عادۃ من العیر اذا تأخرت ہی ای خاف العیر تأخرہا ۱۲

(۶) (توسطا) من التوسط ہو الدخول فی وسط الشئ (العرض) الناحیۃ (السری) النہر الصغیر والجمع اسریۃ (صدعا) من التصدیع ہو التشقیق (المسجورۃ) المملوۃ من قولہم سجر (ن) التنور ملأہ وہی صفۃ لموصوف محذوف ای عینا مسجورۃ (القلام) ضرب من النبت ۱۲

مَحْفُوفَةٌ وَسْطَ الْيَرَاعِ يُظِلُّهَا	۱	مِنْهُ مُصَرَّعُ غَابَةٍ وَقِيَامُهَا
أَفَتِلْكَ أَمْ وَحْشِيَّةٌ مَسْبُوعَةٌ	۲	خَذَلَتْ وَهَادِيَةُ الصِّوَارِ قِوَامُهَا
خَنْسَاءُ ضَيَّعَتِ الْفَرِيرَ فَلَمْ تَرِمْ	۳	عُرْضَ الشَّقَائِقِ طَوْفُهَا وَبُغَامُهَا
لِمُعَفَّرٍ قَهْدٍ تَنَازَعَ شِلْوَهُ	۴	غُبْسٌ كَوَاسِبُ لَا يُمَنُّ طَعَامُهَا
صَادَفْنَ مِنْهَا غِرَّةً فَأَصَبْنَهَا	۵	إِنَّ الْمَنَايَا لَا تَطِيشُ سِهَامُهَا
بَاتَتْ وَأَسْبَلَ وَاكِفٌ مِنْ دِيمَةٍ	۶	تُرْوِي الْخَمَائِلَ دَائِمًا تَسْجَامُهَا

(۱) ترجمہ وہ (نہر) نئے کے وسط میں گھری ہوئی ہے اور اُسپر جھاڑی میں سے گری ہوئی اور کھڑی ہوئی نئے سایہ کررہی ہے مطلب وہ چشمہ نیستاں میں واقع تھا اور اسپر نئے سایہ انداز تھی جس کی وجہ سے اس کا پانی نہایت سرد تھا۔

(۲) ترجمہ پس یہ گورخرنی (میری اونٹنی کے مشابہ ہے) یا وہ بقرۂ وحشیہ جسکے بچہ کو درندوں نے کھالیا ہو جو کہ ریوڑ سے پیچھے رہ گئی تھی درآنحالیکہ گلّے کا اگلا جانور محافظ ہوتا ہے۔

(۳) ترجمہ وہ چپٹی ناک والی (بقرہ وحشیہ) ہے جس نے بچہ کو ضائع کردیا (اسکی غفلت سے بھیڑیے کھاگئے) پس پتھریلی زمین کے اطراف میں ہمیشہ اس کا چکر لگانا اور پکارنا رہا۔ مطلب وہ بقرۂ وحشیہ بچہ کی تلاش میں پہاڑ کی گھاٹیوں میں بھاگتی اور بولتی پھری۔

(۴) ترجمہ (اس بقرۂ وحشیہ کا دوڑنا اور پکارنا) زمین پر پچھاڑے ہوئے سفید رنگ بچہ کی وجہ سے تھا جسکے اعضاء میں بھوکے شکاری بھیڑیوں (یا کتّوں) نے چھین جھپٹ کی تھی جنکی روزی منقطع نہیں ہوتی (بلکہ وہ ہمیشہ اسی طرح شکار کرکے پیٹ بھرتے ہیں)۔

(۵) ترجمہ۔ اُن بھیڑیوں (یا کتّوں) نے بقرۂ وحشیہ کی غفلت پالی پس اُس غفلت (یا بقرۂ وحشیہ) کو پہونچ گئے۔ موتوں کے تیر کبھی خطا نہیں ہوتے (ٹھیک نشانہ پر بیٹھتے ہیں)

(۶) ترجمہ (بچہ کے ہلاک ہوجانے کے بعد) بقرہ وحشیہ نے اس حال میں رات گذاری کہ جم کر برابر برسنے والی بارش بہ رہی تھی جس کا دائمی بہاؤ نرم سبزہ زار کو سیراب کررہا تھا۔

(۱) (محفوفة) من قولهم حفت (ن ض) القوم الرجل استداروا به (اليراع) القصب (المصرع) الملقى على الارض واستعمال صرع (ف) صرعا الشئ طرحه على الارض (الغابة) الأجمة والجمع غاب (قيام) جمع قائم يريد ان ماءها كان باردا عذبا لان تحفيف اليراع واظلاله اياها يولد برودة الماء وعذوبته ۱۲

(۲) (افتلك) مبتدأ و الخبر محذوف اى تشبه ناقتى (المسبوعة) التى اكل السبع ولدها (خذلت) اى تخلفت (الهادية) المتقدمة (الصوار) القطيع من البقر وقوام الامر ملاكه الذى يقوم به امره ۱۲

(۳) (خنساء) البقرة الوحشية والجمع خنس يقال خنس (س) خنسا تاخر انفه عن الوجه مع ارتفاع فى الارنبة فهو اخنس (الفرير) ولد البقرة الوحشية والجمع فرار (فلم ترم) اى لم تزل وفعل رام (ض) ريما المكان ومنه زال عنه وفارقه (العرض) بضم العين و سكون الراء الناحية (الشقائق) جمع شقيقة وهى ارض صلبة بين رملتين تنبت العشب (البغام) صوت رقيق يقال بغم (ض ن ف) بغاما الظبية صوتت صوتا رقيقا ۱۲

(۴) (المعفر) الملقى على العفراء اى اديم الارض مفعول من التعفير (القهد) الابيض وبقرة الوحش كلها بيض ما خلا وجوهها واكارعها (الشلو) العضو وقيل بقية الجسد والجمع الاشلاء (الغبس) جمع اغبس هو الذى لونه كلون الرماد (لا يمن) اى لا ينقطع من المن هو القطع وجملة لا يمن طعامها صفة لكواسب ۱۲

(۵) (صادفن) اى وجدن والضمير للذئاب (الغرة) الغفلة (المنايا) جمع منية هى الموت (لا تطيش) اى لا تخطا يقال طاش (ض) السهم عن الرمية اخطأ وعدل (السهام) جمع سهم هو النبل ۱۲

(۶) (باتت) عند ظلت يقال بات (ض) زيد قائما اى قام كل الليل (اسبل) سال (الواكف) المطر المنسبل سحاب وكوف يقطر سيله قليلا قليلا ويستعمل من (ض) (الديمة) مطرة تدوم و اقلها نصف يوم وليلة والجمع الديم واصلها دومة قلبت الواو ياء لانكسار ما قبلها (الخمائل) جمع خميلة وهى كل رملة ذات نبت عند الاكثر من الائمة وقال جماعة هى ارض ذات شجر (التسجام) فى معنى السجم والسجوم بمعنى السيلان يقال سجم (ن) سجوما الدمع سال وانصب ۱۲

يَعْلُو طَرِيقَةَ مَتْنِهَا مُتَوَاتِرٌ	١	فِي لَيْلَةٍ كَفَرَ النُّجُومَ غَمَامُهَا
تَجْتَافُ أَصْلاً قَالِصًا مُتَنَبِّذًا	٢	بِعُجُوبِ أَنْقَاءٍ يَمِيلُ هَيَامُهَا
وَتُضِيءُ فِي وَجْهِ الظَّلَامِ مُنِيرَةً	٣	كَجُمَانَةِ الْبَحْرِيِّ سُلَّ نِظَامُهَا
حَتَّى إِذَا انْحَسَرَ الظَّلَامُ وَأَسْفَرَتْ	٤	بَكَرَتْ تَزِلُّ عَنِ الثَّرَى أَزْلَامُهَا
عَلِهَتْ تَرَدَّدُ فِي نِهَاءِ صُعَائِدٍ	٥	سَبْعًا تُؤَامًا كَامِلاً أَيَّامُهَا
حَتَّى إِذَا يَئِسَتْ وَأَسْحَقَ حَالِقٌ	٦	لَمْ يُبْلِهِ إِرْضَاعُهَا وَفِطَامُهَا

(١) ترجمہ اس بقرۂ وحشیہ کے خطِ پشت پر متواتر بارش ایسی رات میں پڑتی رہی جسکے ابر نے ستاروں کو چھپا رکھا تھا۔ مطلب اس بقرہ نے نہایت بے چینی کی حالت میں یہ شب باد و باراں گذاری۔

(٢) ترجمہ بقرۂ وحشیہ ایسے درخت کی دراز جڑ (کھوکل) میں داخل ہوئی جو ریت کے ٹیلوں کے آخر میں تنہا کھڑا تھا جن کا ریت بہ رہا تھا مطلب سردی بارش سے بچنے کیلئے وہ ایک درخت کی جڑ میں پناہ گزین ہوئی لیکن وہاں بھی اس کو راحت میسر نہ آئی اور باد و باراں کی وجہ سے اُن ٹیلوں کا ریت گر رہا تھا جن پر وہ درخت کھڑا ہوا تھا۔

(٣) ترجمہ (شب کی) ابتدائی تاریکی میں (وہ بقرۂ وحشیہ) روشن اور چمکدار تھی اس دریائی موتی کی طرح جس کا دھاگا کھینچ لیا گیا ہو (اور وہ گول ہونے کی وجہ سے لڑھکتا پھر رہا ہو) مطلب اس بقرہ کو چین نصیب نہ ہوا برابر بھاگتی پھری۔ بقرۂ وحشیہ کو اس دریائی موتی سے تشبیہ دی ہے جو لڑی سے بکھر گیا ہو۔

(٤) ترجمہ حتیٰ کہ جب (شب کی) تاریکی کھل گئی اور وہ صبح کی روشنی میں داخل ہوئی تو اس حال میں صبح سویرے چلی کہ نمناک ریت سے اسکے پیر پھسل رہے تھے۔

(٥) ترجمہ حیران و پریشان ایک ہفتہ جسکے دن بڑے بڑے تھے صعائد کی حوضوں پر (بچہ کی تلاش میں) گھومتی پھری۔ مطلب کاملاً ایامہا سے اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ وہ ایام گرما تھے۔

(٦) ترجمہ یہاں تک کہ وہ جب بالکل (بچہ کے ملنے سے) مایوس ہوگئی اور (اسکے) دودھ بھرے تھن خشک ہوگئے جنکو اسکے دودھ پلانے اور چھڑانے نے خشک نہیں کیا تھا (بلکہ بچہ کے نہ ہونے کی وجہ سے وہ خشک ہوئے تھے)۔

(٦) (یئست) من یئس (س) بمعنیٰ قنط او قطع الامل (اسحق) الضرع ذہب لبنہ وبلی ولصق بالبطن و اخلق (الحالق) بالحاء المہملۃ الضرع الممتلئ لبنا (الفطام) یقال فطم (ض) فطم الولد فصلہ عن الرضاع وجملۃ لم یبلہ الخ فی موضع صفۃ لحالق وجواب اذا محذوف وہو سلمت عنہ ١٢

(١) (یعلو) یرتفع (طریقۃ المتن) خط کالخط علی ظہر الدابۃ من الذنب الی العنق (کفر) (ن) کفرا الشیء غطاہ (الغمام) جمع غمامۃ ہی السحابۃ و قولہ متواتر صفۃ لمحذوف تقدیرہ مطر متواتر وہو فاعل یعلو ١٢

(٢) (تجتاف) من الاجتیاف ہو الدخول فی جوف الشیء ویروی تجتاب بالباء ای تلبس (القالص) المرتفع الفروع او الطویل (متنبذا) من التنبذ ہو التنحی من النبذۃ ہی الناحیۃ (العجوب) اواخر الرمل جمع عجب علی سبیل الاستعارۃ لان العجب عظم الذنب وذنب الحیوان یکون مؤخرا (انقاء) جمع النقاء ہو الکثیب من الرمل (الہیام) الرمل اللین ١٢

(٣) (تضیء) من الاضاءۃ ہی الانارۃ یتعدی ویلزم وفی الشعر لازم (وجہ الظلام) اولہ (منیرۃ) من الانارۃ ہی الاضاءۃ (الجمانۃ) حبۃ تعمل من الفضۃ کالدرۃ ثم یستعار للدرۃ (سل) من سل (ن) سلا الشیء من الشیء انتزعہ (النظام) خیط فیہ اللآلی ١٢

(٤) (انحسر) انکشف ومجردہ حسر (ن) حسورا الشیء انکشف وحسرہ کشفہ (اسفرت) ای دخلت فی سفر الصبح (بکرت) (ن) بکورا مشت فی اول الصباح (تزل) (ن) زللا تزلق وتقع (الثری) التراب الندی (ازلام) جمع زلم وہو القدح والمراد بہا ہہنا الاقدام وقولہ بکرت جواب اذا وجملۃ تزل عن الثری فی موضع الحال ١٢

(٥) (علہت) یقال علہ (س) علہا اذا انہک وتحیر ودہش (النہاء) جمع النہی وفتحہا وہو الغدیر (صعائد) موضع (التوام) اسم للجمع والواحد توام وقولہ ایامہا مرفوع بکامل فان جمع التکسیر یجری مجری الاحاد کما فی قولہ تعالیٰ خاشعا ابصارہم ١٢

١	فَتَوَجَّسَتْ رِزَّ الْاَنِيْسِ فَرَاعَهَا	عَنْ ظَهْرِ غَيْبٍ وَّالْاَنِيْسُ سَقَامُهَا
٢	فَغَدَتْ كِلَا الْفَرْجَيْنِ تَحْسَبُ اَنَّهٗ	مَوْلَى الْمَخَافَةِ خَلْفُهَا وَاَمَامُهَا
٣	حَتّٰى اِذَا يَئِسَ الرُّمَاةُ وَاَرْسَلُوْا	غُضْفًا دَوَاجِنَ قَافِلًا اَعْصَامُهَا
٤	فَلَحِقْنَ وَاعْتَكَرَتْ لَهَا مَدْرِيَّةٌ	كَالسَّمْهَرِيَّةِ حَدُّهَا وَتَمَامُهَا
٥	لِتَذُوْدَهُنَّ وَاَيْقَنَتْ اِنْ لَّمْ تَذُدْ	اَنْ قَدْ اَحَمَّ مِنَ الْحُتُوْفِ حِمَامُهَا

(١) ترجمہ۔ بقرہ وحشیہ نے غیب سے انسان کی آواز سنی جس نے اسکو گھبرا دیا اور کیوں نہ گھبراتی جبکہ انسان اسکی بیماری ہے (وہ اس کا شکار کرلیتا ہے تو گویا انسان اس کا مرض الموت ہے)۔

(٢) ترجمہ۔ پس وہ چلی درآنحالیکہ (دست وپائی) دونوں کشادگیوں کو خوف کا زیادہ مستحق سمجھتی تھی (اس کو آگے اور پیچھے سے یکساں خوف تھا) وہ دونوں کشادگیاں اس کا آگا اور پیچھا تھیں۔

(٣) ترجمہ۔ حتیٰ کہ جب تیر انداز مایوس ہوگئے (وہ زد سے نکل گئی) تو انھوں نے دراز کان شکاری کتوں کو اسکے پیچھے چھوڑا، جن کے پٹے (یا پیٹ) خشک تھے۔
مطلب، تیر کی زد سے نکل جانے کے بعد اسکے پیچھے عمدہ نسل کے شکاری کتے لگادئے۔

(٤) ترجمہ پس وہ کتے اس بقرہ وحشیہ کو جا چمٹے اور اس نے انکی طرف اپنا سینگ گھمایا جو دھار اور درازی میں سمہری نیزے کی طرح تھا۔

(٥) ترجمہ۔ تاکہ وہ (بقرہ وحشیہ) ان (کتوں) کو دفع کرے اور اس کو اس امر کا پورا یقین ہوگیا تھا کہ اگر اس نے ان کو دفع نہ کیا تو (حیوانات کی) اچانک موتوں کے منجملہ اسکی موت قریب آگئی ہے۔ مطلب اس بقرہ کو اپنی ہلاکت کا یقین ہوگیا تھا اسلئے ان کتوں کو سینگ کے ذریعہ دفع کرنے پر مجبور ہوئی۔

م (الحتوف) جمع حتف وہو الموت (الحمام) الموت وقولہ لتذودہن متعلق باعتکرت یقول عطفت البقرۃ لتطرد الکلاب عن نفسہا وایقنت انہا ان لم تطردہا قتلنہا ١٢

(١) (توجست) ای احست (الرز) بتقدیم الراء المہملۃ علی الزاء الصوت الخفی (الانیس) والانس والاناس والناس واحد (راعہا) افزعہا من راع (ن) روعا اذا افزع (عن ظہر غیب) الظہر فیہ زائد ومعناہ عن غیب وہو متعلق بقولہ توجست او براع (السقام) او السقم داء وانفعل سقم (س) سقما و (ک) سقامۃ مرض او طال مرضہ ١٢

(٢) (الفرجین) تثنیہ فرج بسکون الراء و معناہ البعد بین قوائم الدابۃ نفرج بین الرجلین وفرج بین القدمین۔ لذا جاء بالتثنیۃ والجمع فروج وقال ثعلب ان المولیٰ فی ہذا البیت بمعنی اولیٰ کقولہ تعالیٰ مأواکم النار ہی مولاکم ای اولیٰ بکم وقال الاصمعی المراد بالمخافۃ الکلاب وبمولاہا صاحبہا وضمیر انہ عائد الیٰ کلا لانہ مفرد لفظا وخلفہا وامامہا خبر مبتدا محذوف ای ہما خلفہا وامامہا الجملۃ مفسرۃ لکلا الفرجین ١٢

(٣) (یئس) (س) ای قنط (الرماۃ) جمع رام کالقضاۃ جمع قاض (الغضف) من الکلاب المسترخیۃ الآذان (الدواجن) المعلمات (قافلا) من القفول ہو الیبس والفعل قفل (ن) قفولا الجلد یبس (الاعصام) القلائد وقیل البطون والواحد عصمۃ ١٢

(٤) (اعتکرت) ای رجعت وعطفت یقال عکر (ن وض) عکرا وعکورا واعتکر علیہ اذا کر وحمل وانصرف (المدریۃ) القرون المحددۃ (السمہریۃ) من الرماح منسوبۃ الی سمہر رجل کان بقریۃ تسمیٰ خطا من قری البحرین وکان مثقفا ماہرا فنسبت الرماح الجیدۃ الیہ ١٢

(٥) (لتذودہن) من الذود وہو الدفع والطرد (قد احم) ای قد قرب الاحمام ہو القرب

نمبر	مصرع اول	مصرع دوم
١	فَتَقَصَّدَتْ مِنْهَا كَسَابِ فَضُرِّجَتْ (اي هلكت ١٢)	بِدَمٍ وَغُودِرَ فِي الْمَكَرِّ سُخَامُهَا (نزل ١٢ — اسم كلب)
٢	فَبِتِلْكَ إِذْ رَقَصَ اللَّوَامِعُ بِالضُّحَى (اي الناقة التي تشبه البقرة او الاتان ١٢)	وَاجْتَابَ أَرْدِيَةَ السَّرَابِ إِكَامُهَا
٣	أَقْضِي اللُّبَانَةَ لَا أُفَرِّطُ رِيبَةً	أَوْ أَنْ يَلُومَ بِحَاجَةٍ لُوَّامُهَا (عطف على ريبة ١٢)
٤	أَوَلَمْ تَكُنْ تَدْرِي نَوَارُ بِأَنَّنِي (اسم امراة ١٢)	وَصَّالُ عَقْدِ حَبَائِلٍ جَذَّامُهَا (القاطع ١٢)
٥	تَرَّاكُ أَمْكِنَةٍ إِذَا لَمْ أَرْضَهَا	أَوْ يَرْتَبِطْ بَعْضَ النُّفُوسِ حِمَامُهَا (اراد به نفسه ١٢)
٦	بَلْ أَنْتِ لَا تَدْرِينَ كَمْ مِنْ لَيْلَةٍ (يا نوار ١٢)	طَلْقٍ لَذِيذٍ لَهْوُهَا وَنِدَامُهَا (مرفوع بلذيذ ١٢)

(١) ترجمہ۔ تو اُن میں سے کساب (کُتیہ) ہلاک ہوگئی اور خون میں لتھڑ گئی اور اس (کساب) کا (نر) سخام (کُتا) میدان میں (بچھڑا ہوا) چھوڑ دیا گیا۔ **مطلب** اس بقرہ وحشیہ نے کُتے کے اُس جوڑے کو مار ڈالا۔

(٢) ترجمہ پس ایسی اونٹنی کے ذریعہ (سوار ہوکر) جبکہ چاشت کے وقت متّصل بسراب صحرا متحرک (معلوم) ہوں اور ٹیلے سراب کی چادر اوڑھ لیں۔

(٣) ترجمہ۔ میں حاجت پوری کرلیتا ہوں۔ تہمت کے خوف سے یا اس خوف سے کہ ملامتگر ملامت کرینگے حاجت برآری میں کوتاہی نہیں کرتا **مطلب** ناقہ کو بقرۂ وحشیہ یا گورخرنی سے تشبیہ دیکر کہتا ہے کہ جب کبھی سفر درپیش ہوتا ہے اور کوئی ضرورت متعلق ہوجاتی ہے تو دوپہر کی شدید گرمی میں بھی سفر کرجاتا ہوں کسی قسم کا خوف میرے لئے سفر سے مانع نہیں بنتا۔

(٤) ترجمہ کیا نوار (معشوقہ) نہ جانتی تھی کہ میں دوستی کے علائق کو بڑا جوڑنے والا اور توڑنیوالا ہوں۔ **مطلب** نوار قطع تعلق کرکے چلدی شاید اسے خیال نہ تھا کہ میں بھی مستحقِ دوستی ہی کے تعلقات رکھتا ہوں ناقابل سے فوراً جدائی اختیار کرلیتا ہوں۔

(٥) ترجمہ۔ جبکہ مجھے نہ بھائیں تو (پھر) مواضع (قیام) کو چھوڑ دیتا ہوں مگر یہ کہ بعض نفوس یعنے (مجھ سے) موت متعلق ہوجائے (تو پھر موت سے کوئی چارہ نہیں پھر سفر کہاں؟)۔

(٦) ترجمہ۔ بلکہ تو ہی (اے معشوقہ نوار) نہیں جانتی کہ بہت سی نرم گرم راتیں (گذری) ہیں جن کا کھیل کود اور شراب نوشی بہت پرلطف تھی۔ **مطلب** معشوقہ کی طرف التفات کرنیکے بعد معشوقہ پر اپنی بڑائی جتلاتا ہے۔

٢ لا تعلمين كم من ليلة ساكنة غير موذية بحر ولا برد لذيذة اللهو والمنادمة ١٢

(١) (تقصدت) اي هلكت يقال اقصد وتقصد اذا مات (كساب) مبنية على الكسرة اسم كلبة (ضرجت بدم) اي لطخت بدم الكر موضع الكر (سخام) اسم كلب وقوله كساب فاعل تقصدت يقول فقتلت من الكلاب كساب فلطخت بدم وترك في موضع الكر سخامها ١٢

(٢) (فبتلك) الباء تتعلق بقوله اقضي في البيت الذي بعده (رقص) (ن) رقصا تنقل ومشى بتفكك وقلاعة (اللوامع) الفلوات التي تلي السراب تلمع الواحدة لامعة يقول فبتلك الناقة حين اضطربت اللوامع ولبست اكامها اردية السراب اقضي حاجتي ورقص اللوامع وكذا لبس الاكام رداء السراب كناية عن التهاب الهاجرة وشدة حرها ١٢

(٣) (اللبانة) بمعنى حاجة اللبن خاصة ثم تستعمل في مطلق الحاجة (افرط) من التفريط هو التضييع وتقدمة العجز (ريبة) التهمة (لوام) مبالغة اللائم يقول اقضي حاجتي ولا افرط في بغيتي مخافة ريبة ومخافة ان يلومني لائم ١٢

(٤) (تدري) من دري (ض) دراية علم (نوار) اسم عشيقة (الحبائل) جمع حبالة وهي مستعارة ههنا للود والعهد (الجذام) مبالغة الجاذم من الجذم هو القطع ثم رجع الشاعر الى التشبيب بعشيقة فقال الخ ١٢

(٥) (تراك) مبالغة التارك (الامكنة) جمع مكان (بعض النفوس) اراد الشاعر به نفسه (الحمام) الموت يقول اني تراك اماكن اذا لم ارضها الى ان ترتبط نفسي بموتها ١٢

(٦) (ليلة طلق) (طلقة) اي حر فيها ولا قر (الندام) جمع نديم مثل الكرام في جمع كريم والندام ايضا المنادمة مثل الجدال في المجادلة والندام في البيت يحتمل الوجهين اضرب الشاعر عن الاخبار للمخاطبة فقال بل انت يا نوار ١٢

قَدْ بِتُّ سَامِرَهَا وَغَايَةَ تَاجِرٍ	۱	وَافَيْتُ إِذْ رُفِعَتْ وَعَزَّ مُدَامُهَا
أُغْلِي السِّبَاءَ بِكُلِّ أَدْكَنَ عَاتِقٍ	۲	أَوْ جَوْنَةٍ قُدِحَتْ وَفُضَّ خِتَامُهَا
وَصَبُوحِ صَافِيَةٍ وَجَذْبِ كَرِينَةٍ	۳	بِمُوَتَّرٍ تَأْتَالُهُ إِبْهَامُهَا
بَادَرْتُ حَاجَتَهَا الدَّجَاجَ بِسُحْرَةٍ	۴	لِأُعَلَّ مِنْهَا حِينَ هَبَّ نِيَامُهَا
وَغَدَاةِ رِيحٍ قَدْ وَزَعْتُ وَقِرَّةٍ	۵	قَدْ أَصْبَحَتْ بِيَدِ الشَّمَالِ زِمَامُهَا

(۱) ترجمہ (اپنی خوش بیانی کی وجہ سے) اُن راتوں میں مَیں قصہ گو رہا اور (شراب کے) تاجروں کے بہت سے جھنڈے ہیں کہ جب وہ بلند کئے گئے اور انکی شراب گراں ہوگئی تو میں (شراب خریدنے کیلئے) انکے پاس پہنچا۔ مطلب شراب کی بھٹی پر جھنڈا نصب کردیا جاتا تھا جسکو دیکھ کر مے نوش خمار کے پاس پہنچ جاتے تھے۔ شاعر اپنی خوش بیانی اور گرانی کے وقت شراب کی خریداری پر فخر کرتا ہے۔

(۲) ترجمہ میں شراب کی خریداری کو ہر پُرانے مشکیزہ (شراب کے) ذریعہ یا اُس سیاہ مٹکے کے ذریعہ جسکی مُہر توڑ دیگئی ہو اور اسمیں پیالہ (شراب نکالنے کیلئے) ڈالدیا گیا ہو گراں کردیتا ہوں۔ مطلب شراب کے مشکیزے اور خُم کے خُم خرید لیتا ہوں۔ لہذا شراب کی کمی کی وجہ سے دام چڑھ جاتے ہیں۔

(۳) ترجمہ بہت سی صبح کی صاف شرابیں ہیں (جن سے میں لُطف اندوز ہوا) اور ایسے ستار کے ذریعہ مغنیہ کا بجانا کہ جس کی اصلاح اس کا انگوٹھا کرتا ہے (میں اسکو سُنکر لُطف اندوز ہوا)۔ مطلب اچھا یہ معلوم ہوتا ہے کہ جوابِ رُبّ محذوف مانا جائے جیسا کہ میں نے ترجمہ میں ظاہر کردیا ہے۔

(۴) میں نے صبح سویرے مُرغوں کے بولنے سے قبل شراب کی خواہش پوری کرلی تاکہ جب سونے والے بیدار ہوں تو دوبارہ پی سکوں۔ مطلب ایکمرتبہ شراب نوشی صبح سویرے کرلیتا ہوں تاکہ یارانِ جلسکے ہمراہ دوبارہ موقع مل سکے۔

(۵) ترجمہ۔ بہت سی ٹھنڈی اور ہوا والی صبح ہیں جنکی باگ ڈور شمالی ہوا کے ہاتھ میں ہوگئی تھی میں نے اُن کو روکا۔ مطلب ایام قحط میں جبکہ شمالی ہوا چلتی ہے جو عموماً بہت زیادہ سردی کا باعث ہوتی ہے اور اسکی وجہ سے فقراء مصائب میں مبتلا ہوتے ہیں تو میں اپنی سخاوت کے ذریعہ اُن مصائب کو رفع کرتا ہوں"

ہ وزع الجیش حبس اولہم علی آخرہم (قرۃ) ہی البرد معطوف علی ریح (بید الشمال زمامہا) ای ہبت فیہا الشمال والجملۃ فی موضع خبر اصبحت وقولہ قد وزعت جواب رب ۱۲

(۱) (السامر) الذی یتحدث لیلاً ولا ینوم استعمالہ سمر (ن) سمراً وسموراً یقال لا افعلہ ما سمر السمیر ای لا افعلہ ابداً (غایۃ تاجر) رایۃ التی ینصبہا لیعرف بہا موضوعہ (التاجر) المراد بالخمار (وافیت) ای آتیتہا (المدام) والمدامۃ الخمر سمیت بہا لانہا ادیمت فی دنہا ولہا اسماء کثیرۃ ذکرت منہا مائۃ وسبعۃ عشر اسماً فی الرسالۃ المسماۃ بعشر درۃ الادیب ۱۲

(۲) (اغلی) ای اشتری غالیاً (السباء) ہو شراء الخمر یقال سباء (ن) سباءً اذا اشترى خمراً (الادکن) الزق الذی یضرب لونہ الی السواد (الجونۃ) الخابیۃ السوداء المطلیۃ بالقار (قدحت) من القدح ہو الغرف (فض) من الفض ہو الکسر یقال فض (ن) فضاً الشیٔ کسرہ (الختام) والختم والختام والختوم واحد ۱۲

(۳) (الصبوح) الشراب بالغداۃ (الکرینۃ) الجاریۃ المغنیۃ والجمع الکرائن (موتر) عود لہ اوتار (الایتال) الاصلاح فی القاموس آل المال اصلحہ وساسہ یقول کم من صبوح من خمر صافیۃ استمتعت باصطباحہا وجذبۃ عوادۃ عوداً موتراً تعالجہ ابہامہا استمتعت بالاصغاء الی اغانیہا ۱۲

(۴) (بادرت) ای سبقت (الدجاج) اسم جنس یعم الذکر والانثی والمراد ہہنا الدیکۃ (لاعل) ای لاشرب ثانیاً یقال عل (ن) علاً وعللاً وتعلۃ اذا شرب ثانیۃ اوتباعاً (ہب) من نومہ استیقظ (نیام) جمع نائم کقیام فی جمع قائم ۱۲

(۵) (غداۃ ریح) ای تجری فیہا الریاح (قد وزعت) ای کففت وردت یقال وزع (ف وض) وزعاً فلاناً کفہ ومنعہ ہ

وَلَقَدْ حَمَيْتُ الْحَيَّ تَحْمِلُ شِكَّتِي (فی موضع الحال ۱۲)	۱	فُرُطٌ وِشَاحِي إِذْ غَدَوْتُ لِجَامُهَا (فاعل ۱۲ ، مبتدا ۱۲ ، خبر)
فَعَلَوْتُ مُرْتَقَبًا عَلَىٰ ذِي هَبْوَةٍ (جرة ۱۲)	۲	حَرِجٍ إِلَىٰ أَعْلَامِهِنَّ قَتَامُهَا
حَتَّىٰ إِذَا أَلْقَتْ يَدًا فِي كَافِرٍ (ای الشمس ۱۲ ، ای نفسا ۱۲)	۳	وَأَجَنَّ عَوْرَاتِ الثُّغُورِ ظَلَامُهَا (ستر ۱۲ ، فاعل اجن)
أَسْهَلْتُ وَانْتَصَبَتْ كَجِذْعِ مُنِيفَةٍ (نزلت سهلا ۱۲ ، المستتر للفرس ۱۲ ، ای نخلة ۱۲)	۴	جَرْدَاءَ يَحْصَرُ دُونَهَا جُرَّامُهَا
رَفَّعْتُهَا طَرْدَ النَّعَامِ وَفَوْقَهُ (منصوب بنزع الخافض ۱۲)	۵	حَتَّىٰ إِذَا سَخُنَتْ وَخَفَّ عِظَامُهَا
قَلِقَتْ رِحَالَتُهَا وَأَسْبَلَ نَحْرُهَا (ای سال صدرها ۱۲)	۶	وَابْتَلَّ مِنْ زَبَدِ الْحَمِيمِ حِزَامُهَا

(۱) ترجمہ میں نے اس حال میں قبیلہ کی حمایت کی جب ایک ایسی تیز رو گھوڑی میرے ہتھیار اٹھائے ہوئے تھی (میں اس پر سوار تھا) کہ جب صبح کو چلا تو اس کا لگام میرا ہار تھا (میرے گلے میں پڑا ہوا تھا)۔

(۲) ترجمہ۔ تو میں (قبیلہ کی حفاظت کیلئے) ایک ایسے ٹیلہ پر چڑھا جو تنگ اور مغبر تھا۔ جس کا غبار اُن کے جھنڈوں تک (اڑ رہا) تھا۔

(۳) ترجمہ یہاں تک کہ سورج نے جب اپنے آپکو تاریکی میں ڈالدیا (غروب ہوگیا) اور سرحد کی خوفناک جگہوں کو اُن کی تاریکی نے چھپالیا۔ (یعنی بالکل رات ہوگئی)

(۴) ترجمہ تو میں نیچے اترا اور میری گھوڑی اس پتوں سے ننگی بلند کھجور کے تنہ کی طرح سیدھی کھڑی ہوگئی جسکے پتے یا پھل توڑنے والے (اس کی لمبائی کیوجہ سے) تنگ دل ہوں مطلب غرض میں تمام دن قبیلہ کی حفاظت میں اس ٹیلہ پر مصروف رہا جب بالکل شام ہوگئی اور سرحد کی گھاٹیاں چھپ گئیں تو ٹیلہ سے نیچے اُترا یا اور میری گھوڑی گردن بلند کر کے کھڑی ہوگئی۔

(۵) ترجمہ میں نے اس (گھوڑی) کو شتر مرغ جمع کرنے والی رفتار پر دوڑایا بلکہ اس سے بھی زیادہ حتیٰ کہ وہ جب گرم ہوگئی اور اسکی ہڈیاں ہلکی ہوگئیں۔

(۶) ترجمہ۔ اس کا چارجامہ ہلنے لگا اور اس کا سینہ تر ہوگیا اور پسینہ کے جھاگوں سے اسکا تنگ بھیگ گیا۔ مطلب نیچے اُتر کر قبیلہ کی دیکھ بھال کیلئے میں نے اسے اتنا دوڑایا کہ وہ پسینہ پسینہ ہوگئی اور کمر کی تری کی وجہ سے اس کا چارجامہ کمر پر نہ جما۔

(۵) سخنا ای صار حارًا (خعت) (ض) خفّة ضد ثقل (العظام) جمع عظم ۱۲
(۶) (تقلقت) ای اضطربت استعماله قلق (س) قلقا اذا اضطرب (الرحالة) شبه سرج یتخذ من جلود الغنم باصوافها لیکون اخف فی الطلب والهرب (الجمعه حائل (اسبل) مطر (ابتل) ای صار ذا بلل (الحمیم) العرق (الحزام) مایشد به وسط الدابة والجمع حُزُمٌ ۱۲

(۱) (حمیت) من الحمایة یقال حمیٰ (ض) حمایة الشیٔ من الناس منعه عنهم (الشكة) السلاح (الفرط) الفرس المتقدم السریع الخفیف (الوشاح) والاشاح معقد او الجمع الوشح قوله تحمل شکتی فی موضع الحال من ضمیر حمیت وجملة وشاحی اذ غدوت لجامها فی موضع الصفة لفرط ۱۲

(۲) (المرتقب) المكان المرتفع الذی یقوم علیه الرقیب للحفاظة والفعل رقب (ن) بمعنیٰ حرسه وانتظره (الهبوة) الغبار (الحرج) الضیق جداً (الاعلام) الجبال والرایات (القتام) الغبار یرید انه کان ربیئة الحی علی جبل قریب من جبال الاعداء ۱۲

(۳) (حتی الخ) متعلق بقوله بعلوت (القت) ضمیره للشمس کما فی التنزیل العزیز حتی توارت بالحجاب والمراد بالید النفس کما فی قوله تعالیٰ ولا تلقوا بایدیکم الی التهلکة۔ (الکافر) اللیل سمی به لکفره الاشیاء ای ستره ایاها یقال کفر (ن) کفر الشیٔ ستره وغطاه (اجن) ای ستر (عورات الثغور) مواضع المخافة منها وضمیر ظلامها للعورات ۱۲

(۴) (اسهلت) ای اتیت ارضا منخفضة (المنیفة) العالیة (الجرداء) القلیلة الغصن (یحصر) من الحصر هو ضیق الصدر (الجرام) جمع جارم هو الذی یقطع حمل النخل واستعماله جرم (ض) جرما الشیٔ قطعه وجراما النخل قطع ثمره وقوله اسهلت جواب اذا فی الشعر الماضی ۱۲

(۵) (رفعتها) یقال رفع البعیر فی سیره اذا بلغ لازم ومتعدٍ (الطرد) الدفع یقال طرد (ن) طردا اذا ابعده ویکون طرد النعام لیجتمعوا فی مکان واحد (سخنت) ای حدثت فی جسمها حرارة من السیر استعماله سخن (ن وک وس) ۱۲

تَرْقیٰ وَتَطْعَنُ فِی الْعِنَانِ وَتَنْتَحِیْ	۱	وِرْدَ الْحَمَامَةِ اِذْ اَجَدَّ حَمَامُهَا
وَکَثِیْرَةٍ غُرَبَاءُ هَا مَجْهُوْلَةٍ	۲	تُرْجٰی نَوَافِلُهَا وَیُخْشٰی ذَامُهَا
غُلْبٌ تَشَذَّرُ بِالذُّحُوْلِ کَاَنَّهَا	۳	جِنُّ الْبَدِیِّ رَوَاسِیًا اَقْدَامُهَا
اَنْکَرْتُ بَاطِلَهَا وَبُؤْتُ بِحَقِّهَا	۴	عِنْدِیْ فَلَمْ یَفْخَرْ عَلَیَّ کِرَامُهَا
وَجَزُوْرِ اَیْسَارٍ دَعَوْتُ لِحَتْفِهَا	۵	بِمَغَالِقٍ مُتَشَابِهٍ اَجْسَامُهَا

(۱) ترجمہ وہ گردن ابھار کر چلتی ہے۔ باگ کو جھٹکے دیتی ہے۔ گردن موڑ کر اس طرح تیز چلتی ہو جس طرح کبوتری پانی پر اترتی ہے جب اس کا (نر) تیزی دکھا رہا ہو۔ مطلب گھوڑی کی تیز روی کو پیاسی کبوتری کی پرواز سے تشبیہ دی گئی ہے۔

(۲) ترجمہ بہت سے ایسے گھرانے ہیں جن کے مسافر (مہمان) ایک دوسرے سے ناواقف ہیں اور ان کے عطایا کی امید کیجاتی ہے اور ان کے عیب سے بچا جاتا ہے۔ مطلب ان گھرانوں سے بادشاہوں کے گھر مراد ہیں۔ اور ان اشعار میں شاعر اس واقعہ کی طرف اشارہ کرتا ہے جو ربیع کو نعمان ابن منذر شاہِ عرب کے دربار میں پیش آیا تھا جس کی تفصیل شروع قصیدہ میں گذر چکی ہے۔

(۳) ترجمہ۔ (وہ گھرانے) موٹی گردن کے شیر ہیں جو (بہادری کی وجہ سے) آپس میں ایک دوسرے کو اپنے کینوں سے ڈراتے ہیں گویا کہ وہ (مقام) بدی کے جن ہیں جو اپنے قدموں کو جمائے ہوئے ہیں (اور کسی طرح میدان سے نہیں ٹلتے)

(۴) ترجمہ۔ میں نے اس (گھر) کے باطل (قول) کا انکار کر دیا اور جو میرے نزدیک اس کا حق تھا اس کا اقرار کر لیا تو مجھ پر اس گھر کے شرفاء فخر میں غالب نہ آ سکے۔

(۵) ترجمہ۔ قمار بازوں کے (مناسب) بہت سے اونٹ ہیں جنکو ذبح کرنے کے لئے ایسے تیروں کے ذریعہ میں نے (یار و احباب کو) بلایا جن کے اجسام ہمشکل تھے مطلب اپنے اونٹوں کے ذبح کرنے پر فخر کرتا ہے۔ بمغالق الخ کا مطلب یہ ہے کہ تیروں کے ذریعہ قرعہ اندازی کرکے ذبح کرنے کے لئے ان میں سے منتخب کئے جاتے ہیں۔

م (ن) الرہن لم توجد لہ فکاک ۵ یقول رب جزور اصحاب میسر دعوت ندمائی لنحرہا وعقرہا بازلام المتشابہ الاجسام وسہام المیسر یشبہ بعضہا بعضا ۱۲

(۱) (ترقی) من رقی (س) رقیا (الجبل) وفیہ والیہ صعد (العنان) جمعہ اعنۃ وکذ (تنتحی) من الانتحاء ہو الاعتماد علی الجانب الایسر والمیلان الیہ (الورد) ہو النزول علی الماء استعار من رض، قولہ تطعن فی العنان ای تمدہ مرۃ وترخیہ اخری (الحمامۃ) جمعہا حمائم شبہ الشاعر سرعۃ عدوہا بسرعۃ طیران الحمام العطشیٰ ۱۲

(۲) (کثیرۃ) نعت لدار محذوف ومجہولۃ نعت ثان لہا (الغرباء) جمع غریب وہو ابن السبیل (النوافل) جمع نافلۃ ہی العطیۃ وفی اللغۃ ہی الزائدۃ وسمیت بہا لانہا زائدۃ علی الحق الواجب (الذام) والذیم واحد معناہ العیب واراد بالدار دار ملوکہ فان الملوک ترجی عطایا ہم وتخشی معائب تلحق فی مجالسہم ۱۲

(۳) (الغلب) جمع اغلب ہو من الاسد غلیظ الرقبۃ (التشذر) ہو التہدد (الذحول) جمع ذحل ہو الحقد (البدی) موضع معروف (الرواسی) الثوابت وہو حال من جن البدی واقدامہا مرفوع برواسی وصرف رواسی للضرورۃ والاقدام جمع قدم ۱۲

(۴) (انکرت) ای لم اقر (الباطل) ہو ضد الحق ای الامر الغیر الثابت (بؤت) من باء بحقہ ای اقر بہ ومنہ "ابوء بالنعمۃ" ای اقر بہا لک (لم یفخر علی) ای لم یغلبنی فی الفخر یقال فخرہ (ن) علیہ غلبہ فی المفاخرۃ (الکرام) جمع کریم یقول انکرت باطل دعاوی تلک الرجال الشنب واقررت بما کان حقا منہا فی اعتقادی ولم یغلبنی فی الفخر کرامہا ۱۲

(۵) (الجزور) الناقۃ (الایسار) جمع یسر ہو صاحب المیسر (الحتف) الموت والجمع حتوف یقال "مات حتف انفہ" ای مات من غیر قتل ولا ضرب (المغالق) القداح والواحد مغلق سمیت بہا لان بہا یغلق الخطر من قولہم غلق

۱	اَدْعُوْ بِهِنَّ لِعَاقِرٍ اَوْ مُطْفِلٍ	بُذِلَتْ لِجِيْرَانِ الْجَمِيْعِ لِحَامُهَا (ای جمیع لحم ۱۲)
۲	فَالضَّيْفُ وَالْجَارُ الْجَنِيْبُ كَاَنَّمَا	هَبَطَا تَبَالَةَ مُخْصِبًا اَهْضَامُهَا (وادٍ فی الیمن ۱۲)
۳	تَاْوِيْ اِلَى الْاَطْنَابِ كُلُّ رَذِيَّةٍ (حبال الخیم)	مِثْلُ الْبَلِيَّةِ قَالِصٍ اَهْدَامُهَا
۴	وَيُكَلِّلُوْنَ اِذَا الرِّيَاحُ تَنَاوَحَتْ	خُلُجًا تُمَدُّ شَوَارِعًا اَيْتَامُهَا (مفعول یکللون ۱۲)
۵	اِنَّا اِذَا الْتَقَتِ الْمَجَامِعُ لَمْ يَزَلْ	مِنَّا لِزَازُ عَظِيْمَةٍ جَشَّامُهَا (مہتم ۱۲)

(۱) ترجمہ میں اُن تیروں کے ذریعہ بانجھ یا بچہ دار اونٹنی کے لئے بُلاتا ہوں جس کا گوشت تمام ہمسایوں میں تقسیم کیا جاوے۔ مطلب کم درجہ کی اونٹنی ذبح نہیں کرتا بلکہ بیش قیمت ذبح کرتا ہوں۔

(۲) ترجمہ پس مہمان اور اجنبی پڑوسی (گوشت کی کثرت اور فراوانی کی وجہ سے) گویا کہ وادیٔ تبالہ میں جا اُترے جسکے ٹیلے سرسبز ہیں مطلب اُن پر رزق کی اتنی فراوانی ہوئی جیسے وادیٔ تبالہ میں بسنے والوں پر۔

(۳) ترجمہ (میرے یا میری قوم کے) خیموں کے طنابوں کی طرف ہر ایسی ضعیف (عورت) پناہ لیتی ہے جسکے پرانے کپڑے (بھی) بدن سے کوتاہ ہوں اور (قبر پر بندھی ہوئی) اونٹنی کی طرح (لاغر) ہو۔

(۴) ترجمہ جب ہوائیں بالمقابل چلیں (ایام قحط میں چوطرفی ہوائیں چلنے لگیں) تو وہ ایسے بڑے پیالوں کو (جو چھوٹی نہر کے مانند ہیں) اوپر تک پُر کر دیتے ہیں جن میں (کھانیکا) اضافہ کیا جاتا ہے اس حال میں کہ اُن کے یتیم (بچے وسعت اور کھانے کی فراوانی کی وجہ سے گویا کہ) تیرتے ہیں۔

(۵) ترجمہ جب جماعتیں ملیں (ایک جگہ جمع ہوں) تو ہمیشہ ہم میں سے بڑے کام کا ذمہ دار اور اسکی تکلیف برداشت کرنیوالا ضرور رہے گا مطلب جب کبھی قبائل کا اجتماع ہوتا ہے تو وہاں ہمارا ایک سردار لازمی طور سے ہوتا ہے جو معاملات طے کرتا ہے۔

۲ یصلح لان یلزبہم ای یقرن بہم لیقہرہم ومنہ لزاز الباب ولزاز الجدار (الجشام) مبالغۃ الجاشم ہو المتکلف فی الامور من جشم (س) جشما الامر تکلفہ علی مشقۃ ۱۲

(۱) (ادعو بہن) ای بمغالق (العاقر) التی لاتلد والجمع عواقر یقال عقرت (ک) المرأۃ عقرا ای صارت عاقرا ای حبس رحمہا فلم تلد (مطفل) التی لہا ولد (جیران) جمع جار (لحام) جمع لحم یقول ادعو بالقداح نحر ناقۃ عاقر او ناقۃ مطفل تبذل لحومہا لجیران الجمیع وذکر العاقر لانہا اسمن وذکر المطفل لانہا انفس ۱۲

(۲) (ضیف) النازل والجمع اضیاف وضیوف (الجنیب) الغریب (ہبطا) (ن وض) ہبوطا من الجبل نزلا (تبالۃ) وادٍ مخصب من اودیۃ یمن (مخصبا) یقول خصب (ض وس) خصبا المکان کثر فیہ العشب او الخیر (الاہضام) جمع ہضم وہو المطمئن من الارض وایضا یجمع علی الہضوم ۱۲

(۳) (یاوی) ای یرجع یقال اوی (ض) اذا رجع ومنہ الماوی بمعنی المرجع (الاطناب) جمع طنب وہو حبل طویل یشد بہ سرادق البیت (الرذیۃ) الناقۃ التی ترذی فی السفر ای التی تخلف لفرط ہزالہا وکلالہا والجمع الرذایا استعارہا للفقیرۃ (البلیۃ) الناقۃ التی تشد علی قبر صاحبہا حتی تموت جوعا وعطشا والجمع البلایا (قالصا) یقال قلص (ض) قلوصا الثوب انقبض ونقص (الاہدام) جمع ہدم ہو الثوب البالی ۱۲

(۴) (یکللون) ای یلبسون الاکلیل وہو التاج والجمع اکالیل (تناوحت) ای تقابلت ومنہ قولہم الجبلان متناوحان ای متقابلان ومنہ نوائح لتقابلہن (الخلج) جمع خلیج وہو نہر صغیر یخلج من نہر کبیر او من بحر (تمد) تزاد (شوارع) جمع شارع من شرع (ف) شرعا فی الماء دخل فیہ وسبح (ایتام) جمع یتیم ۱۲

(۵) (التقت) ای لاقت (المجامع) جمع مجمع ہو الموضع الجمع او الاجتماع (لزاز) ہو الذی یلزم الشیٔ ویعتمد علیہ ویقال رجل لزاز الخصم

وَمُقَسِّمٌ يُعْطِي الْعَشِيرَةَ حَقَّهَا	١	وَمُغَذْمِرٌ لِحُقُوقِهَا هَضَّامُهَا
فَضْلًا وَذُو كَرَمٍ يُعِينُ عَلَى النَّدَى	٢	سَمْحٌ كَسُوبُ رَغَائِبٍ غَنَّامُهَا
مِنْ مَعْشَرٍ سَنَّتْ لَهُمْ آبَاؤُهُمْ	٣	وَلِكُلِّ قَوْمٍ سُنَّةٌ وَإِمَامُهَا
إِنْ يُفْزَعُوا تَلْقَ الْمَغَافِرَ عِنْدَهُمْ	٤	وَالسِّنَّ تَلْمَعُ كَالْكَوَاكِبِ لَامُهَا
لَا يَطْبَعُونَ وَلَا يَبُورُ فَعَالُهُمْ	٥	بَلْ لَا تَمِيلُ مَعَ الْهَوَى أَحْلَامُهَا
فَاقْنَعْ بِمَا قَسَمَ الْمَلِيكُ فَإِنَّمَا	٦	قَسَمَ الْخَلَائِقَ بَيْنَنَا عَلَّامُهَا

(١) ترجمہ (اور قبائل کے اجتماع کیوقت ہمارا) ایسا سردار ضرور ہوتا ہے جو مال غنیمت تقسیم کرنیوالا ہے جو قبیلہ کو اسکے حقوق دیتا ہے اور ایک ایسا با اختیار سردار ہے جو (ضرورت کیوقت) قبیلہ کے حقوق کیخاطر (اپنی) حقوق کم کر دیتا ہے (یا قبیلہ ہی کے حقوق کم کر دیتا ہے اور اسپر کوئی معترض نہیں ہو سکتا)۔

(٢) ترجمہ یہ سب کچھ بزرگی کیوجہ سے کرتا ہے اور (ہم میں سے) ایک ایسا صاحب کرم (رہتا ہے) جو سخاوت (کرنے) پر (لوگوں کی) مدد کرتا ہے۔ سخی۔ عمدہ چیزیں کمانے والا اور انکو غنیمت بنانے والا ہے۔

(٣) ترجمہ (یہ سردار) ایسے گروہ سے ہے جنکے واسطے انکے آباء نے یہ طریقہ جاری کر دیا ہے اور ہر قوم کا ایک طریقہ اور اُس طریقہ کا رہنما ہوتا ہے مطلب اس سردار نے یہ تمام عمدہ افعال آباؤ اجداد سے سیکھے ہیں۔

(٤) ترجمہ اگر وہ لوگ گھبراہٹ میں مبتلا کر دئے جاویں تو تو اُن کے پاس خودوں اور نیزوں سے ملیگا۔ درآنحالیکہ اُن کی زرہیں ستاروں کی طرح چمکتی ہیں مطلب وہ اسقدر بہادر ہیں کہ ہر خوف و مصیبت کا نہایت دلیری سے مقابلہ کرتے ہیں۔

(٥) ترجمہ وہ اپنی آبرو خراب نہیں کرتے اور نہ ان کے کام فاسد ہوتے ہیں بلکہ انکی عقول خواہشات نفسانی کے تابع نہیں ہوتیں۔ مطلب ہر کام عقل کی روشنی میں کرتے ہیں۔ تو نہ انکی آبرو پر کبھی دھبہ آتا ہے اور نہ ان کا کوئی کام خراب ہوتا ہے۔

(٦) ترجمہ تو (اے حاسد) خدائی قسمت پر صبر کر اسلئے کہ عادتوں کو ہمارے درمیان بہت زیادہ جاننے والے نے تقسیم کیا ہے مطلب اگر ہمیں اچھی عادتیں دی گئی ہیں اور تمھیں بُری۔ تو اسپر ہی صبر کرنا چاہئے اسلئے کہ یہ تقسیم کسی انجان کی نہیں ہے بلکہ دانائے راز نے یہ تقسیم کی ہے وہ ہر ایک کو سرنا پک ٹوپی عنایت کرتا ہے

حم عقولہم مع الہوی ١٢ (٥) (فاقنع) من قنع (س) اذا صبر بما قسم لہ (الملیک) ہو اللہ سبحانہ (الخلائق) جمع خلیقۃ ہی الطبیعۃ التی یخلق علیہا الانسان (العلام) مبالغۃ العالم یقول ارض بما قسم الملیک فانہ قسام الطبائع بیننا علامہا یرید ان اللہ تعالی قسم لکل ما استحقہ من کمال ونقص ورفعۃ وضعۃ ١٢

(١) (المغذمر) الرئیس الذی یسوس عشیرتہ بما شاء من عدل او ظلم (الہضام) مبالغۃ الہاضم من ہضم (ض) ہضما الشیء کسرہ یقول لم یزل منا رجل مقسم الغنائم یعطی العشیرۃ حقہا وینقص لحقوقہا بما شاء من زیادۃ او نقصان یعنی ہو رئیسہم یفعل کیف یشاء

(٢) (الفضل) مصدر یستعمل فیما یحمد والفضول فیما لا یحمد وہو منصوب علی السببیۃ من یعطی او ہضاما (الندی) الجود (السمح) الجواد (الکسوب) مبالغۃ الکاسب ہو الذی یحصل الاموال الکثیرۃ (رغائب) جمع رغیبۃ ہی ما یرغب فیہ (الغنام) مبالغۃ الغانم یقال غنم (س) غنما الشیء فاز بہ ونال بلا بدل

(٣) (المعشر) الجماعۃ والجمع معاشر (سنت) من سن (ن) سنا السنۃ او الطریقۃ وضعہا (القوم) جمع اقوام وجمع الاقوام الاقاویم یقول ہو من جماعۃ سنت لہم اسلافہم الاحسان وکسب المعالی واغتنامہا ولا عجب فان لکل قوم سنۃ واماما یقتدی بہ فیہا ١٢

(٤) (یفزعوا) من الافزاع ہو الاخافۃ ویقال فی المجرد فزع (ف) فزعا منہ خاف (تلق) من اللقاء معروف ومن الالقاء مجہولا (المغافر) جمع مغفر زرد یلبسہ المحارب تحت القلنسوۃ (السن) الرماح من سن الرمح اذا رکب فیہ السنان (اللام) جمع لامۃ ہی الدرع والجرور للمغافر وہذا البیت لم یذکرہ الزوزنی ١٢

(٥) (لا یطبعون) ای لا یدنسون من قولہم طبع (س) طبعا دنس فی جسمہ او خلقہ بعیب (لا یبور) ای لا یفسد من البوار ہو الفساد والہلاک (فعال) فعل الواحد جمیلا کان او قبیحا کذا ذکرہ ابن الانباری یقول ہم لا یدنسون اعراضہم بعار ولا تفسد افعالہم اذ لا تمیل م

وَاِذَا الْاَمَانَةُ قُسِّمَتْ فِیْ مَعْشَرٍ	۱	اَوْفٰی بِاَوْفَرِ حَظِّنَا قَسَّامُهَا
فَبَنٰی لَنَا بَیْتًا رَفِیْعًا سَمْکُهٗ	۲	فَسَمَا اِلَیْهِ کَهْلُهَا وَغُلَامُهَا
فَهُمُ السُّعَاةُ اِذَا الْعَشِیْرَةُ اُفْظِعَتْ	۳	وَهُمْ فَوَارِسُهَا وَهُمْ حُکَّامُهَا
وَهُمْ رَبِیْعٌ لِلْمُجَاوِرِ فِیْهِمُ	۴	وَالْمُرْمِلَاتِ اِذَا تَطَاوَلَ عَامُهَا
وَهُمُ الْعَشِیْرَةُ اَنْ یُّبَطِّئَ حَاسِدٌ	۵	اَوْ اَنْ یَّمِیْلَ مَعَ الْعَدُوِّ لِئَامُهَا

ای اعلیٰ کا طاء ۱۲ — من الشرف و العلی ۱۲ — عظم ۱۲ — صعود ۱۲ — لدفع الاهوال ۱۲ — ای زمان — تاخر ۱۲

(۱) ترجمہ جب اقوام (عالم) میں امانت تقسیم کیگئی تو امانت کے قسام (ازل) نے ہمارا کثیر حصہ پورا پورا عنایت فرمایا۔ **مطلب** ازل میں جب امانت تقسیم ہوئی تو ہمیں ہمارے مکمل حصہ کا حامل بنادیا گیا ہے۔ اسلئے ہم تمام قبائل عرب میں بہت زیادہ امین ہیں۔

(۲) ترجمہ خدانے ہمارا (شرف و بزرگی کا) ایک ایسا مکان بنایا جسکی چھت بہت بلند ہے پس قبیلہ کے ادھیڑ عمر اور نوجوان اسکی طرف چڑھے۔ **مطلب** خدانے ہمیں بزرگی کا ایک بلند مکان عنایت فرمادیا ہے تو اب قوم کے افراد اسکی بلندی پر نظر آتے ہیں۔

(۳) ترجمہ۔ جب قبیلہ کسی خطرناک مصیبت میں مبتلا کردیا جائے تو وہی لوگ کوشاں ہیں اور وہی (جنگ کے وقت) شہسوار اور (جھگڑے نمٹانے کے وقت) حاکم ہوتے ہیں۔ **مطلب** غرض ہر طرح سے قبیلہ کے محافظ و نگراں وہی لوگ ہیں۔

(۴) ترجمہ۔ وہی لوگ اپنے پڑوسیوں اور بیواؤں کیلئے جب (افلاس کی وجہ سے) انکی عدت دراز ہوجائے (اور تنگدستی دو بھر ہوجائے) تو موسم ربیع (کا کام دیتے) ہیں۔

(۵) ترجمہ وہی قبیلہ کے مصلح اور مددگار ہوتے ہیں اس خوف سے کہ کہیں حاسد امداد میں تاخیر نہ کرے یا قبیلہ کے کمینے دشمنوں سے میل جول نہ کر بیٹھیں۔ **مطلب** آپس کے اختلاف مٹا کر سب کو باہمی اعانت پر آمادہ کردیتے ہیں۔

(۱) (الاوفر) الکثیر (الحظ) النصیب والجمع حظوظ یقول واذا قسمت الامانة بین اقوام اوفی واکمل قسام الامانة حظنا بالاکثر یرید انہم اوفی الاقوام واکملہم امانة ۱۲

(۲) المراد بالبیت الشرف والمجد (السمک) السقف او من اعلی البیت الی اسفلہ یقول فبنی اللہ لنا بیت شرف رفیع ارتفاعہ فارتفع الی ذلک الشرف کہل العشیرة وغلامہا یرید ان کہولہم وشبانہم کلہم ینتہون الی المعالی (الکہل) من کان عمرہ بین الثلثین والخمسین والجمع کہول (الغلام) الطار الشارب والجمع غلمان ۱۲

(۳) (السعاة) جمع ساع کالقضاة فی جمع قاض (افظعت) ای اصابہا امر فظیع (الفوارس) جمع فارس ہو ضد راجل یقول اذا اصاب العشیرة امر فظیع سعوا فی دفعہ وہم فرسان العشیرة عند قتالہا وحکامہا عند تخاصمہا ۱۲

(۴) (الربیع) موسم من المواسم معروف بکثرة الخصب (المجاور) ہو الجار (المرملات) النساء اللواتی مات ازواجہن وکانت المرأة فی الجاہلیة اذا مات عنہا زوجہا اعتدت عاماً (العام) السنة والجمع اعوام شبہہم بالربیع لعموم نفعہم واجابہم الارامل بجودہم کما یحیی الربیع الارض بمائہ ۱۲

(۵) (وہم العشیرة) ای ہم مصلحو العشیرة فحذف المضاف واقام المضاف الیہ مقامہ (ان یبطئ حاسد) معناہ علی قول البصریین کراہیة ان یبطئ وعند الکوفیین ان لا یبطئ حاسد وان لا یمیل کقولہ تعالے یبین اللہ لکم ان تضلوا ای کراہیة ان تضلوا او یبین اللہ ان لا تضلوا ای کے لا تضلوا ۱۲

المُعَلَّقَةُ الخَامِسَةُ

أَلَا هُبِّي بِصَحْنِكِ فَاصْبَحِينَا	۱	وَلَا تُبْقِي خُمُورَ الْأَنْدَرِينَا
مُشَعْشَعَةً كَأَنَّ الْحُصَّ فِيهَا	۲	إِذَا مَا الْمَاءُ خَالَطَهَا سَخِينَا

یہ معلقہ عمرو بن کلثوم تغلبی کا ہے جسمیں بنی تغلب کی لڑائیوں کا ذکر کرتے ہوئے فخر کرتا ہے۔ شاعر زمانہ جاہلیت کے شعراء میں ہے۔ اس قصیدہ کے کہنے کا محرک یہ پیش آیا کہ عرب کے شہرۂ آفاق بادشاہ عمرو بن ہند نے ایکروز اپنے مصاحبین اور مقربین سے دریافت کیا کہ کیا آج عرب کا کوئی ایسا شخص ہے جسکی والدہ میری والدہ محترمہ کی خدمت کو عار سمجھے۔ انھوں نے عرض کیا کہ عمرو بن کلثوم ایک ایسا شخص ہے جسکی والدہ لیلیٰ، مہلہل بن ربیعہ برادر کلیب بن ربیعہ کی بیٹی ہے جسکے متعلق اعز من کلیب (کلیب سے بھی زیادہ باعزت ہے) کی مثل مشہور ہے اور اسکا شوہر عرب کا مشہور شہسوار کلثوم بن مالک تھا۔ اس زمانہ میں اسکا بیٹا عمرو بن کلثوم بنی تغلب کا واحد سردار ہے۔ بادشاہ نے یہ معلوم کرکے آزمائش کیلئے عمرو بن کلثوم کے پاس پیغام بھیجا کہ میں آپ سے ملاقات کا متمنی ہوں اور نیز میری والدہ آپکی والدہ سے ملاقات کا اشتیاق رکھتی ہیں۔ اگر ہم دونوں کی یہ آرزوئیں ایک ساتھ پوری ہوجائیں تو بہت مناسب ہو۔ عمرو بن کلثوم نے بادشاہ کا یہ پیغام سنکر اپنے ہمراہ سرداران بنی تغلب اور والدہ کے ساتھ قبیلہ کی شریف عورتیں لیں اور بادشاہ کے دربار میں حاضر ہوا۔ عمرو بادشاہ کے پاس بیٹھا اور اسکی والدہ بادشاہ کی والدہ کے خیمہ میں فروکش ہوئی۔ عمرو بن ہند نے اپنی والدہ کو پہلے ہی سمجھا دیا تھا کہ عمرو بن کلثوم کی والدہ سے کوئی خدمت لینا اسلئے اس نے باتوں باتوں میں عمرو بن کلثوم کی والدہ لیلیٰ سے کہا کہ ذرا مجھے یہ طبق اٹھادیجئے لیلیٰ نے جواب دیا کہ "جسکو ضرورت ہو وہ خود اٹھالے" بادشاہ کی والدہ نے دوبارہ تقاضہ کیا۔ اسپر لیلیٰ نے واذلاہ یالتغلب (ہائے ذلت بنی تغلب کی دہائی) کا پرزور نعرہ لگایا۔ یہ الفاظ سنتے ہی عمرو بن کلثوم جو بادشاہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اسکی آنکھوں میں خون اتر آیا اور سمجھا کہ والدہ کی کچھ تحقیر ہوئی ہے۔ بادشاہ کی تلوار جو قریب ہی لٹک رہی تھی کھینچکر اسکے سر پر ماری اور اپنی جماعت کو بادشاہ کے گھر کو لوٹ لینے کا حکم دیدیا۔ چنانچہ بادشاہ کے تمام اونٹ اور سارا ساز و سامان لوٹ لیا گیا اور وطن واپس آکر عمرو بن کلثوم نے یہ قصیدہ کہا۔ اور اسکو عکاظ کے میلہ میں اور ثانیاً مکہ کے موسم حج میں بڑے زور شور سے پڑھا جسکو بنی تغلب کے ہر خورد و کلاں نے ورد زبان کرلیا اور برابر اسی کو پڑھتے رہتے تھے۔ جسپر ایک شاعر بکری نے بنی تغلب کی ہجو میں اس امر کا اظہار بھی کیا ہے ؎ اَلْهٰى بَنِيْ تَغْلِبَ عَنْ كُلِّ مَكْرُمَةٍ ٭ قَصِيْدَةٌ قَالَهَا عَمْرُو بْنُ كُلْثُوْمٍ (بنی تغلب کو عمرو بن کلثوم شاعر کے قصیدے نے ہر بھلائی سے غافل کردیا")

(۱) ترجمہ ہاں (اے محبوبہ) بیدار ہو اور اپنے بڑے پیالہ سے ہمیں شراب پلا اور (مقام) اندرین کی شرابیں (غیر کیلئے) باقی نہ چھوڑ۔

(۲) ترجمہ۔ پانی ملی ہوئی (شراب پلا) جب اس میں گرم پانی ملے تو گویا اس میں زعفران معلوم ہو۔ مطلب یہ ترجمہ تو اسوقت ہے جبکہ سخین بمعنی گرم ہو اور اگر سخینا صیغۂ جمع متکلم ہو تو پھر ترجمہ یہ ہوگا۔ پانی ملی ہوئی شراب پلا گویا کہ اسمیں زعفران ہے جب اس میں پانی ملتا ہے تو ہم سخی بن جاتے ہیں اور مال کے خرچ میں کوئی باک نہیں کرتے۔

(۱) (ہبی) صیغۂ مؤنث مخاطب من الامر یقال ہب (ن) ہباً اذا استیقظ (الصحن) القدح العظیم والجمع الصحون (اصبحی) من الصبح یقال صبح (ف) القوم سقاہ الصبوح (الخمور) جمع خمر ہی الشراب لانہا تخامر العقل ای تسترہ (الاندرون) قریۃ بالشام کما فی الزوزنی والالف للاشباع ۱۲

(۲) (مشعشعۃ) حال او مفعول بہ لقولہ فاصبحینا وہو من قولہم شعشعت الشراب ای مزجتہ بالماء (الحص) نبت احمر یشبہ الزعفران (خالطہا) ای مزجہا (السخین) الماء الحار من قولہم سخن الماء (ن) سخونۃ اذا صار حاراً و منہم من جعلہ فعلاً من سخی یسخی سخاء ۱۲

۱	تَجُوْرُ بِذِی اللُّبَانَةِ عَنْ هَوَاهُ	إِذَا مَا ذَاقَهَا حَتّٰی یَلِیْنَا
۲	تَرَی اللَّحِزَ الشَّحِیْحَ إِذَا اُمِرَّتْ	عَلَیْهِ لِمَالِهٖ فِیْهَا مُهِیْنَا
۳	صَبَنْتِ الْکَاسَ عَنَّا اُمَّ عَمْرٍو	وَکَانَ الْکَاسُ مَجْرَاهَا الْیَمِیْنَا
۴	وَمَا شَرُّ الثَّلٰثَةِ اُمَّ عَمْرٍو	بِصَاحِبِكِ الَّذِیْ لَا تَصْبَحِیْنَا
۵	وَکَاسٍ قَدْ شَرِبْتُ بِبَعْلَبَكٍّ	وَاُخْرٰی فِیْ دِمَشْقَ وَقَاصِرِیْنَا
۶	وَاِنَّا سَوْفَ تُدْرِکُنَا الْمَنَایَا	مُقَدَّرَةً لَنَا وَمُقَدَّرِیْنَا
۷	قِفِیْ قَبْلَ التَّفَرُّقِ یَا ظَعِیْنَا	نُخَبِّرْكِ الْیَقِیْنَ وَتُخْبِرِیْنَا

(۱) ترجمہ جو صاحب حاجت کو اسکی دلی تمنا سے غافل کردے جبکہ وہ اسے (ذرا) چکھ لے حتیٰ کہ وہ نرم پڑ جائے (اور بخل کی سختی اس سے یکسر دور ہو جائے)۔

(۲) ترجمہ (ایسی شراب) کہ بخیل کنجوس کے آگے اس کا دور آئے تو اے مخاطب تو اسکو (شراب) کے بارے میں اپنا مال بیدریغ خرچ کرتے دیکھے۔ **مطلب** اسقدر لذیذ شراب پلا کہ بخیل انسان بھی اسکے لئے بے دریغ مال صرف کر ڈالے اور اسکی لذت اسکے مال کی قدر و قیمت کو ہیچ کر دے۔

(۳) ترجمہ اے ام عمرو تو نے ہم سے پیالہ پھیر دیا حالانکہ دور داہنی جانب سے تھا۔

(۴) ترجمہ۔ اے ام عمرو تیرا وہ دوست جسکو تو صبوحی نہیں پلاتی (یعنی میں) ان تینوں سے (جنکو تو شراب پلا رہی ہے) بدتر نہیں (تو پھر اسکے کوئی معنی نہیں کہ تو دوسروں کو پلائے اور میں منہ تکوں)۔

(۵) ترجمہ بہت سے (شراب کے) پیالے میں نے بعلبک میں پئے اور بہت سے دمشق اور قاصرین میں۔ **مطلب** میں پرانا میخوار ہوں تو اسکی کوئی وجہ نہیں کہ یہاں محروم رہوں۔

(۶) ترجمہ اور ہمیں عنقریب موتیں آ پائیں گی درآنحالیکہ وہ ہمارے لئے مقدر ہیں اور ہم ان کیلئے۔ **مطلب** تو پھر اس چندروزہ زندگی میں یہ بخل اور کشیدگی مناسب نہیں ؎

اے شمع تیری عمر طبعی ہے ایک رات ہنس کر گذار یا اسے رو کر گذار دے

(۷) ترجمہ اے ہودج نشین (محبوبہ) جدائی سے پہلے (ذرا) ٹھہر تاکہ ہم تجھے یقینی باتوں کی خبر دیں (جن سے فراق کے بعد ہمیں دوچار ہونا ہے) اور تو ہمیں اپنے احوال بتلا۔

---

(۷) (قفی) امر مخاطب للمؤنث من وقف (ض) وقفا اذا قام (التفرق) البین (یا ظعین) کان فی الاصل یا ظعینة فرخمت تاءها للندا و والالف فیہ للاشباع (نخبرک) مجزوم فی جواب الامر ای نجعلک ذا علم وخبر (الیقین) الامر الواقع ۱۲

(۱) (تجور) من جار (ن) جورا عن الشیٔ مال عنہ والباء فی قولہ بذی للتعدیۃ (اللبانۃ) فی الاصل حاجۃ اللبن ثم تطلق علی مجرد الحاجۃ (الہویٰ) میل النفس والجمع اہواء (یلین) ای ینقاد ویطیع والالف للاشباع وقال آخر فی ہذا المعنی ؎ فلا نری ابدا سکران ذا حزن ✽ ولا رأینا صحاۃ یفرحون قط ۱۲

(۲) (اللحز) بتقدیم الحاء علی الزاء البخیل الضیق الصدر یقال لحز (س) لحزا ای شح وبخل فہو لحز ولحز (الشحیح) البخیل الحریص والجمع الاشحۃ والاشحاء (امرت) ای ادیرت یقول تری الضیق الصدر البخیل الحریص مہینا لمالہ فیہا ای فی شربہا اذا ادیرت الکؤوس علیہ ۱۲

(۳) (صبنت) ای صرفت من قولہم صبن (ض) الشیٔ کفہ ومنعہ (الکاس) القدح مادام فیہ الخمر والجمع کؤس وکاسات وکئاس (مجراہا) بدل من الکاس یقول صرفت الکاس عنا یا ام عمرو وکان مجری الکاس علی الیمین فاجریتہا علی الیسار ۱۲

(۴) الالف فی لا تصبحینا للاشباع وضمیر المفعول محذوف ای لا تصبحینہ یقول یا ام عمرو لیس بصاحبک الذی لا تسقینہ شر الثلثۃ الذین تسقینہم یعنی انا لست شر اصحابی فکیف اخرتنی وترکت سقی الصبوح ۱۲

(۵) (بعلبک) اسم بلدۃ معروفۃ صرف للضرورۃ (دمشق) بلدۃ معروفۃ یقول رب کاس شربتہا ببعلبک ورب کاس شربتہا فی دمشق وفی قاصرین ۱۲

(۶) (المنایا) جمع منیۃ ہی الموت (مقدرۃ لنا) حال من المنایا (ومقدرین) معطوف علی مقدرۃ ای ونحن مقدرین لہا یقول وسوف تدرکنا آجالنا وقد قدرت تلک الآجال لنا ونحن قد قدرنا لہا ۱۲

قِفِيْ نَسْأَلْكِ هَلْ أَحْدَثْتِ صَرْمًا	۱	لِوَشْكِ الْبَيْنِ أَوْ خُنْتِ الْأَمِيْنَا
بِيَوْمِ كَرِيْهَةٍ ضَرْبًا وَّطَعْنًا (ای متعلق بقولہ نخبرک ۱۲)	۲	أَقَرَّ بِهِ مَوَالِيْكِ الْعُيُوْنَا (المفعول ۱۲)
فَإِنَّ غَدًا وَإِنَّ الْيَوْمَ رَهْنٌ (ای مرہون)	۳	وَبَعْدَ غَدٍ بِمَا لَا تَعْلَمِيْنَا
تُرِيْكَ إِذَا دَخَلْتَ عَلَى خَلَاءٍ (ای خلوۃ)	۴	وَقَدْ أَمِنَتْ عُيُوْنَ الْكَاشِحِيْنَا
ذِرَاعَيْ عَيْطَلٍ أَدْمَاءَ بِكْرٍ (مفعول لتریک ۱۲)	۵	هِجَانِ اللَّوْنِ لَمْ تَقْرَأْ جَنِيْنَا (ولدا)
وَثَدْيًا مِثْلَ حُقِّ الْعَاجِ رَخْصًا (الناعم ۱۲) (مفعول لتریک ۱۲)	۰	حَصَانًا مِنْ أَكُفِّ اللَّامِسِيْنَا

(۱) ترجمہ ٹھہر کہ ہم تجھ سے دریافت کریں آیا تونے قطع تعلق فراق کے قریب ہوجانے کی وجہ سے کیا یا ایک امانتدار (مجھ) سے (عہد محبت میں) خیانت کی۔

(۲) ترجمہ (ہم تجھے) لڑائی کے دن (کی خبر دیں) جس میں ہم نے خوب تلوار بازی اور نیزہ بازی کی (جسکو دیکھکر) تیرے چچازاد بھائیوں نے (اپنی) آنکھیں ٹھنڈی کیں **مطلب** شاعر معشوقہ کو وہ جنگ یاد دلاکر احسان جتاتا ہے جس میں اس نے معشوقہ کے عزیز و اقرباء کی مدد کی اور اسکی وجہ سے انھیں فتح اور کامرانی میسر آئی۔

(۳) ترجمہ آج کا دن اور کل اور پرسوں ایسے واقعات کیساتھ متعلق ہے جن سے تو واقف نہیں لہذا واقعات ماضی کی ہی خبر دیتا ہوں۔ ہونے والے معاملات کا خدا ہی کو علم ہے)

(۴) ترجمہ (محبوبہ) تجھے جبکہ تو خلوت میں اسکے پاس پہنچے اور وہ رقیبوں کی آنکھوں سے محفوظ ہو دکھائیگی (تریک کا مفعول دوسرے شعر میں مذکور ہے)

(۵) ترجمہ دراز گردن، سفید رنگ، نوجوان، ناقہ کے (سے) پرگوشت دو بازو (دکھائیگی) جو کہ خالص سفید رنگ ہے، اور جسکے شکم میں کبھی بچہ نہیں رہا **مطلب** شاعر محبوبہ کا حلیہ بیان کرتا ہے اور اسکے پرگوشت بازوؤں کو ناقہ کے دو بازوؤں سے تشبیہ دیتا ہے۔

(۶) ترجمہ اور پستان جو ہاتھی دانت کی ڈبیہ کی طرح نرم و نازک ہیں اور چھونے والوں کے ہاتھوں سے محفوظ ہیں۔ **مطلب** پستان کو گولائی اور صفائی میں ہاتھی دانت کی ڈبیہ سے تشبیہ دی لیکن اس تشبیہ سے مشبہ میں سختی کا گمان پیدا ہوتا تھا۔ جسکو رخصًا کے ذریعہ دور کردیا۔

(۵) (العیطل) الطویلۃ العنق من النوق (الادماء) البیضاء منہا والادمۃ البیاض فی الابل (البکر) الناقۃ التی حملت بطنا واحداً ویروی بکر بالفتح ایضا وہو الفتی من الابل (الہجان) الابیض الخالص البیاض یستوی فیہ الواحد والتثنیۃ والجمع ینعت بہ الابل والرجال وغیرہما (لم تقرأ جنینا) ای لم تضم فی رحمہا ولدا قولہ ذراعی مفعول لتریک وقولہ ادماء وما بعدہ صفۃ لعیطل ۱۲

(۶) (الثدی) ما یمص الرضیع منہ الحلیب والجمع اثد وثدی وثدی (الحق) وعاء صغیر والجمع حقاق (العاج) سن الفیل (الرخص) اللین الناعم (الحصان) الممتنع وقولہ ثدیا عطف علی قولہ ذراعی وما بعدہ صفۃ لثدی ۱۲

(۱) (الصرم) القطع یقال صرم (ض) صرما الشئ قطعہ (وشک البین) سرعۃ الفراق (الامین) المؤتمن الذی یکتم السر وارادبہ نفسہ والجمع امناء یقول قفی مطیتک نسألک ہل احدثت قطیعۃ لاجل سرعۃ الفراق ام خنت حبیبک الذی تؤمن خیانتہ

(۲) (الکریہۃ) من اسماء الحرب والجمع الکرائہ سمیت بہا لان النفوس تکرہہا وانما لحقتہا التاء لانہا اخرجت مخرج الاسماء مثل النطیحۃ والذبیحۃ ولم تخرج مخرج النعوت مثل امرأۃ قتیل وکف خضیب (ضربا وطعنا) نصب علی المصدریۃ ای نضرب فیہ ضربا ونطعن فیہ طعنا (اقر بہ) یقال اقر اللہ عینک قال الاصمعی معناہ ابرد اللہ دمعک ای سرک غایۃ السرور وزعم ان دمع السرور بارد ودمع الحزن حار وہو عندہم ماخوذ من القر وہو الماء البارد ورد علیہ ابو العباس ہذا القول وقال الدمع کلہ حار جلبہ فرح او ترح وقال ابو عمرو والشیبانی معناہ انام اللہ عینک وازال سہرہا لان استیلاء الحزن داع الی السہر فالاقرار علی قولہ افعال من اقر یقر اقرارا لان العیون تقر فی النوم وتطرف فی السہر وحکی ثعلب عن جماعۃ من الائمۃ ان معناہ اعطاک اللہ مناک ومبتغاک حتی تقر عینک عن الطماح الی الغیر (الموالی) جمع المولی وہو ابن العم ۱۲

(۳) یقول ان غدا وبعد غد وان الیوم مرتہن بما لا یحیط بہ علمک یرید ان الاقدار تأتی ولا یدری احد ما یکون من امرہا ۱۲

(۴) (الکاشح) المضمر العداوۃ فی کشحہ وخصت العرب الکشح بالعداوۃ لانہ موضع الکبد والعداوۃ فی زعمہم تکون فی الکبد وقیل بل سمی العدو کاشحا لانہ یکشح عن عدوہ ای یعرض عنہ فیولیہ کشحہ یقال کشح عنہ یکشح کشحا اذا اعرض والمراد بالکاشحین الرقباء (وقد امنت) جملۃ فی موضع الحال من الضمیر فی تریک ۱۲

وَمَتْنَیْ لَدْنَةٍ سَمَقَتْ وَطَالَتْ	۱	رَوَادِفُهَا تَنُوْءُ بِمَا وَلِیْنَا
وَمَأْكَمَةً یَضِیْقُ الْبَابُ عَنْهَا	۲	وَكَشْحًا قَدْ جُنِنْتُ بِهٖ جُنُوْنَا
وَسَارِیَتَیْ بِلَنْطٍ أَوْ رُخَامٍ	۳	یَرِنُّ خَشَاشُ حَلْیِهِمَا رَنِیْنَا
فَمَا وَجَدَتْ كَوَجْدِیْ أُمُّ سَقْبٍ	۴	أَضَلَّتْهُ فَرَجَّعَتِ الْحَنِیْنَا
وَلَا شَمْطَاءُ لَمْ یَتْرُكْ شَقَاهَا	۵	لَهَا مِنْ تِسْعَةٍ إِلَّا جَنِیْنَا
تَذَكَّرْتُ الصِّبٰی وَاشْتَقْتُ لَمَّا	۶	رَأَیْتُ حُمُوْلَهَا أُصُلًا حُدِیْنَا

(۱) ترجمہ (محبوبہ) دراز لچکدار قد کی لچک (دکھائیگی) اسکے (بڑے بھاری) سُرین مع اُن اعضاء کے جو اُن سے ملے ہوئے ہیں بمشقت اٹھتے ہیں۔ مطلب معشوقہ کے دراز قد اور ثقل ارادف کی تعریف کرتا ہے۔

(۲) ترجمہ اور ایسا سُرین (دکھائیگی) جسکے گذرنے کیلئے دروازہ تنگ ہو جاتا ہے اور ایک ایسی کمر جس کی وجہ سے میں دیوانہ بن گیا ہوں۔ مطلب سُرینوں کے پُرگوشت ہونے اور کمر کے حسین ہونے کو بیان کرتا ہے۔

(۳) ترجمہ اور ہاتھی دانت یا سنگ مرمر کے دو ستون (پنڈلیاں) دکھائیگی جنکی پازیبوں کا کھبا ہوا ہونا ہلکی ہلکی آواز پیدا کرتا ہے یا جنکی پھنسی ہوئی پازیبیں ہلکی آواز پیدا کرتی ہیں۔ مطلب پنڈلیوں کے پُرگوشت ہونے کی وجہ سے پاؤں میں گھوم نہیں سکتی اسلئے آواز ہلکی نکلتی ہے۔

